WWW.PAKSOCIETY.COM

قیمت فی شمارہ 45 روپے

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

110

لاہور

ماہنامہ

عبقری

اگست 2015ء شوال/ذیقعد 1436ھ ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

مالش! بچوں کے بے شمار امراض کا آسان علاج

میں نے پائی اعمال کی برکت! آپ بھی پڑھیے

قبض و بواسیر سے یقینی نجات کیلئے آزمودہ نسخہ

ذہنی و جسمانی تھکن سے نجات کے آسان ٹوٹکے

دوران حج ہمسفر کے بتایا لیکوریا کا کامیاب نسخہ

کالا جادو اور خطرناک زہر دعا کے آگے ناکام

میرے دادا کی بوسیدہ ڈائری کے روشن ٹوٹکے

نانی کے پڑوسی کو جنات نے ارب پتی بنا دیا

قرضے کی ادائیگی اور برکت کا عمل

پاک فوج کے شہید جوان کی نرالی شان

علامہ صاحب کے وظائف سے مشکلات کا ازالہ

حاجی کیلئے نادر فضائل کا ایسا انمول تحفہ جو قدم قدم پر نیکیوں کے پہاڑ اور عبادت کے سمندر سے موتی چن چن کر دے، پڑھیں اور گفٹ کریں۔

حبس میں ناشپاتی اور مٹھے کھائیں، ٹھنڈک پائیں

"رنگ برنگی سبزیاں دوا بھی غذا بھی شفا بھی" سبزی کے فوائد ... یہ کتاب جسمانی صحت اور تندرستی کیلئے ایک لاجواب تحفہ ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM

لاکھوں لوگ اس ویب سائٹ سے گھریلو الجھنوں کے سلسلے میں استفادہ کرتے ہیں۔

موبائل پر Follow Ubqari لکھ کر 40404 پر میسج کریں

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ

نمبر شمار	نام ادویات	قیمت	نمبر شمار	نام ادویات	قیمت
1	آنکھ شفاء	70/-	41	شہد بمع صندل الائچی	[illegible]
2	اکسیر البدن	300/-	42	شوگر کورس	[illegible]
3	الرجی نزلہ کورس	600/-	43	طب نبوی حسن و جمال کریم	[illegible]
4	اصلاح معدہ چیلنج	440/-	44	طب نبوی ہیئر آئل	[illegible]
5	السر کورس	400/-	45	طب نبوی امول ہیئر پاؤڈر	120/
6	بواسیر کورس	500/-	46	عروسی سہاگ کورس	5000/-
7	برص پھلبہری کورس	500/-	47	فاتری گولیاں	200/-
8	بے اولادی کورس	2500/-	48	فلتس چیلنج	600/-
9	بے اولادی پاؤڈر	500/-	49	فلتس فولاد ٹانک	120/-
10	بنفشی قہوہ	120/-	50	کراماتی تیل	200/-
11	پیشاب کنٹرول کورس	400/-	51	کان شفاء	70/-
12	پتھری ڈائیلاسز کورس	800/-	52	کولیسٹرول سے نجات (دوا)	600/-
13	پوشیدہ کورس	600/-	53	کرنٹ مالش	500/-
14	پیچش شفاء	120/-	54	کمزوروں اور پٹھوں کا کورس	800/-
15	پتہ پتھری شفاء	90/-	55	گیس بدہضمی تبخیر کورس	600/-
16	ٹھنڈی مراد	120/-	56	گٹھیا، وائی، کمر سے نجات کورس	500/-
17	ٹھنڈک چیلنج	500/-	57	قد دراز کورس	500/-
18	جوہر شفاء مدینہ	150/-	58	قبض کشا	120/-
19	چلڈرن سیرپ	120/-	59	قوتی گولیاں	500/-
20	چوٹ شفاء	100/-	60	لاجواب حافظہ چیلنج	670/-
21	چہرہ شفاء	150/-	61	لیکوریا شفاء	120/-
22	خون صفا پاؤڈر	120/-	62	معجون شفاء یابی	500/-
23	خاتون شفاء (سیرپ)	120/-	63	مرہم سکون	70/-
24	خون افزا ٹانک	120/-	64	موٹاپا کورس	600/-
25	دیسی کریم	500/-	65	مشروب عبقری افزاء	180/-
26	دردی ہربل لیپ	80/-	66	مردمی جواہراتی	1100/-
27	دم والا شہد دوائی	900/-	67	معجون مراد	1100/-
28	ڈیپریشن چیلنج	490/-	68	نوجوانوں کے روگ کورس	700/-
29	روحانی چکی	20/-	69	ناک شفاء	100/-
30	روحانی عطر	240/-	70	نشاطی (جدید)	520/-
31	روشن دماغ ٹانک	250/-	71	نوجوان شفاء	120/-
32	زرخوانی نقرانی	2200/-	72	نیو طاقتی	640/-
33	سترشفائیں	250/-	73	ہیپاٹائٹس کورس	800/-
34	سکون افزا شوگر فری سیرپ	120/-	74	ہارمونز شفاء	300/-
35	سکون افزاء (بڑی پیک میں)	320/-	75	ہائی بلڈ پریشر کورس	600/-
36	سچا منجن	70/-	76	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ	120/-
37	سدا بہار حسن و خوبصورتی چیلنج	840/-	77	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ (بڑی پیک)	320/-
38	شفاء حیرت سیرپ	120/-	78	ہاضم خاص پاؤڈر	200/-
39	شہد ایک کلو گرام	600/-	79	یورک ایسڈ نجات کورس	600/-
40	شہد 330 گرام	200/-			

آج کل کاغذ اور دیگر سامان طباعت کی گرانی کی وجہ سے کتابوں کی قیمتیں تبدیل ہوتی رہتی ہیں' اس لیے ترسیل کے وقت جو قیمت ہوگی اسی کا اعتبار ہوگا' اس سلسلے میں ادارہ پر اعتماد فرمائیں۔

خود معالج بننا چاہتے ہیں؟ یہ پڑھیں!

عبقری کی سربند دوائیں لاکھوں انسانوں کو فائدے اور کمال دے چکی ہیں' ان کی شفایابی کے کمالات اور لوگوں کی تصدیقات ایک کتاب کی شکل میں قارئین تک پہنچانے کیلئے ادارہ کے خصوصی تعاون سے اس کی قیمت صرف 20 روپے رکھی ہے۔ اپنے ہاکر اور قریبی سٹال سے ابھی خریدیں' پڑھیں۔ ہر گھر میں اس کتاب کا ہونا بہت ضروری ہے۔ یہ کتاب دراصل گھریلو معالج اور فرسٹ ایڈ یا دادی اماں کی پٹاری۔۔۔ بس لاجواب کتاب ہے۔

[illegible] 0343-8710009

حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ کی تالیفات

نمبر	نام کتاب	قیمت	نمبر	نام کتاب	قیمت
1	[illegible]	200/-	97	[illegible]	200/-
2	[illegible]	200/-	98	[illegible]	200/-
3	[illegible]	100/-	99	[illegible]	300/-
4	[illegible]	180/-	100	[illegible]	200/-
5	[illegible]	300/-	101	[illegible]	250/-
6	[illegible]	200/-	102	[illegible]	120/-
7	[illegible]	250/-	103	[illegible]	250/-
8	[illegible]	180/-	104	[illegible]	200/-
9	[illegible]	350/-	105	[illegible]	160/-
10	[illegible]	350/-	106	[illegible]	200/-
11	[illegible]	200/-	107	[illegible]	150/-
12	[illegible]	200/-	108	[illegible]	250/-
13	[illegible]	180/-	109	[illegible]	200/-
14	[illegible]	200/-	110	[illegible]	350/-
15	[illegible]	180/-	111	[illegible]	160/-
16	[illegible]	180/-	112	[illegible]	200/-
17	[illegible]	250/-	113	[illegible]	350/-
18	[illegible]	200/-	114	[illegible]	300/-
19	[illegible]	250/-	115	[illegible]	150/-
20	[illegible]	250/-	116	[illegible]	350/-
21	[illegible]	600/-	117	[illegible]	200/-
22	[illegible]	150/-	118	[illegible]	20/-
23	[illegible]	120/-	119	[illegible]	200/-
24	[illegible]	200/-	120	[illegible]	2100/-
25	[illegible]	250/-	121	[illegible]	400/-
26	[illegible]	350/-	122	[illegible]	300/-
27	[illegible]	120/-	123	[illegible]	300/-
28	[illegible]	230/-	124	[illegible]	400/-
29	[illegible]	200/-	125	[illegible]	400/-
30	[illegible]	500/-	126	[illegible]	200/-
31	[illegible]	200/-	127	[illegible]	300/-
32	[illegible]	200/-	128	[illegible]	300/-
33	[illegible]	250/-	129	[illegible]	5/-
34	[illegible]	400/-	130	[illegible]	300/-
35	[illegible]	250/-	131	[illegible]	40/-
36	[illegible]	300/-	132	[illegible]	200/-
37	[illegible]	300/-	133	[illegible]	120/-
38	[illegible]	250/-	134	[illegible]	200/-
39	[illegible]	180/-	135	[illegible]	300/-
40	[illegible]	400/-	136	[illegible]	120/-
41	[illegible]	10/-	137	[illegible]	250/-
42	[illegible]	300/-	138	[illegible]	200/-
43	[illegible]	300/-	139	[illegible]	200/-
44	[illegible]	300/-	140	[illegible]	80/-
45	[illegible]	150/-	141	[illegible]	600/-
46	[illegible]	200/-	142	[illegible]	250/-
47	[illegible]	120/-	143	[illegible]	180/-
48	[illegible]	300/-	144	[illegible]	2500/-
49	حال دل	200/-	145	[illegible]	230/-
50	[illegible]	300/-	146	[illegible]	100/-
51	[illegible]	400/-	147	[illegible]	230/-
52	[illegible]	320/-	148	[illegible]	400/-
53	[illegible]	200/-	149	[illegible]	150/-
54	[illegible]	300/-	150	[illegible]	400/-
55	[illegible]	80/-	151	[illegible]	200/-
56	[illegible]	60/-	152	[illegible]	150/-
57	[illegible]	450/-	153	[illegible]	10/-
58	[illegible]	300/-	154	[illegible]	170/-
59	لطیفات عبقری (جلد اول)	300/-	155	[illegible]	250/-
60	لطیفات عبقری (جلد دوم)	300/-	156	[illegible]	10/-
61	لطیفات عبقری (جلد سوم)	300/-	157	[illegible]	150/-
62	لطیفات عبقری (جلد چہارم)	300/-	158	[illegible]	250/-
63	[illegible]	250/-	159	[illegible]	500/-
64	[illegible]	180/-	160	[illegible]	180/-
65	[illegible]	10/-	161	معالجات نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)	400/-
66	[illegible]	10/-	162	معالجات نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)	400/-
67	[illegible]	200/-	163	معالجات نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)	400/-
68	[illegible]	200/-	164	معالجات نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)	400/-
69	[illegible]	200/-	165	[illegible]	500/-
70	[illegible]	40/-	166	[illegible]	300/-
71	[illegible]	200/-	167	[illegible]	250/-
72	[illegible]	10/-	168	[illegible]	200/-
73	[illegible]	200/-	169	[illegible]	200/-
74	[illegible]	30/-	170	[illegible]	200/-
75	[illegible]	5/-	171	[illegible]	250/-
76	[illegible]	10/-	172	[illegible]	200/-
77	[illegible]	350/-	173	[illegible]	200/-
78	[illegible]	250	174	[illegible]	150/-
79	[illegible]	200/-	175	[illegible]	250/-
80	[illegible]	10/-	176	[illegible]	200/-
81	[illegible]	10/-	177	[illegible]	80/-
82	سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)	400/-	178	[illegible]	300/-
83	سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)	400/-	179	[illegible]	40/-
84	سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)	400/-	180	[illegible]	120/-
85	سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)	400/-	181	[illegible]	200/-
86	سنت نبوی اور جدید سائنس (انگلش والیم 1)	300/-	182	[illegible]	250/-
87	سنت نبوی اور جدید سائنس (انگلش والیم 2)	300/-	183	[illegible]	300/-
88	[illegible]	280/-	184	[illegible]	250/-
89	[illegible]	10/-	185	[illegible]	150/-
90	[illegible]	60/-	186	[illegible]	10/-
91	[illegible]	30/-	187	[illegible]	200/-
92	[illegible]	80/-	188	[illegible]	180/-
93	[illegible]	10/-	189	[illegible]	200/-
94	[illegible]	250/-	190	[illegible]	200/-
95	[illegible]	150/-			
96	[illegible]	250/-			

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

عبقری جسمانی و روحانی فبای الاء ربکما تکذبٰن (القرآن)

بانی: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت) حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 2 | جلد نمبر 10 | اگست 2015 شوال/ ذیعقدہ 1436 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور اگست 2015ء

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، تجمل الٰہی ہاشمی، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان

قیمت فی شمارہ 45 روپے

سالانہ ممبرشپ (رجسٹرڈ ڈاک) 900 روپے، بیرون ملک سالانہ 63 امریکی ڈالر

فہرست مضامین

صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر	عنوان
3	میری تین گزارشات	26	بیماری جھگڑے، جادو، جنات کیلئے وظیفہ درود
4	ہم دنیا میں کیوں اور کس لیے آئے؟	27	ایک بچے کے ایمان کی آزمائش کا واقعہ
5	بغیر کشتی کے سمندر پار کرنے والے	28	نانی کے پڑوس کو جنات نے ادب بتی بنا دیا
6	مالش: ایچوں کے بے شمار امراض کا آسان علاج	29	ادھر کتیا کی چیخ نکلی ادھر ناگ میری کٹ گئی
7	ہر آفت، تکلیف، قتل و فات سے بچنے کا آسان نسخہ	30	میں نے پائی اعمال کی برکت! آپ بھی پڑھیے
8	ذہنی و جسمانی تھکن سے نجات کے آسان ٹوٹکے	31	آپ کا خواب اور روشن تعبیر
9	تھوڑی سی احتیاط! گزاریں خوشگوار موسم برسات	32	اولاد کی اسلامی تربیت نہ کرنے کا بھیانک انجام
10	ذیقعدہ کا آسان عمل! جو مانگو گے ملے گا (انشاء اللہ)	33	خواتین پوچھتی ہیں؟
11	حضرت شاہ قدرت فقیرؒ کے مستند روحانی وظائف	34	برسات میں لیموں اور پیاز کے فوائد
12	حبس میں ناشپاتی اور میٹھے کھائیں ٹھنڈک پائیں	35	قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں
13	قارئین کے طبی و روحانی سوال اور قارئین کے جواب	37	قدرت کا بہترین تحفہ نیم، فوائد ہی فوائد
14	جسمانی بیماریوں کا شافی علاج	38	پاک فوج کے شہید جوان کی نرالی شان
15	اسلام میں معذوروں کے حقوق و سلوک	39	جنات کا پیدائشی دوست
16	کالا جادو اور خطرناک زہر دعا کے آگے ناکام	41	رشتوں کی سالہا سال پرانی بندش چند دنوں میں ختم
17	گھر بسانا ہے تو درج ذیل غلطیاں ہرگز نہ کریں	42	اچھلیں کودیں اور لاجواب صحت پائیں
18	اجلی روشن اور خوبصورت آنکھیں! آپ کی بھی ہو سکتی ہیں	43	آف! یہ زندگی کا ناپائیدار سفر
19	ساس بہو میں دوستی کرانے کے آسان مشورے	44	فطرت کو آواز دیں اور پھر دیکھیں
20	نفس، شیطان اور شرارتی آدمی سے بچنے کا عمل	45	قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے
21	آپ کا سوال، حضرت علامہ لاہوتی کا جواب	47	علامہ صاحب کے وظائف سے مشکلات کا ازالہ
23	میرے دادا کی بوسیدہ ڈائری کے روشن ٹوٹکے	48	گمشدہ چیز، فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ
24	کھانے کیلئے جینا یا جینے کیلئے کھانا	49	عبقری رسالہ، کتب، ادویات آپ کے شہر میں
25	نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج		

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

فرمان قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ: "اپنی تقدیر ہمیں اپنے منفرد انداز میں بنانا پڑے گی۔ ہمیں دنیا کے سامنے ایک مثالی معاشی نظام پیش کرنا ہے جو انسانی مساوات اور معاشی انصاف کے سچے اسلامی تصورات پر قائم ہو۔ ایسا نظام پیش کر کے ہم بحیثیت مسلمان اپنا مشن پورا کریں گے۔ انسانیت کو حقیقی امن کا پیغام دیں گے۔ صرف ایسا امن ہی انسانیت کو جنگ سے بچا سکتا ہے۔ صرف ایسا امن ہی بنی نوع انسان کی خوشی اور خوشحالی کا امین و محافظ ہے۔" (خطاب: یکم جولائی 1948ء)

زندگی انسان کی اک دم کے سوا کچھ بھی نہیں	دم ہوا کی موج ہے رم کے سوا کچھ بھی نہیں
گل تبسم کہہ رہا تھا زندگانی کو مگر	شمع بولی گریہ غم کے سوا کچھ بھی نہیں

(ڈاکٹر محمد علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ)

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بھیج کر دعائیں لیں۔ شکریہ! رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

صرف لاہور عبقری دفتر دیں مقامی ایجنسی کو نہ دیں سامان اکثر عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

حضرت حکیم صاحب سے ملاقات کیلئے آنے سے پہلے

صرف اس نمبر 0322-4688313 پر وقت لیکر آئیں۔ حضرت حکیم صاحب صرف (پیر، منگل، بدھ، جمعرات) کو ملاقات کرتے ہیں۔ بغیر وقت لیئے آنیوالے حضرات سے معذرت، بحث سے گریز کریں۔ وقت پر نہ آنے والے حضرات کی باری کینسل ہو جائیگی یہ شیڈول تمام ملاقاتوں کیلئے ہے۔ (روحانی و جسمانی دونوں)

خط و کتابت کا پتہ "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن 78/3 عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 | E mail:contact@ubqari.org

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

اچھے اخلاق اپنانے والے کے درجات

حضرت ابو اُمامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں اس شخص کیلئے جنت کے اطراف میں ایک گھر (دلانے) کی ذمہ داری لیتا ہوں جو حق پر ہونے کے باوجود بھی جھگڑا چھوڑ دے اور اس شخص کے لیے جنت کے درمیان میں ایک گھر (دلانے) کی ذمہ داری لیتا ہوں جو مذاق میں بھی جھوٹ نہ بولے اور اس شخص کیلئے جنت کے بلند ترین درجہ میں ایک گھر (دلانے) کی ذمہ داری لیتا ہوں جو اپنے اخلاق اچھے بنالے۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: جس شخص کو بھی (کسی کی طرف سے) جسمانی تکلیف پہنچے پھر وہ اس کو معاف کردے تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے ایک درجہ بلند فرمادیتے ہیں اور ایک گناہ معاف فرمادیتے ہیں۔ (ترمذی) ☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا: اے میرے رب! آپ کے بندوں میں آپ کے نزدیک زیادہ عزت والا کون ہے؟ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: وہ بندہ جو بدلہ لے سکتا ہو اور پھر معاف کردے۔ (بیہقی) ☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بندہ (کسی چیز کا) ایسا کوئی گھونٹ نہیں پیتا جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک غصہ کا گھونٹ پینے سے بہتر ہو جس کو وہ محض اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے پی جائے۔ (مسند احمد)

ایڈیٹر کے قلم سے

حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

میری تین گزارشات

اپنی بھرپور طاقت' جوانی' قوت' انرجی اور شباب جس کے 25 سال سعودی عرب ریال تلاش کرتے کرتے گزر گئے' لاکھوں کمایا اور خوب کمایا لوگوں نے داد دی کہ مال پیسہ اور چیزیں بہت آرہی ہیں۔ پھر کوشش کی کہ پاکستان میں بیٹے کو سیٹل کروں اور اس کو یہاں بزنس دلاؤں اس کو اس دور کے تیس لاکھ بھیجے۔ جب کسی کے پاس تیس ہزار ہوتا تھا تو اسے لوگ بہت مالدار کہتے تھے ہوا یہ کہ اس کی زندگی سے تین چیزیں ہٹ گئیں پہلی چیز ماں باپ کی وہ دعائیں جن کو جوانی ہی میں چھوڑ کر یہ ریال تلاش کرنے گیا تھا' اسے پل پل میں' سانسوں سانسوں میں' لمحے لمحے میں ماں باپ کی دعاؤں کی اشد ضرورت تھی اور ماں باپ ہی تھے جنہوں نے اسے ترقی' کامیابی' برکتوں اور بہاروں کے زینے طے کرائے تھے۔ ان کی دعاؤں سے یکسر محروم رہ گیا' کبھی کبھی پوچھ لیتا تھا پھر ایک وقت آیا پوچھنے کا بھی وقت نہ ملا۔ افسوس کے دونوں کے جنازے میں بھی شریک نہ ہوسکا۔ جو دوسرا نقصان ہوا وہ جوان بیوی کی آہیں' جس کی سسکتی' ابھرتی اور نکھرتی جوانی' جذبات' چاہتیں' خواہشات' امنگیں' امیدیں اندر ہی اندر رہ گئیں اور حسرتیں ڈوب ڈوب کر پھر ابھرتی تھیں اور ابھر ابھر کر پھر ڈوبتی تھیں لیکن اسے ایک ہی دھن سوار تھی کہ میں نے مالدار بننا ہے' دولت اکٹھی کرنی ہے' مالدار بن کر سال دو سال کے بعد چند ہفتوں کیلئے آتا وہ جو سال دو سال کی جدائی بجائے اس کے کہ سچی طلب بن جاتی' وہ لڑائی' بدگمانی شک وشبہ میں بدل جاتی' یوں یہ ہفتے ایک دوسرے سے دور نفرتوں' الجھنوں اور جدائی میں گزرتا اور یہ شخص پھر عرب چلا جاتا۔ بیوی کی تنہائیوں کی ٹھنڈی سانسیں اس کو کھا جاتیں اور وہ ٹھنڈی سانسیں اس کے مستقبل کو دراصل ویران کررہی تھیں اور یہ سمجھ رہا تھا کہ میں ترقی کررہا ہوں۔ قارئین! یاد رکھیں چند فیصد بیویاں ایسی ہوں گی جو بددعائیں دیتی ہوں گی اکثریت بددعائیں نہیں دیتیں' آہیں دیتی ہیں۔ یاد رکھیے گا! آہیں بددعاؤں سے زیادہ اثر رکھتی ہیں اور ان کا اثر بعض اوقات انسان اور بعض اوقات نسلوں تک چلتا ہے' اس کو بیوی کی آہیں لگتی اور الجھاتی رہیں لیکن اس پر وہی ایک دھن سوار تھی کہ میں نے مال کمانا ہے' دولت کمانی ہے اور چیزیں بنانی ہیں اور تیسرا نقصان اور گھاٹا یہ ہوا کہ بیوی گھر میں نسلوں کی معمار اور شوہر باہر سے نسلوں کیلئے چھتری' جب چھتری ہٹ جاتی ہے تو معمار کی کوئی حیثیت نہیں رہتی جس اولاد پر باپ کا سایہ نہیں ہوتا' بہت کم ہے کہ ان کے اخلاق' اعمال' معاشرت اور تہذیب بہتر ہوسکے ورنہ اکثر وہ اخلاق معاشرت اور تہذیب سے دور ہوکر ننگی زندگی اور بغاوت پر اتر آتے ہیں اور معاشرے کی اس زندگی کو پسند کرتے ہیں جو کہ معاشرے کی بہت بدترین زندگی ہوتی ہے۔ بس اس شخص کے زوال کا سبب یہ تین باتیں بنیں۔ ماں باپ کی دعاؤں سے محرومی' بیوی کی آہیں اور سسکیاں اور اولاد کی تربیت میں کمی۔ اور یہ کمی آہستہ آہستہ بڑھتی چلی گئی جو کماتا تھا اولاد کو دیتا تھا اور اولاد کو بنا بنایا مال بغیر محنت اور مشقت کے جو ملا ان کے اندر قدردانی تو پہلے ہی ختم ہوچکی تھی باپ کے قرب نے محبت دی نہ تھی' قرب ہی نہ رہا تو باپ کی خون پسینے کی کمائی کا احساس بھی نہ رہا۔ تو باپ مال بھیجتا رہا' ناتجربہ کاری' دولت کی زیادتی' اٹھتی جوانی' جذبات اور چھتری بالکل نہیں۔ بس پھر کیا تھا سب کچھ لٹ گیا آج اس شخص کو گھر سے نکلے 35 سال ہوگئے ہیں' پچیس سال بھرپور کمائی کی پر حاصل کچھ نہ ہوا۔ اور اب سالہا سال سے پانچ چھ سو ریال کی نوکری میں بڑھاپے کی زندگی ایک شخص کی چوکیداری میں گزار رہا اور اپنی حسرتوں پہ بیٹھ کر آنسو بہاتا ہے' میری اولاد نافرمان نکلی' میری اولاد نے میری مال و دولت اور چیزوں کی قدر نہیں کی۔ اسے اپنے والدین کے ساتھ بیتی زندگی بھول گئی اس نے اپنے والدین کے ساتھ کیا کیا تھا؟ یاد رکھیے گا زندگی میں مکافات اور جیسا بونا ویسا کاٹنا یہ ہمیشہ رہا ہے۔ ہاں رب کریم ہے' کسی کیلئے معافی کا انتظام اور معافی کا اعلان کردے اس سے کون پوچھ سکے؟ لیکن یہ مکافات کا نظام سدا چلے گا' میں صرف ان مال کمانے والوں کی خدمت میں جو گھر سے دور درہم دینار ریال پاؤنڈ' یورو' ڈالر اور قیمتی کرنسی خوب کمائی۔ رزق حلال کمانا اور رزق حلال کیلئے محنت کرنا نہ عیب ہے نہ میں منع کرتا ہوں لیکن آپ کی خدمت میں اتنی درخواست ضرور کروں گا کہ ان تین چیزوں کا اگر خیال رکھ سکتے ہیں تو ضرور رکھیے گا اگر نہیں رکھ سکتے تو براہ کرم! لوٹ آئیں یہ آنے دو آنے والا پاکستانی روپیہ لاکھوں کے ڈالر ریال اور دینار سے کہیں بہتر ہے جس کا انجام پریشانی مسائل اور مشکلات ہیں۔ قارئین! میں کبھی کبھی آپ کو اس موضوع پر چھیڑتا ہوں اور یاد دہانی کراتا ہوں' امید ہے میری باتوں پر آپ توجہ کریں گے کیونکہ ہر چیز مال دولت اور نسلوں کو نہیں سنوارتی کچھ اور سبب بھی ہوتے ہیں۔ جس سے مال دولت اور چیزیں بنتی ہیں۔ بیرون ملک جتنے بھی لوگ رزق روزی کیلئے گئے ہیں ان کی خدمت میں میری یہ تین گزارشات ہمیشہ رہیں' اکثر لوگوں کی آنکھوں پر شیشے ہوتے ہیں وہ شاید میری گزارشات کو نہ پڑھیں حتیٰ کہ سننا بھی گوارا نہ کریں لیکن حقیقت سدا آشکار ہوتی ہے اور حقیقت حقیقت ہوتی ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

ہمیشہ رحمت برسانے والا بادل: خوش رہنا اچھی عادت ہے مگر دوسروں کی خوشی میں خوش رہنا بہترین عادت ہے اور علم ایسا بادل ہے جس سے ہمیشہ رحمت برستی ہے۔

ہفتہ وار درس سے انتخاب

درس روحانیت و امن

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

ہم دنیا میں کیوں اور کس لیے آئے؟

فلاح پانے والے: ایک خاتون نے ایک اللہ والے سے پوچھا کہ میرا بچہ جب سکول جاتا ہے تو میرا دل ہر وقت اس میں اٹکا رہتا ہے۔ تو اس اللہ والے نے فرمایا: ''کیا کیفیت ہوتی ہے؟'' خاتون نے عرض کیا: ''حضرت ہر پل میرا دل اس کی کیفیتوں میں اٹکا رہتا ہے کہ اب سو رہا ہوگا یا جاگ رہا ہوگا، کہیں چوٹ تو نہیں لگی، کہیں گر تو نہیں پڑا، کہیں کھانا، پیاس، پیشاب کی کیفیت ہوگی تو چھوٹا بچہ ہے، اگر پیشاب آیا تو کون استنجا کرائے گا، اگر بھوک لگی تو کون کھانا کھلائے گا، اگر پیاس لگی تو کون پیاس بجھائے گا، کون کیا کرے گا ہر وقت اس میں ہی دل اٹکا رہتا ہے۔'' تو اللہ والے نے فرمایا: ''میں نے تجھے اللہ اللہ سکھا دیا ہے آج کے بعد تیرا دل اللہ کی ذات کی طرف ایسے ہی اٹکا رہے گا جیسے تیرا دل تیرے بچے کے بارے میں رہتا ہے۔'' تو جس کا دل اللہ کی ذات اعلیٰ کی طرف ایسے ہی اٹکا رہے گا وہ فلاح پائے گا۔

اللہ جن کے قریب آتا ہے: ایسا فرد بظاہر دنیا میں ہوگا لیکن اس کا دل اللہ کی ذات اعلیٰ کی طرف ایسا اٹکا ہوا ہوگا جیسے بچے کی طرف اس کی ماں کا دل اٹکا ہوا ہوتا ہے اور ماں ہر پل بچے کے ساتھ نہ ہوتے ہوئے بھی ساتھ ہوتی ہے۔ ہم نے اللہ کو دیکھا نہیں لیکن اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ اسی طرح بچہ ہم سے دور ہے اور ہم نے بچے کو دیکھا نہیں لیکن بچہ دور ہوتے ہوئے بھی ہمارے ساتھ ہے۔ پھر ماں خیال ہی خیال میں اس کا بوسہ لے رہی ہوتی ہے، اسے اپنی بانہوں میں لے رہی ہوتی ہے، تصور ہی تصور میں اس کو نہلا رہی ہوتی ہے، تصور ہی میں اس کو بلا رہی ہوتی ہے، تصور ہی میں اس کو پہنا رہی ہوتی ہے، تصور ہی میں اس کو کھلا رہی ہوتی ہے۔ پھر ایسے ہی اللہ کی ذات اعلیٰ کا تصور ہو جاتا ہے۔ اللہ کی محبت اور اللہ کا تعلق دل میں رچ بس جاتا ہے۔ پھر اس کے لیے محنت کر کے، توجہ کر کے، مشقت کر کے، مجاہدہ کر کے جب بندہ اس کیفیت میں پہنچتا ہے تو پھر اللہ اس کے قریب آ جاتا ہے۔

ضروریات زندگی اور حلال و حرام ذرائع: اب اللہ پاک جل شانہ نے بندے کے ساتھ ساری ضروریات لگا دی ہیں۔ کھانا کھانا ضرورت' پانی پینا ضرورت' کپڑا پہننا ضرورت زندگی کا نظام ضرورت ہے۔ یہ سب اللہ نے انسان کے ساتھ لگا دیا ہے۔ اب اللہ پاک فرماتے ہیں یہ بتا کہ تو حلال کی زندگی میں جائے گا یا حرام کی زندگی میں جائے گا۔ پھر اللہ نے اس کو ڈھیل دے دی۔ یہ حرام کے راستے ہیں۔ یہ حلال کے راستے ہیں دونوں بتا دیئے۔ حرام کے راستوں میں ظاہراً چمک اور لذت بہت نظر آ رہی ہوتی ہے لیکن حلال کے راستوں کے اندر ظاہراً کانٹے نظر آتے ہیں، ان حلال کے راستوں کے اندر بظاہر خشکی نظر آتی ہے، ان راستوں کے اندر ظاہراً کوئی چمک نظر نہیں آتی۔ اللہ پاک نے صرف دو راستے دیئے ہیں اور ان دونوں راستوں پر اختیار بھی دیدیا ہے اور اختیار بھی تھوڑے عرصے کیلئے دیا ہے۔ اقتدار بھی تھوڑا عرصہ دیا۔

ہر عروج کو زوال ہے: یہ حقیقت توجہ طلب ہے!!! انسان اپنے فن میں فنکار بھی ہوتا ہے، کسی سبجیکٹ میں اسپیشلسٹ بھی ہوتا ہے، اپنے فن میں یکتا بھی ہوتا ہے، کوئی کاریگر ہے جتنی عمر بڑھتی جائے گی کاریگری میں یکتا ہوتا جائے گا، ادھر فن میں یکتا ہوتا ہے۔ ادھر فن میں عروج پاتا ہے تو اُدھر موت کا فرشتہ دروازہ کھٹکھٹاتا ہے۔ کہیں یہ دعویٰ نہ کر بیٹھے کہ سب کچھ میں ہی ہوں۔ پھر وہ کاریگر اور اس کی داستان ختم ہو جاتی ہے۔ پھر نیا بندہ آتا ہے۔ وہ کبھی ڈوبتا ہے، تو کبھی ابھرتا ہے، پھر اس کا ستارہ چمکتا ہے، پھر وہ استاد کہلواتا ہے، پھر وہ اپنے فن میں باکمال ہو جاتا ہے۔ پھر یوں ہوتا ہے کہ موت کا فرشتہ اس کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہے۔ ازل سے یہ تاریخ ایسے ہی چلتی آ رہی ہے۔

کیا ہم دنیا میں اس لیے آتے ہیں؟: اب یہ ہمارے لیے لمحہ فکریہ ہے کہ کیا ہم یہاں بچے پیدا کرنے کی مشین، مال کمانے کی مشین، نوٹ چھاپنے کی مشین، ایک گاڑی سے دوسری، ایک پلاٹ سے دوسرا پلاٹ کیا ہم اس لیے آتے ہیں؟ ہم کس لیے آئے ہیں؟ ایک پیغام ہے اور یہ میرے لیے بھی ہے آپ کے لیے بھی ہے، میں بھی اس کا محتاج ہوں آپ بھی اس کے محتاج ہیں، پیغام یہ ہے کہ ہم کس لیے آئے ہیں دنیا میں؟ کیوں آئے ہیں دنیا میں؟

کیا مسلمان اور کافر کی زندگی میں کچھ فرق نہیں؟: کافر سے پوچھا کیوں آیا؟ کہنے لگا اس لیے آیا کہ بڑا ہو جاؤں، لہٰذا کھیلتے کھیلتے بڑا ہو گیا۔ اس کے بعد ماں باپ نے کسی کسب میں لگا دیا، پہلے پڑھانے میں لگایا، پھر کاروبار میں لگایا اس کے بعد شادی کر دی، شادی کے بعد بچے ہو گئے، پھر بوڑھا ہو کر مر گیا بس زندگی ختم۔ مسلمان بھی سوچے کہ کیا اس کی زندگی کے دن رات بھی ایسے ہی گزرنے چاہیے؟ تو پھر کافر اور مسلمان کی زندگی میں کوئی فرق ہی نہیں رہا؟ صبح اٹھتے ہی کافر سوچتا ہے کہ آج کا دن کیسے گزرے گا؟ صبح اٹھتے ہی مسلمان سوچتا ہے آج کا دن کیسے گزرے گا؟ کوئی فرق رہا؟ کوئی فرق بھی نہ رہا۔

مسلمان کی زندگی میں امتیاز کیسے آئیگا؟: فرمایا کہ جب کوئی مسلمان صبح اٹھتے ہی دنیا کو، مال کو، چیزوں کو، اسباب کو سوچتا ہے تو ایک فرشتہ جو دائیں طرف ہوتا ہے وہ آواز دیتا ہے کہ اے اللہ کے بندے میرے اللہ کو سوچ، اللہ کی سوچ دامن گیر کر کہ میں آج کے دن اللہ کو کیسے راضی کروں گا۔ اس وقت ایک شیطان جو انسان کے بائیں طرف ہوتا ہے وہ آواز دیتا ہے خیال کرنا اللہ کو نہ سوچنا، اللہ کی نہ سوچنا۔ دنیا کو سوچ، جو تو سوچ رہا ہے بالکل ٹھیک سوچ رہا ہے۔ مسلمان فرشتے کی آواز کو نہیں سن سکتا، وہ شیطان کی آواز کو بھی نہیں سن سکتا، فرشتہ اپنی ڈیوٹی پوری کرتا ہے شیطان اپنی ڈیوٹی پوری کرتا ہے۔ (جاری ہے)

درس سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم نے عبقری رسالہ پڑھا بہت اچھا لگا' عبقری رسالہ اپنے رشتہ داروں کو بھی ہدیہ کیا وہ بھی اب ہر ماہ باقاعدگی سے رسالہ لیتے ہیں۔ اس رسالے کی وجہ سے ہم سب میں بڑی تبدیلیاں آ گئیں ہیں۔ خاص کر آپ کے درس سننے سے تو دل کی دنیا ہی بدل گئی' ہم سب آپ کیلئے دعائیں کرتے ہیں۔ ہم پہلے اندھیرے میں تھے ہمیں روشنی مل گئی۔ مجھے 30 سال سے رات کو نیند کا مسئلہ تھا' ساری ساری رات جاگتی نیند نہ آتی تھی' پھر اٹھ کر آپ کے درس سننا شروع کر دیتی تھی' عجب سکون ملتا' آہستہ آہستہ درس سنتے ہی نیند آ جاتی۔ پہلے نیند کی دوائی کے بغیر نیند نہ آتی تھی اب بغیر کسی دوائی کے پرسکون سوتی ہوں۔ درس کی وجہ سے ہمارے گھر میں سکون آ گیا ہے' بہت سے کاروبار و معاشی مسائل حل ہوئے ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 16 پر)

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری مکمل سیٹ کا مطالعہ کریں

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

ابولبیب شاذلی

بغیر کشتی کے سمندر پار کرنے والے

سمندر نے انہیں اللہ کے حکم سے پار کرادیا یا اس طرح سمندر پر چل رہے تھے جیسا کہ نرم ریت پر چلا جاتا ہے۔ اونٹوں کے پیر نہیں گھستے تھے اور گھوڑے سواروں کے رکاب تک پانی نہیں پہنچتا تھا اور یہ مسافت کشتی کیلئے ایک دن رات کی تھی۔

قیس بن حجاج نے جن صاحب سے یہ روایت سنی ہے وہ نقل کرتے ہیں جب حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مصر فتح کیا تو ان کے پاس اہل مصر اس مہینہ میں آئے جس کو بونہ ان کی زبان میں کہتے ہیں بونہ عجمی زبان میں ایک مہینے کا نام ہے اور ان سے کہا اے امیر! ہمارے اس نیل کے لیے ایک طریقہ ہے اس میں پانی بغیر اس طریقہ کے نہیں رہتا ہے' ان سے پوچھا کہ وہ طریقہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا جب اس مہینے کی بارھویں رات گزر جاتی ہے تو ہم ایک ایسی کنواری لڑکی کی طرف قصد کرتے ہیں جو اپنے ماں باپ کی اکلوتی ہوتی ہے' اس کے ماں باپ کو ہم راضی کر لیتے ہیں اور اسے ہم زیور اور لباس فاخرہ سے جہاں تک ہوسکتا ہے' مزین کرتے ہیں' پھر ہم اس لڑکی کو دریائے نیل میں ڈال دیتے ہیں تو ان سے حضرت ابن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا یہ بات اسلام میں نہیں ہوسکتی' اسلام ہر اس رسم کو گرا دیتا ہے جو اس سے پہلے ہے' چنانچہ اہل مصر ان تین مہینوں میں بونہ اور ابیب اور مسری میں ٹھہرے رہے' دریائے نیل بالکل بھی جاری نہ ہوا یہاں تک کہ ان لوگوں نے جلاوطنی کا ارادہ کیا' جب یہ بات حضرت ابن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیکھی تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس اس بات کو لکھا' حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں جواب دیا کہ تم نے یہ بات ٹھیک کہی کہ اسلام اپنے سے پہلی رسموں کو مٹا دیتا ہے' میں تمہارے پاس یہ پرچہ بھیجتا ہوں جب تمہارے پاس میرا خط پہنچے تو اس پرچہ کو نیل کے اندر ڈال دینا' جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خط ابن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آیا اس پرچہ کو کھول کر پڑھا تو اس پرچہ میں صرف اتنا مضمون تھا: ''اللہ کے بندہ عمر امیر المومنین کی طرف سے اہل مصر کے دریائے نیل کیلئے، امابعد! اگر تو اپنی طرف سے جاری ہوتا تھا تو مت جاری ہو اور اگر اللہ واحد قہار نے تجھ کو جاری کیا تھا تو ہم اللہ واحد قہار سے سوال کرتے ہیں کہ تجھ کو جاری کردے'' حضرت ابن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ پرچہ دریائے نیل میں اس روز سے ایک دن پہلے جس میں کہ یہ لوگ لڑکی کو بھینٹ چڑھاتے تھے ڈال دیا۔ ادھر اہل مصر جلاوطنی کا اور مصر سے چلے جانے کا اس لیے ارادہ کیے ہوئے تھے کہ ان کی معاش کا معاملہ دریائے نیل کے بغیر درست نہ ہوسکتا تھا۔ بھینٹ چڑھانے والے دن جب لوگوں نے صبح دیکھا کہ اللہ پاک نے دریائے نیل کا پانی سولہ ہاتھ اونچا بہا دیا ہے۔ اور یہ برا طریقہ اہل مصر سے ہمیشہ کیلئے ختم ہوگیا۔ (اور آج تک دریائے نیل نہیں سوکھا ہے) عروۃ الامی مولیٰ بنی سعد نے بیان کیا کہ ابوریحانہ سمندر میں سوار ہوئے اور یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں یہ سلائی کا کام کرتے تھے ان کی سوئی سمندر میں جا پڑی تو انہوں نے کہا اے رب! میں تجھے قسم دیتا ہوں کہ تو میری سوئی ضرور واپس کردے' وہ سوئی سطح سمندر پر ظاہر ہوئی اور انہوں نے اسے اٹھالیا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علاء بن حضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بحرین بھیجا تو میں بھی ان کے پیچھے گیا میں نے ان سے تین باتیں دیکھیں میں نہیں جانتا کہ ان میں سے کونسی زیادہ عجیب ہے؟ جب ہم سمندر کے کنارے پہنچے انہوں نے کہا اللہ کا نام لو اور اس میں گھس جاؤ' چنانچہ ہم نے اللہ کا نام لیا اور اس میں اتر گئے اور اس سے پار ہوگئے اور ہمارے اونٹوں کے تلوے تک بھی تر نہیں ہوئے تھے۔ ایک روایت میں ہے کہ حضرت علاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مسلمانوں سے کہا کہ ہمارے ساتھ دارین چلو تاکہ ہم ان دشمنوں سے غزوہ کریں جو وہاں ہیں' مسلمانوں نے فوراً اس کی تیاری کی' حضرت علاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کو لے کر چلے اور سمندر کے کنارے آگئے تاکہ کشتیوں میں سوار ہوں تو دیکھا کہ مسافت بہت بعید ہے' دشمنوں تک کشتی کے ذریعے نہیں پہنچ سکتے ہیں' دشمن بھاگ جائیں گے یہ اپنے گھوڑوں سمیت سمندر میں کود پڑے اور کہہ رہے تھے یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا حَکِیْمُ یَا کَرِیْمُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا حَیُّ یَا مُحْیِیْ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا رَبَّنَا اور سارے لشکر کو حکم دیا کہ گھس جائیں چنانچہ سارے لشکر نے ایسا ہی کیا سمندر نے انہیں اللہ کے حکم سے پار کرادیا یا اس طرح سمندر پر چل رہے تھے جیسا کہ نرم ریت پر چلا جاتا ہے۔ اونٹوں کے پیر نہیں گھستے تھے اور گھوڑے سواروں کے رکاب تک پانی نہیں پہنچتا تھا اور یہ مسافت کشتی کیلئے ایک دن رات کی تھی۔ اس سمندر کو دوسرے کنارے تک پار کیا اور اپنے دشمنوں سے لڑے اور ان پر غالب آگئے اور ان کا مال غنیمت جمع کیا اس کے بعد واپس آئے تو سمندر کو ایک دوسری جانب سے پار کر رہے تھے کہ اپنی پہلی جگہ پر لوٹ آئے اور یہ سب بات ایک ہی میں ہوئی۔ اس کے بعد جب ہم لوٹے اور ان کے ساتھ چلے' زمین کے ایک جنگل میں' اور ہمارے پاس پانی نہیں تھا ہم نے ان سے اس بات کی شکایت کی انہوں نے دو رکعت نماز پڑھی اس کے بعد دعا کی تو اچانک ڈھال کے برابر ایک ابر نمودار ہوا پھر اس ابر نے اپنی مشکیں لٹکا دیں تو ہم نے پیا اور اونٹوں کو پلایا اور ان کی وفات ہوگئی' ہم نے ان کو ریت میں دفن کیا' ہم تھوڑی دور تک چلے تھے کہ ہم نے کہا کہ درندے آئیں گے اور ان کو کھا جائیں گے' ہم جو ان کی قبر کی طرف واپس ہوئے تو ان کو قبر میں نہ دیکھا۔ ایک روایت میں یہ اضافہ ہے جب ہم کو ان مکعبر کسریٰ کے گورنر نے دیکھا تو اس نے کہا خدا کی قسم ہم ان کا مقابلہ نہ کریں گے تو وہ ایک کشتی میں بیٹھ کر فارس چلا گیا۔ (حیاۃ الصحابہ حصہ دوم)

تین گھونٹ پیو بے فکر جیو

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالے پر پچھلے کافی عرصے سے مسلسل پڑھ رہی ہوں' ہم نے اپنی مشکلات کے حل کیلئے آپ کو خط لکھا تھا آپ نے ہمیں کچھ عمل کرنے کو بتائے تھے۔ آپ کے بتائے ہوئے تمام وظائف پر ہم نے عمل کیا ہے' ماشاء اللہ ہماری کافی پریشانیاں ختم ہوگئی ہیں میں نے وضو والا عمل کیا ہے جو کہ اس طرح کہ وضو کرنے کے بعد آپ اسی نلکے سے تین گھونٹ پانی پئیں' پہلے گھونٹ پر اللہ شافی' دوسرے گھونٹ پر اللہ کافی اور تیسرے گھونٹ پر اللہ معافی کہیں۔ کوشش کریں کہ یہ پانی کھڑے ہوکر پئیں۔ میرے بہت سے مسائل جو حل نہیں ہو رہے تھے وہ وضو کے تین گھونٹ پانی والے عمل سے حل ہوگئے۔ میری جو جو حاجتیں تھیں وہ اس عمل نے پوری کردیں۔ آپ کا بے حد شکریہ کہ آپ کے دیئے گئے عمل سے ہماری مشکلات ختم ہوگئی ہیں۔ اللہ آپ کو اس کا اجر عظیم ضرور دے گا۔ (مسز نور محمد اسکمر)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ہر بندہ مہربان: یہ عمل میرا آزمودہ ہے کسی بھی بندے کے پاس جانا ہو تو پہلے ایک مرتبہ سورہ مزمل پڑھ لے پھر جب اس کے سامنے جائیں تو ظالم سے ظالم شخص بھی مہربان ہو کر ملے گا۔

مالش! بچوں کے بے شمار امراض کا آسان علاج

پروفیسر صائمہ امتیاز

بچوں کی مالش اس وقت تک جاری رکھیں جب تک وہ کئی سال کے نہ ہو جائیں۔ اگر آپ مزید ہمت کریں تو بچوں کے سکول جانے کی عمر کے بعد بھی مساج کے معمول کو کم از کم اس وقت تک جاری رکھیں جب تک کہ وہ اسے برداشت کر سکیں۔

بچوں کی جلد اور بالوں کو خصوصی توجہ اور دیکھ بھال کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ مجموعی صحت کے ساتھ ان کی جلد اور بال بھی ابتداء ہی سے صحت مند رہیں لیکن بیشتر مائیں اس بارے میں زیادہ معلومات نہیں رکھتیں۔ لہٰذا جہاں مختلف رسائل میں خواتین کی اسکن اور ہیئر کیئر کے بارے میں بے شمار مضامین لکھے جاتے ہیں اسی طرح بچوں کیلئے بھی اس بارے میں مضامین لکھے جانے چاہئیں تاکہ مائیں ان سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان سطور میں آج نونہالوں کی نرم و نازک جلد اور بالوں کی حفاظت کیلئے کچھ مشورے پیش کئے جا رہے ہیں۔ ہمارے ہاں عام طور پر ہوتا کچھ یوں ہے کہ جیسے ہی گھر میں کسی نومولود کا اضافہ ہوتا ہے، خاندان اور محلے پڑوس کی تمام تر خواتین اس کے بارے میں اپنے اپنے مشوروں سے نوازنے کے لئے آ پہنچتی ہیں۔ اس طرح ماں مزید پریشان ہو جاتی ہے کہ کس کے مشورے پر عمل کیا جائے اور کس کے مشورے پر نہیں۔ سو آج کل یہ صورت حال ہے کہ اگر ماں کے پاس کوئی مددگار موجود ہوا تو کچھ روز تک نوزائیدہ بچے کا مساج وغیرہ کر لیا جاتا ہے ورنہ نہیں جبکہ بچوں کو شیر خواری کی عمر کے بعد بھی مساج، اسکن کیئر اور ہیئر کیئر کی ضرورت ہوتی ہے۔ جلد ہمارے جسم کا حساس ترین حصہ ہے اور بچوں کی جلد مزید نرم و نازک ہوتی ہے اس لئے شروع ہی سے ان کی حفاظت کریں اور جلد کے ساتھ بالوں کی دیکھ بھال کو معمول کا حصہ بنا لیں۔ اس طرح بچے جوں جوں بڑے ہوں گے انہیں خود بھی ان چیزوں کی اہمیت کا اندازہ ہونے لگے گا اور نوجوانی کی حفاظت کے عادی ہو چکے ہوں گے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ بچپن ہی سے ان باتوں پر توجہ دینے کے نتیجے میں جلد اور بال چونکہ صحت مند رہیں گے لہٰذا وہ مختلف مسائل کا شکار ہونے سے بچے رہیں گے۔ اس طرح کے بیشتر مسائل بچپن ہی میں اپنی جڑیں بنا لیتے ہیں اور پھر نوجوانی کی عمر کو پہنچنے تک یہ مسائل پختہ ہو جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر جلد کے مسامات کا بند ہو جانا وغیرہ۔ یہ سب ایسے مسائل ہیں جن سے ذرا سی توجہ کی بدولت ابتداء ہی میں ہی بچا جا سکتا ہے۔ **جلد کی حفاظت:** بچوں کی مالش اس وقت تک جاری رکھیں جب تک وہ کئی سال کے نہ ہو جائیں۔ اگر آپ مزید ہمت کریں تو بچوں کے سکول جانے کی عمر کے بعد بھی مساج کے معمول کو کم از کم اس وقت تک جاری رکھیں جب تک کہ وہ اسے برداشت کر سکیں۔ مساج کے دوران بچوں کو ان کی دلچسپی کے مطابق باتوں میں لگائیں تاکہ وہ اس سے جان چھڑانے کی کوشش نہ کریں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس طرح ایک ساتھ وقت گزارنے کی صورت میں ماں اور بچے کے درمیان محبت اور قربت میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔ جب بچے ذرا اور بڑے ہو جائیں تو انہیں لٹا کر مساج کرنے کے بجائے بٹھا بھی سکتی ہیں۔ اس دوران آپ انہیں کوئی کھلونا پکڑا دیں یا کوئی اچھی سی کہانی سنا دیں۔ یوں وہ مگن رہیں گے اور آپ اطمینان سے اپنا کام انجام دے سکیں گی۔ اس سے ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ مالش کے دوران آپ کو بچوں کے جسم کا جائزہ لیتے رہنے کا موقع ملے گا۔ لہٰذا ان کے جسم پر کوئی غیر معمولی ابھار، دانہ، پھنسی یا دھبہ دیکھیں تو فوراً ڈاکٹر کے پاس لے جائیں۔ ایک اور اہم بات کہ مساج کے وقت بچے کی پرائیویسی کا خاص طور سے خیال رکھیں۔ گھر کے تمام افراد یا مہمانوں کے سامنے اس کا مساج کرنا شروع نہ ہو جائیں۔ مساج کیلئے مارکیٹ میں بہت سے اچھے بے بی آئل دستیاب ہیں۔ ان میں سے کوئی ایسا آئل منتخب کر لیں جس سے بچہ الرجی محسوس نہ کرے۔ اس تیل میں زعفران کے کچھ ریشے ڈال کر رکھ دیں تاکہ اس کی خوبیوں میں مزید اضافہ ہو جائے۔ گرمیوں میں بچوں کو کسی ہلکے صابن سے دوبارہ نہلائیں۔ گرمیوں میں آنے والا پسینہ بچوں کی جلد کے مسامات بند کر دیتا ہے لہٰذا انہیں باقاعدگی سے کسی اچھے صابن کے ساتھ نہلانا ضروری ہے۔ بغیر صابن نہلانے سے جلد کی خاطر خواہ صفائی ممکن نہیں اس طرح بچے گرمی دانوں کا شکار ہو سکتے ہیں۔ ان کے نہانے کا پانی گرم یا زیادہ ٹھنڈے کے بجائے معتدل رکھیں۔ ہفتے میں ایک بار نہلانے سے پہلے تازہ پھلوں اور سبزیوں کے گودے سے بچوں کا مساج کریں۔ اس مقصد کیلئے ٹماٹر، کھیرا، گاجر اور کیلا بہترین ہے۔ اس دوران بچوں کو پھلوں اور سبزیوں کے اس ملغوبے سے کھیلنے کی اجازت بھی دیں تاکہ وہ خوشی خوشی مساج کروائیں۔ گرمیوں میں بھی جلد کو ٹھنڈک پہنچانے کیلئے دہی کا استعمال بھی کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ دھوپ کے وقت جب بھی بچوں کو باہر لے جائیں تو انہیں کوئی اچھا ہیٹ اور سن گلاسز پہنائیں۔ **بالوں کی حفاظت:** بچوں کے بالوں میں وقتاً فوقتاً تیل کی مالش ضرور کریں۔ سر میں تیل لگانے کے دوران بھی بچوں کو کسی نہ کسی مشغلے میں الجھا کر رکھیں۔ سر کے مساج سے بچے سکون محسوس کرتے ہیں اور پھر اس کے عادی ہو جاتے ہیں۔ ہیئر آئل کی بہت سی اقسام مارکیٹ میں دستیاب ہیں تاہم آپ خوشبو والے تیل کے بجائے سادہ اور خالص تیل منتخب کریں۔ دن میں کم از کم دو بار بچوں کے بالوں میں کنگھا یا برش کریں تاکہ یہ سلجھے ہوئے اور چمکدار رہیں۔ بچوں کے بال اگر الجھے ہوئے ہوں تو انہیں کئی حصوں میں بانٹ لیں اور ایک ہاتھ سے تھام کر دوسرے ہاتھ سے آہستہ آہستہ سلجھائیں۔ اس طرح بال کم سے کم ٹوٹیں گے اور بچے کو درد بھی نہیں ہوگا۔ بچے جوں جوں بڑے ہوں ان کے بالوں کو نرم، چمکدار اور گھنا بنانے کیلئے ہیئر ماسک لگائیں۔ حسب ضرورت حنا، سیکا کائی اور آملہ پاؤڈر لے کر تھوڑے سے تیل میں ملائیں اور دس منٹ کیلئے بالوں میں لگا رہنے دیں پھر سر دھلا دیں۔ اگر آپ کے بچے کے بال بہت زیادہ خشک ہیں تو پہلے بالوں میں تیل لگائیں اور آدھے گھنٹے بعد دس منٹ کیلئے ماسک لگائیں لیکن جب تک ماسک لگا ہو بچے کو اپنی نگرانی میں رکھیں۔ دن کے وقت باہر لے جاتے وقت کیپ وغیرہ پہنائیں اور ایک سے ڈیڑھ ماہ کے بعد ان کے بال باقاعدگی سے ترشوائیں تاکہ یہ صحت مند رہیں اور خوش نما دکھائی دیں۔ بچوں کو بڑوں کی پروڈکٹس لگانے سے گریز کریں جیسے کہ آئل، کریم یا پرفیوم وغیرہ۔ ان چیزوں میں موجود کیمیکلز بچوں کی جلد اور بالوں کیلئے نقصان دہ ہوتے ہیں۔ ان کے بال خشک کرنے کیلئے ہیئر ڈرائر کا استعمال نہ کریں لیکن اگر سردی کے باعث یا کسی تقریب کیلئے ڈرائر لگانا ضروری ہو تو اسے لو سیٹنگ پر اور بالوں سے خاصا دور رکھیں۔ گیلے بالوں میں کنگھا نہ کریں کیونکہ اس طرح بال بہت زیادہ ٹوٹتے ہیں اور ان کی لچک ختم ہو جاتی ہے۔ چمکدار صاف شفاف جلد اور گھنے صحت مند بال شخصیت کو خوش نما اور پرکشش بنانے کا باعث ہوتے ہیں لہٰذا اس طرح بچے کے اعتماد میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ مندرجہ بالا تمام تجاویز لڑکوں اور لڑکیوں کیلئے یکساں مفید ہیں تاہم اگر آپ کا بچہ غیر معمولی حساس جلد کا مالک ہے تو اپنے ڈاکٹر کے مشورے کے بغیر کسی تجویز پر عمل نہ کریں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

ذکر کے فوائد از بہار شکر

ہر آفت، تکلیف، قتل و غارت سے بچنے کا آسان نسخہ

ایک دم ہنگامہ ہوا قتل کی دھمکیاں دی جا رہی تھیں' گہری نیند سے واپسی ہوئی' دیکھا تو کوچ رکی ہوئی' ڈرائیور سیٹ سے غائب' دوسری کوچ کے ڈرائیور نے بہت غلیظ گفتگو کی' یہ تو غنیمت تھا کہ جس کوچ میں راقمہ تھی اس ڈرائیور نے کافی تحمل مزاجی کا مظاہرہ کیا

اکثر سفر کا اتفاق ہوتا ہے جب سے سورۂ کہف سفر میں پڑھنا شروع کی ہے بے شمار انہونے واقعات دیکھے' اللہ تعالیٰ صرف سورۂ پڑھنے سے کس طرح بچاتا ہے۔ ہر آفت' مصیبت اور قتل و غارت سے محفوظ رکھتا ہے۔ عموماً کوچ میں سفر کے دوران سورۂ کہف پڑھتی ہوں' کوچ کی روانگی سے دس منٹ قبل کوچ میں بیٹھ جاتی ہوں' سورۂ پڑھ چکنے کے بعد پوری کوچ پر تین مرتبہ پھونک مار دیتی ہوں اور ذہن میں یہ تصور ہوتا ہے کہ جس طرح اللہ نے اصحاب کہف کو ہر مصیبت سے بچایا تھا ایسا ہی ہمیں بھی دوران سفر ہر مصیبت سے بچالے۔ عموماً سورۂ پڑھنے کے بعد پرسکون ہو جاتی ہوں' گھر میں مصروف ہوتی ہوں تمام کام سمیٹنے کی جلدی ہوتی ہے' تھکن لے کر کوسٹر میں بیٹھ جاتی ہوں' سورتیں پڑھتی اور نیند کا ٹکٹ ہوتا ہے' یہ ٹکٹ گہری نیند سلا دیتا ہے کہاں سٹاپ آیا ہے' یا نہیں آتا' نیند تو نان سٹاپ ہوتی ہے۔ آج بھی ایسا ہی تھا۔ ایک دم ہنگامہ ہوا قتل کی دھمکیاں دی جا رہی تھیں' گہری نیند سے واپسی ہوئی' دیکھا تو کوچ رکی ہوئی' ڈرائیور سیٹ سے غائب' دوسری کوچ کے ڈرائیور نے بہت غلیظ گفتگو کی' یہ تو غنیمت تھا کہ جس کوچ میں راقمہ تھی اس ڈرائیور نے کافی تحمل مزاجی کا مظاہرہ کیا' صلح کرتے ہوئے واپس کوچ میں آ گیا' باقی لوگ بھی آ کر اپنی سیٹوں پر براجمان ہو گئے۔ ڈرائیور نے گاڑی سٹارٹ ہی کی تھی کہ دوسرا ڈرائیور تیزی سے اپنی گاڑی کو اتنا قریب لایا کہ ہماری گاڑی کو ٹکر مار کر تباہ کر دے جو منظر راقمہ دیکھ رہی تھی وہ خوفناک تھا' گاڑی کے پرخچے اڑتے دیکھ رہی تھی' پھر کیا ہوگا؟ راقمہ سوچ بھی رہی تھی اور رو بھی رہی تھی' رب سے دعا مانگنے کی شدت تھی' انہی سیکنڈوں میں ملائکہ ہماری گاڑی نکال کر لے گئے تھے کیونکہ یہ کسی انسان کے بس کا روگ نہیں تھا۔ یہی سوچتی رہی کاش! دوسرے بس میں بھی کسی مسافر نے سورۂ کہف پڑھ لی ہوتی تو ایسا نہ ہوتا۔ جس قدر لوگ ڈرائیونگ کرتے ہیں جو لوگ پائلٹ ہیں' ٹرین کے ڈرائیور ہیں' کوشش کر کے سورۂ کہف پڑھ کر ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھیں دنیا کا سفر ڈرائیونگ کرتے گزر جاتا ہے۔ فرصت کے منتظر نہ رہیں۔ جب یہ سورۂ پڑھیں گے تو خود بخود وقت میں برکت ہوگی۔ تمام ڈرائیونگ کرنے والی بہنوں سے درخواست کروں گی انشاء اللہ وہ سورۂ کہف پڑھ کر ڈرائیونگ کریں اس سورۂ کے پڑھنے کے کمالات دیکھیں اور عبقری میں لکھ کر بھیجیں تاکہ سب لوگ اس سورۂ کو پڑھا کریں۔ اجر آپ کو بھی ملے گا۔ یہ سورۂ پڑھنے سے پریشانیاں ختم ہو جاتی ہیں اور وقت میں برکت ہوتی ہے' حقیقت لکھی ہے' اللہ کرے قاری اس پر عمل کریں۔

دوسرا واقعہ: آج بھی سفر کیلئے روانگی تھی' گھریلو مصروفیات زیادہ تھیں' یوں سٹینڈ پر جانے میں کچھ دیر ہو گئی' پھر اپنی سیٹ پر جا کر بیٹھ گئی' جاتے ہی اپنا پنج سورہ کھولا اور سورۂ کہف پڑھنے لگی' چار رکوع ہی پڑھے تھے کہ کوچ میں اس قدر سواریاں آئیں کہ سیٹوں کے درمیان انسانوں کی دیوار لگ گئی' شیشوں کے سامنے بہت موٹے پردے پڑے ہوئے تھے' مجھے ایک بار پنج سورہ بند کرنا پڑا' الفاظ نظر ہی نہیں آ رہے تھے' جوں ہی میں نے پڑھنا بند کیا مجھے محسوس ہوا گاڑی فضا میں قلابازیاں کھا رہی ہے' فوراً خیال آیا سورۂ پڑھنا بند کر دی ہے اس لیے اللہ کی رحمت دور ہو گئی ہے۔ جلدی سے پردے ہٹائے پنج سورہ کھولا اور پھر سورۂ پڑھنے لگی' جونہی سورۂ پڑھنی شروع کی بس کی قلابازیاں رک گئیں' بہت سکون سے سفر ہونے لگا' پوری سورۂ مکمل کی' پھر پورے سفر میں کوئی پریشانی نہ ہوئی' جب سورۂ پڑھنی بند کی' ملائکہ کو بے حد ناگوار گزرا بس قلابازیاں کھانے لگی' یہ سوچ کر بے حد خوشی ہوئی صرف سورۂ پڑھنے سے ملائکہ ساتھ رہتے ہیں۔ یہ کتنی خوش نصیبی ہے اور ابلیس دور ہو جاتا ہے' جہاں ابلیس نہ ہو وہاں کبھی جھگڑا نہیں ہوتا' وہاں تو امن ہی امن ہے۔ سفر کرتے دو گھنٹے گزر چکے تھے مگر نہ ٹی وی' نہ ڈیک' راقمہ نے اپنی ساتھی بہن سے کہا جو ہمسفر تھیں' یہ زندگی میں پہلی گاڑی دیکھی ہے جس میں ٹی وی نہیں ہے۔ ورنہ تمام سفر بہت تکلیف میں کٹتا۔ ہمسفر بہن کہہ رہی تھیں ٹی وی تو موجود ہے' چلایا نہیں ہے۔ سامنے نگاہ ڈالی تو واقعی ٹی وی لگا ہوا تھا۔ خوشی کی بات یہ ہے کوئی فرد بس میں بولتا ہی نہیں۔ سوتے ہوئے اور اللہ کا ذکر کرتے ہوئے سفر گزرتا ہے۔ زندگی گزارنے کا مزہ اللہ کی اطاعت میں ہے۔ ہر سفر میں باقاعدگی سے سورۂ پڑھتی ہوں۔ **محترم قارئین!** آپ بھی یہ سورۂ پڑھا کریں پھر اس کے کمالات دیکھیں۔

اسلام اور رواداری

ابن زیب بھکاری

قسط نمبر 100

پیغمبر اسلام ﷺ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

بحیثیت مسلمان ہم جس بااخلاق نبی ﷺ کے پیروکار ہیں انکا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا' آپ نے سابقہ اقساط میں پڑھا اب ان کے جانوروں سے حسن سلوک کے چند واقعات پڑھیں۔

جانوروں کے معاملے میں اللہ سے ڈرو: حضور نبی کریم ﷺ ایک اونٹ کے پاس سے گزرے کہ (کمزوری کی وجہ سے) اس کا پیٹ کمر سے لگ گیا تھا' اس پر حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: ان بے زبان جانوروں کے معاملہ میں اللہ سے ڈرا کرو' جب یہ اچھی حالت میں ہوں تو ان پر سواری کیا کرو اور جب اچھی حالت میں ہوں تب ہی چھوڑ دیا کرو۔ (ابوداؤد) **بلی کی وجہ سے دوزخ ملی:** حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ حضور پرنور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ایک عورت ایک بلی کی وجہ سے دوزخ میں داخل ہوئی' اس نے اسے باندھ دیا' نہ اسے کھانا کھلایا اور نہ اسے کھولا کہ وہ کیڑے مکوڑے کھالے۔ (بخاری و مسلم)

چہرے کے داغ اور بالوں کیلئے آزمودہ ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پہلی بار کسی شمارے میں خط لکھ رہی ہوں۔ ہم تقریباً دو سال سے عبقری پڑھ رہے ہیں' یہ بہت مفید رسالہ ہے' اس لیے اپنے آزمودہ ٹوٹکے قارئین کیلئے لکھ رہی ہوں کیونکہ کسی کا بھلا ہوگا تو اس وسیلے سے اللہ ہمارا بھی بھلا کر دے گا۔ **چہرے کے داغ دھبوں کیلئے:** گھیکوار (ایلوویرا) صبح و شام دس سے پندرہ منٹ چہرے پر ملیں اور ایک انچ کا ٹکڑا پانی سے نگل لیں۔ اس سے آپ کا چہرہ داغ دھبوں سے صاف ہو کر چاند کی طرح روشن ہو جائے گا۔ آزمودہ ہے۔ **سر کے بالوں کیلئے:** ھوالشافی: ریٹھا' آملہ' سکاکائی تینوں ہر ایک پچاس گرام' میتھی دانہ' کلونجی دونوں ایک ایک چمچ' نیم اور بیری کے پتے مکس کر کے ایک مٹھی۔ ان سب اشیاء کو چھ کلو پانی میں ہفتہ بھر بھگو دیں۔ آٹھویں دن دھیمی آگ پر چار پانچ گھنٹے پکائیں۔ ٹھنڈا کر کے نتھار کے بوتلوں میں بھر لیں۔ ایک دن کے وقفہ سے دو سے تین گھنٹے بالوں میں لگائیں اور سادہ پانی سے دھو لیں۔ صرف گرمیوں میں استعمال کریں۔ سردیوں میں طب نبوی ہیئر آئل لگائیں' لکڑی کا کنگھا استعمال کریں۔ بالوں کی چمک، دمک اور لمبائی خود دیکھیں۔ (بندی خدا' ملتان)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
f PAKSOCIETY

آلو کے لیپ سے پائیے آرام: جلی ہوئی جگہ پر اگر آلو کا لیپ کر دیا جائے یا صرف آلو کاٹ کر اس پر رکھ دیا جائے تو در د لو افاقہ ہوتا ہے۔ اس مقام پر آبلہ نہیں پڑتا اور جلد آرام آجاتا ہے۔

ذہنی و جسمانی تھکن سے نجات کے آسان ٹوٹکے

مسز فرحان اصغر۔ اسلام آباد

ایسے افراد جو مثبت سوچ کے مالک ہوتے ہیں وہ کم تھکتے ہیں' ایسے لوگ زیادہ فعال، سرگرم اور خوش اخلاق ہوتے ہیں یہ لوگ اپنے اردگرد موجود لوگوں کی منفی باتوں پر دھیان نہیں دیتے بلکہ ان کے اچھے پہلوؤں کو ذہن میں رکھتے ہوئے ان سے بات چیت کرتے ہیں

ہوسکتا ہے کہ آپ نے ایسے لوگوں کو دیکھا ہو جن کے چہرے پر کبھی تھکن کے اثرات ہی نظر نہیں آتے۔ ہر وقت چاق و چوبند، سرگرم عمل ہی نظر آتے ہیں۔ آپ ایسے لوگوں کو دیکھ کر دل میں سوچتے ہیں کہ آخر اس شخص میں ایسی کیا بات ہے جو اسے تھکنے ہی نہیں دیتی۔ اس کے ساتھ ہی دوسری جانب کچھ ایسے لوگ بھی آپ کو نظر آئیں گے جن کے چہرے پر صبح ہو' شام ہو، رات ہو کہ دن ہر وقت تکان غالب رہتی ہے۔ وہ اپنے گھریلو اور دفتری کاموں کو بھی اس طرح انجام دیتے ہیں گویا وہ بہت ہی مجبور ہیں۔ آخر اس کی وجوہات کیا ہیں؟ اور اس تھکن کا علاج بھی ہوسکتا ہے یا نہیں۔ ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ آپ بھی ان لوگوں میں شامل ہوسکتے ہیں جو ہشاش بشاش اور ہر وقت تازہ دم نظر آتے ہیں۔ ہمارے معاشرے میں تھکن کی شکایت عام ہے۔ بچوں کو دیکھو کھیل کود کر آئیں گے تو تھکن کی شکایت کریں گے۔ گھر کے کام کاج گھریلو خواتین کو تھکا دیتے ہیں۔ اسی طرح مرد سفری اور دفتری تکان کا رونا روتے رہتے ہیں۔ یہ بات اپنی جگہ درست ہے کہ محنت و مشقت کے بعد انسان تھکتا ہے لیکن بہت سے افراد گھر واپس آکر اگلے دن دفتر کے خیال ہی سے تھکنے لگتے ہیں اور ایسے لوگ عام طور پر چڑچڑے ہوجاتے ہیں۔ تھکن دو طرح کی ہوتی ہے۔ جسمانی اور ذہنی۔ لیکن جسم کی تھکن تو دور ہوجاتی ہے مگر ذہنی تھکن آسانی سے دور نہیں ہوتی۔ **تکان کی عام وجوہات:** امریکہ سمیت مغربی ملکوں میں بھی اس بات پر تحقیق کی جارہی ہے کہ تھکن کی شکایات کیوں بڑھتی جارہی ہیں۔ ہر تیسرا چوتھا فرد تھکن کی شکایت کرتا ہوا نظر آتا ہے۔ آخر کیوں؟ ماہرین نے اس بات پر بہت اسٹڈی کی ہے' مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے معمولات زندگی کا جائزہ لیا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ انسان اپنی جسمانی قوت سے زیادہ کام کرکے بھی تھک جاتا ہے اور یہ تھکن فطری سی بات ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے جسم میں ایک خاص حد تک قوت رکھی ہے۔ ہر بندہ 120 کلوگرام وزن نہیں اٹھا سکتا۔ اس طرح کی تھکن سمجھ میں آنے والی ہے اور جو لوگ زیادہ مشقت کرکے تھک جاتے ہیں انہیں اس بات کا علم بھی ہوتا ہے لیکن بعض اوقات انسان محنت و مشقت کئے بغیر بھی تھکن کا شکار محسوس کرتا ہے۔ ماہرین کہتے ہیں کہ نفرت کا جذبہ بھی تھکن پیدا کرتا ہے اسی طرح غصہ، تیز روشنی، بند کمرے، غیر ہموار راستے، ناکامی کا خوف، بھوک اور پیاس کی شدت، غیر ضروری ذمہ داریاں اور مسلسل آرام بھی انسان کو تھکا دیتے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر کوئی بندہ تھکن کا شکار رہتا ہے تو اس سے نجات کے لئے سب سے پہلی اور بنیادی چیز یہ ہے کہ وہ اس بات کا پتہ لگائے کہ تکان کی وجہ کیا ہے۔ مغربی ماہرین نے ہر دم تازہ سرگرم اور ہشاش بشاش رہنے اور ہر وقت تھکن کی شکایت کرنے والے افراد کا جائزہ لینے کے بعد چند باتوں کی طرف رہنمائی کی ہے۔ اس سے ہمیں بہت حد تک تھکن سے نمٹنے میں مدد مل سکتی ہے۔ **لگی بندھی زندگی:** ہر فرد اپنا ایک معمول رکھتا ہے وہ ایک خاص وقت پر اٹھتا ہے، ناشتہ کرتا ہے، تیار ہوتا ہے اور کام کاج پر روانہ ہوجاتا ہے۔ عام طور پر یہی دیکھا گیا ہے کہ اکثریت لوگوں کی ایسی ہوتی ہے جن کے معمولات بندھے ہوتے ہیں۔ روزانہ اسے ایک ہی طرز کا کام کرنا ہوتا ہے۔ اس کی ڈیلنگ ایک ہی جیسی ہوتی ہے، دفتری کام بھی تقریباً روزانہ ایک جیسا ہی ہوتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ایسے لوگوں کو زیادہ تھکتے ہوئے دیکھا گیا ان لوگوں کے مقابلے میں جو دن میں مختلف طرح کے کام نمٹاتے ہیں۔ اسی طرح اگر آپ دفتر میں بیٹھ کر کام کرتے ہیں اور سارا دن کمپیوٹر کے سامنے گزار دیتے ہیں تو لازمی طور پر آپ تھکن کا شکار ہوں گے۔ ایک جگہ بت بن کر نہ بیٹھے رہیں، آپ جب محسوس کریں کہ تھکن ہو رہی ہے تو بہتر ہے کہ کام میں تھوڑا سا وقفہ لیا جائے۔ چھوٹے چھوٹے کاموں کے لئے دوسروں کا سہارا نہ لیں۔ دفتری اوقات میں ایسی اشیاء زیادہ استعمال نہ کریں جن میں کیفین ہو یا نکوٹین ہو۔ اسی طرح کوشش کریں کہ مصنوعی مشروبات کی بجائے پانی استعمال کیا جائے یعنی صاف پانی۔ **کام کی جگہ کا ماحول:** ماحول انسان کے مزاج پر بہت گہرا اثر ڈالتا ہے۔ کسی بھی دفتر کی کارکردگی اس کے بہتر ماحول سے جڑی ہوتی ہے۔ اگر کسی دفتر کا ماحول اچھا نہیں تو اس کے کارکنان کی کارکردگی متاثر ہوگی۔ گھر ہو یا دفتر ماحول اگر خوشگوار نہیں ہے تو آپ کے مزاج پر اس کا لازمی اثر ہوگا۔ یہ ضروری نہیں کہ ہر شخص کو دفتر کا ماحول ویسا ہی ملے جیسا وہ چاہتا ہے لیکن کوشش کریں کہ آپ اس ماحول میں خود کو ایڈجسٹ کریں۔ باس کی بدمزاجی، آمرانہ طرز گفتگو یا بعض اوقات توہین آمیز رویے ہوسکتا ہے کہ آپ کا اختیار نہ ہو لیکن اس کے ردعمل پر آپ کو اختیار ضرور ہے لیکن جب آپ دیکھیں کہ واقعی کوئی چیز برداشت سے باہر ہے تو آپ ایسے ماحول کی تلاش کریں جہاں آپ خود کو آرام دہ محسوس کرسکیں۔ آپ میں یہ صلاحیت ہونی چاہیے کہ متعلقہ لوگوں سے کس طرح ڈیلنگ کرنی ہے۔ ایسی ڈیلنگ کہ آپ کا کام بھی متاثر نہ ہو اور دوسرا فرد بھی آپ کے بارے میں کوئی منفی رائے قائم نہ کرے۔ اسی طرح گھر کے ماحول کو بھی خوشگوار رکھیں۔ **اچھا اور مثبت سوچیں:** ماہرین نے دونوں گروپوں کے جائزے کے بعد ایک اور اہم نکتے کی نشان دہی کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ایسے افراد جو مثبت سوچ کے مالک ہوتے ہیں وہ کم تھکتے ہیں' ایسے لوگ زیادہ فعال، سرگرم اور خوش اخلاق ہوتے ہیں یہ لوگ اپنے اردگرد موجود لوگوں کی منفی باتوں پر دھیان نہیں دیتے بلکہ ان کے اچھے پہلوؤں کو ذہن میں رکھتے ہوئے ان سے بات چیت کرتے ہیں۔ یہ لوگ سمجھوتہ کرنے میں کوئی عار محسوس نہیں کرتے اور اگر کبھی ان سے غلطی ہوتی ہے تو اس کا برملا اعتراف کرتے ہیں جبکہ منفی سوچ کے حامل شخصیت کا اپنے ساتھیوں سے رویہ زیادہ اچھا نہیں ہوتا۔ وہ دوسروں کی ترقی پر خود کو کوستا رہتا ہے۔ اس میں بڑھ چڑھ کر کام کرنے اور آگے بڑھنے کے جذبے کا بھی فقدان ہوتا ہے۔ ایسے لوگوں کو دیکھا گیا ہے کہ وہ زیادہ تھکتے ہیں حالانکہ وہ دوسروں کے مقابلے میں کم کام کرتے ہیں۔ **آرام کے لمحات کا تعین کریں:** ہوسکتا ہے کہ آپ کو بھی ایسا تجربہ ہوا ہو جب آپ نے دفتر سے چھٹیاں لے لی ہوں اور گھر پر وقت گزارا ہو۔ اگر آپ نے گھر میں یونہی فارغ وقت گزارا ہے تو آپ اس حقیقت سے واقف ہوں گے کہ آپ سارا دن گھر گزارنے اور آرام کرنے کے باوجود تازہ دم نہیں ہوئے بلکہ شام کو آپ کو ویسی ہی تھکن کا احساس ہوا جیسا آپ کو دفتر یا کام کاج سے واپس گھر لوٹتے ہوئے ہوتا ہے۔ دراصل ہمیں اپنے آرام کیلئے بھی وقت کا تعین کرنا چاہیے۔ حد سے زیادہ آرام آپ کو تھکا دے گا۔ فرصت کے لمحات اگر دلچسپ مصروفیات میں گزارے جائیں تو تو اس سے دل و دماغ پر زیادہ اچھا اثر پڑتا ہے۔ فارغ رہ کر بوریت کا احساس ہونے لگتا ہے اور آپ جسمانی محنت کے بغیر ہی تھکن کا شکار ہوجاتے ہیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

تھوڑی سی احتیاط! گزاریں خوشگوار موسم برسات

(عدنان کمبوہ، ایبٹ آباد)

کپڑے ایسے پہنیں جو پسینے کو اپنے اندر جذب کرنے کی خصوصیت رکھتے ہوں اور جلد ٹھنڈی رہے۔ کپڑے دن میں ایک بار ضرور تبدیل کریں۔ بچوں کو نیم کے پتوں میں جوش دیئے ہوئے پانی کو ٹھنڈا کرکے پلانا چاہیے اس سے خارش، پھنسی اور پھوڑوں سے کافی حد تک بچا جاسکتا ہے۔

موسم کا تقاضا ہے کہ اگست کے اس گرم اور مرطوب موسم میں بڑی احتیاط برتی جائے۔ اس موسم میں صحت کے دو دشمن یعنی مکھیاں اور مچھر بہت سرگرم رہتے ہیں۔ ان کا مقابلہ کرنے کیلئے گلی کوچوں کا صاف رکھنا بہت ضروری ہے۔ گڑھوں اور جوہڑوں کی صفائی کے ذریعے ہی سے ان کی افزائش کا سلسلہ رک سکتا ہے۔ جولائی اور اگست میں باران رحمت کا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے۔ اسی کے ساتھ گرمی اور حبس کی وجہ سے پسینہ خوب آتا ہے اور پیاس بڑھ جاتی ہے۔ صاف پانی پی کر ہی ہم جسم کو سیراب اور صحت کو برقرار رکھ سکتے ہیں۔ بوتل بند پانی پر بھروسہ نہیں کرنا چاہیے اور تھوڑی زحمت اور توجہ کرکے پانی ابال کر پینا چاہیے۔ اس موسم میں یوں تو بھوک کم لگتی ہے لیکن جسم کیلئے ضروری غذائی اجزاء کی فراہمی بہت ضروری ہوتی ہے۔ ان سے محرومی جسم کو کمزور کردیتی ہے اور اس طرح ہم امراض کو جسم پر قابو پانے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ اس موسم میں دیگر قسم کے پھلوں کے علاوہ سب سے زیادہ مقبول پھل آم ہوتا ہے۔ جنت کے اس میوے کا استعمال مناسب احتیاط کے ساتھ کرنا چاہیے۔ گلے سڑے پھلوں خاص طور پر بہت زیادہ پکے آموں کے استعمال سے بچنا چاہیے۔ آم اچھی طرح دھوکر اور ٹھنڈے کرکے استعمال کرنے چاہئیں کاٹنے کے بعد انہیں مکھیوں سے بچایئے اور حلق تک ٹھونس کر نہ کھایئے۔ آم کھانے کے بعد آٹھ دس جامن کھایئے یا پھر دودھ کی لسی پی لیجئے۔ یوں جسم کو مکمل غذا کی فراہمی یقینی ہوجاتی ہے۔

اس موسم میں ورم جگر (ہیپاٹائٹس) کی شکایت بڑھ سکتی ہے اس لیے احتیاط اور بھی زیادہ کرنی چاہیے۔ کھلے کٹے پھلوں سے خود بھی بچیئے اور خاص طور پر بچوں کو ان کے استعمال سے روکیے۔ احتیاط نہ کرنے کی صورت میں بچے، بوڑھے اور جوان اسہال اور قے کے شکار بھی ہوجاتے ہیں۔

کھانا تازہ اور گرم کھانا چاہیے۔ اس کے ساتھ لیموں، سرکے، املی، آلو بخارے یا پودینے کی چٹنی ضرور کھانی چاہیے۔ اچھی قسم کے سرکے میں کٹی ہوئی پیاز، ادرک، لہسن، کشمش، چھوارے، پودینے کی پتیاں تھوڑے نمک کے ساتھ ملا کر رکھ لیجئے اور بعد نماز مغرب کھانے کے دوران ان کا استعمال کیجئے۔ آپ اس طرح ہضم کی خرابی اور متلی وغیرہ سے بچے رہیں گے۔ صحت اچھی، جسم توانا اور محفوظ رہے گا تو ہر طرف نظر آنے والا سبزہ دھلے اور صاف ستھرے درخت غرض ہر چیز اچھی لگے گی۔ نیز کم از کم ایک وقت ضرور کسی اچھے جراثیم کش صابن اور صاف پانی سے ضرور نہایئے اور سوتی کپڑے پہنیئے۔ دن میں مکھیوں اور رات کو مچھروں سے بچیئے۔

چھوٹے بچے، غسل اور موسمی احتیاط: یہ مہینہ انتہائی گندہ اور مرطوب ہوتا ہے۔ اس لیے اس میں چھوٹے بچوں کے معاملے میں بیش از بیش احتیاط کو ملحوظ رکھنا چاہیے۔ بچوں کو غسل کراتے وقت یہ خیال رکھیں کہ پانی ان کے منہ اور کان میں نہ چلا جائے کیونکہ اس صورت میں چھوٹے بچوں میں کسی نہ کسی عارضے کے پھوٹ نکلنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

☆ نہلانے کے بعد ان کے کنج ہائے ران، بغلوں اور کانوں کے عقبی حصوں کو خاص طور پر تولیے سے اچھی طرح صاف کریں اور پھر ان مقامات پر کوئی اچھا سا پاؤڈر بطور احتیاط چھڑک دیں۔ یاد رکھیں! چھوٹے بچوں کے غسل کے سلسلے میں یہ احتیاطیں صرف اس نقطہ نظر سے لازمی ہیں کہ چھوٹے بچوں کی بیرونی جلد میں اگست (برسات کا موسم) کے مہینے کے مرطوب موسمی اثرات کے باعث خارش ہونے اور چھوٹے موٹے پھوڑے پھنسی کے پھوٹ پڑنے کے شدید امکانات ہوتے ہیں۔

غذائی معمولات: اس مہینے میں غذا کا معتدل اور متوازن ہونا نہایت ضروری ہے۔ لحمی غذاؤں میں بکری کا گوشت زیادہ موزوں ہے اور وہ بھی زیادہ تر کسی سبزی کے ساتھ پکایا جانا زیادہ مفید و مناسب ہے۔ سبزیوں کے انتخاب میں دو چیزوں کو ہمیشہ ملحوظ رکھیں کہ وہ زیادہ بلیں نہ ہوں، ثانیاً انہیں پکانے سے اچھی طرح دو تین بار پانی سے صاف کرلینا چاہیے۔ دالوں میں سالم مونگ، ماش اور مسور کا استعمال کم سے کم کریں۔ اگر مجبوری ہو تو حتی الوسع ان میں زیرہ سفید اور سیاہ مرچ کی تھوڑی سی مقدار ضرور شامل کریں۔ تربوز اور پھوٹ کا استعمال ترک کردیں۔ میٹھی اور دیر ہضم غذائیں استعمال نہ کریں، شربت سکنجبین یا شربت مفرح میں لیموں کا رس ڈال کر زیادہ سے زیادہ پیتے رہنا چاہیے۔ کھانے کے ساتھ پیاز میں سرکہ ملا کر ضرور استعمال کرنا چاہیے تاکہ نظام ہضم درست رہے۔ کپڑے ایسے پہنیں جو پسینے کو اپنے اندر جذب کرنے کی خصوصیت رکھتے ہوں اور جلد ٹھنڈی رہے۔ کپڑے دن میں ایک بار ضرور تبدیل کریں۔ بچوں کو نیم کے پتوں میں جوش دیئے ہوئے پانی کو ٹھنڈا کرکے پلانا چاہیے اس سے خارش، پھنسی اور پھوڑوں سے کافی حد تک بچا جاسکتا ہے۔ ملیریا ایک متعدی بیماری ہے جو ایک خاص مچھر انافلس کے کاٹنے سے ہوتا ہے بخار چڑھنے سے پہلے طبیعت سست ہوجاتی ہے جسم ٹوٹتا ہے سردی محسوس ہوتی ہے پہلے پیشانی پھر تمام جسم گرم ہوجاتا ہے پیاس کا غلبہ ہوتا ہے۔ علاج: تلسی کے تازہ پتے 12 گرام اور سیاہ مرچ 3 گرام باریک پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ صبح و شام ایک گولی پانی کے ساتھ دیں۔ بخار اترنے کے بعد دودھ ابال کر ٹھنڈا کرلیں اور اس میں سوڈے کی بوتل ڈال کر پلائیں۔ غذا: ہلکی زود ہضم غذا دیں۔ مثلاً مونگ کی دال کی پتلی سی کھچڑی، دلیہ، ساگودانہ، چپاتی اور شوربہ۔

شہرت سے نفرت

حضرت ایوب بن ابی تیمیہ سختیانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک مشہور تابعی اور اپنے علم، زہد اور عبادت کی وجہ سے مرجع خلائق تھے مگر انہیں شہرت سے سخت نفرت تھی، لوگوں کی نظروں سے بچنے کے لیے عام اور معروف رستوں کو چھوڑ کر نامانوس اور دور دراز رستوں سے نکلتے۔ تاہم جب کسی کا سامنا ہوجاتا تو خود پیش قدمی کرکے سلام کرتے۔ لوگ ان کے سلام کے جواب میں بہت کچھ اضافہ کرتے، اس پر آپ اپنے خدا کو مخاطب کرکے عرض کرتے: ''الٰہی! تجھ کو خوب معلوم ہے کہ میری یہ خواہش نہیں ہے۔'' اور اسی جملے کو کئی مرتبہ دہراتے۔ (انتخاب: ساول چغتائی، رانجھو چغتائی، اماں زیبو چغتائی، بھورل چغتائی، احمد پور شرقیہ)

''یہی ہے زندگی'' ذرا سوچئے...!!!

ہمارے ارادے سال بھر کے جبکہ ہماری زندگی ایک سوالیہ نشان؟۔ پیدائش کے وقت اذان دی جاتی ہے نماز نہیں پڑھی جاتی جبکہ موت کے وقت نماز پڑھی جاتی ہے مگر اذان نہیں دی جاتی۔ یہی ہے زندگی! اذان سے نماز تک کا وقفہ ہے۔ ذرا سوچیے! (سعدیہ صدیقہ، ملت آباد)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
f PAKSOCIETY

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش

یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے

ہم خاص کیوں ہیں:۔

- ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
- ہر ای بُک آن لائن پڑھنے کی سہولت
- ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
  سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
- عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابنِ صفی کی مکمل رینج
- ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا
- ہر ای بُک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
- ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بُک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
- پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
- مشہور مصنفین کی کُتب کی مکمل رینج
- ہر کتاب کا الگ سیکشن
- ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
- سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں

We Are Anti Waiting WebSite

واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے

ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں

ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں

اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں

WWW.PAKSOCIETY.COM

Online Library For Pakistan

Like us on Facebook

fb.com/paksociety

twitter.com/paksociety1

ذیقعدہ کا آسان عمل! جو مانگو گے ملے گا (انشاء اللہ)

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

ذیقعدہ اسلامی سال کا گیارھواں مہینہ ہے۔ یہ بڑا مبارک اور حرمت والا مہینہ ہے' اس مہینے میں عرب جنگ کو ترک کر دیتے تھے اور اپنے گھروں میں بیٹھے رہتے تھے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ذیقعدہ کا مہینہ بہت بزرگی والا مہینہ ہے اور اس ماہ کی عبادت بہت افضل ہے۔

ذی قعدہ کا چاند:۔ جب ذیقعدہ کا چاند دیکھے تو یہ پڑھے:۔

اَللّٰھُمَّ ھٰذَا الشَّھْرُ اَوَّلُ مِنْ شَھْرِ الْحَرَامِ وَ اَوْسَطُھَا مِنْ شُھُوْرِ حَجِّ بَیْتِكَ الْحَرَامِ فَاغْفِرْ لَنَا بِجَمِیْعَ الْمَعَاصِیْ وَالْاٰثَامِ وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِالنَّوَاصِیْ وَالْاَقْدَامِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

پہلی شب:۔ اس مہینے کی پہلی شب کو چاہیے کہ تیس رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ زلزال پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ایک مرتبہ سورۂ نباء یعنی عم یتساءلون پڑھے۔ اس کے علاوہ جو کوئی ذیقعدہ کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 33,33 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ نماز کے بعد نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگے اور خلوص دل سے توبہ کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول ہوگی اور اللہ تعالیٰ اس کو بخش دیں گے۔ **نفلی روزہ:۔** جو کوئی سوموار کو روزہ رکھے تو ثواب عظیم حاصل ہوگا۔ **جمعہ کے نوافل:۔** ذیقعدہ کے مہینے میں چاہیے کہ ہر جمعہ کے دن نماز جمعہ کے بعد چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اکیس اکیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ثواب عظیم حاصل ہوگا۔ **دو رکعت نفل:۔** ذیقعدہ کے مہینے کی ہر شب کو نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ ہر رات عمرہ کی عبادت کا ثواب حاصل ہوگا۔

ترقی درجات کیلئے:۔ جو کوئی چاہے کہ بارگاہ الٰہی میں اس کا درجہ بلند ہو جائے اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے تو اُسے چاہیے کہ وہ ذیقعدہ کے مہینہ کی نو تاریخ کی شب نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد تین مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھے۔ **جمعرات کی شب:۔** ذی قعدہ کے مہینے میں جو کوئی ہر جمعرات کی شب سو رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ اسے ثواب عظیم حاصل ہوگا۔ **آخری دن:۔** جو کوئی ذیقعدہ کے مہینہ کی آخری تاریخ کو چاشت کے وقت دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین سو مرتبہ سورۃ القدر پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد گیارہ مرتبہ یہ درود پاک پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَ اَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اس کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور سجدے میں جا کر اللہ تعالیٰ سے جو بھی جائز دعا مانگے گا انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

قبض و بواسیر سے یقینی نجات کیلئے آزمودہ نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک مرتبہ ماہنامہ عبقری میں قبض و بواسیر کیلئے نسخہ چھپا تھا' میں نے یہی نسخہ اپنی ایک جاننے والی جو اس تکلیف میں مبتلا تھی ان کو بتایا' انہوں نے استعمال کیا۔ کچھ عرصہ بعد انہوں نے مجھے بتایا کہ نسخہ استعمال کرنے کے بعد تو ایسا لگتا ہے کہ جیسے مجھے یہ تکلیف کبھی تھی ہی نہیں۔ ان کی یہ بات سن کر اتنی خوشی ہوئی کہ میں بتا نہیں سکتا۔ جزاک اللہ۔ لوگ آپ کے نسخوں سے فیض یاب ہو رہے ہیں' عبقری رسالہ ہمیں بہت زیادہ معلومات دیتا ہے۔ نسخہ یہ ہے:۔ ثابت اسپغول اور سرسوں کے بیج ہموزن لے کر صبح و شام چھوٹا چائے والا چمچ استعمال کریں۔ (روبینہ ناز' ساہیوال)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 اگست بروز پیر صبح 10 بجے سے لیکر 11 بجکر 21 منٹ تک' 19 اگست بروز بدھ دوپہر 2 بجکر 35 منٹ سے لیکر 4 بجکر 19 منٹ تک' 30 اگست بروز اتوار عصر تا مغرب تک اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، دردِ دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فیصد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل وجان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

روحانی محفل سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پچھلے تقریباً دو سال سے رسالہ عبقری پڑھ رہی ہوں' الحمدللہ اس سے خوب خوب فیض یاب ہو رہی ہوں۔ میرے شوہر کے کچھ کاروباری مسائل تھے جن کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان تھے' میں نے ان مسائل کے حل کیلئے گھر میں روحانی محفل کرنا شروع کر دی اور ہر روحانی محفل کے آخر میں خوب گڑگڑا کر دعائیں کرتی۔ دعا کے بعد پانی پر دم کر کے وہ پانی خود بھی پیتی' بچوں اور شوہر کو پلاتی اور شوہر سے کہتی کہ یہ پانی دکان میں بھی جا کر چھڑکا و کریں۔ ابھی صرف تین ماہ ہی روحانی محفل کی تھی کہ میں حیران رہ گئی میرے بچے (باقی صفحہ نمبر 37 پر)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

صفرا کی وجہ سے پیدا ہونے والا ضعف ہضم ادرک کے رس میں لیموں کا رس ملا کر پینے سے دور ہو جاتا ہے اور ادرک کا رس اور دودھ ملا کر سونگھنے سے سر درد دور ہو جاتا ہے۔

حضرت شاہ تُرت فقیر رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

اگر دو شخص یا دو بھائی یا بہن بھائی آپس میں ناراض ہوں اور بات چیت نہ کرتے ہوں تو ایک انار لے کر دانے نکال کر ایک برتن میں رکھ لیں اور باوضو سورۃ طارق (پ ۳۰) پوری سورۃ چھبیس مرتبہ پڑھ کر ان دانوں پر دم کر کے دونوں طرف کے آدمیوں کو کھلا دیں۔

ہر قسم کی حاجت پورا ہونے کا عمل

اگر کوئی شخص کسی مقصد میں کامیابی چاہتا ہے یا اس کی کوئی ضرورت ہے جو پوری نہیں ہوتی اس کیلئے عشاء کی نماز کے بعد باوضو سات مرتبہ سورہ یٰسین شریف (پ ۲۲) پڑھیں۔ ایک مرتبہ سورۃ پوری پڑھنے کے بعد اپنے مقصد میں کامیابی یا ضرورت کے پورا ہونے کی دعا مانگیں۔ پھر دوسری مرتبہ سورۃ پڑھ کر دعا مانگیں اس طرح سات مرتبہ سورہ یٰسین پڑھ کر سات ہی مرتبہ دعا مانگیں یعنی ہر مرتبہ پڑھ کر ہر مرتبہ دعا مانگیں۔ چند دن عمل کرنے کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

ہر قسم کے امتحان میں کامیابی کیلئے

اگر کوئی سکول، کالج یا یونیورسٹی کا طالب علم ہو وہ امتحان میں کامیابی کیلئے ہر نماز کے بعد باوضو 16 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی کامیابی کی دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ امتحان میں ضرور کامیابی ہوگی۔ یہ عمل کسی نوکری یا باہر کے ملک جانے کیلئے انٹرویو کیلئے بھی کارآمد ہے۔

رشتوں کی بندش کھولنا

اگر رشتوں کی بندش لگا دی گئی ہو اور لڑکا لڑکی بوڑھے ہو رہے ہوں جہاں بات لگتی ہے انکار ہو جاتا ہے۔ اول تو رشتے آتے نہیں اگر آتے ہیں تو واپسی جواب نہیں ملتا۔ ایسی صورت میں سورۃ والتین (پ ۳۰) مکمل روزانہ باوضو ساٹھ مرتبہ بعد نماز فجر پڑھیں۔ چالیس دن عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ چالیس دن کے اندر اندر کام ہو جائے گا۔

حاسدوں کے شر سے حفاظت

اگر حاسد شرارت کرتے ہوں، آوازیں کستے ہوں، طرح طرح سے ستاتے ہوں تو ان کی شرارت کو ختم کرنے کیلئے روزانہ بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب باوضو اکیس اکیس مرتبہ سورۃ فلق اور سورۃ ناس پڑھ کر ان کے شر سے حفاظت کی دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شرارت کرنے والے حاسد چند دن میں شرارت سے باز آجائیں گے اور ان کا انجام برا ہوگا۔

تنبیہ: یہ عمل انتہائی مجبوری میں کریں اگر کسی کو بلاوجہ نقصان پہنچانے کیلئے کریں گے تو خطرہ ہے کہ خود نقصان میں مبتلاء ہو جائیں گے۔

سفر بخیر و خوبی طے ہونا اور واپسی بخیر و خوبی ہو

اگر کوئی شخص سفر کے ارادے سے کہیں قریب یا دور جا رہا ہے اور چاہتا ہے کہ وہ ہر قسم کے حادثے سے محفوظ رہے اور چور ڈاکو لٹیرے اسے نقصان نہ پہنچائیں اس کا سفر آسانی اور خیر و خوبی کے ساتھ طے ہو جائے اور وہ خیریت کے ساتھ واپس گھر آجائے تو اس کیلئے باوضو پانچ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر گھر سے باہر قدم نکالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سفر کے دوران ہر قسم کے حادثے اور نقصان سے محفوظ رہے گا اور خیریت سے گھر لوٹ آئے گا۔

دو باہمی ناراض آدمیوں میں صلح کرانا

اگر دو شخص یا دو بھائی یا بہن بھائی آپس میں ناراض ہوں اور بات چیت نہ کرتے ہوں تو ایک انار لے کر دانے نکال کر ایک برتن میں رکھ لیں اور باوضو سورۃ طارق (پ ۳۰) پوری سورۃ چھبیس مرتبہ پڑھ کر ان دانوں پر دم کر کے دونوں طرف کے آدمیوں کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً ناراضگی ختم ہو جائے گی۔

گھر سے لڑائی جھگڑا ختم کرنا

اگر گھر کے تمام افراد آپس میں لڑتے جھگڑتے رہتے ہوں اور گھر میں محبت و پیار کا ماحول ختم ہو چکا ہو تو اس کے لئے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور درمیان میں یَاوَدُوْدُ گیارہ سو بار پڑھ کر گڑ یا چینی پر دم کر کے رکھ لیں۔ چینی کو شربت یا چائے میں ڈال کر سب گھر والوں کو پلا دیں یا گڑ ہے تو اسے سب گھر والوں کو کھلا دیں یا حلوے میں ڈال کر کھلا دیں اور تھوڑا سا گڑ یا چینی آگ میں جلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آپس میں محبت پیدا ہو جائے گی۔

محبت زوجین (میاں بیوی میں محبت) کیلئے

اگر دونوں میاں بیوی میں نااتفاقی رہتی ہے، آپس میں ہر وقت اختلاف پیدا ہوتا رہتا ہے تو اس کیلئے دونوں میاں بیوی کا پرانا مستعمل (پہنا ہوا کپڑا جس کو دھویا نہ گیا ہو) کپڑے کے ٹکڑے لے لیں اور باوضو چالیس مرتبہ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ پڑھ کر دونوں ٹکڑوں پر دم کر دیں۔ ایک کورا نیا مٹی کا چراغ لے کر اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر ان دونوں کپڑوں کو ملا کر بتی بنا کر چراغ جلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں بہت جلد اختلافات ختم ہو کر محبت پیدا ہوگی، مجرب عمل ہے۔

پورے یا آدھے سر کا درد

اگر کسی شخص کے پورے یا آدھے سر میں درد رہتا ہو تو اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر تین بار یا سات بار یہ دعا پڑھ کر سر پر دم کریں۔ اگر غیر عورت ہے تو دور سے پردے کے پیچھے پڑھ کر اس عورت کی طرف منہ کر کے دم کر دیں۔ عمل پڑھنے کے دوران عورت اپنا ہاتھ سر پر رکھ لے۔ بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَاءِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ اسْمُہٗ بَرَکَۃٌ وَّشِفَآءٌ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ بِیَدِہٖ شِفَآءٌ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

قرض سے جلد نجات کیلئے

قرض سے جلد نجات حاصل کرنے کیلئے یہ دعا حضور اکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیم فرمائی ہوئی ہے۔ اس دعا کو ہر نماز کے بعد ایک سو بار روزانہ پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی سارا قرض ادا ہو جائے گا۔ عمل شرط ہے، وہ دعا یہ ہے: اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

ماؤں کی پریشانی اب ہوئی بالکل ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری ماشاء اللہ بہت اچھا رسالہ ہے اللہ آپ کو اس کا اجر دے اور کامیابی عطا کرے۔ ہم آپ سب کیلئے ہر وقت دعاگو رہتے ہیں۔ میں پہلی دفعہ کسی رسالے میں لکھ رہی ہوں۔ میں ایک ایسا طریقہ بتانے لگی ہوں جس سے ان ماؤں کو بہت فائدہ ہوگا جن کے بچے دودھ نہیں پیتے۔ طریقہ یہ ہے: سفید تل لے کر اس میں تل سے آدھے وزن کے برابر بادام، کوزہ مصری، سونف (بھون کر) ڈال دیں اور بلینڈر میں ڈال کر پیس لیں اور صبح و شام ایک ایک چمچ کھلا دیں۔ سفید تل سے کیلشیم کی کمی دور ہوتی ہے جو کہ ہمیں دودھ سے حاصل ہوتی ہے۔ (شیزا طارق، فیصل آباد)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

سر درد کیلئے: سر میں درد ہو تو تین مرتبہ شہادت کی انگلی سے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھیں۔ سر کا درد ٹھیک ہو جائے گا میں نے اپنے اور جس کسی کے سر پر لکھا اس کا سر درد ٹھیک ہو گیا۔ (شمع امبر)

حبس میں ناشپاتی اور میٹھے کھائیں ٹھنڈک پائیں

گرمی کی شدت سے موسم برسات میں اکثر قے، متلی محسوس ہوتی ہے جسے بروقت کنٹرول نہ کیا جائے تو بعض حالات میں ہیضے کی صورت اختیار کر لیتی ہے، ایسی صورت میں میٹھے کا استعمال بے حد مفید و موثر ثابت ہوا ہے۔ یہ نظام ہاضمہ کی بے قاعدگی کو ختم کرتا ہے اور اسے تقویت بخشتا ہے۔

میٹھے کا تعلق ترشاوہ پھلوں کے خاندان سے ہے مگر یہ اپنے فوائد اور لذت کے باعث ان سے بالکل مختلف ہے۔ یہ موسم برسات سے قبل ہی مارکیٹ میں آجاتا ہے۔ میٹھے کے فوائد کا اندازہ تو موسم برسات میں ہی کیا جاسکتا ہے۔ برسات کے بعد جب مختلف امراض سر اٹھاتے ہیں خاص طور پر بخار کی وبا پھیلی ہوئی نظر آتی ہے تو ایسے میں گرمی کے بخار میں میٹھا قدرت کا ایک خاص تحفہ ثابت ہو سکتا ہے۔ یہ قوت بخش پھل ہے جو کہ گرم مزاج کے حامل افراد کیلئے مفید تصور کیا جاتا ہے۔ اس کے استعمال سے جسم میں موجود بلغم کے اخراج میں مدد ملتی ہے سرد اور صفراوی مزاج کے حامل افرد کیلئے یہ قدرے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے اس لئے کالی مرچ اور زیرہ کے استعمال کرنا موزوں ہے۔ یہ گرمی سے پیدا ہونے والی پیاس کو بجھاتا ہے اور ہونٹوں کے پھٹنے کے عمل کو روکتا ہے۔ گرمی کی شدت سے موسم برسات میں اکثر قے، متلی محسوس ہوتی ہے جسے بروقت کنٹرول نہ کیا جائے تو بعض حالات میں ہیضے کی صورت اختیار کر لیتی ہے، ایسی صورت میں میٹھے کا استعمال بے حد مفید و موثر ثابت ہوا ہے۔ یہ نظام ہاضمہ کی بے قاعدگی کو ختم کرتا ہے اور اسے تقویت بخشتا ہے۔ بدہضمی کو دور کرتا ہے، گرمی کی وجہ سے خون میں جوش پیدا ہونے کے عمل کو کم کر کے جسم کی حرارت کو معتدل بناتا ہے، اسے گلے کی بیماریوں کیلئے بھی خاصا موثر پایا گیا ہے۔

ناشپاتی! نشاستے اور توانائی سے بھرپور: یہ نظام ہضم کی کارکردگی کو بڑھاتی ہے اور بلڈ پریشر کے ساتھ ساتھ موٹاپے کو بھی کم کرتی ہے۔ ناشپاتی اپنے ذائقے اور غذائیت کے اعتبار سے کسی بھی طرح آم اور کیلے سے کم نہیں ہے خصوصاً گرمیوں کے موسم میں جب اس کو کھایا جائے تو منہ میں ایک دلفریب قسم کی ٹھنڈک اور مٹھاس کے ساتھ ساتھ ذہنی سکون بھی حاصل ہوتا ہے۔ ناشپاتی کی شکل دل سے قدرے ملتی جلتی ہے شاید یہی وجہ ہے کہ اسے دل کو تقویت پہنچانے میں بھی مفید قرار دیا گیا ہے۔ مشرق و مغرب کے معالجین کی رائے کے مطابق ناشپاتی معدے، جگر اور دماغ کے لئے مفید ہے۔ اسے کھانے سے معدہ مضبوط ہوتا ہے، خون گاڑھا اور اعضاء کو تقویت ملتی ہے، قوت ہاضمہ میں اضافہ ہوتا ہے اور بلڈ پریشر کے ساتھ ساتھ موٹاپا بھی کم ہوتا ہے۔

اکثر ماہرین کے مطابق ناشپاتی اپنی ٹھنڈی اور رس دار تاثیر کی بدولت دماغ کو تازگی پہنچانے کیلئے بھی مفید ہے۔ تمام پھلوں کی طرح اس میں بھی گلوکوز کی وافر مقدار پائی جاتی ہے جس کی وجہ سے یہ جسم کو توانائی فراہم کرتی ہے اور تھکن کے احساس کو بھی ختم کر دیتی ہے۔ موسم گرما میں دھوپ کی شدت اور چلنے کے باعث اکثر اوقات دل میں گھبراہٹ کا احساس ہوتا ہے، ہاضمہ اکثر اوقات خراب رہتا ہے اور کبھی کبھی مثانے میں سوزش کا بھی احساس ہوتا ہے ان کیفیات میں بھی ناشپاتی کا استعمال موثر سمجھا جاتا ہے کیونکہ یہ دل کو تقویت بخشتی ہے، ہاضمہ درست رکھتی ہے اور مثانے کی سوزش دور کر دیتی ہے۔

بعض مستند طبیبوں کے خیال میں اگر ناشپاتی کو ہاضم سفوف کے ساتھ استعمال کیا جائے تو اس کے فوائد کئی گنا بڑھ جاتے ہیں یہ سفوف گھر پر بھی بہت آسانی سے بنایا جا سکتا ہے۔ اس کیلئے سیاہ زیرہ، سیاہ بلیلہ، سیاہ نمک، دیسی اجوائن، سونف، آملہ، سونٹھ اور کھانے کا نمک ہموزن لیں اور جب بھی ناشپاتی کھانے کا دل چاہے اس کے بعد 2 گرام یہ ہاضم سفوف بھی لیں اس ترکیب سے ناشپاتی کی پوری غذائیت حاصل کی جاسکتی ہے۔ ناشپاتی قبض کی شکایت دور کرنے میں بھی مستعمل ہے اس کیلئے اسے چھلکوں سمیت کھا کر اوپر سے ایک گلاس پانی پینے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ قبض دور کرنے کیلئے دو یا تین ناشپاتیوں کا استعمال کافی فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ دائمی قبض اور نظام ہاضمہ کی شکایت کرنے والے افراد کو بالعموم یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ سہ پہر تین بجے سے شام پانچ بجے درمیان ناشپاتی کاٹ کر لیموں اور ہلکا نمک لگا کر مزے دار چاٹ بنا کر کھائی جائے۔ اس چاٹ کے چند روز استعمال سے ہاضمہ کا نظام درست ہو جاتا ہے اس کے علاوہ مثانہ کی گرمی میں بھی یہ چاٹ مفید ثابت ہوتی ہے۔ اس چاٹ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ ناشپاتی میں کیمیائی تجزیے کے مطابق نشاستہ کی مقدار سب سے زیادہ پائی جاتی ہے نشاستہ کی مقدار کی زیادتی کیونکہ قبض پیدا کرتی ہے اور آنتوں میں (باقی صفحہ نمبر 34 پر)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ ورد کریں اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ" آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں" یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہو گی لیکن بعد میں آپ پر جب اسکے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

مراقبہ سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ خاص کر اس میں موجود مراقبہ اپنی پریشانیوں کے حل کیلئے ضرور پڑھتا ہوں۔ میرا شادی ہال ہے جو کہ بہت اچھا چل رہا تھا مگر کچھ عرصہ پہلے ہمارے اگلے سٹاپ پر ایک اور شادی ہال کھل گیا جنہوں نے ہمارے خلاف پروپیگنڈا شروع کر دیا وہ کچھ تعویذ دھاگوں کا کام بھی کرتے ہیں جس کی وجہ سے میرا کاروبار دن بدن زوال پذیر ہونے لگا۔ میں نے اس کے حل کیلئے عبقری میں موجود مراقبہ کرنا شروع کر دیا۔ ایک دن بروز اتوار میں نے عشاء کی نماز پڑھی اور مراقبہ میں بیٹھ گیا۔ ابھی کیفیت بنی ہی تھی کہ مجھے ایسے محسوس ہوا کہ میں حضور نبی کریم ﷺ کے روضہ اقدس کے اندر موجود ہوں تو آپ ﷺ کے روضہ مبارک پر جو چادر ہے اس کا رنگ سبز ہے اور چادر کے نیچے سرخ رنگ کا بارڈر ہے۔ میں مزار اقدس کے اندر داخل ہونے کے بعد بہت ڈر ڈر کر قدم رکھتا ہوں کہ کہیں مجھ سے بے ادبی نہ ہو جائے اور میں دیوار کے ساتھ ساتھ قدم رکھ کر وہاں صفائی کرتا ہوں پھر اندر تہہ خانے میں جاتا ہوں اور ساتھ ساتھ اپنی بیماری اور سب (باقی صفحہ نمبر 20 پر)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

قارئین کے طبی اور روحانی سوال' صرف قارئین کے جواب

میرے تین مسائل: محترم قارئین السلام علیکم! میری عمر 17 سال ہے' قد 5 فٹ اور 7 انچ ہے' میرے چند مسئلے ہیں آپ سے درخواست ہے کہ ان کا بہترین حل تجویز کریں' مجھ میں نسوانی حسن کی کمی ہے' تنقید کا سامنا رہتا ہے۔ اس کے علاوہ میری ٹانگوں' کمر اور پیٹ پر مردوں کی طرح بال ہیں' میرے لڑکی ہونے پر شک کیا جاتا ہے۔ اور میرے چہرے پر روئیں بہت ہیں۔ قارئین! مہربانی کرکے مجھے ان مسائل کا حل تجویز کردیں۔ (ج' ر۔ بہاولپور)

جواب: آپ یہ نسخہ استعمال کریں انشاء اللہ اس کے استعمال سے آپ کی صحت قابل رشک ہوجائے گی۔ **ھوالشافی:** مغز بادام شیریں 8 دانے' کشمش عمدہ 12 گرام۔ رات بھر پانی میں بھگودیں۔ صبح دودھ کے ساتھ ان کو خوب چبا کر کھالیں۔ بڑا اچھا نسخہ ہے۔ جب صحت ٹھیک ہوجائے گی تو نسوانی حسن بھی بڑھے گا۔ ٹانگوں' کمر اور پیٹ کے بالوں کیلئے علاج کیلئے آپ عبقری دواخانہ کی ''ہارمونز شفاء'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ چہرے کے روئیں کیلئے آپ آٹے کا پیڑہ بنا کر چہرے پر گول گول گھمائیں' چند دن مستقل مزاجی سے یہ عمل کریں۔ (محمد اکرام' راولپنڈی)

آنکھوں کی الرجی: میری بیٹی کو تقریباً پانچ سال کی عمر سے آنکھوں کی الرجی ہے' اب اُس کی عمر چودہ سال ہونے کو ہے بہت علاج کروائے' آنکھوں کے بڑے بڑے ڈاکٹروں کو دکھایا ان کی تجویز کی ہوئی دوائیں استعمال کرائیں لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا اس کی آنکھیں ہر وقت سرخ رہتی ہیں' تھوڑی بہت خارش بھی ہوتی رہتی ہے۔ سردی کے موسم میں تقریباً ستر فیصد تک ٹھیک ہوجاتی ہیں لیکن جیسے ہی گرمی کا آغاز ہوتا ہے آنکھیں پھر سے سرخ ہوجاتی ہیں۔ (شاہ زیب' جہانگیرہ دوبندی)

جواب: جناب محترم! لگتا ہے کہ آپ کی بیٹی کو آنکھوں کی الرجی کے ساتھ ساتھ آنتوں میں صفائی کا مسئلہ بھی ہے۔ ممکن ہے قبض رہتا ہو۔ آپ اپنی بیٹی کو یہ دوائیں استعمال کرائیے۔ **ھوالشافی:** گل منڈی پانچ گرام' شاہترہ پانچ گرام' تخم میتھی چھ گرام' بادیان چھ گرام۔ ان نباتات کو دو کپ پانی میں خوب جوش دیں' پھر چھان کر پی لیں۔ پندرہ سے بیس دن تک جاری رکھیں۔ عرق گلاب خالص کے دو قطرے رات کو روزانہ آنکھ میں ٹپکائیں۔ لال مرچیں چھوڑ دیں تو اچھا ہے۔ (ماجد ظہور' لاہور)

میں بول نہیں سکتا: میری ایک دیرینہ اور پیچیدہ مشکل حل نہیں ہورہی' یہ مشکل میرے بولنے کی ہے۔ میں صحیح طریقے سے بول نہیں سکتا۔ میرے بولنے میں طرح طرح کی رکاوٹیں پائی جاتی ہیں۔ زبان بالکل بند پڑی ہے' ہلتی ہی نہیں' کیسے بولوں؟ کوئی روحانی حل ارسال فرمائیں کہ میرے بولنے کی مشکل حل ہوجائے۔ (غلام قادر' خانیوال)

جواب: محترم بھائی! آپ یہ آیت ہر وقت کھلی پڑھیں انشاء اللہ کچھ عرصہ کے بعد آپ کی زبان کی گرہ اللہ کھول دے گا اور آپ بالکل ٹھیک ہوجائیں گے۔ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ (طٰهٰ 25) (شائستہ شہباز' ملتان)

9 سال سے بلاناغہ حیض: محترم قارئین! میری عمر 42 سال ہے' مجھے نو سال سے بلاناغہ حیض آرہا ہے' دوائی کھالوں تو ٹھیک پھر وہی حال۔ علاج بھی بہت کروائے' الٹراساؤنڈ بھی کرایا ہے بتایا کہ بچہ دانی کا سائز بڑھ گیا اسے بذریعہ آپریشن نکلوانا پڑے گا۔ میں آپریشن نہیں کراسکتی۔ قارئین! مجھے اس مسئلے کا کوئی حل بتایئے (ن)

جواب: آپ کسی اچھے دواخانہ سے ''ریشہ انجبار'' لے لیں۔ چھ گرام یہ بوٹی پانی میں جوش دے کر چھان کر پینا شروع کردیں۔ اس سے کثرت کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ اس کے علاوہ عبقری کی ''اکسیر البدن'' اور ''پوشیدہ کورس'' دی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ (الماس' حیدرآباد)

پاؤں پر چنبل: محترم قارئین! مجھے تین سال سے گھٹنوں اور پاؤں پر چنبل ہے۔ اس پر میں بہت سے دوائیں استعمال کی لیکن پھر بھی خارش ہوتی رہتی ہے۔ (محمد آسام' کلرسیداں)

جواب: آپ عبقری دواخانہ کی ''خون صفا'' اور ''ٹھنڈی مراد'' استعمال کریں اور ہمدرد دواخانہ کی 'معکول' چنبل پر لگائیں۔ چند دنوں کے استعمال سے مسئلہ حل ہوجائیگا۔ (عدنان' قصور)

بچی دودھ نہیں پیتی: قارئین السلام علیکم! میری اڑھائی سال کی بیٹی ہے جو دودھ بڑی مشکل سے پیتی ہے' براہ مہربانی کوئی وظیفہ بتائیں تاکہ وہ شوق سے دودھ پیئے۔ دوسرا مسئلہ میری بہن کا ہے اس کو کئی سال سے زکام ہے۔ ناک بند رہتی ہے' وہ منہ سے سانس لیتی ہے کوئی ٹوٹکہ بتائیں یا دوائی بتائیں تاکہ وہ بالکل ٹھیک ہوجائیں۔ (ف' کوہاٹ)

جواب: ماں اپنا دودھ ایک چھوٹے چمچ میں نکال کر اس پر 101 مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ پڑھ کر بچی کا منہ کھول کر دودھ والا چمچ اس کے منہ میں انڈھیل دے' جیسے ہی دودھ بچی کے حلق سے نیچے اترے ماں بچی کا منہ اپنی چھاتی کے ساتھ لگالے' دن میں تین چار بار ایسا کرنے سے بچی دودھ پینا شروع کردے گی۔ (عائشہ ناز' لاہور)

آپ اپنی بہن کو ناک کیلئے عبقری دواخانہ کی ''ناک شفاء'' دن میں پانچ مرتبہ استعمال کروائیں۔ (شہریار' ملتان)

بچوں کی نظریں کمزور: محترم قارئین السلام علیکم! میرے دو بچے جن کی عمر سات اور نو سال ہیں۔ دونوں کی نظر کمزور ہے' سکول کی پڑھائی اور سپارہ وغیرہ پڑھتے وقت بہت مشکل پیش آتی ہے۔ براہ مہربانی کوئی ایسا وظیفہ یا نسخہ بتادیں جس سے دونوں بچوں کی نظر بالکل ٹھیک ہوجائے۔ جواب ضرور دیجئے گا۔ ہم لوگ دونوں بچوں کی کمزوری نظر کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان ہیں۔ (نائلہ احمد' راولپنڈی)

جواب: محترم بہن! آپ اللہ تعالیٰ کی ذات سے امید رکھیں اور یہ چند اعمال ہیں ان پر عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے بچوں کی نظر ٹھیک ہوجائے گی۔ 1۔ آپ یا آپ کے بچے ہر نماز کے بعد گیارہ بار یَانُوْرُ اور گیارہ بار یَابَصِیْرُ پڑھ کر انگلیوں یا انگوٹھوں کے پوروں پر پھونک کر آنکھوں پر ملیں۔ 2۔ آپ ہر نماز کے بعد اول و آخر تین بار درود شریف فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا ۢ بَصِيْرًا۔ سو بار بچوں کا تصور کرکے پڑھا کریں۔ 3۔ پنساری کی دکان سے زرشک شیریں لے لیں' اس کو صاف کرکے ایک چمچ نہار منہ بچوں کو دیں اور کہیں کہ خوب چبا کر کھائیں اوپر سے نیم گرم دودھ پلادیں۔ 4۔ یہ دعا فضائل حج کے صفحہ نمبر 160 پر درج ہے' دو رکعت صلوٰۃ توبہ پڑھ کر اول و آخر تین بار درود شریف' پھر سو بار یہ دعا گڑگڑا کر پڑھیں اور پھر بھکاری بن کر اللہ تعالیٰ سے اپنے بچوں کی بینائی مانگیں' یہ عمل دن میں ایک بار یا صبح و شام کریں۔ دعا یہ ہے:۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا مُحَمَّدُ اِنِّيْٓ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰى رَبِّكَ اَنْ تُقْضٰى حَاجَتِيْ ٥ (س۔ ع' ایبٹ آباد)

دس سال بعد امید لگی: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو 14 سال گزر چکے تھے میرے دو بچے ہیں' دوسرے بچے کے بعد کوئی بچہ نہ ہوا' دس سال علاج کروایا مگر پھر منت مانی کہ یا اللہ تو مجھے بیٹا عطا کر میں اس کا نام ''محمد'' رکھوں گی تو چند ہفتوں میں ہی حمل ٹھہر گیا۔ (ا' ض)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

جریان کا علاج: بھنڈی توری کی جڑ کا سفوف چھ ماشہ ہمراہ دودھ استعمال کرانے سے منی گاڑھی ہو جاتی ہے اور جریان درست ہو جاتا ہے اور قوت امساک بڑھتی ہے۔

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج

طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلر ز پن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

میرے مرض پہ غور فرمائیں: بندہ اپنے مرض سے بہت پریشان ہے جس کی وجہ سے پڑھائی میں بھی نقصان سے بچنے کیلئے میری آپ سے گزارش ہے کہ میرے مرض پر ذرا غور فرمائیں۔ میری کمر اور گھٹنوں میں اکثر درد رہتا ہے، دراصل میں گزشتہ ایک دو سال سے بہت بڑی غلطی کرتا رہا جس غلطی کے نقصان اور گناہ کا پتہ نہیں تھا یہ تو اللہ کا کرم ہے کہ میرے ہاتھ میں آپ کا رسالہ آ گیا جس کی وجہ سے مجھے کافی حد تک فائدہ ہوا لیکن اب درجہ ذیل چیزیں محسوس کرتا ہوں۔ سر اور اکثر کمر میں درد، آنکھوں میں رات کو درد ہوتا ہے۔ تین ہفتوں میں میں نے آزمایا کہ ایک ہفتہ صحیح گزرتا ہے باقی رات کو درد رہتا ہے۔ (پوشیدہ، نواب شاہ)

جواب: جو غذائیں بتا رہے ہیں وہی غذائیں مستقل استعمال کریں باقی بطور علاج، جوارش شاہی، خمیرہ گاؤزبان سادہ، جوارش کمونی کسی اچھے دواخانے کی لے کر اوپر لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں دو ماہ مستقل کریں۔

زندگی عذاب ہوگئی: میری عمر 14 سال ہے سات سال قبل مجھے ٹائیفائیڈ ہوا تھا جس کے بعد زندگی عذاب ہوگئی ہے' مسلسل علاج اور دواؤں پر جی رہی ہوں۔ کچھ دن ٹھیک رہتی ہوں پھر وہی حالت ہو جاتی ہے۔ ایف اے کے بعد تعلیم کو بھی خیر باد کہنا پڑا اس طرح تمام منصوبے دھرے کے دھرے رہ گئے۔ میرا دل کمزور ہو گیا ہے کوئی بات برداشت نہیں کر سکتی، ہاتھ پاؤں ٹھنڈے برف کی طرح رہتے ہیں اور بے تحاشا پسینہ آتا ہے۔ دل دھڑکتا ہے سر چکراتا ہے سارا جسم بے جان ہو جاتا ہے۔ چلنے پھرنے سے ٹانگوں میں شدید درد محسوس ہوتا ہے۔ ٹھنڈی چیز کھانے سے جسم درد کرتا ہے اور گرم چیز کھانے سے دل دھڑکنے لگتا ہے۔ پیشاب کی زیادتی' منہ سوکھتا' پانی کڑوا لگتا ہے' ناخن پیلے ہیں۔ (عائشہ، کراچی)

جواب: سفوف طباشیر کسی بھی اچھے قابل اعتماد طبیب سے خرید لیں۔ دن میں تین بار آدھا چائے کا چمچ غذا سے ایک گھنٹہ پہلے پانی سے پھانک لیں۔ غذا میں کدو کا استعمال زیادہ کریں۔ مرچ گرم مصالحے کے بغیر کدو کے قتلوں کا سوپ بنا کر پیا کریں۔ آرام کریں' گرمی یا دھوپ سے بچیں 21 دن کے بعد اپنی کیفیت دوبارہ لکھیں۔

برباد جوانی: میری عمر 22 سال ہے غیر شادی شدہ ہوں غلط سوسائٹی کی وجہ سے جوانی برباد کر لی۔ اب شادی نزدیک ہے، دو سال سے برے کام چھوڑ دیئے ہیں لیکن صحت اور جوانی واپس نہیں آئی۔ غذا جزو بدن نہیں بنتی، کمر اور ٹانگوں میں درد ہوتا ہے۔ کوئی اچھا سا علاج بتائیں۔ (بلال، قصور)

جواب: اچھی عمدہ متوازن غذا کھائیں۔ کھیل کود میں حصہ لیں' غم و فکر سے دور رہیں۔ صحت بحال ہوگی اور اپنے وقت پر جوانی بھی آ جائے گی۔

مسئلہ نہیں بتا سکتی: بچپن میں کچھ غلط دوستوں کی صحبت کی وجہ سے میں بری عادت میں پھنس گئی تھی' جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتے ہی میں اپنی وہ عادت ختم کر چکی ہوں لیکن اس غلط عادت کی وجہ سے میں بیماری میں مبتلا ہو گئی ہوں۔ بار بار غسل کرنا پڑتا ہے جس سے کافی شرمندگی ہوتی ہے میں یہ مسئلہ کسی کو بتا بھی نہیں سکتی لیکن بہت پریشان ہوں۔ (ع ش)

جواب: اصلی موصلی سفید' موصلی سیاہ ہم وزن' ان دونوں کے وزن کے برابر پھول کھانے پھر ان تینوں دواؤں کے برابر چینی کوٹ کر باریک سفوف بنا لیں' آدھا چمچ یہ سفوف نیم گرم دودھ کے ساتھ صبح و شام پھانک لیں۔ اکیس دن کے بعد دوبارہ حال لکھیں' پریشانی کی کوئی بات نہیں۔

شادی بھی نزدیک ہے: میرا قد 5 فٹ نو انچ اور عمر 23 سال ہے۔ میری جسامت بہت پتلی ہے' خصوصاً میری کلائیاں بہت کمزور ہیں۔ میں سات سال سے ویلڈنگ کا کام کرتا ہوں' اس کام میں اچھی خاصی ورزش بھی ہو جاتی ہے۔ میری خوراک بھی ٹھیک ہے' بھوک لگتی ہے اور کوئی بیماری بھی نہیں ہے مگر ہر ہفتے بعد مجھ سے کچھ غلط حرکت ہو جاتی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ کسی طرح سے مجھ سے یہ حرکت چھوٹ جائے کیونکہ میری شادی بھی نزدیک ہے۔ (یوسف، راولپنڈی)

جواب: اس کا آسان حل شادی ہے' شادی کے بعد انشاء اللہ آپ کی جسمانی حالت ٹھیک ہو جائیگی۔

تھوڑا سا جسم بناؤ: میری عمر تقریباً 24 سال ہے، بقول والدہ محترمہ کے جب میں 22 دن کا تھا تو میں نے دودھ پینا چھوڑ دیا، بعد میں بازاری دودھ بھی ٹھیک طرح سے نہیں پیا۔ بچپن میں پیٹ سے کیڑے بھی کافی مقدار میں نکلے ہیں تاہم اب پیشاب ٹیسٹ کروایا، ڈاکٹر نے کہا اب پیٹ میں کیڑے نہیں ہیں۔ اس وقت سے اب تک میں کافی زیادہ کمزور ہوں، کھایا ہوا ٹھیک طرح سے ہضم نہیں ہوتا۔ معدہ، جگر ٹھیک نہیں رہتا، خون کی کمی ہے، گیس اور قبض کی شکایت رہتی ہے، چہرہ بھی کافی پتلا ہے، جسم کے پھولنے اور موٹا ہونے کا کوئی اچھا سا نسخہ لکھ دیں، گھر والے منگنی کا سوچ رہے ہیں، کہتے ہیں تھوڑا سا جسم بناؤ۔ (ریحان، اوکاڑہ)

جواب: عمدہ اصلی جوارش جالینوس تین گرام صبح، دوپہر، رات کو غذا کے بعد کھائیں۔ سفوف نمک سلیمانی سوتے وقت پانی سے پھانک لیں۔ اس کی مقدار خوراک طبیب سے معلوم کریں، جن سے آپ یہ خریدیں گے، غذا میں بادام، کشمش، شہد خالص ناشتے میں لیں، پراٹھے سے پرہیز کریں البتہ گرم روٹی پر خالص دیسی گھی ڈال کر کھا سکتے ہیں۔ بکرے کا گوشت روٹی صحت بنانے کیلئے عمدہ غذا ہے، دیسی گھی میں بھون کر کھائیں۔ روٹی بھی کھائیں، میٹھے انگور، آم بہت مفید ہیں۔

والد کیلئے مشورہ: میں اپنے والد کے بارے میں مشورہ چاہتا ہوں۔ ان کی عمر تقریباً 45 سال ہے، موتیا کا آپریشن ہوا تھا جس میں ان کی آنکھوں میں لینز ڈال دیئے گئے۔ آپریشن سے پہلے ان کی آنکھوں سے بہت کم پانی بہتا تھا لیکن اب ان کی آنکھوں سے پانی بہت زیادہ بہتا رہتا ہے۔ انہوں نے بہت سے ٹوٹکے استعمال کئے ہیں لیکن فائدہ نہیں ہو رہا۔ جسمانی صحت بھی بہت کمزور ہو رہی ہے۔ (وقاص، کراچی)

جواب: خمیرہ گاؤزبان سادہ چھ گرام صبح و شام کھائیں۔ اصلی عمدہ عرق گلاب سہ آتشہ آنکھوں میں ڈالیں۔ نظر کا کام ابھی نہ کریں اور آرام زیادہ کریں۔

موشن: میری عمر 18 سال ہے، مسئلہ یہ ہے کہ جلدی موشن لگ جاتے ہیں۔ گزشتہ سال اگست تک میرا پیٹ خاصا بہتر تھا پھر اچانک خراب ہو گیا اور تب سے لے کر اب تک اس سال اگست تک یہی مسئلہ ہے کہ وقفہ وقفہ سے موشن آتے ہیں۔ پچھلے دو ماہ سے کمزوری اتنی بڑھ گئی ہے کہ ٹانگوں سے جان نکل گئی ہے۔ دل کی دھڑکن تیز ہو گئی، اس کے علاوہ مجھے گیس کی شکایت بھی ہے۔ (الف ع، اسلام آباد)

جواب: آپ کو یہ دیکھنا چاہئے کہ کھانے میں کیا بے احتیاطی ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے آپ کو موشن لگ جاتے ہیں۔ آپ عبقری دواخانہ کی چٹخارہ شفاء دوا استعمال کریں ان شاء اللہ اس سے آپ کو اس مرض سے بہت جلد فائدہ ہوگا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

(محی الدین قاسمی)

اسلام میں معذوروں کے حقوق وسلوک

ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن کی بینائی میں نقص تھا اور کچھ ذہن بھی متاثر تھا وہ خرید وفروخت میں اکثر دھوکہ کھا جاتے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی اور ان جیسے افراد کی خاطر' خرید وفروخت میں خیارِ شرط مشروع فرمایا: جس کی رو سے بیچنے والے یا خریدنے والے کو بیع کی قطعیت کیلئے تین دن کی مہلت مل جاتی تھی۔

انسانی معاشرے کا وہ حصہ جسے مادہ پرستی کے اس دور میں نظر انداز کر دیا گیا ہے'' معذورین'' کے عنوان سے جانا جاتا ہے' سماج کے اس طبقہ میں وہ افراد شامل سمجھے جاتے ہیں جو رفتار زمانہ اور زندگی کی دوڑ میں اپنی طبعی دائمی اور پیدائشی مجبوریوں کی بنا پر پیچھے رہ گئے ہوں۔ بینائی، شنوائی سے محروم' بے دست و پا دائمی طور پر مفلوج' دائمی روگ میں مبتلا افراد عام طور پر اس میں داخل مانے جاتے ہیں۔

یوں تو دنیا بھر میں ان کے تعلق سے ہمدردی کی لہر چل پڑی ہے' ایک عالمی ادارہ باقاعدہ طور پر ان کا نگراں سمجھا جاتا ہے تاہم یہ حقیقت ہے کہ سماج کا یہ طبقہ جس قدر ہمدردی اور توجہ کا مستحق ہے فی الحال عملی طور پر محرومی کے شکوہ سے دوچار ہے۔ ان حضرات کا قضیہ وقتی عبوری اقدامات سے حل نہیں ہوسکتا' ان کے مستقل حل کیلئے مضبوط حکمت عملی اور بڑے دیرپا اقدامات ناگزیر ہیں۔ ویسے تو معذورین کے تعلق سے جذبہ ترحم انسانی فطرت کا تقاضا اور لازمہ ہے لیکن صرف اسلام نے اس جذبہ کو صحیح رخ دیا ہے' معذورین کے مختلف حقوق ومراعات وضاحت کے ساتھ بیان کیے ہیں' قانون اسلامی کا ایک معتدبہ حصہ ان کے حقوق سے متعلق مختص کر دیا گیا ہے۔ ذیل میں اسلامی نقطہ نظر سے معذورین کے معاشی معاشرتی مذہبی اور سیاسی وحربی حقوق ومراعات پر قدرے تفصیل کے ساتھ گفتگو کی جاتی ہے۔

معاشی حقوق ومراعات: اسلام نے معذور افراد پر کسی طرح کا معاشی بار نہیں رکھا ہے' کسب معاش کی الجھنوں سے انہیں آزاد رکھا ہے۔ وہ تمام قرآنی آیات اور احادیث مبارکہ جن میں کمزوروں' بے سہاروں کے ساتھ حسن سلوک اور ان پر انفاق کی تلقین کی گئی ہے' معذورین بھی ان کے مفہوم میں داخل ہیں۔ کتب فقہ میں نفقہ اقارب کے عنوان سے بکھری پڑی ہیں' ان کا حاصل بھی یہی ہے کہ ان معذورین کے معاش وزیست میں تعاون ہو۔ علامہ کاسانی رحمتہ اللہ علیہ نفقہ اقارب کے وجوب (بعض رشتہ داروں کے نفقہ کا بعض رشتہ داروں پر وجوب) کی ایک نہایت ہی اہم اور بنیادی شرط کی وضاحت فرماتے ہوئے لکھتے ہیں:'' خاندان کے کچھ مفلس رشتہ دار' اپاہج ولاچار ہوں یا معذور ومفلوج ہوں یا مجنون واندھے پن کا شکار ہوں تو ان کا نفقہ معبود ترتیب فقہی کے اعتبار سے خاندان کے دیگر صحیح الاعضاء متمول رشتہ داروں پر واجب ہوتا ہے۔ (بدائع الصنائع 446/4)

معذورین کے حقوق کی یہ رعایت خاندانی سطح سے تھی' اسلامی دور درخشاں میں حکومتی سطح پر معذورین کی نگرانی اور دیکھ بھال کا جو نظم تھا وہ حد درجہ بے مثال اور قابل رشک تھا۔ علامہ شبلی رحمتہ اللہ علیہ ''الفاروق'' میں لکھتے ہیں:'' (حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں) عام حکم تھا اور اس کی ہمیشہ تعمیل ہوتی تھی کہ ملک کے جس قدر اپاہج، از کار رفتہ' مفلوج وغیرہ ہوں سب کی تنخواہیں' بیت المال سے مقرر کر دی جائیں۔ لاکھوں سے متجاوز آدمی فوجی دفتر میں داخل تھے جن کو گھر بیٹھے خوراک ملتی تھی، بلاتخصیص مذہب حکم تھا کہ بیت المال سے ان کے روزینے مقرر کر دیئے جائیں۔'' (الفاروق: 197,196/2)

غرض حکومتی سطح پر جو معاشی مراعات مسلم معذورین کو حاصل تھیں' پوری رواداری کے ساتھ غیر مسلم معذور رعایا بھی نفع اندوز ہوتی تھی' ایک اور مقام پر علامہ موصوف رقم طراز ہیں:'' یہ جو قاعدہ تھا کہ جو مسلمان اپاہج اور ضعیف ہوجاتا تھا اور محنت ومزدوری سے معاش نہیں پیدا کرسکتا تھا' بیت المال سے اس کا وظیفہ مقرر ہوجاتا تھا۔ اسی قسم کی' بلکہ اس سے زیادہ فیاضانہ رعایت ذمیوں کے ساتھ بھی تھی۔'' (الفاروق: 157/2)

سید قطب شہید مرحوم تحریر فرماتے ہیں:'' حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک بوڑھے نابینا کو ایک دروازے پر بھیک مانگتے دیکھا، دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ یہودی ہے' آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس سے پوچھا: تمہیں کس چیز نے اس حالت تک پہنچایا؟ اس نے جواب دیا: جزیہ' ضرورت اور بڑھاپا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنے گھر لے گئے اور اتنا کچھ دیا کہ اس وقت کی ضروریات کے لیے کافی تھا۔ پھر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیت المال کے خزانچی کو کہلا بھیجا کہ اس شخص اور اس جیسے دوسرے اشخاص کی طرف توجہ کرو' خدا کی قسم یہ انصاف کی بات نہیں کہ ہم اس کی جوانی کی کمائی کھائیں اور بڑھاپے میں اسے دھتکار دیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس فرد اور اس جیسے دوسرے افراد کو جزیہ سے بری قرار دے دیا۔ جب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دمشق کا سفر کیا تو ایک بستی سے گزرے جہاں کچھ جذام کے مریض عیسائی بستے تھے' آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حکم دیا کہ ان کو زکوٰۃ کی مد سے امداد دی جائے اور ان کیلئے راشن جاری کیے جائیں۔''
(العدالۃ الاجتماعیۃ فی الاسلام، اردو: 378)

ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن کی بینائی میں نقص تھا اور کچھ ذہن بھی متاثر تھا وہ خرید وفروخت میں اکثر دھوکہ کھا جاتے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی اور ان جیسے افراد کی خاطر، خرید وفروخت میں خیارِ شرط مشروع فرمایا: جس کی رو سے بیچنے والے یا خریدنے والے کو بیع کی قطعیت کیلئے تین دن کی مہلت مل جاتی تھی۔ (تکملہ فتح الملہم: 382,378)

معاشرتی حقوق ومراعات: اسلام نے معذور افراد کو الگ تھلگ کسمپرسی کی زندگی گزارنے کے بجائے اجتماعی معاشرتی کا حوصلہ دیا، ان کے مقام ومرتبہ کے مناسب معاشرتی کام بھی تفویض کیے' احساس کمتری اور معاشرتی سرد مہری کا شکار بننے سے ان کو تحفظ فراہم کیا۔ عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک نابینا صحابی تھے۔ ایک دفعہ وہ بغرض دریافت مسئلہ بارگاہ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں ایک ایسے وقت حاضر ہوئے جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بعض اعیان قریش سے اسلام پر گفتگو فرما رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کا یہ بے وقت سوال پوچھنا ناگوار ہوا۔ بس اتنا ہونا تھا کہ سورۂ عبس کا نزول ہوا' جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اس رویہ کے تعلق سے ہلکا سا عتاب کیا گیا۔ روایات میں ہے کہ اس کے بعد جب وہ نابینا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم بہت تعظیم و تکریم سے پیش آتے اور فرماتے: خوش آمدید! اے وہ ساتھی! جس کے بارے میں پروردگار نے مجھے تنبیہ فرمائی۔ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم جب غزوۂ احد کیلئے روانہ ہوئے تو اپنی جگہ انہی نابینا ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنا نائب فرمایا۔ (السیرۃ النبویۃ لابن ہشام، ہشام: 17/3) غور کیجئے! کتنا بڑا منصب ایک نابینا شخصیت کے سپرد کیا جارہا ہے اور تو اور ایک جذامی آدمی کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے کھانے میں شریک فرمایا ہے۔ (تکملہ فتح الملہم: 372/4)

(باقی صفحہ نمبر 30 پر)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

(عائشہ کلثوم' کراچی)

کالا جادو اور خطرناک زہر دعا کے آگے ناکام

میرے بڑے ماموں نے ابو کو اس حالت میں دیکھا تو انہوں نے اٹھا کر ان کو بستر پر لٹا دیا' میرے والد کی حالت بے حد خراب تھی۔ میرے ماموں قریبی ہی ڈاکٹر کو دکھانے لے گئے جب ڈاکٹر نے ابو کی حالت دیکھی اور چیک اپ کرنے کے بعد کہا کہ ان کے بچنے کی امید انتہائی کم ہے۔

یہ واقعہ 1987ء میں میرے والد صاحب کے ساتھ پیش آیا تھا' ہم لوگ کورنگی میں رہتے تھے اور میرے والد صاحب لانڈھی میں ملازمت کرتے تھے اور اس واقعے کے گواہ صرف ہم ہی نہیں بلکہ بہت سارے لوگ ہیں۔ قصہ کچھ یوں ہے کہ میرے والد صاحب جیسا کہ لانڈھی میں ملازمت کرتے تھے اور ان کو وہاں پر ہی مکان بھی ملا ہوا تھا جبکہ میری امی کی طبیعت خراب رہتی تھی اور ہم لوگ اپنے نانا کے ساتھ کورنگی میں رہتے تھے ابو ہم سے ملنے تقریباً روز ہی آتے تھے لیکن ملازمت کی وجہ سے یہاں پر قیام نہیں کرسکتے تھے۔ ایک دن میرے ابو بہت ہی بری حالت میں گھر میں داخل ہوئے اور میرے پھوپھی زاد بھائی ان کو سہارا دیئے ہوئے تھے۔ ان کی حالت بہت زیادہ خراب تھی' ادھر ہی ایک ڈاکٹر کو دکھایا تو ڈاکٹر نے دوا دی پھر ان کو جب دوا کھلائی تو کچھ بھی افاقہ نہیں ہوا' دوسرے دن ڈاکٹر صاحب کے پاس پھر گئے کہ کچھ بھی افاقہ نہیں ہوا تو ڈاکٹر نے دوسری دوا دی جب اس دوا کو کھلایا تو میرے ابو سو گئے۔ اچانک ابو شام میں اٹھے اور امی سے کہنے لگے کہ تم میرا پاؤں کیوں کھینچ رہی ہو' امی نے ابو کو یقین دلایا کہ میں نے آپ کا پاؤں نہیں کھینچا لیکن ابو بضد رہے کہ تم میرا پاؤں کھینچ رہی ہو۔ ابو کے بدن میں سخت سوئیاں چبھ رہی تھیں اور ایسا لگ رہا تھا کہ ان کے جسم کو کوئی تیز دھار آلے سے کاٹ رہا تھا اور ان کو سخت بے چینی معلوم ہورہی تھی۔ ابو بستر سے اٹھ کر باہر صحن میں آگئے تھے' صحن کچی مٹی کا تھا' وہیں درخت کے نیچے لیٹ گئے اور الٹی کردی' ابو بے حد نڈھال تھے ان میں اتنی بھی سکت نہیں تھی کہ وہ وہاں سے کمرے تک اٹھ کر جاسکیں' وہیں نڈھال پڑے رہے تو میرے بڑے ماموں نے ابو کو اس حالت میں دیکھا تو انہوں نے اٹھا کر ان کو بستر پر لٹا دیا' میرے والد کی حالت بے حد خراب تھی۔ میرے ماموں قریب ہی ڈاکٹر کو دکھانے لے گئے جب ڈاکٹر نے ابو کی حالت دیکھی اور چیک اپ کرنے کے بعد کہا کہ ان کے بچنے کی امید انتہائی کم ہے۔ اس ہی شام کو میری خالہ کے سسر بھی آگئے جو نانا کے بھائی بھی تھے۔ میرے نانا ابو ماموں وغیرہ ایک بزرگ سے بیعت بھی تھے جو اب انتقال کرگئے ہیں' ان کی خانقاہ بھی تھی' ہم خالہ کے سسر کو بڑے نانا کہتے ہیں۔ بڑے نانا کو ہمارے گھر رہنا تھا تو نانا خانقاہ میں قیام کرتے تھے تو انہوں نے اپنی چادر وہاں پر رکھی تھی وہ ہر جمعرات کی شب کو قیام کرتے تھے جب وہ اپنی چادر لینے خانقاہ میں گئے تو ان کی حضرت سے ملاقات ہوئی' نانا حضرت کے خلیفہ خاص تھے' نانا عالم دین بھی تھے' جب ملاقات ہوئی تو حضرت نے فرمایا: مولانا کیا حال ہے؟ نانا نے کہا کہ بیگ صاحب (یعنی میرے والد) کی طبیعت سخت خراب ہے اور ڈاکٹر نے بھی جواب دے دیا ہے تو حضرت تھوڑی دیر مراقبہ میں گئے اور کہا ان کو کسی نے سلو پوائزن دیا ہے اور جادو بھی کرایا ہے' میں یہ پانی دم کرکے دیتا ہوں تم یہ ان کو پلا دینا انشاء اللہ ٹھیک آج بارہ بجے اٹھ کر بیٹھ جائیں گے۔

انہوں نے پانی دم کرکے دیا اور وہ پانی نانا واپس لے کر آگئے اور سب گھر والوں کو بتایا۔ ابو کو دم کیا ہوا پانی پلا دیا گیا اور حضرت کے کہنے کے مطابق میرے ابو ٹھیک بارہ بجے اٹھ کر بیٹھ گئے ابو بالکل ہشاش بشاش تھے۔ جب صبح کو انہیں ڈاکٹر کے پاس لے کر گئے تو ڈاکٹر دیکھ کر حیران رہ گیا کہ یہ کیا ہوگیا اور کس طرح ہوگیا؟ ڈاکٹر صاحب نے ابو کو دیکھ کر کہا کہ ان کو تو کچھ بیماری ہی نہیں ہے۔ ابو نے ڈاکٹر صاحب کو ساری بات سنائی تو وہ بھی حاجی صاحب کے قائل ہوگئے تھے۔ نانا پھر حضرت کے پاس گئے اور ان کا شکریہ ادا کیا۔ بے شک اللہ والوں کے ساتھ تعلق میں بہت فیوض و برکات ملتی ہیں۔

3 بیٹیوں کے بعد بیٹا کیسے ملا؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کی رحمتیں آپ پر ہمیشہ سایہ فگن رہیں۔ آمین! میں نے ایک مرتبہ عبقری میں پڑھا تھا کہ حمل کے دوران اگر یہ منت مان لی جائے کہ اگر میرے ہاں بیٹا پیدا ہوا تو اس کا نام محمد (ﷺ) رکھوں گا تو بیٹا پیدا ہوگا۔ میں نے یہ منت مان لی' الحمدللہ! اللہ نے تین بیٹیوں کے بعد ایک چاند سا بیٹا عطا کیا ہے۔ اب ہم نے اس کا نام محمد رکھا ہے۔ (فیصل سعید خان' لاہور)

مولانا وحید الدین خان

حقیقی خیر خواہ

انسانیت کے حقیقی خیر خواہ دوسری قسم کے رہنما ہوتے ہیں۔ وہ اپنے کو چھوٹا کرکے دوسروں کو بڑا بنا دیتے ہیں۔

جی کے چیسٹرٹن ایک انگریز رائٹر تھا۔ وہ 1874 میں پیدا ہوا۔ 1936ء میں اس کی وفات ہوئی۔ اس کا قول ہے کہ ایک بڑا آدمی وہ ہے جو ہر آدمی کو یہ احساس دلائے کہ تم مجھ سے چھوٹے ہو۔ مگر حقیقی معنوں میں بڑا آدمی وہ ہے جو ہر آدمی کے اندر بڑائی کا احساس پیدا کردے۔

لیڈر دو قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک وہ جو بڑے بڑے ایشو لے کر اٹھتے ہیں۔ جن کے پاس بڑے بڑے نعرے ہوتے ہیں جو ہمیشہ ہائی پروفائل میں بات کرتے ہیں۔ ایسے لوگ ہر جگہ چھپتے ہیں۔ ہر طرف ان کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔ ہر مقام پر ان کو استقبال ملتا ہے۔ اس طرح ان کی شخصیت نمایاں ہوجاتی ہے۔ وہ ہر آدمی کو اپنے سے بڑے دکھائی دینے لگتے ہیں۔ یہ وہ لیڈر ہیں جن کی اپنی شخصیتیں تو خوب نمایاں ہوجاتی ہیں مگر عوام کو ان سے کوئی حقیقی فائدہ نہیں ملتا۔

دوسرا لیڈر وہ ہے جو حقیقی معنوں میں عام انسان کو فائدہ پہنچاتا ہے۔ وہ ہر آدمی کا درد اپنے سینہ میں لیے ہوئے ہوتا ہے۔ اس کا یہ مزاج اس کو ایسے کام کی طرف لے جاتا ہے جو ایک عام انسان کیلئے تو یقیناً بے حد مفید ہوتا ہے مگر وہ کہنے میں کوئی بڑا کام نظر نہیں آتا۔ وہ اخبار کے صفحہ اول کی سرخی نہیں بنتا۔ اس کی بنیاد پر اس کو تعریفی قصیدے نہیں ملتے۔ ایسے رہنما کا عمل اس کو ذاتی شہرت تو نہیں دیتا البتہ قوم کے ہر فرد کو وہ اونچا کردیتا ہے وہ ہر آدمی کو اپنے دائرہ میں ہیرو بناتا ہے وہ ہر آدمی کو بلند کردیتا ہے۔ عظمت پرست لوگ اگرچہ پہلی قسم کے رہنماؤں کی پوجا کرتے ہیں مگر انسانیت کے حقیقی خیر خواہ دوسری قسم کے رہنما ہوتے ہیں۔ وہ اپنے کو چھوٹا کرکے دوسروں کو بڑا بنا دیتے ہیں۔ وہ اپنے کو بنیاد میں دفن کرکے دوسروں کو اونچے مینار کی مانند کھڑا کردیتے ہیں۔ وہ اپنی نفی کرکے دوسروں کیلئے اثبات کے مواقع فراہم کردیتے ہیں۔

(بقیہ: درس سے فیض پانے والے)

میرا سارا گھر آپ سے بہت محبت اور عقیدت رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں' اگر ہمیں عبقری اور آپ کا درس نہ ملتا نہ جانے اس وقت ہم کس حال میں ہوتے' اس رحمٰن نے ہمیں آپ سے ملا دیا یہ سب اس کی نظر کرم ہے ورنہ ہم اس قابل کہاں تھے۔ (والدہ وسیم اختر)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

چہرے کے داغ دھبوں کو دور کرنے کیلئے پودینہ سرکے میں پیس کر بطور لیپ استعمال کریں۔ انشاء اللہ کچھ عرصہ استعمال سے آپ کے چہرے کے داغ دھبے ختم ہوجائیں گے۔

گھر بسانا ہے تو درج ذیل غلطیاں ہرگز نہ کریں

محمد رضوان خان، پشاور

زندگی کے کئی پہلو اور آزمائشوں کی کئی گھڑیوں میں آپ ایک دوسرے سے بہت دور ہوتے ہیں۔ آپ کا رویہ کچھ ہوتا ہے اور سوچ کسی اور جذبے کی غمازی کررہی ہوتی ہے۔ ماہرین ازدواجیات کچھ مشورے خواتین کو دیتے ہیں تو کچھ مردوں کو بھی احتیاط کرنے کی تلقین کی جاتی ہے

گھر بسائے رکھنا ہے اگر رشتہ نبھانا ہے تو درج ذیل غلطیاں کبھی نہ کریں۔ سوال عجیب وغریب ضرور ہے مگر ماہرین ازدواجیات کا کہنا ہے کہ اپنی صلاحیتوں اور خواہشوں پر اندھا دھند اعتماد کرنا کوئی چھوٹی موٹی غلطی نہیں ہوتی۔ عجیب و غریب صورتحال یہ ہے کہ پاکستان میں لڑکیوں کے قد کاٹھ اور چہرے دیکھ کر انہیں بیوی بنانے کی دھن سر میں سماتی ہے اور لڑکی والے لڑکے کے کیریئر، خاندانی حسب نسب اور مالی حالات دیکھ کر اسے داماد بنانے کا خیال ظاہر کردیتے ہیں اور شادی کو جوا سمجھ کر ایک کھیل شروع کردیتے ہیں۔ میاں بیوی کا رشتہ دلچسپ تر اور عجیب وغریب ہوتا ہے لیکن اس رشتے کو بہت احتیاط اور سمجھداری سے نبھانا ہر کسی کے بس کی بات نہیں آپ لاکھ دعوے کیجئے کہ آپ کا جوڑا بہت مسرور اور تصوراتی ہے۔ زندگی کے کئی پہلو اور آزمائشوں کی کئی گھڑیوں میں آپ ایک دوسرے سے بہت دور ہوتے ہیں۔ آپ کا رویہ کچھ ہوتا ہے اور سوچ کسی اور جذبے کی غمازی کررہی ہوتی ہے۔ ماہرین ازدواجیات کچھ مشورے خواتین کو دیتے ہیں تو کچھ مردوں کو بھی احتیاط کرنے کی تلقین کی جاتی ہے یعنی خواتین کم از کم مندرجہ ذیل غلطیاں تو ہرگز نہ کریں۔

غلط موقع پر توجہ نہ چاہا کریں: توجہ چاہنا ایک جبلی تقاضا ہے، محبت اور توجہ سے ازدواجی رشتہ پنپتا ہے مگر پیار جتانے کے بھی موقع محل ہوتے ہیں۔ جب وہ کام سے تھکے ہارے آئیں یا سوچوں میں گم بیٹھے کسی الجھن کو سلجھانے میں مصروف ہوں یا عجلت میں کسی میٹنگ کی تیاری کررہے ہوں اگر آپ رومانوی مکالمے بولنا شروع کردیں گی تو وہ بے رغبتی کا مظاہرہ کرسکتے ہیں کیونکہ مردوں میں عورتوں جیسی معاملہ فہمی کم پائی جاتی ہے پھر اگر وہ بے دلی سے اچھا اچھا کہہ کر چلے گئے تو آپ کی کٹوراسی آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو بہنے لگیں تو قصوروار انہیں نہ ٹھہرائیں یہ آنسو موتی نہیں بنیں گے خواہ مخواہ سر درد میں مبتلا کردیں گے۔ اسی طرح پارک یا ڈرائیونگ کے وقت بھی انہیں آپ کی یہ پیاری پیاری سی باتیں ضروری نہیں کہ متاثر کرسکیں۔

دفتری ٹور پہ ساتھ جانے کی ضد چھوڑ دیں: اگر آپ کا خیال ہے کہ کام کرتے کرتے آپ بھی تھک گئی ہیں تو پہلے شوہر کا موڈ دیکھیں۔ انہیں تو دفتری معمولات اور ضروری اسائمنٹس کیلئے گھر سے دور جانا پڑتا ہے اور ان کا شیڈول بھی نہایت سخت ہے پھر سوچئے کہ آپ اجنبی ملک یا شہر میں سارا دن کیا ہوٹل کے کمرے میں قید ہونے یا لابی میں بے مقصد گھومنے جاسکتی ہیں۔ کیا آپ یقین کریں گی کہ ایسی معصومانہ سی اور تعلقات کو رومان انگیز بنانے کی چاہت رکھنے والی دوشیزہ نے شوہر سے فرمائشاً ساتھ جانے کا کہا بھی تو ایسے درشت لہجے میں نہایت تلخ مکالمہ سننے کو ملا ''کیا مجھ پر اعتماد نہیں کیا'' ''کیا وہاں تمہیں دیکھوں گا یا کچھ اور کروں گا جو باڈی گارڈ بن کر ساتھ جانا چاہتی ہو۔'' اس رات وہ دوشیزہ کتنی دیر روتی رہی کسی کو پرواہ نہیں تھی تو آپ ان کی جانب سے دعوتی کارڈ وصول ہونے کا انتظار کیجئے عین ممکن ہے سفری اخراجات رومان پروری کے متحمل نہ ہوسکتے ہوں تو ساتھ نہ جانے کی وجہ سے آپ کا محبت بھرا رشتہ ختم نہیں ہوجائے گا خیر سے وہ لوٹ کر آپ ہی کے پاس آنے والے ہیں۔

کبھی کسی کی تعریف نہ کریں: شوہر کے سامنے کبھی غلطی سے بھی کسی رشتہ دار، بہنوئی کا کزن کی تعریف نہ کریں۔ اس سے آپ ایک الگ مصیبت میں پھنس سکتی ہیں۔

میں انہیں بدل دوں گی: ہرگز نہیں ہوسکتا خواہ آپ ان کے پیار کے ساگر میں جتنی بھی غرق ہوں، کتنا ہی ان پر اعتماد رکھتی ہوں، اگر انہیں سگریٹ نوشی کے علاوہ بھی کوئی ایسی عادت ہے جو عام گھرانوں میں عیب اور اخلاقی برائی تصور کی جاتی ہے، آپ شادی کے بعد جادو کی چھڑی گھما کے اس عادت کو ترک نہیں کرواسکیں گی لہٰذا اتنا بڑا دعویٰ کرنا صحیح نہیں ہوگا وہ ایک زمانے سے جن عادتوں میں مبتلا ہیں رفتہ رفتہ اس میں کمی لاسکتے ہیں اور چشم زدن میں کوئی معرکہ انجام دینا آسان نہیں ہوگا۔ جب تک آپ اپنی کسی عادت سے چھٹکارا نہ حاصل کرنا چاہیں وہ عادت چھٹتی نہیں ہے وقتی طور پر کوئی آپ کی گفتگو اور پیار سے مغلوب ہوسکتا ہے تاہم وہ اگر خود کو شعوری طور پر تبدیل کرنا چاہیں گے تو کرلیں گے آپ ہاتھ میں لاٹھی یا اسکیل لینے کی غلطی نہ کریں۔

شادی کا مطلب ''پرفیکٹ ساتھی'' کا ملنا ہرگز نہیں ہوتا: بہت چھان پھٹک کرکے طے کیے جانے والے رشتوں میں بھی وثوق سے کیسے کہا جاسکتا ہے کہ آپ کا شریک حیات مکمل انسان ہے۔ وقت کا پابند ہونا ایسی خوبی ہے جو بہت کم لوگوں میں موجود ہوتی ہے لیکن اگر کوئی ایک ساتھی اس خوبی کا مالک ہے تو دوسرے کی سست الوجودی اور لاپرواہی یقیناً کھلنے والی بات ہے۔ ایسے انسان بہت عملی، متحرک، فعال اور وقت کے پابند ہوتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ دوسرا ساتھی بھی انہی خوبیوں کا مالک ہو۔ اگر کوئی اپنے مزاج پر قابو نہ پاسکتا ہو تو کچھ ہی عرصہ میں مشتعل ہوسکتا ہے۔ نفسیاتی ماہرین کا کہنا ہے کہ کامیابی شادی کا مجرب نسخہ کیمیا کسی کے پاس موجود نہیں لیکن اگر کوئی ایک ساتھ ہنستا اور روتا ہے جن کا کوئی مخالفانہ رویہ نہیں ہتا اور بحث مباحثہ نہیں ہوتا وہ سکون سے ایک طرف بیٹھ کر اپنے معاملات زیر بحث لے آتے ہیں۔ ان کا رویہ لچکدار ہوتا ہے کہ ایک دوسرے کی عادتوں کو جہاں اور جیسی ہے کی بنیاد پر جھیل لیتے ہیں۔ وہ ایک دوسرے کے ساتھ ساتھ بڑے ہوتے ہیں۔ ایک دوسرے کے موڈ یعنی مزاج کی بدلتی ہوئی کیفیت کو سمجھنا اور پھر ذہانت سے رشتہ نبھانے کی کوشش کرنا بھی ایسی ہی ایک صلاحیت ہے جو ہمیں کئی مسائل سے چھٹکارا دلادیتی ہے۔

بالچر کا مسئلہ اب نہیں ہوگا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سدا آپ خوش رہیں اور لوگوں میں اسی طرح خوشیاں بانٹتے رہیں میں 2006ء سے عبقری کا مستقل ممبر ہوں میرے خیال میں دنیا کا کوئی ایسا مسئلہ نہیں جس کا حل 2006ء سے آج تک عبقری میں نہ چھپا ہو۔ اس نفسا نفسی کے دور میں اس طرح کی انمول چیز شائع کرنا میرے خیال میں بہت مشکل کام ہے۔ دعا ہے خدائے بزرگ و برتر آپ کو اور آپ کی ٹیم کو اسی طرح لوگوں کی خدمت کرنے کی توفیق و ہمت عطا فرمائے۔ میرے پاس میرا اور میرے جاننے والوں کا بالچر کا آزمودہ ٹوٹکہ ہے جو میں قارئین کی نذر کرتا ہوں۔ **ھوالشافی:** خالص آم کا اچار کہیں سے بھی تقریباً ایک سال یا اس سے زیادہ پرانا لے لیں اس اچار میں جو تیل ڈالا ہوتا ہے وہ تیل کسی چھوٹی سی بوتل میں نکال کر رکھ لیں دن میں دو یا تین بار وہ تیل بسم اللہ پڑھ کر بالچر والی جگہ لگا کر تھوڑی سی مالش کریں۔ ایک یا دو ہفتہ میں تمام بال نکل آئیں گے اور پھر دوبارہ بالچر نہیں ہوگا۔ (محمد افضل، میرپور آزاد کشمیر)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

اجلی روشن اور خوبصورت آنکھیں! آپ کی بھی ہو سکتی ہیں

شیخ عبدالحمید عابدؔ کاموکے

آنکھوں کی حفاظت اور دیکھ بھال میں پہلی بات ان کے آرام کا خیال رکھنا چاہیے۔ آنکھوں کو آرام پوری نیند ہونے سے حاصل ہوتا ہے جس طرح سونے سے جسم کے دوسرے اعضا آرام حاصل کرتے ہیں اور ان کی توانائی بحال ہو جاتی ہے اسی طرح سونے سے آنکھوں کو آرام و سکون ملتا ہے

ایک نہایت چھوٹے کیمرے کا تصور کریں جو برف کے ایک چھوٹے ٹکڑے سے زیادہ نہیں مگر اس قدر مضبوط ہے کہ یہ تاحیات آپ کا ساتھ دے سکتا ہے۔ جب آپ اس کیمرے سے تصویریں کھینچنے کیلئے تیار ہوں تو اس بات کی فکر نہ کریں کہ آپ اس کیمرے کیلئے میموری کارڈ خریدنا بھول گئے ہیں یا اس کی بیٹری لو ہو جائے گی' کیونکہ اس کیمرے میں نہ ختم ہونے والا میموری کارڈ موجود ہے۔ یہ کیمرہ رنگین تصاویر اتارتا ہے اور اربوں تصاویر اتار سکتا ہے۔ یہ کیمرہ صرف ساکت تصویر ہی نہیں کھینچتا بلکہ متحرک تصویریں بھی اتارتا ہے' اس سے ایک گھنٹے میں 36 ہزار تصویریں کھینچی جاسکتی ہیں۔ ہرچند کہ آپ کو ناممکن العمل معلوم ہو مگر یہ حقیقت ہے۔ یہ کیمرہ آپ کی آنکھ ہے' آنکھیں اللہ کی انسان کو عطا کردہ نعمتوں میں سے چہرے بلکہ پورے جسم کا سب سے حیرت انگیز حصہ ہیں۔ یہ اگرچہ سخت چکنائی سے بنی ہوئی ہیں لیکن ان کا بنیادی کام دیکھنا ہے' دیکھنے کے علاوہ ان کا ایک اور کام بھی ہے اس پر اکثر لوگ غور نہیں کرتے اور وہ ہے تاثرات کا اظہار۔ آنکھیں تاثرات کو بہت بہتر طریقے سے منتقل کرتی ہیں مثلاً خوشی' خوف' افسوس' مایوسی اور امید کا اظہار' آنکھوں سے ہی ہوتا ہے۔ روشنی جب آنکھ پر پڑتی ہے تو یہ محراب اور دریچے یعنی قرنیے کے راستے اندر جاتی ہے۔ قرنیہ ایک شفاف شے ہے جو آنکھ کے ڈھیلے کے سامنے اسی طرح آویزاں ہے جیسے کلائی کی گھڑی کے سامنے شیشہ ہوتا ہے۔ قرنیہ کے عقب میں خودکار متحرک پردہ آئرس ہے۔ آنکھوں کے ڈھیلوں کا یہ پورا انتظام دریچے' پردے' عدسے چھ چھوٹے فیتے کی شکل کے عضلات کی ورد سے حرکت میں رہتا ہے۔ اس کے طفیل آپ کی نظر بالکل اس مقام پر پڑتی ہے جہاں آپ چاہتے ہیں۔ آپ نے اکثر بینائی سے محروم لوگوں کو کہتے سنا ہوگا'' آنکھیں رکھنے والو آنکھیں بڑی نعمت ہیں'' یہ سو فیصد صحیح ہے' بعض نعمتیں واقعی بہت قیمتی ہوتی ہیں لہٰذا ان کی حفاظت قیمتی چیزوں ہی کی طرح ہونی چاہیے۔ آنکھوں کی حفاظت اور دیکھ بھال میں پہلی بات ان کے آرام کا خیال رکھنا چاہیے۔ آنکھوں کو آرام پوری نیند ہونے سے حاصل ہوتا ہے جس طرح سونے سے جسم کے دوسرے اعضا آرام حاصل کرتے ہیں اور ان کی توانائی بحال ہو جاتی ہے اسی طرح سونے سے آنکھوں کو آرام و سکون ملتا ہے۔ ان کی تھکن دور ہوتی ہے۔ دوسرا طریقہ وہی ہے جو دیگر اعضا کی حفاظت اور علاج کیلئے کیا جاتا ہے یعنی متوازن غذا کا استعمال۔ متوازن غذا میں مچھلی' کلیجی' انڈا' دہی' پھل' پتوں والی سبزیاں اور ایسی تمام اشیاء شامل ہیں جن میں وٹامن اے شامل ہو۔ یہ تمام اشیاء آنکھوں کی حفاظت میں معاون ثابت ہوتی ہیں اور ان کی خوبصورتی برقرار رکھتی ہیں۔ آنکھوں کی تھکن اور سیاہ حلقے دور کرنے کیلئے کھیرے کو گول کاٹ کر اس کے قتلے آنکھوں پر رکھیں۔ روئی کے چھوٹے چھوٹے گولے دودھ میں بھگو کر دس منٹ کیلئے فریج میں رکھ کر ٹھنڈے کرلیں اور پھر آنکھوں پر پانچ سے سات منٹ تک رکھیں اس سے آنکھوں کے اطراف کی جلد کو سکون ملتا ہے۔ آنکھوں کو صحت مند رکھنے کیلئے ان کی ورزش بھی ضروری ہے اگر صرف دو تین طریقوں سے ہی ورزش کرلی جائے تو آنکھوں کی صحت پر بہت اچھا اثر پڑے گا۔ یہ ورزشیں بہت آسان ہیں۔ مثلاً سر کو جنبش دیئے بغیر آنکھوں کو گول گول گھمائیں۔ یہ عمل ایک وقت میں دو تین منٹ سے زیادہ نہ کریں۔ پھر دن کے کسی اور وقت میں اسے دہرا سکتے ہیں۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ پہلے ایک نکتے پر نظریں جما کر دیکھیں اور پھر سر کو ہلائے بغیر فوراً ہی دوسرے نکتے پر نظر جمالیں۔ اس عمل کو دو تین منٹ سے زیادہ نہ کریں اور دن میں کم از کم تین بار دہرائیں۔ تیسری ورزش پہلی دو ورزشوں سے بھی آسان ہے۔ کسی جگہ جہاں پر تازہ ہوا ہو' صبح کے وقت گہری گہری سانسیں لی جائیں تاکہ جسم میں آکسیجن کی کمی پوری ہوسکے۔ آکسیجن کی کمی سے جہاں ہمارے جسم کی صحت غیر معتدل ہو جاتی ہے وہاں آنکھیں بھی متاثر ہوتی ہیں۔ یہ بجھی بجھی سی لگتی ہیں جو کمزوری کی عکاسی کرتی ہیں لیکن اگر جسم کو پوری آکسیجن ملے تو مجموعی صحت کی بحالی کے ساتھ آنکھوں میں صحت مندی کی چمک دمک اور توانائی کی جھلک بھی نظر آئے گی اور یہی علامتیں آنکھوں کو خوبصورت بنانے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔ آپ انسان کے جسم کے کسی بھی حصے کا تصور کریں آپ کو یہی نظر آئے گا کہ ہر جگہ نہایت خوبصورت ہے' ایک موزوں سانچہ تیار کیا گیا ہے جس کا نام انسان ہے اور جس کے تمام عناصر نہایت چابکدستی سے اپنے افعال انجام دے رہے ہیں۔ یعنی وسطی کان کی ننھی ہڈیاں' بالوں کے اندرونی حصوں کے مختلف افعال' ایک چھوٹے خلیے کی پراسرار اندرونی دنیا یہ سب ایک نظام کا حصہ ہیں جو سب مل کر باہمی طور پر کام کر رہے ہیں جسے سمجھنے سے انسانی ذہن اور دانشوروں کے دماغ بھی قاصر ہیں۔ اس تمام تفصیل سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ یہ سب کچھ حادثاتی طور پر نہیں ہوا بلکہ سننے والا کان اور دیکھنے والی آنکھ کو خالق نے تشکیل و تخلیق کیا ہے اور انسان قادر مطلق کی تخلیق کا نہایت اعلیٰ نمونہ ہے۔

12 دن میں ہر جائز مقصد پورا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتی ہوں اور اس میں موجود وظائف و نسخہ جات سے بھرپور فائدہ اٹھاتی ہوں۔ میرے پاس دو آزمودہ عمل ہیں جو میں قارئین کیلئے لکھ رہی ہوں:۔

عمل نمبر 1: یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ 1200 مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد کسی بھی جائز مقصد کیلئے پڑھیں۔ بارہ دن تک اور پڑھ کر سوجائیں۔ کوئی مقصد بھی ہو بارہ دن میں پورا ہو جاتا ہے۔ میرے ابو مقامی انڈسٹری میں کام کرتے ہیں 2011ء میں ان کی نوکری کا کچھ مسئلہ آ گیا اور سارے ملازمین تین مہینے تک ہڑتال میں بیٹھ گئے اور اس وقت ابو کو تنخواہ بھی بہت کم ملنے لگی۔ پھر مجھے کسی نے یہ وظیفہ بتایا میں نے درج بالا عمل یقین و اعتماد سے کرنا شروع کردیا' عمل پورا ہونے سے بھی پہلے اللہ رب العزت نے اتنا پیچیدہ اور بڑا مسئلہ حل کردیا اور ان لوگوں نے ہڑتال ختم کردی۔ پورے تین مہینے بعد' اگر کسی سے پیچھے چھڑوانا ہو تو بھی یہ عمل لاجواب ہے۔ **عمل نمبر 2:** کوئی ناگہانی مصیبت آ جائے یا کیسی بھی پریشانی ہو حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھنا شروع کردیں اور ہزاروں کی تعداد میں پڑھتے رہیں جب تک آپ کو یہ یقین نہ ہو جائے کہ مشکل ٹل گئی ہے اور یقین کریں وہ مشکل پھر دوبارہ آپ کے سامنے کبھی نہیں آئیگی۔ **تھکن سے نجات:** مجھے جب بھی شدید تھکن کا احساس ہوتا ہے میں عبقری میں دیا گیا مراقبہ کرنا شروع کردیتی ہوں' ابھی روشنی کا تصور کرتی ہوں تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جادو ہو گیا' درد اور تھکن ایسے غائب ہوتی ہے جیسے کبھی تھی ہی نہیں۔ (سعدیہ عزیز)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

ساس بہو میں دوستی کرانے کے آسان مشورے

ساس بہو ایک ساتھ نہیں رہ سکتیں یہ کوئی حتمی رائے نہیں ہے کیونکہ یہ دونوں اگر تھوڑی سی کوشش کریں تو ساس بہو کے رشتے میں نفرت و عداوت کو ختم کر کے اس کی جگہ دوستی اور محبت کر سکتی ہیں جو ان کی گھریلو زندگی پر خوشگوار اثرات مرتب کرے گا

آخر شادی سے پہلے جو لڑکی حور پری لگتی ہے وہ شادی کے بعد چڑیل کیوں لگتی ہے؟ وہ شادی کے فوراً بعد دل سے کیوں اترنے لگتی ہے اس کے خلاف لفظوں کے تیر کیوں چلائے جاتے ہیں۔ شاید اس لیے کہ ساس بننے سے پہلے وہ ماں اور بیوی ہوتی ہے۔ گھر کی دنیا اس کے گرد گھومتی ہے۔ ہر معاملے میں اس کی رائے کو مقدم رکھا جاتا ہے۔ اس کے مشورے کے بغیر کوئی کام نہیں ہوتا ہے تو اسے یہ خطرہ ہوتا ہے کہ کہیں بہو اس کی جگہ نہ لے۔ دوسری طرف بہو جب نئے گھر میں آتی ہے تو اس گھر کے متعلق اس نے بہت سے خواب دیکھے ہوتے ہیں۔ جنہیں پورا کرنے کا موقع شادی کے بعد ملتا ہے چنانچہ وہ چاہتی ہے کہ سارے گھر کے سیاہ سفید کا مالک بنادیا جائے۔ گھر کی تزئین و آرائش سے لے کر دیگر امور وہ اپنی مرضی و منشاء کے مطابق چلائے۔ اس سلسلے میں جب اسے جائز نصیحت یا مشورہ دیا جاتا ہے تو وہ اسے اپنی توہین سمجھتی ہے پھر اس کے دل میں ساس کے خلاف نفرت کے جذبات پیدا ہونے لگتے ہیں۔ ساس بہو کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جس طرح ایک میان میں دو تلواریں نہیں رکھی جاسکتیں بالکل اسی طرح ساس بہو بھی ایک ساتھ نہیں رہ سکتی ہیں اگر یہ دونوں ساتھ رہیں تو آئے دن ان کے درمیان نوک جھونک ہوتی رہتی ہے۔ اسی لیے ماہرین کا کہنا ہے کہ زیادہ تر شادیاں خواتین کی وجہ سے ناکام ہوجاتی ہیں کیونکہ عورت ہی ہے جو گھر کی بناتی ہے اور بگاڑتی ہے۔ اب چاہے یہ عورت ساس کے روپ میں ہو یا بہو کے روپ میں۔ ان تمام حقائق کے بعد ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ساس بہو کے رشتے کی بنیاد نفرت و عداوت ہے۔ کیا ان میں دوستی کا رشتہ قائم نہیں ہوسکتا؟

ساس بہو ایک ساتھ نہیں رہ سکتیں یہ کوئی حتمی رائے نہیں ہے کیونکہ یہ دونوں اگر تھوڑی سی کوشش کریں تو ساس بہو کے رشتے میں نفرت و عداوت کو ختم کر کے اس کی جگہ دوستی اور محبت کر سکتی ہیں جو ان کی گھریلو زندگی پر خوشگوار اثرات مرتب کرے گا اور ان کا گھر ایک آئیڈیل گھر بن جائے گا۔ لوگ ان پر رشک کریں گے اس کیلئے دونوں کو مندرجہ ذیل باتوں پر عمل کرنا چاہیے۔ ساس کو چاہیے کہ بہو کو اپنی بیٹی سمجھے۔ جس طرح وہ اپنی بیٹی کو تکلیف پہنچانے کا سوچ نہیں سکتی بالکل اسی طرح بہو کو بھی پریشان نہ کرے۔ اگر اس سے کوئی غلطی ہوجائے تو درگزر سے کام لے۔ ڈانٹنے کی بجائے پیار سے سمجھائے اور جو کام قابل ستائش ہو اس کی تعریف کرے تاکہ اس کی حوصلہ افزائی ہو۔ گھریلو معاملات میں بہو سے بھی مشورہ لیا جائے تو کہ وہ بھی خود کو گھر کا ایک فرد سمجھے اور ان معاملات میں دلچسپی لے۔ ساس کو گھر کی باتیں محلے والوں اور رشتے داروں کو نہیں بتانی چاہئیں۔ بہو کو بھی کچھ باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔ اپنے شوہر کے ساتھ ساتھ گھر کے تمام افراد پر یکساں توجہ دینی چاہیے۔ سارے گھر والوں کی خواہشات و ضرورتوں کا خیال رکھے۔ اگر کوئی غلطی ہوجائے اسے فوراً دور کرے۔ لوگوں کی باتوں میں آنے کے بجائے خود حقیقت معلوم کرنے کی کوشش کرے۔ گھر کی باتوں کو میکے میں جا کر نہ بتائے ایسا کرنے سے بات ختم ہونے کے بجائے بڑھ جاتی ہے اور دونوں گھرانوں میں رنجشیں جنم لیتی ہیں۔ ساس بہو ان باتوں پر دھیان دیں تو ان کا رشتہ دوستی میں تبدیل ہوسکتا ہے۔ ایک دوسرے کی خامیوں کو تلاش کرنے کے بجائے خوبیوں پر نظر رکھیں کیونکہ ہر انسان خوبیوں و خامیوں کا مجموعہ ہوتا ہے کہیں اچھائی کا عنصر زیادہ ہوتا ہے تو کہیں برائی کا۔ تعلقات کو بہتر بنانے کے سلسلے میں ماہرین نفسیات کا کہنا ہے کہ خوشگوار تعلقات کے لیے ضروری ہے کہ فرد کی خوبیوں پر نظر رکھی جائے۔ ورنہ برائیوں کو زیادہ اہمیت دینے سے رشتوں میں دراڑ پڑ جاتی ہے۔ (نعمت جہاں)

آئیے! اپنی بیوی کی قدر کیجئے

کیا آپ کو معلوم ہے کہ ایک عورت 18 مردوں کے برابر کام کرتی ہے' وہ گھر کی کچن انچارج بھی ہے' گھر کی دھوبن بھی ہے' گھر کے جھاڑو پونچے کا کام کرتی ہے' گھر کی ماسی بھی ہے۔ ایک آدمی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا کہ اپنی بیوی کی شکایت لے کر حاضر ہوا ہوں' بہت تنگ کیا ہوا ہے' اس نے میری زندگی دوبھر کی ہوئی ہے' پھر جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ اُن کے گھر کے دروازے پر پہنچا تو سنا کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اہلیہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سخت لہجے میں بات فرما رہی تھیں وہ شخص بڑا حیران ہوا' حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کی حیرانگی بھانپ گئے' فرمانے لگے کہ یہ میرے گھر کی ماسی بھی ہے' دھوبن بھی ہے اگر کبھی یہ آپ سے ترش لہجے میں بات کر لے تو برداشت کرنا چاہیے۔ وہ شخص چپ چاپ واپس چلا آیا۔ آپ کی بیوی گھر کی مالی بھی ہے' گھر کی چوکیدار بھی ہے' عورت اگر گھر میں ہے تو گھر کا دروازہ کھلا ہوا ہے اگر گھر میں عورت نہیں ہے تو گھر کا دروازہ بند ہوتا ہے۔

آپ کی بیوی آپ کے بچوں کی آیا بھی ہے' بچوں کی استانی بھی ہے' ماں کی گود بچے کی ابتدائی تربیت گاہ ہے' آپ کی اہلیہ آپ کے گھر کی خزانچی بھی ہے' بچوں کی اور آپ کی جوتی روزانہ پالش کرتی ہے۔ گھر کی درزی بھی ہے' بچوں کے کپڑے سینا یا بٹن لگانا وغیرہ کا کام خود گھر میں کرتی ہے۔

آپ کی اہلیہ آپ کی نفسیاتی معالج بھی ہے' اگر آپ کو کوئی پریشانی ہو تو وہ آپ کے ساتھ کھڑی ہوجاتی ہے۔ ایک صاحب نے اپنا واقعہ لکھا کہ جب بنگلہ دیش بنا' میں اور میری بیوی بچے ڈھاکہ چھوڑ کر پاکستان آئے تو میرے کُرتے کی دونوں جیبیں بالکل خالی تھیں جبکہ ڈھاکہ میں میرے ذاتی پٹرول پمپ تھے' میں اپنے بھائی کے گھر کراچی سب کچھ لٹا کر آیا تھا' مایوسی آخری درجے کی تھی مگر میری اہلیہ کہنے لگی کہ میں نے تو جینا اپنے شوہر سے سیکھا ہے' ہم جب سب شدید مایوسی کا شکار ہوتے ہیں اور یہ پہاڑ جیسا حوصلہ لے کر کھڑے ہوتے ہیں تو میں نے دل میں سوچا جب اس مشکل کی گھڑی میں میری بیوی میرے ساتھ ہے تو مجھے پریشان ہونے کی کیا ضرورت ہے' میں نے اپنے بھائی سے چند لاکھ روپے ادھار لے کر دوبارہ کاروبار شروع کیا اللہ پاک نے ایسی برکت ڈالی کہ صرف پانچ سال کے بعد میرے ذاتی چار سو ٹرک تھے۔ ایک عورت کی ذرا سی تسلی نے مجھے آج ایک کامیاب بزنس مین بنادیا ہے۔ عورت کا امت پر بہت بڑا احسان ہے' پہلی وحی الٰہی کے موقع پر آپ ﷺ کو تسلی ایک عظیم ترین عورت ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے دی۔

آپ کی اہلیہ آپ کے گھر کی ایڈمنسٹریٹر ہے' گھر کی ہر چیز کو سلیقے سے رکھنا اور سنبھال سنبھال کر اور احتیاط سے استعمال کرتی ہے۔ آپ کی اہلیہ ڈاکٹر بھی ہے' بچوں کا اپنا اور آپ کا چھوٹا موٹا علاج گھریلو ٹوٹکوں سے گھر میں ہی کر دیتی ہے۔ آپ کی اہلیہ گھر کی عامل بھی ہے نماز' ذکر' تسبیح' تلاوت قرآن پاک کرتی ہے۔ خاوند کے روزگار کی سب سے زیادہ فکر اس اللہ والی کو ہی ہوتی ہے۔ (امتیاز حیدر اعوان' کراچی)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

آنکھ کا درد دور: آنکھ میں جالا پڑ جائے' پھنسی پیدا ہو جائے' بصارت ضعف ہو جائے یا آنکھوں کے آگے جالا آنے کی صورت میں پیاز کے رس کو شہد میں ملا کر آنکھ میں لگانے سے فائدہ ہوتا ہے' اس سے آنکھوں کا درد اور نزلہ بھی دور ہوتا ہے۔

نفس' شیطان اور شرارتی آدمی سے بچنے کا عمل

اگر کسی کو رشتے کا پیغام آیا ہو اور گھر والے اچھا یا برا جاننا چاہتے ہوں تو لڑکے یا لڑکی کی والدہ یا والد اسم یَاخَبِیْرُ کو سات دن تک تنہائی میں بیٹھ کر روزانہ 3240 مرتبہ پڑھے اور بغیر بات کیے سو جائے' انشاء اللہ اسے اشارتاً پتہ چل جائے گا کہ رشتہ اچھا ہے یا برا

اللہ خبیر ہے کیونکہ اسے تمام اشیاء کی باریکیوں کی خبر ہے' وہ چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی چیز کو ہر وقت پوری طرح جانتا ہے۔ کوئی چیز اس سے چھپی نہیں وہ غیب کی تمام خبروں کو جانتا ہے۔ وہ دنیا اور آخرت کے ذرے ذرے کے حال سے باخبر ہے۔ اس لیے اسے خبیر کہا جاتا ہے۔ یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ۸۱۲ ہیں۔ اس اسم کے ذکر سے طبیعت میں یہ اثر پیدا ہوتا ہے کہ پڑھنے والے کا دل اپنی برائیوں سے باخبر ہو کر انہیں ختم کرنے کے درپے ہو جاتا ہے۔ آخر اللہ تعالیٰ اسے برائیوں سے بچنے کی توفیق عطا فرما دیتا ہے۔ اس اسم کے خواص مندرجہ ذیل ہیں:۔

اسرار کا انکشاف: جو شخص اس اسم کو کثرت سے پڑھتا ہے اس پر خواب یا بیداری میں پوشیدہ باتوں کے انکشافات کھلنے لگتے ہیں۔ اگر کوئی خفیہ بات کسی کے دل میں ہو اور اسم یَاخَبِیْرُ کا ذاکر جاننا چاہے تو اسے معلوم ہو جائے گی۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ خبیر ہے اور جو اسے اس نام سے پکارتا ہے اللہ اسے بھی دلوں کے راز سے آگاہ فرما دیتا ہے۔

مریض کا مرض معلوم کرنا: تشخیص مرض میں اللہ کی مدد ضروری ہے کیونکہ اس کی مدد سے ایسی بیماری کا پتہ چل جاتا ہے جو نہایت ہی پیچیدہ ہوتی ہے جو جلدی سے سمجھ میں نہیں آتی۔ اس لیے اگر کوئی ڈاکٹر یا حکیم یَاخَبِیْرُ کو روزانہ 812 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے تو انشاء اللہ مریض کو دیکھتے ہی اللہ کی رحمت سے مریض کی صحیح تشخیص کا پتہ چل جائے گا۔ اس لیے ڈاکٹری پیشہ سے متعلق حضرات کیلئے یہ اسم بہت مفید ہے۔

رشتہ اچھا رہے گا یا برا: اگر کسی کو رشتے کا پیغام آیا ہو اور گھر والے اچھا یا برا جاننا چاہتے ہوں تو لڑکے یا لڑکی کی والدہ یا والد اسم یَاخَبِیْرُ کو سات دن تک تنہائی میں بیٹھ کر روزانہ 3240 مرتبہ پڑھے اور بغیر بات کیے سو جائے' انشاء اللہ اسے اشارتاً پتہ چل جائے گا کہ رشتہ اچھا ہے یا برا۔ اگر برا ہو تو رشتہ نہ کریں کیونکہ برے رشتوں سے نقصان ہونے کا احتمال ہوتا ہے۔

کاروبار میں نفع ہوگا یا نقصان: نیا کاروبار یا دکان شروع کرنے میں نفع ہوگا یا نقصان کسی کے ساتھ شراکت کرنے میں اچھا ہوگا یا برا۔ ایسے ہی بہت سے کاروباری معاملات ایسے ہیں کہ ان میں اگر اللہ کی مدد سے پتہ چل جائے تو نقصان سے انسان بچ سکتا ہے۔ یہ باتیں معلوم کرنے کیلئے یَاخَبِیْرُ کو سات دن تک گیارہ ہزار مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ جو بات دل میں ہوگی اللہ اس کے متعلق آگاہ کر دے گا۔

نفس' شیطان اور ہوشیار آدمی سے بچنے کا عمل: جو شخص نفس' شیطان اور مکار قسم کے لوگوں کے مکر و فریب سے بچنا چاہتا ہو اور اللہ کی رحمت چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ اسم یَاخَبِیْرُ کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ نفس پر غالب رہے گا' شیطان کے جال میں نہیں پھنسے گا اور دوسرے لوگوں سے دھوکہ نہیں کھائے گا۔

بڑھی ہڈی اور گلٹی ختم کرنے کا آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتی ہوں۔ زندگی میں پہلی مرتبہ کوئی تحریر کسی رسالے کیلئے لکھ رہی ہوں' میں نے یہ عمل ایک کتاب میں پڑھا تھا کہ اگر کسی کو بھی رسولی گلٹی ٹیومر ہو تو وہ سورۂ مرسلات 29 پارے کی آخری سورۂ ہے اس کو تین یا ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر اور اپنے اوپر دم کر لیں اور یہ عمل فجر عصر عشاء کی نماز کے بعد کریں' گلٹی رسولی ختم ہو جائے گی۔ یہ عمل میں نے کیا' میرے سیدھے ہاتھ کی انگلی میں ہڈی بڑھ گئی تھی اور کام کرتے وقت تکلیف ہوتی تھی میں نے یہ پڑھ کر پھونک ماری اور پانی پر دم کر کے پی لیا' اللہ کا شکر ہے ہڈی ختم ہو گئی ڈاکٹر کو دکھایا تو ڈاکٹر نے کہا کہ کاٹ کر نکال دیں گے لیکن اللہ تعالیٰ کا شکر ہے ہڈی ختم ہو گئی۔ ایک دو جگہ میرے گلٹی ہو گئی تھی میں نے سورۂ مرسلات پڑھی' دم کیا اور گلٹی ختم ہو گئی۔ **چہرے کے دانے ختم:** میرے چہرے پر دانے نکل آئے تھے' میں نے سورۂ الضحیٰ سات مرتبہ فجر' عصر' عشاء کی نماز کے بعد پڑھی تو میرے چہرے کے دانے ختم ہو گئے' میں نے اپنی کزن کی بیٹی کو پڑھنے کو بتایا تو اس کے چہرے کے دانے بھی ٹھیک ہو گئے' اللہ تعالیٰ کا شکر ہے۔ (شمع امبر)

شرابی سے ولی الٰہی تک

بنت جمشید چغتائی

غور و فکر کر کے آسمان کی طرف نگاہ اٹھا کر کہا' 'اے پروردگار! اپنے نافرمان پر بھی ایسے ایسے احسانات کرتا ہے

حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ایک بار میں دریائے نیل کے کنارے پر سیر کر رہا تھا' اچانک میری نگاہ ایک بچھو پر پڑی میں نے پتھر اٹھا کر اس کو مارنا چاہا مگر وہ بھاگ کر نیل کے کنارے پر جا ٹھہرا۔ میں نے دیکھا کہ دریا سے ایک مینڈک نکلا' بچھو کود کر مینڈک پر سوار ہو گیا' وہ مینڈک تیرتا ہوا دوسرے کنارے پر جا نکلا (کیونکہ یہ بہت عجیب بات تھی) میں بھی اس کے پیچھے ہو لیا (تا کہ اس راز کی حقیقت مجھ پر منکشف ہو) جب مینڈک خشکی پر پہنچا تو بچھو کود کر نیچے اترا اور بڑی تیزی سے چلنے لگا۔ میں بھی اس کے پیچھے پیچھے رہا' میں نے دیکھا وہاں ایک شرابی شراب پینے کی وجہ سے بے ہوش تھا' اس کے سر پر ایک اژدھا پھن نکالے ڈسنا چاہ رہا تھا' بچھو نے نہایت تیزی سے اس کو ڈنگ مارا' اژدھے کو ڈنگ لگنا تھا کہ وہ ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ میں نے وہاں پہنچ کر اس شخص کو جگایا جیسے ہی اس کی نظر اژدھے پر پڑی وہ بہت گھبرایا ہوا اٹھا اور پیٹھ پھیر کر بھاگنے لگا۔ میں نے کہا گھبراؤ نہیں' اللہ تعالیٰ نے تم کو بچا لیا ہے اور اس کو سارا قصہ شروع سے آخر تک سنایا کہ دیکھو اللہ نے تمہاری کس طرح حفاظت فرمائی۔ یہ سن کر اس نے سر جھکا لیا' غور و فکر کر کے آسمان کی طرف نگاہ اٹھا کر کہا' 'اے پروردگار! اپنے نافرمان پر بھی ایسے ایسے احسانات کرتا ہے تو فرمانبرداروں پر کیا فضل نہ کرے گا۔ اس بات کو شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے اس طرح بیان فرمایا: ''قسم ہے تیری عزت و جلال کی اس کے بعد کبھی تیری نافرمانی نہیں کروں گا؟'' پھر اس کی یہ کیفیت ہوئی کہ اس کی آنکھوں سے موسلا دھار بارش کی طرح آنسو برس رہے تھے وہ زار و قطار رو رہا تھا اور یہ اشعار اس کی زبان پر جاری تھے۔ اے سونے والے جلیل (یعنی اللہ) تیری حفاظت فرماتا ہے ہر بری چیز سے جو اندھیروں میں چلتی ہے کیونکر سوتی ہیں آنکھیں ایسے بادشاہ سے کہ تیرے پاس بہت ہی عمدہ نعمتیں اس کے پاس سے آتی ہیں۔ (از افادہ: توبہ کا دروازہ کھلا ہے)

(بقیہ: مراقبہ سے فیض پانے والے)

کی خوشحالی کی دعا مانگ رہا ہوں اندر مجھے ایک بزرگ دکھائی دیتے ہیں جن کے اوپر سفید رنگ کی چادر ہے اور وہ اوپر اوڑھی ہوئی ہے لیکن میں نے آپ کا چہرہ دیکھا تو ان کا رنگ بہت زیادہ سفید ہے اور آپ کی داڑھی مبارک بھی بالکل سفید ہے جیسے نور برس رہا ہو۔ میری جھولی میں بہت زیادہ رزق آتا ہے جو بھر جاتی ہے اور میں نے شادی ہال کیلئے بھی دعا کا کہا تو انہوں نے کہا کہ ہال میں بھی ڈال دو۔ اس کے بعد میں نیند کی وادی میں کھو گیا اور فجر کی اذان کے بعد میری آنکھ کھلی۔ (م' ص' ا)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

بخل سے چھٹکارا: اگر کسی کو عادت بخل درست کرنی ہو تو اسم یا کَرِیْمُ کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں' تین دن تک اسی طرح کریں۔ انشاء اللہ بخل کی عادت ختم ہو کر سخاوت کی صفت پیدا ہو جائیگی۔

آپ کا سوال ـــ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ **2**۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ **3**۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ **4**۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ **5**۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ **6**۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ **7**۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ **8**۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

غلام فاطمہ' ملتان۔ مجیب الرحمٰن' محمد پور۔ سعیدہ' کراچی۔ محمد نذیر احمد' لاہور۔ نگہت افضل' لاہور۔ افراہیم مامون' پشاور۔ عاصمہ توحید' چکوال۔ تابندہ بتول' لاہور۔ عنبرین صدف' لاہور۔ عمر فاروق خان' دیپالپور۔ ثمرین علی' کراچی۔ عبدالغنی نظامانی۔ ارم بی بی' اوکاڑہ۔ عائشہ عباس' ایبٹ آباد۔ فرزانہ یوسف' لاہور۔ سلیمان اکرم' لاہور۔ روید افواد' ملتان۔ رابعہ اقبال' ملتان۔ محمد منیر خان' باغ آزاد کشمیر۔ محمد احمد' لاہور۔ ستارہ جبین' لاہور۔ نوید عالم' لاہور۔ نازیہ تبسم' سرگودھا۔ خدیجہ' باٹاپور۔ مسرت رفیق' لاہور۔ محمد حفیظ' لاہور۔ محمد رضوان مصطفیٰ' لاہور۔ محمد رتاس' میانوالی۔ عبدالمتین' لاہور۔ انجم بیگم' کراچی۔ مجیب سجاد' گجرات۔ شازیہ نوشین' بھکر۔ طارق محمود' فیصل آباد۔ روشان یونس' ساہیوال۔ مجیدہ اختر' اسلام آباد۔ ناصرہ' کراچی۔ زین علی' چکوال۔ فرزانہ' ملتان۔ راشد علیم علوی' کراچی۔ فاطمہ' لاہور۔ عاصمہ اقبال' لبہ سلطانپور۔ محمد رؤف' راولپنڈی۔ سلیم اقبال' دیپالپور۔ عائشہ شبیر' عارفوالہ۔ پروین اختر' چشتیاں۔ حکیم محمد یلیین' اوکاڑہ۔ محمد الیاس' تبسم الیاس' گوجرانوالہ۔ شمیم اختر' لاہور۔ صائمہ محمود' بہاولپور۔ فرزانہ کوثر سرور' صادق آباد۔ فیروز الدین' پنوعاقل۔ عمران احمد' کراچی۔ ثمینہ نورین' پنڈی گھیپ۔ فیضان حسن' کراچی۔ محمد یعقوب بھٹی' راولپنڈی۔ صائمہ انجم' ملتان۔ کمال دین' واہ کینٹ۔ نورین داؤد' مراڑیاں۔ مسز نسرین منظم' فیصل آباد۔ خالدہ سجاد۔ سحرش سجاد۔ صائمہ' سرگودھا۔ عصمت جہاں' ملتان۔ سائرہ اشرف' اسلام آباد۔ محمد صفی اللہ (ہمدانی)' اٹک۔ سنتوش کمار' چمن۔ محمد عبدالاحد' حیدرآباد۔ افشین اعوان' لاہور۔ احسان الٰہی بٹ۔ سلویٰ میمون' ملتان۔ ندا' راولپنڈی۔ محمد بشیر' خانیوال۔ عزیزہ فیض۔ حمیدہ بی بی' خانیوال۔ محمد انعام اللہ خان' تونسہ شریف۔ عبدالقیوم' لاہور۔ منور خاتون' نواب شاہ۔ شائلہ زیب' راولپنڈی۔ الماس' نواب شاہ۔ آصف اقبال' لاہور۔ محمد ریاض' صادق آباد۔ کشور' حضرو۔ ارم بی بی' اوکاڑہ۔ سجاد علی' بھکر۔ کشور' اٹک۔ ساجد لطیف' لاہور۔ رخسانہ فردوس' خانیوال۔ جہانگیر اعوان' نواب شاہ۔ عبدالمتین قریشی' لاہور۔ سعدیہ ریاض' واصو آستانہ۔ ثریا جبین' بھکر۔ رخسانہ پروین' کراچی۔ سید زرین شاہ' مانسہرہ۔ خرم نقاش' اٹک۔ رافعہ' فیصل آباد۔ محمد عرفان' ڈیرہ اسماعیل خان۔ ربیعہ دلشاد' لاہور۔ طاہرا قبال' واہ کینٹ۔ محمد شہباز' مانسہرہ۔ شاہدہ خانم' گجرات۔ مسعود اقبال خان' ملتان۔ محمد حنیف' ایبٹ آباد۔ حسینہ جبیں' ملتان۔ دلشاد' میر پور خاص۔ شاہین ندیم' نورین ضیاء' شمیم عمران' کراچی۔ فائزہ بنت عثمان' حیدرآباد۔ عابدہ' کراچی۔ غلام رحمہ' کراچی۔ شاہ زہرا' چکوال۔ محمد عمران خان' حیدرآباد۔ کامران احمد' ٹنڈو آدم۔ مشتری بیگم' جہانیاں۔ شمیم اختر' چکوال۔ محمد طیب طارق' راولپنڈی۔ سکینہ بیگم' خانیوال۔ فیروزہ اصغر' راولپنڈی۔ محمد دانش قریشی' ملتان۔ مقیہ۔ ریحانہ یاسمین' اسلام آباد۔ رضیہ پروین' صائمہ ابرار' اٹک۔ سمیرا شہباز' گوجرانوالہ۔ سعیدہ عمر' میر پور۔ عتیق احمد' کراچی۔ محمد لطیف' راولپنڈی۔ ساجدہ پروین' لالہ موسیٰ۔ سید حسنین رضا' لاہور۔ مہک بشیر' راولپنڈی۔ محمد بلال شاہ' سرگودھا۔ راج ولی خان' نوشہرہ۔ حفصہ فیاض' پانڈاں بیراں۔ غلام حیدر چیمہ' گجرات۔ مریم شہباز' کراچی۔ عالیہ جمشید' ایبٹ آباد۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ○ وَ إِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ○ وَ إِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ○ وَ إِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ○ (التکویر 1 تا 4) یہ آیات طاق اعداد میں پڑھ سکتے ہیں تین دفعہ' سات دفعہ' گیارہ دفعہ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔

صبیحہ یاسمین' گوجرانوالہ۔ انیلا نیاز' لاہور۔ عقیلہ عزیز' فتح جھنگ۔ معظم' پشاور۔ سعدیہ ابراہیم' راولپنڈی۔ گلباز احمد پاشا' خانپور کٹورہ۔ کرن شہزاد' لاہور۔ اقراء صبیحہ' اٹک۔ عظمت سعید' گوجرانوالہ۔ کومل۔ سعدیہ علی زین' لاہور۔ رخشندہ رزاق' چشتیاں۔ کلیم احمد۔ حلیمہ اقبال' موروورس۔ مسرت محمود ملک' لاہور۔ بنیامین خان' کوہاٹ۔ صدف گل' اٹک۔ محمد شفیع عثمانی' جھنگ۔ خالد حفیظ' لاہور۔ صائمہ طارق' شرقپور شریف۔ صبا امانت' سرگودھا۔ سلطان جہان' راولپنڈی۔ نور الحق' اسلام آباد۔ شہاب۔ کلیم احمد' لاہور۔ فرحاج احمد' ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ علی شبیر' حسن ابدال۔ محمد زرواز' جھنڈر کرم شیر۔ طیبہ شاہد' لاہور۔ کلیم احمد' لاہور۔ محمد ضیغم' چیچہ وطنی۔ سیدہ یاسمین عطاریہ۔ عارف احمد عثمانی' کراچی۔ ش،ا،ا لاہور۔ نایاب' میانوالی۔ فوزیہ مظہر' کراچی۔ ریاض حسین' اوکاڑہ۔ نسرین اختر' اوکاڑہ۔ اسد علی سبحانی' ایبٹ آباد۔ عظمیٰ' فیصل آباد۔ ماریہ تبسم' فیصل آباد۔ ارشاد اللہ' منڈی بہاؤالدین۔ اقرا ناز' نارووال۔ نورین' کراچی۔ کلثوم بی بی' ملتان۔ کنول' ڈومیل گاؤں۔ شبانہ عدنان' اسلام آباد۔ نائمہ خان' لاہور۔ وسیم عباس' تلہ گنگ۔ طیبہ ترانہ' تلہ گنگ۔ نسیم اختر نازلی' قادر آباد۔ ثریا صادق' ملتان۔ پروین اقبال' ملتان۔ مسز قریشی' راولپنڈی۔ عبدالرحمٰن' تونسہ شریف۔ مہوش' لاہور۔ کلیم احمد۔ ذوالفقار احمد' ملتان۔ سیدہ سعدیہ بخاری' لاہور۔ گل ناز اختر' خیر پور ٹامیوالی۔ ایمن' کراچی۔ زناش گل کامران' اسلام آباد۔ محمد منیر' راولپنڈی۔ عبدالشکور' حیدرآباد۔ نعیم خالد' چکوال۔ محمد ضیاء' اسلام آباد۔ آمنہ النساء۔ محمد عثمان نواز' لاہور۔ زردین' ملتان۔ عامر علی' سیالکوٹ۔ یاسمین پروین' چنیوٹ۔ کنیز فاطمہ' ملتان۔ محمد عاصم عثمانی' کراچی۔ شہلا عرفان' لاہور۔ فرخندہ شفیق' کراچی۔ شہلا نورین' راولپنڈی۔ سفینہ شہزادی' راولپنڈی۔ کلیم احمد' لاہور۔ محمد کاشان عاقل' کراچی۔ زاہدہ' مردان۔ ساجدہ' پیرمحل۔ ضمیر احمد۔ امجد علی' ملتان۔ محمد اکرم قادری' منڈی بہاؤالدین۔ عبدالمنعم' ملہ رانجھا۔ سمیرا' بھکر۔ محمد اکرم' لاہور۔ رفعت اقبال' شور کوٹ۔ قمر سلطانہ' چک 5-6۔ کلثوم بیگم' لکی مروت۔ محمد کاشف' فیصل آباد۔ یحییٰ نصیر۔ حامدہ نعیم الحق' لاہور۔ مدد اللہ' مردان۔ مصباح صادق' بہاولنگر۔ ذیشان علی' اٹک۔ شاہین اختر' نوشہرہ۔ تنویر محمود' کراچی۔ ملکہ بیگم' تلہ گنگ۔ حمیرا' لیہ۔ محمد عمران اشرف' بہاولپور۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

سقراط سے پوچھا گیا کہ موت سے بھی کوئی سخت تر چیز ہے؟ جواب دیا کہ زندگی! کیونکہ ہر قسم کے رنج وآزار' مصیبتیں زندگی ہی میں برداشت کرنی پڑتی ہیں اور موت ان سے نجات دلاتی ہے۔

شفقت طاہر' ایبٹ آباد۔ شگفتہ ذوالفقار' ایبٹ آباد۔ شمیم اختر۔ محمد انیس قریشی۔ ریحانہ کوثر' لاہور۔ بنت زاہدہ شاہ' پشاور۔ طاہرہ نسیم' واہ کینٹ۔ رخسانہ بی بی' ٹانک۔ پروین مظہری' میانوالی۔ نور خان' لاوہ۔ شفیع محمد' خانواہن۔ سید امجد حسین شاہ' گجرات۔ شاہد خان' بنوں۔ سعدیہ اعظم۔ زینب بی بی' کوہاٹ۔ فرخندہ ناز' آزاد کشمیر۔ محمد تیمور اسلم۔ عذرا ناز' کراچی۔ شمیم اختر۔ صدیق' ڈھوانارو۔ مسرت' راولپنڈی۔ فاطمہ' مانسہرہ۔ عفت چوہان' لاہور۔ خالدہ نوید' لاہور۔ شادی خان' نوشکی۔ زوبیہ' فیصل آباد۔ مستقیم احمد شیخ' گجرات۔ نورین ناز' اسلام آباد۔ انیلا قاسم بلال۔ محمد صدیق۔ غلام عباس' میلسی۔ نصرت بانو' عارفوالہ۔ راشدہ شفقت' فیصل آباد۔ نزہت' چیچہ وطنی۔ خالدہ بیگم' راولپنڈی۔ صوفیہ' پشاور۔ خالدہ نسیم۔ عطاالرحمٰن۔ مسرت بیگم' کوٹ ادو۔ ثمینہ ناز' اسلام آباد۔ فرزانہ' مورو سندھ۔ شبانہ' واہ کینٹ۔ نادیہ زاہد ملک' لاہور۔ طاہرہ شمیم' نوشہرہ۔ فرخ تاج' ہری پور۔ فراز انجم' راولاکوٹ۔ محمد اکبر۔ ساجد وحید' کوہاٹ۔ نجمہ' منڈی بہاؤالدین۔ حافظ عبدالرحمٰن' رائے ونڈ۔ غلام سکینہ' راولپنڈی۔ ذوالفقار علی رضا' صادق آباد۔ محمد اکرم' رحیم یارخان۔ نادیہ خان' ملتان۔ محمد عبدالجلیل' بکھر وٹ۔ عبدالوحید' مانسہرہ۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

ایک دفعہ کلمہ پڑھیں اور جب **مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ** پر پہنچیں تو اس کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں' وضو نا وضو' پاک ناپاک۔ یہ **عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔**

عبیدالرحمٰن انیس' چکوال۔ طاہر عدنان' اوکاڑہ۔ نوشین ناز' کراچی۔ مدیحہ اسحاق۔ مبشرہ' ملتان۔ وقار احمد' اسلام آباد۔ محمد علی' جھنگ۔ محمد موسیٰ' راولپنڈی۔ آمنہ اکرم' لاہور۔ نویرہ قیوم' لاہور۔ غلام احمد قادری' چکوال۔ محمد فیض رسول' بہاولپور۔ ہمایوں شہزاد' حیدرآباد۔ رابعہ جمیل عباسی' ایبٹ آباد۔ زاہدہ زیب۔ ثروت پروین' منڈی بہاؤالدین۔ عبدالرؤف' رینالہ خورد۔ فرحانہ انوار۔ محمد اجمل' ملتان۔ ثناء مہرین' ایبٹ آباد۔ شریف اللہ قریشی' ڈیرہ اسماعیل خان۔ زاہدہ سرفراز' اسلام آباد۔ زاہدہ کلثوم۔ طاہر حسین' لاہور۔ سیرت خلیل احمد' چنیوٹ۔ حاجی تاج محمد خان' صوابی۔ محمد اظہر گل' راولپنڈی۔ سحرش' لاہور۔ منور سلطانہ' کینیڈا۔ سکندر بانو' کراچی۔ فرحت' بہاولپور۔ اسماء بتول' راولپنڈی۔ محمد سجاد' ملتان۔ شہناز حسین۔ خرم جاوید' راولپنڈی۔ محمد شامی احمد' جہانیاں۔ محمد مرتضیٰ' سرگودھا۔ محمد عرفان صدیق' چکوال۔ سید جاوید شاہ۔ نورین رشید۔ ثوبیہ' ایبٹ آباد۔ فردوس اکرم۔ آمنہ رضوان' لاہور۔ عبدالعزیز' سیالکوٹ۔ راجہ نعمان فرید' راولپنڈی۔ لبنیٰ پروین۔ محمد سلیم' لاہور۔ سعدیہ احسان الٰہی بٹ۔ کومل اقبال' سرگودھا۔ شمیم اختر' راولپنڈی۔ رخشندہ خالد۔ زبیدہ' پشاور۔ اعجاز فاطمہ' حافظ آباد۔ زبیدہ بیگم۔ حکیم محمد یٰسین ہاشمی' راولپنڈی۔ مسز آمنہ فیصل نواز' اٹک۔ سیدہ راشدہ بانو' حیدرآباد۔ پروین اختر۔ غلام قادر' فیصل آباد۔ اختر' کراچی۔ حافظ محمد عابد' بہاولپور۔ محمد اصغر' بہاولنگر۔ نسیم چغتائی' کہروڑ پکا۔ فارحہ' کراچی۔ عابدہ صدیقی' کراچی۔ صنبل صابر' گوجرانوالہ۔ شاہین اختر' اٹک۔ بابرہ شریف' اٹک۔ ظفر اقبال' راولپنڈی۔ سحر قشمین' لاہور۔ سید ذوالفقار علی شاہ' چکوال۔ محمد آزاد شکیل' ڈیرہ اسماعیل خان۔ رحیم بخش' پشاور۔ قرۃ العین حمیرا' جہانیاں۔ جمیل الدین' ملتان۔ حسنہ' جھنگ۔ رضیہ سلطانہ' لیہ۔ محمد افضل' پنڈی گھیپ۔ لیاقت علی شاہ' لاہور۔ رضوان احمد' باغ۔ راحیلہ رزاق' واہ کینٹ۔ علی رضا' پشاور۔ شاہدہ' ایبٹ آباد۔ ہما' مظفرآباد۔ بینا انجم' کراچی۔ کامران کاظمی' کراچی۔ سلطان احمد' جہلم۔ زینب وہاب' ایبٹ آباد۔ عائشہ' بہاولپور۔ ثمینہ' راجہ جنگ۔ کوثر پروین' کراچی۔ شاہین گلفام' راجہ جنگ۔ راحیلہ رزاق' واہ کینٹ۔ ثمینہ اشرف' لاہور۔ محی الدین احمد' کراچی۔ زبیدہ خانم' لاہور۔ محمد عرفان' کراچی۔ سمعیہ' حیدرآباد۔ محمود احمد' شاہ کاشف' لاہور۔ ثناء بتول' سرگودھا۔ نصرت شاہین' کراچی۔ ناہید' اسلام آباد۔ طیب مشتاق۔ حلیمہ مشتاق۔ معظمہ فراز' لاہور۔ امتیاز عزیز' فیصل آباد۔ حفیظ الرحمٰن۔ عبدالسلام' کراچی۔ ارم احمد' کراچی۔ شمیم اختر' لاہور۔ آسیہ' ڈیرہ غازیخان۔ ایمن ذوالفقار' راولپنڈی۔ رباب صفدر جعفری' ڈھڈیال۔ ساجد لطیف' لاہور۔ ذوالفقار احمد' راولپنڈی۔ رضیہ سلطانہ' شورکوٹ۔ جہاں زیب' کراچی۔ حاجی اشفاق احمد۔ رخسانہ ناہید' کوہاٹ۔ واجد علی' پشاور۔ آمنہ مشتاق' سکھر۔ اویس اشرف' ملتان۔ حسین احمد' شہر سلطان۔ طاہرہ پروین' کوئٹہ۔ عمیر ابوبکر۔ محمد لقمان حسن۔ شاہد حنیف' راولپنڈی۔ مریم ارشد' لاہور۔ غلام عباس۔ محمد جنید خان' سکھر۔ ملیحہ حنیف' لاہور۔ محمد عثمان' ملتان۔ ام سہیل' واہ کینٹ۔ ام مریم' واہ کینٹ۔ نادیہ آفاق' مانسہرہ۔ مظفر حسین خان' کراچی۔ محمد عدنان' گوجرخان۔ مریم سلطانہ' ایبٹ آباد۔ محمد جمشید' پنڈی سید پور۔ نیلوفر ثمینہ' لاہور۔ تہمینہ' لاہور۔ محمد امارت' لورہ۔ نسرین اختر' حلہ گنگ۔ عبدالغفار' منڈی بہاؤالدین۔ مسرت بیگم۔ سردار بیگم' پشاور۔ ڈاکٹر محمد اشرف' لاہور کینٹ۔ سیدہ شگفتہ ناز' ایبٹ آباد۔ خرم نقاش' فتح جنگ۔ ناصرہ بیگم۔ سعید احمد' سکھر۔ طیبہ یاسمین' واہ کینٹ۔ ناصرہ ذوالفقار' راولپنڈی۔ عمران احمد قریشی' گوجرانوالہ۔ شاہدہ' فیصل آباد۔ شہناز اکرم' لالہ موسیٰ۔ قیصر اقبال' شانگلہ۔ نزہت افزا' لاہور۔ سیدہ ماہ رخ بانو' کراچی۔ دلشاد' میرپور خاص۔ نعمان افضل۔ ہنریر مصطفیٰ' لاہور۔ تنویر انجم' ایبٹ آباد۔ محمد عقاب خان' راولپنڈی۔ مقبول احمد' بہاولنگر۔ سید محمد طاہر' ہری پور۔ حبیب الرحمٰن' پشاور۔ اظہر' کوہاٹ۔ شہناز' کراچی۔ امین الرحمٰن' اٹک۔ فاطمہ منیر' گوجرانوالہ۔ لبنیٰ عمران علی' لاہور۔ علی مرتضیٰ' لالہ موسیٰ۔ محمد افضل' چشتیاں۔ فیض احمد' مظفرگڑھ۔ محمد احتشام قمر شامی' ملتان۔ محمد افضل' گجرات۔ فیصل مشتاق' چیچہ وطنی۔ سبز سلطانہ' ایبٹ آباد۔ لبنیٰ کامران' جہلم۔ صفیہ بی بی' پاکپتن۔ مصباح قیوم' بہاولپور۔ ثناء اختر' لاہور۔ عبدالاحد' پشاور۔ اظہار الدین' کوہاٹ۔ امبرین اشرف' لاہور۔ محمد مستقیم' سکھر۔ مسرت اکرم' سرگودھا۔ نویدالحسن' ملتان۔ فیاض احمد' حافظ آباد۔ گل رخ چغتائی' لاہور۔ ایاز عنبرین' فیصل آباد۔ شازیہ' لاہور۔ نعمان صابر' گوجرانوالہ۔ انعام الحق' واہ کینٹ۔ نور حلیم' بنوں۔ مجبور ماں' ملتان۔ فرحت' ڈیرہ اسماعیل خان۔ بشریٰ پروین' چکوال۔ علی حسین' گجرات۔ ثناء اظہر' لاہور۔ طاہرہ فردوس' لاہور۔ عاطفہ احسن' لاہور۔

آپ تمام درج ذیل عمل کریں۔

کسی پرندے' جانور کو دیکھ کر 3 بار سورۂ اخلاص اول آخر ایک بار درود شریف پڑھیں اور تصور میں یہ کہیں یا اللہ اس کا ثواب میں نے اس جانور کی روح کو ہدیہ کردیا اور اس جانور کو میرے لیے دعا میں لگا دے۔ یہ عمل دن میں بے شمار بار کریں۔ چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY
RSPK.PAKSOCIETY.COM FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

مقوی باہ: ضعف باہ میں پیاز کے رس کا شربت بنا کر پلانا یا آب پیاز' شہد کو ہم وزن ملا کر پلانا مفید ہے۔ اس کے علاوہ گوشت کو پکاتے وقت دو دفعہ پیاز کا بگھار دینے سے گوشت مقوی باہ کا موجب ہوتا ہے۔

فاران ارشد بھٹی' خانگڑھ

میرے دادا کی بوسیدہ ڈائری کے روشن ٹوٹکے

افسوس کی بات یہ ہے کہ ان کی ڈائری جس پر ان کے نسخہ جات درج تھے کوئی مانگ کر لے گیا پھر اس نے واپس نہیں کیے گھر والوں کو بھی بھول گیا کہ کون شخص لے گیا تھا۔ کافی عرصہ بعد دادا جان کی الماری سے چند بوسیدہ اوراق نکلے جن میں تھوڑے سے نسخے مل گئے

میرے دادا ابو خانگڑھ کے علاقے کے قابل حکیم تھے' ابھی بھی ان کے جاننے والے ان کے چند ایک ہم عمر دوست احباب زندہ ہیں' بے حد خوش اخلاق' خلیق' دیانتدار اور سیلف میڈ انسان تھے' کافی صحت مند اور خوش وخرم پھر رہے تھے کہ اچانک اجل کا بلاوا آ گیا اور ابدی سفر پر روانہ ہو گئے' ہم اس وقت بہت چھوٹے تھے ان سے کوئی فیض حاصل نہ کر سکے اور افسوس کی بات یہ ہے کہ ان کی ڈائری جس پر ان کے نسخہ جات درج تھے کوئی مانگ کر لے گیا پھر اس نے واپس نہیں کیے گھر والوں کو بھی بھول گیا کہ کون شخص لے گیا تھا۔ کافی عرصہ بعد دادا جان کی الماری سے چند بوسیدہ اوراق نکلے جن میں تھوڑے سے نسخے مل گئے' ہمیں ایسا محسوس ہوا کہ جیسے ہفت اقلیم کی دولت مل گئی ہو یا پھر چلو جی بھاگتے چور کی لنگوٹ ہی سہی' یہ چند نسخے عبقری کی نذر کرنے کو دل چاہا سو حاضر کر دیئے۔ **تبخیر معدہ' معدہ کی گرمی:** ھوالشافی: خمیرہ بلیلہ دو تولے' عرق شیر (دودھ) چار بوتل۔ **ترکیب استعمال:** خمیرہ ایک تولہ نہار منہ ایک پاؤ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ **تبخیر معدہ:** تجی دو تولہ' طباشیر انڈیا دو تولے' تال مکھانہ دو تولہ' سنگھاڑے خشک پانچ دانے' لاہوری نمک دو تولے' الائچی کلاں ایک تولہ' نوشادر ایک تولہ' سادہ نمک ایک تولہ' کوزہ مصری ایک تولہ' تمام ادویات کو باریک کر کے سفوف بنالیں' خوراک چھ ماشہ صبح وشام کھانا کھانے کے بعد استعمال کریں۔

نسخہ نمبر 3: ہلیلہ تین تولہ' بلیلہ تین تولہ' آملہ تین تولہ' فلفل دراز تین تولہ' فلفل سیاہ تین تولہ' فلفل گرد تین تولے' پودینہ پانچ تولے' سونف پانچ تولے' نمک سوچر پانچ تولے۔ **ترکیب:** ہلیلہ اور آملہ سے گٹھلیاں نکال کر باریک پیس لیں اور باقی ادویات ملا کر سفوف بنالیں۔ **خوراک:** چھ ماشہ صبح وشام کھانا کھانے کے بعد استعمال کریں۔ **تبخیر معدہ نسخہ 4:** سونٹھ ایک تولہ' نمک لاہوری ایک تولہ' کرنفل ڈیڑھ تولہ' فلفل سیاہ ایک تولہ' فلفل دراز ڈیڑھ تولہ' الائچی خورد نو ماشے' گندھک آملہ سار ڈیڑھ تولہ۔ تمام ادویات باریک پیس کر لیموں کے پانی میں بھگو کر خمیر اٹھانا ہے گندھک کو گھی میں پگھلا کر پھر اسے پیس لیں تمام ادویات اس میں ملا دیں اور گندم کے دانے کے برابر گولیاں بنا کر دو گولیاں صبح وشام کھانا کھانے کے بعد کھائیں' تبخیر اور معدہ کی اصلاح کیلئے اکسیر ہے۔

درستی ماہواری واستقرار حمل کیلئے ادویات

ھوالشافی: گڑ ایک پاؤ' دیسی گھی ایک پاؤ' چھوہارے ایک پاؤ' ناریل آدھ پاؤ' سونف ایک چھٹانک' پودینہ خشک ایک تولہ' سونٹھ ایک تولہ' اجوائن ایک تولہ۔ تمام اشیاء کے تین برابر حصے کریں اور ایام ماہواری کے پہلے تین دن جوشاندہ بنا کر گرم چائے کی طرح رات کو سوتے وقت پی لیں۔ اس کے علاوہ اجنبیر بیل یعنی جسے عرف عام میں لوت بوٹی کہتے ہیں' اچھی خاصی مقدار میں لے کر کھرل میں کوٹ لیں اور ایک چھٹانک پسی ہوئی ہلدی لے کر سرسوں کے تیل میں حلوہ سا بنا کر شام کو سوتے وقت زیر ناف پیٹ پر لیپ کر کے باندھ لیں۔ یہ دوائی ماہواری کے پہلے دن کرنا ہے' اس کے استعمال سے پیٹ کے اندر کوئی ورم یا سوزش وغیرہ ہو تو وہ دور ہو جائے گی۔ شفاء دینے والا اللہ تعالیٰ ہے۔

رکاوٹ ایام: ھوالشافی: گڑ تین چھٹانک' سونف ایک چھٹانک' سوئے ایک چھٹانک' املتاس ایک چھٹانک' گھی دیسی تین چھٹانک۔ سب ادویات سونف' سوئے املتاس اور گڑ کو اڑھائی کلو پانی میں ابالیں۔ جب آدھ کلو پانی باقی رہ جائے اُسے باریک کپڑے میں چھان لیں' پھر اس میں دیسی گھی ملا دیں' ماہواری کے پہلے تین دن پلائیں' یہ تین دن کی خوراک ہے۔ **ماہواری کی خرابی اور حمل کیلئے:** ھوالشافی: سالٹ 20 تولہ' پتری فولاد 6 ماشہ' قلمی شورہ 2 تولہ' میٹھا سوڈا 2 تولہ' آدھ کلو پانی گرم کر کے نیچے اتار لیں اور تمام ادویات ملا دیں' نسخہ تیار ہے۔ **خوراک:** دو گھونٹ عصر کے وقت استعمال کریں' پندرہ دن استعمال کرنے کے بعد ماہواری کے نقائص دور ہو جائیں گے۔ اب حمل ہونے کیلئے درج ذیل نسخہ استعمال کریں۔ **ھوالشافی:** 8 تولہ گاڑھیاں، 8 تولہ سپاریاں 8 تولہ' کمرکس 8 تولہ' تج 8 تولہ' موصلی سفید 8 تولہ' موصلی سیاہ 8 تولہ' بہمن سرخ 8 تولہ' بہمن سفید 8 تولہ' ستاور 8 تولہ' عقرقرحا 8 تولہ' بیخ بند 8 تولہ' بکھرہ 20 تولہ' تمر ہندی 8 تولہ' گل دھاوا 8 تولہ' گوند چھالی 8 تولہ' گوند کیترا 8 تولہ' گوند ایرانی 8 تولہ' سنگجراحت 8 تولہ' موچرس 8 تولہ' الائچی خورد 2 تولہ' صمغ عربی 8 تولہ' کوزہ مصری 2 کلو' گھی دیسی 2 کلو۔ تمام ادویات کو باریک پیس لیں۔ علیحدہ برتن میں آدھ کلو آٹا گھی میں بھون لیں' پسی ہوئی دوائیوں کو اس میں ملا دیں' دو تولہ صبح وشام نہار منہ کھائیں' انشاء اللہ گود ہری ہو جائے گی۔ **یرقان کا آسان اور آزمودہ علاج:** چار دانے خشک املی' چار دانے آلو بخارا' ان دونوں کو رات کو پاؤ بھر پانی میں بھگو دیں' صبح نہار منہ پانی چھان کر پی لیں' دو ہفتہ کا یہ آسان اور آزمودہ علاج ہے۔ اس کے علاوہ گنے کا رس جتنا پی سکتے ہیں ضرور پئیں' اوپر دیا ہوا نسخہ ایک دن کا ہے' ہفتہ پندرہ دن ضرور استعمال کریں۔ **یرقان جب کرے پریشان:** ھوالشافی: برادہ صندل سفید 2 تولہ' مویز منقی 2 تولہ' زرشک 4 تولہ' تخم کاسنی 2 تولہ' تخم خیارین 2 تولہ' گل سرخ اڑھائی تولہ' چینی سفید تین پاؤ۔ چینی کے سوا تمام ادویات کو ایک کلو پانی میں ابالیں اور پھر چھان کر پانی علیحدہ کر لیں اور چینی ڈال کر ابال کر شربت بنالیں' روزانہ آدھا کپ شربت یا سادہ پانی میں ملا کر پی لیں' دن میں تین مرتبہ پئیں' ایک ماہ شربت کا استعمال کریں۔ **نسخہ برائے اصلاح جگر ومعدہ:** ھوالشافی: تخم کھیرا ڈیڑھ تولہ' تخم ککڑی ڈیڑھ تولہ' تخم خربوزہ ڈیڑھ تولہ' مغز تربوز ڈیڑھ تولہ' بیج کاسنی دو تولہ' چینی تین پاؤ۔ **شربت بنانے کا طریقہ:** تمام اشیاء کو نیم کوفتہ کر کے ایک بوتل پانی میں بھگو رکھیں' صبح بوتل سے نکال کر برتن میں آگ پر چڑھائیں' جوش آنے پر ادویات کو مسل کر چھان لیں' چھنے ہوئے پانی میں تین پاؤ چینی ڈال کر شربت تیار کر لیں' اس کو پکاتے وقت دو تولہ دودھ ڈال دیں' میل دور ہو جائے گا۔ **ترکیب استعمال:** آدھا گلاس پانی میں دو تولہ شربت صبح، دوپہر شام پئیں۔ اگر اس سے نزلہ زکام کی شکایت ہو جائے تو مقدار کم کر دیں۔ اس کا کام ضعف جگر کو کم کرنا' پیشاب کو صاف کرنا' دل کو طاقت دینا ہے۔ جل کر پیشاب آنے کی شکایت نہیں رہتی۔

بدہضمی اور قے سے نجات کا روحانی عمل

اگر کوئی شخص زیادہ کھالے' بدہضمی یا قے کے آنے کا اندیشہ ہو تو درج ذیل آیت 7 مرتبہ نمک پر دم کر کے کھلائی جائے تو انتہائی مفید ہے۔ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا (۱۰۵) اس کے علاوہ یہ آیت ہر مرض کیلئے شفاء کا خزانہ ہے۔ (پ،ق)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

کھانے کیلئے جینا یا جینے کیلئے کھانا

بعض لوگ صرف جیتے ہی کھانے کیلئے ہیں اور بعض لوگ کھانا صرف اس لیے کھاتے ہیں کہ سانسوں کی زندگی رواں دواں رہے' یاد رکھیں طب کا اصول صبح کا ناشتہ بادشاہوں کی طرح، دوپہر کا کھانا عیال داروں کی طرح اور رات کا کھانا مفلسوں اور غریبوں کی طرح

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

انسانی تاریخ بتاتی ہے کہ قوموں کی تقدیروں کا نظام ہمیشہ دسترخوانوں پر بنا ہے۔ اب سے پہلے آپ ڈاکٹر کے پاس علاج معالجے کیلئے جاتے تھے تو ہمارے سوال پر کہ ڈاکٹر صاحب کیا کھائیں؟ ڈاکٹر فوراً کہتا: سب کچھ کھاؤ' یہ حکیموں نے ایسے پابندیاں لگا رکھی ہیں۔ آج وہی ڈاکٹر ہے جس کی میز پر غذاؤں کا ایک چارٹ اور کیلنڈر پڑا ہوتا ہے اور اس چارٹ اور کیلنڈر کے مطابق غذائیں بتاتے ہیں' یہ نہ کھاؤ اس میں یورک ایسڈ ہے' یہ کھاؤ اس میں انرجی ہے' یہ کھالو' یہ چھوڑ دو۔ آج ڈاکٹر خود بھرپور حکیم بن گیا ہے۔ کیوں؟ بے وقت اور زیادہ کھانا انسان کو کبھی بھی تندرست نہیں کرتا اور انسان بیمار ہوتا ہے۔ نپولین بوناپارٹ نے کہا تھا میں نے قوموں کو کھا کر زیادہ مرتے دیکھا ہے بھوک سے کم مرتے دیکھا ہے۔ اس ملک کے عظیم دانشور، ہمدرد، متقی، مخلص اور نیک معالج یعنی حکیم سعید شہید رحمۃ اللہ علیہ کلینک کر رہے تھے ایک ماہر تعلیم ان کے پاس آئے پوچھا حکیم صاحب کس مرض کے مریض ہیں؟ مریضوں کی لگی قطار کی طرف اشارہ کر کے حکیم صاحب بولے یہ جوان سے پہلے آئے تھے' وہ جوان کے بعد آئیں گے یہ سب کھانے کے مریض ہیں۔ یعنی زیادہ کھانے سے طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ بعض لوگ صرف جیتے ہی کھانے کیلئے ہیں اور بعض لوگ کھانا صرف اس لیے کھاتے ہیں کہ سانسوں کی زندگی رواں دواں رہے۔ یاد رکھیں! طب کا اصول صبح کا ناشتہ بادشاہوں کی طرح، دوپہر کا کھانا عیال داروں کی طرح اور رات کا کھانا مفلسوں اور غریبوں کی طرح۔ ہاں رات کا کھانا کھانا ضرور ہے پر مفلسوں اور غریبوں کی طرح اور یہ مفلسوں اور غریبوں کی طرح کھانا انسان کو سدا صحت مند اور جوان رکھتا ہے اور یہ صحت مندی اور جوانی باقی رہنا باقی رکھنا ایک بہت بڑا کمال ہے۔ آیئے! میں آپ کو زندگی کی چند مثالیں دیتا ہوں جنہوں نے اپنی زندگی کا مشن صرف کھانا ہی بنایا تھا اور آخر میں میری گزارش یہی ہوگی کہ زندگی کو کھانے' چٹخارے' چسکا' ذائقہ اور باربی کیو کے نام پر ضائع نہ کریں۔ میرے پاس ایک میڈیکل کالج کے پرنسپل آئے موصوف ریٹائر بہترین زندگی گزار رہے ہیں پروفیسر آف میڈیسن تھے' میں نے ان سے پوچھا اپنی زندگی کے تجربات میں بیماریوں کی وجہ بتا سکتے ہیں کیونکہ جتنے میڈیکل کالج اب ہیں پہلے نہیں تھے' میڈیکل سٹور جتنے اب ہیں پہلے نہیں تھے' بیماریاں اور مریض جتنے اب ہیں پہلے نہیں تھے۔ شاید میرا سوال ابھی پورا ہی نہیں ہوا تھا بے ساختہ بولے اس سب کی وجہ دراصل ''بیکری'' ہے' ہر وہ چیز جو بیکری سے ملتی ہے وہ آلودگی، زہر، اور بیماری ہے۔ آج آپ کا ملک کا قانون بن جائے ڈاکٹر صاحب اپنی ٹھنڈی سانس لیتے ہوئے بولے کہ تمام بیکریاں بند اور پورے ملک میں بیکری کا کوئی سامان نہیں بنے گا ڈاکٹر صاحب دعوے سے کہنے لگے کہ نوے فیصد بیماریاں ختم ہو جائیں گی۔ چند مثالیں ملاحظہ فرمائیں کھانے کی۔ گاما پہلوان کی روزانہ خوراک چھ گیلن دودھ، تین سیر تازہ مکھن' دو بکروں کا گوشت' بیس پاؤنڈ بادام' پھلوں کی تین ٹوکریاں مہاراجہ پٹیالہ دیتا تھا۔ اس وقت کے گورنر جنرل خواجہ ناظم الدین کو درخواست دی کہ مجھے خوراک دی انہوں نے گورنر پنجاب کو درخواست بھیجی۔ اس وقت کے گورنر پنجاب سر فرانسس نے درخواست مسترد کر دی۔ ☆ اوکاڑہ کے قریب ایک شخص انیس ڈونگے سالن کے کھا جاتا تھا۔ ایک چوہدری صاحب جتنے دن کیلئے سفر پر جاتے' کوئی شخص اتنے دن کا صبح و شام کا کھانا دیتا پھر اس کو بیٹھ کر کھاتا پھر آگے چلتا۔ ☆ ایک شخص چرخی یعنی کنویں کی کھدائی میں بہت صاحب کمال تھا' بیس آدمیوں کا کھانا اکٹھا پورے دن میں کھا گیا۔ پھر وہ کہتا تھا کہ مجھے نہ چھیڑیں' اکیلا کام کرتا تھا۔ کنویں میں سے مٹی منوں کے حساب سے ایک چرخی میں نکلتی تھی اور وہ اکیلا یہ سب کام کرتا تھا۔ ☆ نواب آف بہاولپور کا ایک مزاحیہ ملازم تھا جس کا قد چھوٹا تھا اور اسے پکارنے میں ''لڈو'' کہتے تھے۔ ایک مرتبہ نواب صاحب کے سامنے دس کلو میٹھے چاول کھا گیا۔ ☆ سرگودھا کی طرف ایک صاحب سو روٹیاں روزانہ کھاتا ہے ورنہ مجبوری میں بیس پچیس کھا کر گزارا کر لیتا ہے۔ ☆ دیہات میں شادی تھی' انہوں نے پندرہ کلو چاول تول کر دیئے کہ شادی والے گھر دے آؤ' وہ راستے ہی میں کھا گیا۔ بنیادی طور پر کسان تھا' چاول کھانے کے بعد کھیتوں میں اپنے کام میں لگ گیا' جب واپس شام کو گھر آیا تو گھر والوں نے کہا وہ چاول کہاں ہیں؟ کہا وہ تو میں خود سارے کھا گیا۔ ☆ میں صحرا میں گیا' رحیم یار خان کے قریب وہاں ایک صاحب کا تذکرہ سنا' دیکھنے والے نے بتایا کہ بیالیس انڈے' بارہ کلو گوشت' پچاس روٹی ایک نشست میں بیٹھ کر کھانے کی شرط تھی' دس ہزار روپے انعام تھا، ورنہ دس ہزار دینا تھا۔ وہ شخص شرط جیت گیا۔ ویسے وہ شخص تین چار کلو دودھ عام پی جاتا ہے۔ ☆ صحرا میں ایک مخلص نے واقعہ سنایا کہ ہم نے ہرن شکار کیا' ہم دو آدمی تھے وہ بھی ہمراہ تھا' بارہ پندرہ کلو کا ہرن اکیلا بھون کر کھا گیا۔ میں نے بھی کچھ کھایا۔ ☆ رمضان المبارک میں افطاری کے موقع پر ایک شخص نے روزہ افطار کیا۔ ہوٹل والا تھک گیا اور عاجز آ گیا۔ چونکہ بوفے سسٹم تھا' روک نہیں سکتا تھا۔ لیکن اسے وخت پڑ گیا دس بارہ بندوں کا کھانا آسانی سے کھا گیا۔ جب ہاتھوں سے کھاتے کھاتے تھک جاتا پلیٹ سے ڈائریکٹ منہ لگا کر کھانا شروع کر دیتا۔ ☆ پشاور میں ایک صاحب کنو اس طرح کھاتے کہ آدھا کنو توڑ کر چھلکا سمیت کھا جاتے' اس طرح مستقل بے شمار کنو کھاتے۔ ایک دفعہ چیونٹی سے بڑا کالا مکوڑہ وہ اسے ہٹاتے وہ بار بار آتا' آخر کار اسے نوالہ میں رکھ کر کھا گئے۔ اُس شخص کو لوگ سادہ کہتے تھے۔ کھاتے ہوئے کہتا کہ بھن میری سری ہے' اور مرغی کی ٹانگیں کوئی اور کھائے اتنا بڑا ظلم۔ مرغی کی کوئی ٹانگ چاہے جتنی بے شمار ہوں نہیں چھوڑتا تھا اور کھا جاتا تھا۔ ☆ ایک اور صاحب ہر قسم کا کھانا کھاتے ہیں اور کھاتے جاتے ہیں۔ اگر اچھا نہ لگے تو اس کو قے کر کے پھر کھانا شروع کر دیتے ہیں۔ ☆ ایک صاحب فرنی یعنی کھیر کی ساری دیگ چاٹ جاتے ہیں اور بائیس نان بھی ساتھ کھاتے ہیں۔ ☆ پشاور میں ایک میاں صاحب دعوت میں آئے' خوب کھایا پتہ چلا کہ فلاں جگہ کھانا اچھا ہے تو وہ الٹی کر کے پھر وہاں چلے گئے۔ ☆ غلہ منڈی میں اور بازاروں میں پلے دار (پانڈی) یعنی مزدور بہت کھاتے ہیں' اور اکثریت بہت زیادہ کھاتی ہے۔ ☆ ایک اللہ والے فرمانے لگے بہت بڑے دسترخوان پر ہمارے دوست نے بہت کھایا' اتنا کہ لوگ حیران' اٹھتے ہوئے ٹھنڈی سانس بھری پوچھا کہ خیریت تو ہے؟ کہا کہ دکھ اس بات کا ہے کہ یہ بچ کیوں گیا؟

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
f PAKSOCIETY

نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

جوابی لفافہ ضرور بھیجیں، مکمل پتہ لکھا ہوا۔ جواب میں جلدی نہ کریں۔

وہ مجھے سمجھ ہی نہیں سکی!: میری ایک شادی ناکام ہوگئی۔ ایک سال بعد دوسری شادی ہوئی اس بار کسی حد تک خود کو بدلا مگر اب بھی بھوک کی برداشت نہیں۔ اگر کھانا وقت پر تیار نہ ہو تو باورچی خانے میں جا کر ایک دو برتن توڑ دیتا ہوں۔ غصہ نکل جاتا ہے تو اپنے کمرے میں جا کر سو جاتا ہوں۔ پھر اٹھتا ہوں تو موڈ ٹھیک ہوتا ہے مگر میری بیوی نہیں سمجھتی وہ مجھے سمجھ ہی نہیں سکی۔ کھانا بن جانے کے بعد میز پر لگا دیتی ہے اور خود مجھ سے بات نہیں کرتی۔ میں پوچھتا ہوں خفا ہو تو کہتی ہے کہ ہاں خفا ہوں۔ میں آپ سے بات نہیں کروں گی۔ اس پر مجھے اور غصہ آتا ہے اور میں بھی ناراض ہو جاتا ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ میں نہیں چاہتا کہ وہ مجھے چھوڑ کر جائے۔ **(فیصل، کراچی)**

مشورہ: ہونا تو یہ چاہیے کہ ان اسباب پر غور کیا جائے جن کی وجہ سے کھانا بنانے میں دیر ہوتی ہے۔ برتن توڑ دینا، غصہ پر قابو نہ رکھنا، موڈ خراب کر لینا اور پھر یہ توقع کرنا کہ دوسرے شخص پر اس کا اثر اچھا ہو، وہ اپنا مزاج خوشگوار رکھے جیسے کہ کوئی بات ہی نہیں ہوئی۔ یہ ناممکن ہے آپ کی اپنی بیوی سے توقعات بہت زیادہ ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ شادی کامیاب ہو تو اپنے منفی رویے پر قابو رکھیں۔

صبر اور شکر: کئی دن مسلسل محنت کرنے کے بعد انٹرویو دینے گھر سے نکلا ابھی راستے ہی میں تھا کہ اندھیرا چھانے لگا، آندھی آگئی، ساتھ ہی طوفانی بارش شروع ہوگئی۔ کپڑے گیلے ہوگئے، حلیہ اتنا عجیب ہوگیا کہ گھر واپس آنا پڑا۔ دوستوں کو معلوم ہوا تو خوب ہنسے، میں نے سوچا یہ کتنے بے حس ہیں مجھ پر جو گزری وہ میں ہی جانتا ہوں، کیا معلوم اب میری قسمت میں کیا لکھا ہے؟ اتنا اچھا موقع ختم ہوگیا۔ یہی خیال آتا رہتا ہے، کسی سے بات کرنے اور کہیں فون کرنے کو دل نہیں چاہتا۔ ذہن پر بوجھ بڑھتا جا رہا ہے۔ **(جمشید، سیالکوٹ)**

مشورہ: بارش، آندھی، طوفان، زلزلہ، برف باری یہ سب قدرت کی طرف سے ہے۔ ان حالات میں ہر انسان کے کام اور مختلف مقاصد میں رکاوٹ پیدا ہو سکتی ہے۔ ان پر کسی کا اختیار نہیں۔ اس لیے صبر اور اس کے ساتھ شکر کر لینا اچھا ہے جن حالات کو بدلنے پر اختیار نہیں ان کو قبول کرنا ہی ہے۔ آپ انٹرویو کیلئے جا رہے تھے کیا پتہ جاب ملتی یا نہ ملتی۔ حالات تو پہلے بھی غیر یقینی تھے، لہٰذا پچھتاوے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اب پہلے سے زیادہ سرگرم ہو کر جاب تلاش کریں۔ زندگی کے مشکل اور ناموافق حالات نئے زینے بن جاتے ہیں جن کے ذریعے ترقی کی جا سکتی ہے۔

قصور پر معذرت: گھر والے کہتے ہیں کہ تم ہمیں برادری میں بیٹھنے اور نظریں ملانے کے قابل نہیں چھوڑو گے۔ میرا قصور صرف اتنا ہے کہ اپنے ساتھ جاب کرنے والی ایک بیوہ خاتون سے شادی کا وعدہ کر بیٹھا ہوں۔ ان کے دو بچے ہیں، دونوں ہوسٹل میں رہتے ہیں۔ وہ عمر میں مجھ سے کافی بڑی ہیں۔ کتنی بڑی ہیں یہ نہیں معلوم۔ کبھی کبھی میں ان کی باتوں سے گھٹن محسوس کرتا ہوں۔ یہ بھی سوچتا ہوں کہ ان کی تیز مزاجی شوہر کے انتقال کی وجہ ہوگی مگر میں ان کے سامنے مجبور ہو جاتا ہوں اور انکار نہیں کر سکتا۔ **(محمد اسلم، لاہور)**

مشورہ: آپ نے گھر والوں کو ناپسندیدگی کے حوالے سے بات شروع کی مگر دراصل ناپسندیدگی آپ کی طرف سے بھی ہے۔ جس رشتے کی بنیاد ہی گھٹن، گھبراہٹ مجبوری پر رکھی جائے وہ کس طرح نبھایا جا سکے گا۔ اپنے قصور پر معذرت طلب کر لیں۔ ایک ساتھ مرد و خواتین اکثر مختلف اداروں میں کام کرتے ہیں۔ ان سے ذاتی معاملات پر گفتگو نہ ہی ہو تو زیادہ پرسکون ہو کر ذمہ داریاں انجام دی جا سکتی ہیں۔

تکلیف دہ احساس: گھر کے حالات سے مجبور ہو کر میٹرک کرتے ہی ایک دفتر میں کمپیوٹر آپریٹر کے فرائض انجام دینے شروع کر دیئے، دو سال ہوگئے، میرے دوست انٹر کر کے مختلف یونیورسٹیوں کا ذکر کرتے ہیں، میں ان کے سامنے چپ رہتا ہوں کیونکہ اب وہ مجھ سے بہت آگے نکل گئے ہیں، میں ساری زندگی یہ چھوٹی سی ملازمت نہیں کرنا چاہتا مگر کام کیے بغیر گزارہ بھی نہیں۔ اگر اپنی تعلیم کے برابر لڑکوں سے دوستی رکھتا ہوں تو اس قسم کا تکلیف دہ احساس نہیں ہوتا۔ **(ایم اقبال، پشاور)**

مشورہ: آپ کے ساتھ تعلیم حاصل کرنے والے لڑکے بہت آگے نہیں نکلے، صرف دو سال کا فرق آیا ہے۔ آپ بھی شام کے اوقات میں پڑھنا شروع کر دیں۔ دو سال میں انٹر کر لیں گے، اس کے بعد شام کو ہی کسی یونیورسٹی میں داخلہ لے لیں۔ اپنی کیریئر پلاننگ کرتے وقت رجحان کا اندازہ بھی لگائیں۔ اگر آپ نے ایسا پیشہ اپنا لیا جو ذہنی صلاحیتوں اور دلچسپی کے مطابق ہو تو زندگی زیادہ بہتر گزرنے کی امید کی جا سکے گی کیونکہ مرضی کا کام کرتے ہوئے انسان اعصابی تناؤ سے دور رہتا ہے۔

نفسیاتی مریض: ہم دو بہنیں اور ایک بھائی ہیں۔ آٹھویں تک وہ ٹھیک رہا لیکن اس کے بعد اس نے بغیر کسی وجہ کے کئی کئی دن غائب رہنا شروع کر دیا اور اب ایک ماہ بعد گھر آیا ہے۔ امی نفسیاتی مریضہ ہیں، ابو بہت بیمار رہتے ہیں۔ بڑی بہن جاب کرتی ہے جیسے تیسے گھر چل رہا ہے۔ کوئی کہتا ہے بھائی پر کسی نے کچھ کروا دیا ہے۔ ایک روز اس کے دوست نے بتایا کہ وہ نشہ کرنے لگا ہے لیکن اس نے کبھی ہم سے کوئی رقم نہیں مانگی۔ بال بڑھ گئے ہیں، کپڑے میلے رہتے ہیں، کھانے پینے کا بھی ہوش نہیں، ہم دونوں بہنیں اس کو دیکھ کر روتی رہتی ہیں۔ **(غ، ملتان)**

مشورہ: بھائی نفسیاتی مریض معلوم ہوتا ہے، اس کو اپنے حلیے کی فکر نہیں، گھر اور باہر کا احساس نہیں، بات بھی صحیح طرح نہیں کر سکتا۔ یہ ساری علامات شدید ذہنی نفسیاتی مرض کو ظاہر کر رہی ہیں۔ ایسے لوگوں کو ان کے حال پر نہیں چھوڑنا چاہیے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ آپ دونوں بہنوں کیلئے اس کا خیال رکھنا، علاج کروانا، حلیہ درست کروانا بے حد مشکل کام ہے۔ خاندان کے کسی فرد سے مدد لی جا سکتی ہے۔ دراصل شدید ذہنی مریضوں کو لوگ لاعلاج سمجھ کر ان کے حال پر چھوڑ دیتے ہیں۔ شدید ذہنی امراض کا شکار لوگ بہت بہتر ہو جاتے ہیں لیکن ان کا علاج طویل عرصہ تک ہوتا رہے۔ ان میں اکثر پر ذہنی مرض بار بار حملہ آور ہوتا ہے۔ کیفیت کتنی ہی خراب ہو مایوس نہیں ہونا چاہیے۔ بہتری کیلئے کوشش کرنی ہی ہوتی ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

لوبیا کا حیران کن فائدہ: دودھ پلانے والی عورت کو اگر لوبیا کھلایا جائے تو اس کے کھانے سے دودھ بڑھ جاتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ لوبیا ابال کر چاٹ کی مانند کھایا جائے۔

بیماری' جھگڑے' جادو جنات کیلئے وظیفہ درود

آفتاب احمد عرف اسرار علی

جب استاد نے دم کیا تو حاضری ہوگئی' تھوڑی دیر کے بعد جنات بھاگ گئے۔ مریض دم والا پانی' تعویذ اور کچھ چیزیں لے کر گھر چلے گئے۔ دو دن کے بعد اتوار کو صبح کے وقت لڑکی پر پھر حاضری ہوگئی' آنکھیں باہر کو نکل آئیں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ لاجواب اور بے مثال ہے جس میں دنیا کے تمام مسائل کا حل موجود ہے' آپ کی نظر کرم سے آج میں قارئین کی خدمت میں ایک ایسا عمل لے کر حاضر ہوا ہوں جو تمام مشکلوں اور کاموں کیلئے مجرب ہے' تمام بیماریاں' لڑائی جھگڑے' جادو جنات کیلئے ایک ایٹم بم اور میزائل سے کم نہیں ہے جن حضرات کے باطن کی صفائی ہو وہ انوار تجلیات اور مشاہدات بھی دیکھیں گے' انشاء اللہ۔ اس وظیفہ کا ایک واقعہ سن لیں جو کہ حقیقت پر مبنی ہے۔ یہ وظیفہ مجھ کو میرے استاد سے ملا تھا۔

واقعہ یوں ہوا کہ ایک دن ایک مریضہ جس کو آسیب وغیرہ تھا وہ میرے استاد سے دم کروانے آئی' جب استاد نے دم کیا تو حاضری ہوگئی' تھوڑی دیر کے بعد جنات بھاگ گئے۔ مریض دم والا پانی' تعویذ اور کچھ چیزیں لے کر گھر چلے گئے۔ دو دن کے بعد اتوار کو صبح کے وقت لڑکی پر پھر حاضری ہوگئی' آنکھیں باہر کو نکل آئیں' چہرہ پر کشش اور نورانی سا ہوگیا جب باہر گئی تو گلی میں جھگڑا ہو رہا تھا' پتہ نہیں کیا معاملہ تھا کہ سب لڑکے ایک دم ادھر ادھر گر گئے۔ بعد میں محلے میں مشہور ہوگیا کہ اس لڑکی میں جن آتا ہے' مائیں اتوار کو بچوں کو گھروں سے نہ نکلنے دیتیں' پھر وہ استاد کے پاس لے کر آئے' کافی افراد تھے۔ استاد نے پڑھائی کی تو جن حاضر ہوگیا اور بتایا کہ میرا نام یوسف ہے' میں عیسائی ہوں' اردن شہر میں ہماری حکومت ہے' میری والدہ پورے ملک (اردن) پر حکومت کرتی ہے اور بہت کچھ بتایا۔ چند نسخہ وغیرہ قرآنی بعد میں لکھ کر دیئے۔ تعارف کے بعد استاد نے پوچھا کہ اس لڑکی کو چھوڑنا ہے یا نہیں؟ یوسف نے کہا کہ نہیں میں اس کے بالوں پر عاشق ہوں' مقابلہ شروع ہوگیا' یوسف مکاشفہ عیسائیت پڑھتا تھا جس کے پڑھنے سے بڑے بڑے عاملوں کے چھکے چھوٹ جاتے ہیں مگر استاد سات یا گیارہ مرتبہ یہ وظیفہ پڑھ کر انگلیوں پر دم کرکے اس کے ماتھے پر پھیر دیتے۔ چالیس منٹ کے بعد اس نے منہ پر ہاتھ رکھ کر کہا کہ حافظ صاحب پڑھائی بند کردو' استاد نے کہا کہ بات مان لو مگر اس نے انکار کردیا اور پھر مقابلہ جاری ہوگیا۔ یوسف حیران ہوگیا کہ میری سب سے طاقتور پڑھائی اس کے ہاتھ پھیرنے سے ضائع ہوجاتی ہے۔ دس منٹ بعد یوسف نے ہار مان لی' مگر اندر سے ڈر گیا اور کہنے لگا کہ میری والدہ مسلمان ہونے پر راضی نہیں ہے۔ میں والدہ کی حکم عدولی نہیں کرسکتا ہوں مگر میں آئندہ اس لڑکی کو تنگ نہیں کروں گا۔ پھر لڑکی پانی تعویذ وغیرہ لے کر چلی گئی' دو مہینے کے بعد پھر آنا جانا شروع کردیا۔ اس نے مؤکلات سے کہا کہ سب کو اٹھا لاؤ۔ مؤکلات نے پتہ کرکے بتایا کہ وہ تعداد میں ہم سے دگنے ہیں۔ استاد کے حکم سے جنات و مؤکلات نے ایسی وردی پہنی جس سے جنات، جنات کی نظر سے غائب ہوجاتے ہیں' بعد میں جاکر اردون ملک کے ارد گرد بیٹھ گئے اور دو دن کے بعد کامیابی کے ساتھ واپس آئے۔ پھر استاد نے اس عمل کی بدولت تمام جنات کو واصل جہنم کردیا۔ بعد میں چند دن کے بعد لڑکی ہمیشہ کیلئے تندرست ہوگئی۔ اب عمل ملاحظہ فرمائیں۔

سب سے پہلے علیحدہ کمرے میں بیٹھ کر اگربتی وغیرہ جلائیں۔ سورۂ فاتحہ' آیۃ الکرسی' چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھ کر حصار بنائیں۔ پھر وظیفہ 3333 مرتبہ پڑھیں۔ پڑھنے کے دس، گیارہ منٹ کے بعد حصار سے نکل آئیں۔ کمرا الگ ہو جائے نماز تسبیح اور وقت مقرر ہو۔ سودا لے گھر کی چیز اور کھانا سختی سے منع ہے۔ ہر قسم کا گوشت بھی چالیس دن تک سختی سے منع ہے۔ چالیس دن کے بعد روزانہ ایک سو ایک مرتبہ بعد نماز عشاء ورد میں رکھیں۔ یہ عمل تب کریں جب سب سو جائیں رات دس بجے کے بعد گھبرانا نہیں ہے۔ انشاء اللہ آپ خود دیکھیں گے کہ زندگی کیسے ذلتوں سے نکل کر سکون و آرام میں بدل جائے گی۔ ہر کام کیلئے حسب منشاء دم سے یا تعویذ بنا کر استعمال میں لائیں۔:

صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی حَبِیْبِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ہم سب کو اس وظیفے سے فیض حاصل کرنے کی توفیق فرمائے۔ آمین!

گھریلو مسائل کا انسائیکلو پیڈیا

امتحان میں فرسٹ ڈویژن کیلئے

1۔ صبح 313 بار اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

2۔ رات کو 313 بار یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابْ (بعد نماز عشاء)

چونکہ میں نے وظیفہ نمبر دو کو میٹرک میں آزمایا تھا اور میں میٹرک میں بڑی آسانی کے ساتھ فرسٹ ڈویژن میں کامیاب ہوا تھا اس لیے میں نے سوچا کہ اس کو دوبارہ شروع کروں اور کم از کم بی ایس سی میں ناکام نہ ہوں۔ (اور جو طالب علم میرے پاس پڑھتے ہیں میں نے ان کو بھی یہی وظیفہ استعمال کروایا اور سب بڑے اچھے نمبروں سے کامیاب ہوئے)

حسن و جمال حاصل کرنے کے نایاب ٹوٹکے

☆ دودھ کی بالائی میں تھوڑا سا شہد ملا کر چہرے پر مساج کریں اس سے چہرہ صاف اور ملائم ہوجاتا ہے۔ ☆ رات کو سونے سے قبل تین لیموں کے رس میں زعفران کی دو تریاں حل کریں اور اس میں ایک چمچ روغن زیتون ملا کر چہرے پر ملیں۔ ☆ پودینے کے پتے ابال کر ٹھنڈا کرلیں روزانہ نہار منہ اس کا ایک چوتھائی کپ پئیں۔ ☆ تازہ دودھ سے متواتر چند دن منہ دھونے سے رنگت نکھر آتی ہے۔ ☆ ایک انڈا توڑ کر اس کی زردی کسی پیالے میں الگ کرلیں اور اس میں روغن بادام دو چائے کے چمچ' لیموں کا عرق ایک چائے کا چمچ شامل کرلیں پھر ان سب چیزوں کو اچھی طرح پھینٹیں کہ جھاگ بن جائے پھر آہستہ آہستہ چہرے پر ملیں دس بارہ منٹ تک چہرے پر لگا رہنے دیں پھر نیم گرم پانی سے چہرہ دھولیں' چہرے کیلئے بہت مفید ہے۔ ☆ خربوزے کے بیج چھلکوں کے بغیر پانی میں پیس کر چہرے پر لیپ کریں' بہت فائدہ مند ہیں۔ ☆ تازہ دہی چہرے پر ملنے سے چہرے کی سیاہی دور ہوجاتی ہے۔ ☆ سفید سرسوں اور تلوں کو دودھ کے ساتھ باریک پیس کر رات کو روزانہ چہرے پر لگائیں۔ ☆ خشخاش باریک پیس کر چہرے پر ملیں تو چہرہ خوبصورت نکل آتا ہے۔ **(بحوالہ: جلد نمبر 6)**

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی' جسمانی' نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔

گھریلو ناچاقیوں' رزق کی تنگی' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور علمی معلومات سے مکمل طور پر

قیمت فی جلد -/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

مخلوق کو مسخر کرنا: ایک عامل کا قول ہے کہ جو شخص اسم یَاوَاسِعُ کو ستر دن تک ستر ہزار مرتبہ روزانہ پڑھ لے تو وہ مخلوق کو مسخر کرنے میں بے حد کامیاب ہو جائیگا' دور دور تک اس کی شہرت پھیل جائیگی۔

بچوں کا صفحہ

ایک بچے کے ایمان کی آزمائش کا واقعہ

(نجمہ عامر' گوجرانوالہ)

ایک دن یہ دیکھتا ہے کہ راستے میں ایک زبردست ہیبت ناک سانپ بیٹھا ہے جس نے لوگوں کی آمدورفت بند کر رکھی ہے۔
اس نے اپنے دل میں سوچا کہ آج موقع ہے کہ میں امتحان لوں راہب کا دین خدا کو پسند ہے یا جادوگر کا۔

مسند احمد میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگلے زمانے میں ایک بادشاہ تھا اس کے ہاں ایک جادوگر تھا جب جادوگر بوڑھا ہوا تو اس نے بادشاہ سے کہا کہ میں اب بوڑھا ہوگیا ہوں' میری موت کا وقت قریب ہے مجھے کوئی بچہ سونپ دو، میں اسے جادو سکھا دوں۔ چنانچہ ایک ذہین لڑکے کو وہ تعلیم دینے لگا' لڑکا اس کے ہاں جاتا تو راستے میں ایک راہب کا گھر پڑتا۔ جہاں وہ عبادت میں اور وعظ ونصیحت میں مشغول ہوتا یہ بھی کھڑا ہو جاتا اور اس کی عبادت کا طریقہ دیکھتا اور وعظ سنتا۔ آتے جاتے یہاں رک جایا کرتا۔ جادوگر بھی مارتا اور باپ بھی کیونکہ وہاں وہ دیر سے پہنچتا اور یہاں بھی دیر سے آتا۔ ایک دن بچے نے راہب کے سامنے یہ شکایت پیش کی۔ راہب نے کہا جب جادوگر تم سے پوچھے کیوں دیر ہوگئی تو کہنا کہ گھر والوں نے روک لیا تھا۔ گھر والے بگڑیں تو کہنا جادوگر نے روک لیا تھا۔ یونہی ایک زمانہ گزر گیا کہ ایک وہ جادو سیکھتا اور دوسری طرف کلام اللہ اور دین اللہ سیکھتا تھا۔ ایک دن یہ دیکھتا ہے کہ راستے میں ایک زبردست ہیبت ناک سانپ بیٹھا ہے جس نے لوگوں کی آمدورفت بند کر رکھی ہے۔ اس نے اپنے دل میں سوچا کہ آج موقع ہے کہ میں امتحان لوں راہب کا دین خدا کو پسند ہے یا جادوگر کا۔ اس نے ایک پتھر اٹھا کر یہ کہہ کر اس پر پھینکا کہ اے خدایا اگر تیرے نزدیک راہب کا دین جادوگر کی تعلیم سے زیادہ محبوب ہے تو اس جانور کو اس پتھر سے ہلاک کردے۔ پتھر لگتے ہی وہ جانور ہلاک ہوگیا اور لوگوں کو راستہ مل گیا۔ لڑکے نے راہب کو اس واقعہ کی خبر دی۔ اس نے کہا پیارے بچے آج کے دن تو مجھ سے افضل ہے اب خدا کی طرف سے تیری آزمائش ہوگی اور اگر ایسا ہوا تو (لوگوں) کو میری خبر نہ کرنا۔ اب اس بچے کے پاس حاجت مند لوگوں کا تانتا لگ گیا۔ اس کی دعا سے مادرزاد، اندھے، کوڑھی جذامی اور ہر قسم کے بیمار اچھے ہونے لگے۔

بادشاہ کے ایک نابینا وزیر کے کان میں یہ بات پڑی وہ بڑے تحفے تحائف لے کر حاضر ہوا اور کہنے لگا مجھے شفا دے دے، سب تحفے تجھے دوں گا۔ اس نے کہا کہ شفاء میرے ہاتھ میں نہیں، شفاء دینے والا اللہ وحدہ لاشریک ہے۔ اگر تو اس پر ایمان لانے کا وعدہ کرے تو میں تمہارے لئے دعا کروں۔ اس نے اقرار کیا، بچے نے دعا کی، اللہ نے اسے شفاء دے دی۔ وہ بادشاہ کے دربار میں آیا اس کی آنکھیں بالکل روشن تھیں بادشاہ نے متعجب ہوکر پوچھا تجھے آنکھیں کس نے دیں؟ اس نے کہا میرے رب نے۔ بادشاہ نے کہا یعنی میں نے دی ہیں؟ وزیر نے کہا نہیں نہیں میرا اور تیرا رب صرف اللہ ہے۔ اب بادشاہ نے اس پر ظلم شروع کردیا، پوچھنے لگا تجھے یہ تعلیم کس نے دی؟ آخر اس نے بتایا کہ میں نے اس بچے کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا ہے۔ بادشاہ نے بچے کو بلایا اور کہا اب تم جادو میں کامل ہوگئے ہو، بیمار کو شفاء دیتے ہو۔ اس نے کہا غلط ہے میں کسی کو شفاء نہیں دے سکتا نہ جادوگر ہوں' شفاء اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ وہ کہنے لگا اللہ میں ہوں۔ اس نے کہا ہرگز نہیں۔ بادشاہ نے کہا پھر تو میرے سوا کسی اور کو رب مانتا ہے؟ اس نے کہا میرا اور تیرا رب "اللہ" ہے۔ اس نے بچے کو سزائیں دینی شروع کردیں یہاں تک کہ راہب کا پتہ لگا لیا تو راہب کو کہا اسلام چھوڑ دے۔ اس نے انکار کیا تو اسے آرے سے چروا دیا۔

پھر اس نوجوان بچے سے کہا تو بھی اسلام سے پھر جا۔ اس نے بھی انکار کیا تو بادشاہ نے اپنے سپاہیوں کو حکم دیا کہ اسے پہاڑ کی چوٹی پر لے جاؤ اگر دین سے باز آجائے تو اچھا ہے ورنہ وہیں سے دھکا دے دینا۔ چنانچہ سپاہی اسے لے گئے اور جب اسے دھکا دینا چاہا تو اس نے اللہ سے دعا کی اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْھِمْ بِمَا شِئْتَ (اے اللہ جس طرح تو چاہے مجھے اس سے نجات دے) اس دعا کے ساتھ ہی پہاڑ ہلا اور سب سپاہی لڑھک گئے صرف بچہ باقی بچا۔ وہاں سے بادشاہ کے پاس گیا، بادشاہ نے کہا یہ کیا ہوا؟ میرے سب سپاہی کہاں ہیں؟ بچے نے کہا خدا نے مجھے بچا لیا وہ سب ہلاک ہوگئے۔ بادشاہ نے دوسرے سپاہیوں کو حکم دیا کہ اسے کشتی میں بیٹھا کر سمندر میں پھینک دو۔ سپاہیوں نے سمندر کے بیچ پھینکنا چاہا تو بچے نے پھر وہی دعا کی' دعا کے ساتھ ہی موج اٹھی اور سارے سپاہی ہلاک ہوگئے۔ پھر بچہ بادشاہ کے پاس آیا اور کہنے لگا: میرے اللہ نے مجھے بچا لیا اور کہا اے بادشاہ! تو چاہے کتنی تدبیریں کرلے مجھے ہلاک نہیں کرسکتا۔ صرف ایک صورت ہے جس طرح میں کہوں اگر تو اس طرح کرے تو میں مرسکتا ہوں۔ اس بچے نے کہا تم لوگوں کو ایک میدان میں اکٹھا کرو پھر کھجور کے تنے پر مجھے سولی چڑھا اور تیر کو کمان پر چڑھا اور کہہ" بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ ھٰذَا الْغُلَامِ" (یعنی اللہ کے نام سے جو اس بچے کا رب ہے) پڑھ کر تیر میری طرف پھینک وہ مجھے لگے اور میں مرجاؤں گا۔ بادشاہ نے یہی کیا' تیر بچے کی کنپٹی میں لگا۔ چاروں طرف سے لوگوں کی آوازیں بلند ہونے لگیں، ہم اس بچے کے رب پر ایمان لائے۔ یہ حال دیکھ کر بادشاہ کے ساتھی بہت گھبرائے اور کہنے لگے ہم تو اس بچے کی ترکیب سمجھے ہی نہیں۔ دیکھئے اس کا اثر کیا پڑا سب لوگ دین اسلام میں داخل ہوگئے ہم نے تو اس لئے قتل کیا تھا کہ کہیں اس کا مذہب پھیل نہ جائے لیکن جو ڈر تھا وہی ہوا ہے سب مسلمان ہوگئے۔ بادشاہ نے کہا اچھا یہ کرو تمام محلوں اور راستوں میں خندقیں کھدواؤ ان میں لکڑیاں بھرو اور آگ لگا دو جو اس دین سے پھر جائے، اسے چھوڑ دو، ورنہ پھینک دو، مسلمانوں نے صبر اور اللہ کے سہارے آگ میں جلنا منظور کیا۔ ایک عورت جس کی گود میں دودھ پیتا چھوٹا سا بچہ تھا ذرا جھجک محسوس ہوئی تو اس بچے کو خدا نے بولنے کی طاقت دی۔ اس نے کہا اماں کیا کر رہی ہے؟ تم تو حق پر ہو، صبر کرو اور اس میں کود پڑو۔ (ریاض الصالحین)

یہ شہادت گاہ الفت میں قدم رکھنا ہے
لوگ آسان سمجھتے ہیں مسلمان ہونا

ہر کام میں آسانی کیلئے آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتا ہوں' اس رسالے سے میں نے بہت سے عمل اور نسخہ جات آزمائے اور خوب فوائد پائے۔ میرے پاس بھی میرا کئی بار کا آزمودہ عمل ہے۔ عمل یہ ہے کہ آپ جس کام کیلئے نکلیں' گھر سے نکلتے ہی درود ابراہیمی پڑھنا شروع کردیں' انشاء اللہ کام بنا بنایا ملے گا۔ مثال کے طور پر آپ کا کوئی عزیز اگر خدانخواستہ تھانے میں اچانک گرفتار ہوگیا ہو تو آپ گھر سے نکلتے ہی درود ابراہیمی پڑھنا شروع کردیں۔ انشاء اللہ آپ تھانے پہنچیں گے تو آپ کا کام خود بخود ہوجائے گا۔ آزمودہ عمل ہے آپ کرکے دیکھیں اور دعائیں دیں۔ (راجہ سلیم)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

(جمیل احمد صدیقی' لاہور)

نانی کے پڑوسی کو جنات نے ارب پتی بنادیا

کمرے میں ''دھڑام'' کی زوردار آواز آئی اور یوں لگا کہ کوئی قدآور چیز ہے جس کے پاس دیگ نما بڑا سا برتن ہے اور کہہ رہی ہے ''پہلوٹھی کا بچہ اور بہو دے دو اور دھن لے لو'' پھر اس مخلوق کو برتن اٹھائے ہوئے اپنی چارپائی کے پاس سے گزرتے دیکھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بھی دیگر لاکھوں لوگوں کی طرح آپ کا پرستار ہوں' عبقری کا مستقل قاری ہوں' آپ کی شائع ہونے والی تالیف ''جنات سے سچی ملاقاتیں'' پڑھی اور آپ کے حکم پر پیش آنے والا سچا واقعہ تحریر کررہا ہوں۔ میری والدہ کا انتقال میرے بچپن میں ہی ہوگیا تھا' میں اپنے ننھیال کے پاس چند دن رہنے کے لیے گیا' شام کو میں نے اپنی نانی اماں سے کہا'' میں بڑے کمرے کے ساتھ متصل کمرہ ہے وہاں سوؤں گا'' انہوں نے مجھے وہاں سونے سے منع کیا۔ بالآخر میری ضد کے سامنے ہتھیار پھینک دیئے' مگر یہ بھی کہہ دیا کہ تمہارے ساتھ تمہارے ماموں بھی سوئیں گے' میں نے کہا: ''منظور ہے''

رات کو میں اپنے معمول کے وقت پر کمرے میں جا کر سو گیا اور بعد میں ماموں بھی آکر میرے ساتھ سو گئے۔ رات دو بجے کے قریب کمرے میں مکمل اندھیرا اور سناٹا تھا کہ چھن چھن کی آوازیں آنا شروع ہوگئیں' میری نیند کھل چکی تھی اور چھن چھن کی آوازوں میں شدت آچکی تھی' ناگہاہ تاریک کمرے میں ''دھڑام'' کی زوردار آواز آئی اور یوں لگا کہ کوئی قدآور چیز ہے جس کے پاس دیگ نما بڑا سا برتن ہے اور کہہ رہی ہے ''پہلوٹھی کا بچہ اور بہو دے دو اور دھن لے لو'' پھر اس مخلوق کو برتن اٹھائے ہوئے اپنی چارپائی کے پاس سے گزرتے دیکھا۔ میری حالت مارے خوف کے ایسی ہوچکی تھی کہ بدن کاٹو تو لہو نہیں' کچھ دیر بعد وہی مخلوق برتن اٹھائے صدا لگاتے ہوئے گزر گئی' میں مارے خوف کے منہ لحاف میں ڈھک کر یہ ہوشربا منظر دیکھتا رہا' نہ جانے کب آنکھ لگ گئی' صبح روشن طلوع ہوئی' میں نے اس واقعہ کا ذکر اپنی نانی اماں سے کیا تو انہوں نے کہا: ''میں اسی لیے آپ کو وہاں سونے سے منع کررہی تھی' غیر مرئی مخلوق ہر رات ایسا ہی کرتی ہے چھن چھن کی آوازیں اور پہلوٹھی کا بچہ اور بہو دے دو دھن لے لو'' کی صدا روز ہی سنائی دیتی ہے اور یہ مخلوق پڑوس کے گھر کی طرف چلی جاتی ہے۔ میں چند دن نانی اماں کے گھر بسر کرکے واپس آگیا۔ چند سال بعد دوبارہ وہاں گیا تو نانی اماں سے ازراہ تجسس دوبارہ دریافت کیا تو انہوں نے بتایا کہ پڑوس کے گھر میں پہلوٹھی کا بچہ بھی تھا اور بہو بھی تھی اور وہ بھی یہ آواز سنتے تھے۔ انہوں نے کسی عامل کو واقعہ بیان کیا تو اس نے کہا کہ ''یہ جنات پہلوٹھی کے بچے اور بہو کے بدلے میں تم لوگوں کو دھن دولت دینا چاہتے ہیں'' یہ سن کر ان کی نیت میں فتور آگیا۔ انہوں نے اسی رات بہو اور پہلوٹھی کے بچے کو اس کمرے میں سلا دیا جو جنات کی گزرگاہ تھی' صبح دیکھا تو کمرے سے پہلوٹھی کا بچہ اور بہو غائب تھے اور دیگ نما بڑا سا برتن پڑا تھا۔ ڈھکن ہٹا کر دیکھا تو وہ ہیرے جواہرات سے بھرا ہوا تھا۔ انہوں نے آہستہ آہستہ یہ زیورات بیچے اور شہر کے پوش علاقے میں بنگلہ خرید لیا۔ یہ خاندان پہلے مزدوری پر گولی ٹافی کی پیکنگ کا کام کرتا تھا جسے اب انہوں نے بہت وسعت دے دی تھی۔ اس واقع کا صحیح علم صرف میری نانی اماں کو ہی تھا کہ یہ لوگ راتوں رات کیسے امیر کبیر ہوگئے۔ اب میری نانی اماں کے گھر سے نہ تو چھن چھن کی آواز آتی ہے اور نہ ہی کوئی کہتا ہے ''پہلوٹھی کا بچہ اور بہو دے دو دھن لے لو'' ان دونوں کو زمین کھا گئی یا آسمان نگل گیا کوئی نہیں جانتا۔

دل کے امراض سے نجات کا فقیری نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پچھلے ایک سال سے عبقری کی قاری ہوں اور آپ کے نسخہ جات بھی استعمال میں لاچکی ہوں' جن سے حیرت انگیز فوائد حاصل ہوئے اور آپ کیلئے دل سے دعائیں نکلیں۔ عبقری قارئین کیلئے ایک نسخہ بھیج رہی ہوں' مخلوق خدا کو اس کا بے انتہا فائدہ ہوگا۔ میرے میاں جی کو دل کی تکلیف ہوئی تو ان کے ایک دوست نے ان کو دیا جس سے میرے میاں جی کو بے حد فائدہ ہوا۔ فقیری نسخہ ہے۔ ھوالشافی: صبح نہار منہ انار دانہ کا قہوہ آدھا کپ روزانہ پئیں۔ ایک کپ پانی پکنے کیلئے رکھیں ایک چمچ انار دانہ ڈال دیں' جب پک کر آدھا کپ رہ جائے تو چھان کر پی لیں۔ کھٹا کھٹا ذائقہ دار قہوہ ہوتا ہے۔ اس سے پیٹ بھی ٹھیک رہتا ہے اور دل کے مسائل میں بھی بے حد فائدہ مند ہے۔ (مسز تنویر)

(مطیع الرحمٰن' لاہور)

نقصان دہ اشیائے کے فوائد

''جاہل جس چیز سے ناواقف ہوتا ہے اس کا دشمن ہوجاتا ہے۔'' جاہل کا عالم پر اعتراض کرنا سب سے بڑی حماقت ہے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ چند دن قبل ایک کتاب کا مطالعہ کررہا تھا کہ اس کے مضامین سے ایک مضمون میری نظر میں تھا کہ اس کو عبقری کے دفتر بھیجا جائے تاکہ عبقری پڑھنے والوں کی نظر سے بھی گزر جائے۔ ویسے بھی یہ مضمون عبقری میں شائع ہونے کے شایان شان ہے۔ امید ہے کہ قارئین کو میری پسند پسند آئے گی۔

اگر کوئی پوچھے کہ مضر چیزوں کی تخلیق میں کیا فائدہ ہے؟ تو اس کا اصل جواب یہ ہے کہ خالق کا حکیم ہونا ثابت ہوچکا ہے' اب اگر کسی معاملہ میں حکمت سمجھ میں نہ آسکی تو بھی سر جھکائے رکھنا ضروری ہے۔ پھر یہ سمجھو کہ دنیا کی اچھی نعمتیں کسی درجہ میں ان انعامات کا نمونہ ہیں جو بطور ثواب کے ملیں گی اور تکلیف دہ چیزیں عذابوں کا نمونہ ہیں۔ یہ واقعہ ہے کہ دنیا میں جو چیزیں تکلیف دہ پیدا کی گئی ہیں ان میں بھی کچھ نہ کچھ نفع ضرور ہے۔ ایک طبیب سے کہا گیا کہ فلاں آدمی کہتا ہے کہ میں بچھو کی طرح ہوں کہ کوئی نفع نہیں دیتا۔ صرف نقصان ہی پہنچاتا ہوں۔ طبیب نے کہا کیسا کم علم ہے؟ اگر بچھو کا پیٹ چاک کرکے اس کو ڈسے ہوئے حصے پر باندھ دیا جائے تو فائدہ ہوجاتا ہے۔ اسی طرح بچھو کو مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر اس کو ہر طرف سے بند کردیا جائے پھر ہانڈی تنور میں رکھ دی جائے' جب جل کر راکھ بن جائے تو اس راکھ سے نصف ماشہ یا اس سے کچھ زائد مقدار پتھری کے مریض کو پلائی جائے' پتھری ٹوٹ کر نکل جائے گی اور جسم کے کسی حصہ کو نقصان بھی نہیں پہنچے گا۔ اگر پرانے بخار کے مریض کو بچھو ڈنگ مارے تو اس کا بخار ختم ہوجاتا ہے۔ ایک مفلوج آدمی کو بچھو نے ڈس لیا تو اس کا فالج ختم ہوگیا۔ اگر اس کو تیل میں ڈال کر رکھ دیا جائے یہاں تک کہ اس کا اثر تیل میں منتقل ہوجائے تو وہ تیل ہر طرح کے سخت اور بڑے ورم کیلئے مفید ہے۔ غرض اس طرح کے بہت سے فوائد ہیں۔ اسی لیے کہا جاتا ہے کہ ''جاہل جس چیز سے ناواقف ہوتا ہے اس کا دشمن ہوجاتا ہے۔'' جاہل کا عالم پر اعتراض کرنا سب سے بڑی حماقت ہے۔ (حوالہ: مجالس جوزیہ' علامہ عبدالرحمٰن ابن الجوزیؒ، صفحہ 541)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام کی پیشکش

یہ شمارہ پاک سوسائٹی ڈاٹ کام نے پیش کیا ہے

ہم خاص کیوں ہیں :-

- ہائی کوالٹی پی ڈی ایف فائلز
- ہر ای بُک آن لائن پڑھنے کی سہولت
- ماہانہ ڈائجسٹ کی تین مختلف سائزوں میں اپلوڈنگ
  سپریم کوالٹی، نارمل کوالٹی، کمپریسڈ کوالٹی
- عمران سیریز از مظہر کلیم اور ابنِ صفی کی مکمل رینج
- ایڈ فری لنکس، لنکس کو پیسے کمانے کے لئے شرنک نہیں کیا جاتا
- ہر ای بُک کا ڈائریکٹ اور رژیوم ایبل لنک
- ڈاؤنلوڈنگ سے پہلے ای بُک کا پرنٹ پریویو ہر پوسٹ کے ساتھ
- پہلے سے موجود مواد کی چیکنگ اور اچھے پرنٹ کے ساتھ تبدیلی
- مشہور مصنفین کی کُتب کی مکمل رینج
- ہر کتاب کا الگ سیکشن
- ویب سائٹ کی آسان براؤسنگ
- سائٹ پر کوئی بھی لنک ڈیڈ نہیں

We Are Anti Waiting WebSite

واحد ویب سائٹ جہاں ہر کتاب ٹورنٹ سے بھی ڈاؤنلوڈ کی جاسکتی ہے

ڈاؤنلوڈنگ کے بعد پوسٹ پر تبصرہ ضرور کریں

ڈاؤنلوڈنگ کے لئے کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہماری سائٹ پر آئیں اور ایک کلک سے کتاب ڈاؤنلوڈ کریں

اپنے دوست احباب کو ویب سائٹ کا لنک دیکر متعارف کرائیں

WWW.PAKSOCIETY.COM

Online Library For Pakistan

Like us on Facebook

fb.com/paksociety

twitter.com/paksociety1

اُدھر کتیا کی چیخ نکلی اِدھر ٹانگ میری کٹ گئی

ایک بھائی شادی شدہ ہے ان کے گھر کے بھی عجیب حالات ہیں' جو میں بیان نہیں کر سکتی۔ مختصر یہ کہ ہم ایک بہن اور پانچ بھائی ہیں' روزگار بھی تنگ ہے۔ تمام کے تمام کسی نہ کسی مسئلے میں ایسے پھنسے ہوئے ہیں کہ زندگی اجیرن بنی ہوئی ہے۔

ایک ٹیکسی ڈرائیور نے ایک عجیب واقعہ سنایا جس نے رونگٹے کھڑے کر دیئے' کہا کہ ایک مرتبہ میں کرایہ پر کسی کے ساتھ کراچی جا رہا تھا' درمیان میں ایک ہوٹل پر چائے پینے کیلئے ٹھہرے تو جیسے ہی ہم بیٹھے تو ایک آدمی لکڑی کی بیساکھی کے ذریعے ہمارے پاس پہنچا' اس کی ایک ٹانگ نہیں تھی۔ میرے ساتھ جو آدمی تھا وہ کچھ رحمدل تھا' اس نے اس آدمی کو کہا کہ بیٹھو چائے پیو گے یا روٹی کھاؤ گے' تیری کیا خدمت کروں؟ تو اس شخص نے کہا کہ میں نے روٹی کھالی ہے باقی آپ مجھے چائے پلائیں تو مہربانی ہوگی۔ جب وہ بیٹھا تو اب اس سے حال احوال لینا شروع کر دیا اور پوچھا کہ آپ کی یہ ٹانگ کیسے کٹ گئی کیا ہوا تھا؟ جب اس نے یہ سوال سنا تو رونا شروع ہو گیا اور اف اف کر کے توبہ توبہ کے الفاظ منہ سے نکال رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ بس مجھے اللہ معاف کر دے' کیا کروں؟ آپ نے پوچھا ہے تو میں آپ کو بتا دیتا ہوں۔ میں اصل میں بس کا ڈرائیور ہوں' ایک مرتبہ میں سواری لیکر آ رہا تھا تو ایک جگہ راستے میں ایک کتیا تھی جو اپنے نومولود چھوٹے چھوٹے بچوں کو اپنے منہ میں ڈال کر راستہ کراس کرا رہی تھی' ایک دو بچے اس نے کراس کرا لیے اب میرے دماغ پر کچھ مستی سوار تھی' میں نے فیصلہ کر لیا کہ اس کتیا کو گاڑی کے نیچے دیکر ماردوں' حالانکہ اس کا کوئی جرم بھی نہیں تھا جب وہ تیسرا بچہ لے کر راستہ کراس کر رہی تھی تو میں نے گاڑی تیز کر کے اس کو مار دیا' ٹکر لگتے ہی کتیا نے ایسے خوفناک چیخ ماری کہ جس سے مجھے پتہ نہیں کیا ہوا' میرا پورا جسم سن اور میری آنکھوں کی بینائی چلی گئی اور یوں گاڑی میرے کنٹرول سے بھی نکل گئی' اور سڑک سے نیچے ایک طرف اتر گئی اور درخت سے جا کر ٹکرا گئی اور وہیں کھڑی ہو گئی۔ پیچھے بیٹھے مسافروں نے چیخیں مارنا شروع کر دیں کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟ اب جب میں نے آنکھیں کھولیں تو میری بینائی تو لوٹ آئی لیکن کتیا کی چیخ اور اس پر جان بوجھ کر ظلم کہاں چھوڑتا ہے؟ دیکھا کہ میری ایک ٹانگ مکمل کٹ کر میرے جسم سے الگ پڑی ہے اور باقی سب مسافر بالکل محفوظ تھے اور مجھے علم نہیں کہ میری ٹانگ کس طرح کٹی۔ بس انتقام قدرت کے سوا کچھ بھی نہیں جو ہوا سب کچھ میرے اپنے جرم کی سزا تھی جو میں نے پائی' اب ٹانگ تو نہ ملے گی باقی اسباب پر روتا ہوں کہ اپنے رب کے سامنے کیا جواب دوں گا۔ اس کے بچوں کی یاد آتی ہے کہ ان کا کیا بنے گا؟ جن سے میں نے ان کی ماں چھین لی اور وہ بھی ایک جان بوجھ کر بڑے ظلم کے ساتھ۔ اب کیا کروں' میرا کیا ہوگا؟ میں اکیلا چھپ چھپ کر روتا ہوں (وہ واقعہ بیان کرتے ہوئے بھی پھوٹ پھوٹ کر رونے لگ گیا) کہ شاید بوجھ اتر جائے' دل مطمئن ہو جائے مگر ایسا نہیں ہوتا۔ کیا کروں؟ اپنے دوستوں اور بھائیوں کو کہوں گا کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر ظلم کرنا تو کیا سوچنا بھی جرم عظیم ہے۔ لہٰذا اپنے آپ کو بچاؤ یہ مکافات عمل ہے اور کچھ بھی نہیں۔ (سلیم اللہ سومرو' کنڈیارو)

منت مان کر پوری نہ کرنے کا انجام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اس وقت بہت پریشان ہوں' میری عمر گزرتی جا رہی ہے اور میرا پورا گھر میری شادی کی وجہ سے بہت پریشان ہے۔ ہمارا پورا گھر ناکامی کا منہ پچھلے بارہ تیرہ سال سے دیکھ رہے ہیں' میرے تمام بہن بھائی کسی نہ کسی مشکل میں کہیں نہ کہیں پھنسے ہوئے ہیں۔ بظاہر کوئی مسئلہ نظر نہیں آتا مگر مسائل اتنے ہیں کہ میری والدہ اولاد کی پریشانیوں کی وجہ سے ساری ساری رات بیڈ پر بیٹھ کر گزارتی ہیں۔ اب ذرا آپ ہم بہن بھائیوں کی پریشانیاں پڑھیں۔ میری شادی میں شدید رکاوٹیں۔ میرے بڑے بھائی بیرون ملک رہتے ہیں' ان کا بھی رشتہ ابھی تک نہیں ہوا حالانکہ ان کی عمر 48 سال ہو چکی ہے' وہاں بھی دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں۔ اس سے چھوٹا بھائی بھی یورپ میں پچھلے 17 سال سے ہے' مگر اسے نیشنلٹی نہیں مل رہی' ایک بار اس کی فائل سامنے آئی مگر اس کے اندر کاغذات کسی اور کے تھے پھر کام لیٹ ہو گیا۔ 20 سال کی عمر میں یورپ گیا تھا اب وہ سب سے دور بھاگتا ہے' اس کے دوست کہتے ہیں کہ کبھی کبھی سب کو یاد بہت کرتا ہے جب اس کا کام نہیں ہوتا تو سب سے دور بھاگتا ہے' اب کچھ عرصہ سے اس نے وہاں نشہ کرنا شروع کر دیا' میری والدہ شوگر کی مریض ہیں' نظر بالکل ختم ہونے پر آ گئی ہے اور انتظار میں ہیں کہ کب تینوں بیٹوں سے ملیں گی۔ تمام بہن بھائی ایک جیسے حالات میں گرفتار ہیں۔ ایک بھائی شادی شدہ ہے ان کے گھر کے بھی عجیب حالات ہیں' جو میں بیان نہیں کر سکتی۔ مختصر یہ کہ ہم ایک بہن اور پانچ بھائی ہیں' روزگار بھی تنگ ہے۔ تمام کے تمام کسی نہ کسی مسئلے میں ایسے پھنسے ہوئے ہیں کہ زندگی اجیرن بنی ہوئی ہے۔ میری والدہ نے کچھ عرصہ پہلے روتے ہوئے بتایا تھا کہ وہ ہمارے بچپن میں مختلف منتیں مان لیا کرتی تھیں جب ان کی دعا قبول ہو جاتی تو وہ منتیں پوری نہیں کرتی تھیں۔ اب میری والدہ اور ہمیں پریشانی ہے کہ کہیں ان منتوں کا عذاب تو نہیں ہم جھیل رہے؟ ہمارے گھر سے اکثر تعویذ بھی نکلتے تھے' ہم پہلے مالی طور پر بہت مضبوط تھے اور شکل صورت سے الحمدللہ خوبصورت ہیں' جس کی وجہ سے کچھ اپنوں کے حسد اور نظر بد کا بھی شکار رہے۔ ہمیں کچھ سمجھ نہیں آتا کہ آخر کیا کیا جائے' حالات کو بہتر بنانے میں ہر کوشش ناکام' براہ مہربانی! ہماری مدد کیجئے' اللہ آپ پر اپنا خاص کرم کرے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میرا نام شائع نہ کیجئے گا۔ (پوشیدہ)

حقوق زوجیت میں کمال حاصل کیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا رسالہ عبقری بڑے شوق سے پڑھتا ہوں اور سکون قلب حاصل کرتا ہوں اس کے اندر کئی پریشانیوں کا حل اور بڑے کام کے نادر نسخے مل جاتے ہیں جو حکماء کبھی کسی کو بتانا پسند نہیں کرتے مگر میں آپ کی فراخدلی کو سلام پیش کرتا ہوں اور دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے اور آپ کے علم وعمل میں برکتیں نازل فرمائے۔ آمین! میری عمر تقریباً 34 سال ہے' شادی کو تقریباً 9 سال ہو چکے ہیں' چار بچے ہیں۔ تقریباً دو سال پہلے میرے ساتھ عجیب مسئلہ ہوتا کہ حقوق زوجیت ادا کرنے کے بعد میری ٹانگوں میں شدید درد ہوتا اور انتہائی گرم ہو جاتیں۔ پھر میرے دوست نے مجھے ایک نسخہ دیا جس کے استعمال سے حقوق زوجیت کے حوالے سے درپیش تمام مسائل الحمدللہ حل ہو گئے۔

ھوالشافی: موصلی سفید' موصلی کالی' طباشیر' لسوڑھی چھوٹی' چھلکا اسپغول' ریگ ماہی' پنجہ' سنگھاڑا خشک تمام ایک ایک تولہ' زعفران دو تولہ۔ سب کو پیس کر شہد میں ملا کر گولیاں بنالیں۔ رات کو ایک گولی نیم گرم دودھ سے کھائی ہے۔ (م،س،ر)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

میں نے پائی اعمال کی برکت! آپ بھی پڑھیے

میں نے اپنے ایک دوست کو برکت والی تھیلی ہدیہ کی تھی اور اس کا عمل تفصیل سے سمجھا دیا تھا۔ کچھ عرصہ بعد میرا دوست مجھے بتانے لگا کہ برکت والی تھیلی کا عمل جو آپ نے دیا تھا وہ بڑا زبردست ہے۔ میں نے پوچھا کیسے؟ بتانے لگا کہ چند ماہ پہلے میری بہن کی شادی تھی

انسولین چھوٹ گئی شوگر نارمل ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے ایک ڈاکٹر صاحب ہیں وہ خود شوگر کے مریض ہیں تو مجھے ایک دن ملے تو بالکل ہشاش بشاش تھے' ان کی صحت قابل رشک تھی' میں نے ان سے اس کی وجہ پوچھی تو کہنے لگے کہ ایک عمل سے میری انسولین چھوٹ گئی اور شوگر نارمل ہوگئی اور میری صحت بھی کافی بہتر ہوگئی ہے۔ میں نے ان سے عمل پوچھا تو انہوں نے درج ذیل عمل بتایا:۔

عمل: اول و آخر درود شریف تین بار' یہ آیت ایک مرتبہ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ﴿الطارق ۸﴾ سورۃ الذریت پوری سورۃ ایک مرتبہ۔ یہ پورا عمل ہوا۔ اس طرح دن میں جتنی دفعہ آپ یہ عمل کر سکتے ہیں۔ آپ شوگر کی بیماری کا تصور رکھ کر یہ پڑھیں۔ انشاء اللہ پاک کی رحمت خاص ہوگی۔

سورۂ کوثر اور برکت والی تھیلی کی برکت

میں نے اپنے ایک دوست کو برکت والی تھیلی ہدیہ کی تھی اور اس کا عمل تفصیل سے سمجھا دیا تھا۔ کچھ عرصہ بعد میرا دوست مجھے بتانے لگا کہ برکت والی تھیلی کا عمل جو آپ نے دیا تھا وہ بڑا زبردست ہے۔ میں نے پوچھا کیسے؟ بتانے لگا کہ چند ماہ پہلے میری بہن کی شادی تھی تو ہم نے اپنی زمین بیچ دی تھی اور جو اس کی رقم تھی وہ ہم نے برکت والی تھیلی میں ڈال کر رکھ دی اور ہم نے رمضان میں بھی اس پر سورۂ کوثر 129 مرتبہ صبح و شام پڑھی۔ اس تھیلی میں ہم نے اڑھائی لاکھ روپے رکھے تھے اور شادی کے سارے خرچے اسی تھیلی کے پیسوں سے کرتے رہے۔ کہنے لگا کہ جب ہم نے شادی کے بعد اخراجات کا حساب لگایا تو وہ خرچہ ساڑھے چار لاکھ روپیہ تھا۔ اللہ پاک کی غیبی مدد آئی۔ اللہ پاک کے نام کی برکت سے سارے کام اڑھائی لاکھ میں ہوگئے۔

سلام قولا من رب الرحیم کی برکت

ایک شخص نے مجھے بتایا کہ میں جب بھی موٹر سائیکل پر گھر سے نکلتا ہوں تو سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿یٰسٓ ۵۸﴾ کا ورد شروع کر دیتا ہوں اس کی برکت سے میں ہر قسم کے حادثات و پریشانیوں سے بچا رہا ہوں' دو مرتبہ تو یقینی حادثوں سے اللہ پاک نے مجھے بچایا۔

دل نیکی کی طرف مائل: ایک لڑکا اپنا تجربہ بتانے لگا کہ میں سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿یٰسٓ ۵۸﴾ کی صبح فجر کے بعد تسبیح کرتا ہوں۔ جس کی وجہ سے میرا دل نیکی کی طرف مائل ہونا شروع ہوگیا ہے' نماز میں خشوع و خضوع آگیا ہے۔ ذکر و درود پاک پڑھنے کو خوب دل کرتا ہے۔ اللہ نے جھوٹ، غیبت، چغلی سے بچایا ہوا ہے۔

(بقیہ: اسلام میں معذوروں کے حقوق و سلوک)

سعید بن یربوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک صحابی تھے جن کی آنکھیں جاتی رہی تھیں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سے کہا کہ آپ جمعہ میں کیوں نہیں آتے؟ انہوں نے کہا: میرے پاس آدمی نہیں کہ مجھ کو راستہ بتائے، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک آدمی مقرر کر دیا جو ان کے ساتھ رہتا تھا۔ (الفاروق: 205/2) حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے زمانے میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ کی ایک اندھی عورت کی خبر گیری کیا کرتے تھے' پھر ایسا ہونے لگا کہ جب بھی آپ پہنچتے، یہ دیکھتے ہیں کہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ آکر اس کے کام کر جاتے ہیں۔ (اسلام میں عدل اجتماعی، قطب شہیدؒ: 382) **مذہبی حقوق و مراعات:** بہت سی عبادات جو جسمانی تعب و مشقت کی متقاضی ہیں' اسلام نے معذور حضرات کو یا تو ان سے بالکلیہ مستثنیٰ رکھا ہے یا پھر ان کا متبادل تجویز کیا ہے۔ جمعہ و جماعات کی لازمی حاضری سے معذور حضرات مستثنیٰ ہیں۔ مال دار ہوں' مگر اپاہج و لاچار ہوں تو عبادت، حج میں، حج بدل اور روزہ میں فدیہ کی شکل رکھی گئی ہے' جہاد جیسی عظیم عبادت سے بھی یہ حضرات مستثنیٰ ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''اندھے پر کوئی حرج نہیں ہے اور نہ لنگڑے پر کوئی حرج ہے اور نہ بیمار پر کوئی حرج ہے۔'' (الفتح 17) بصارت سے محرومی اور لنگڑے پن کی وجہ سے چلنے پھرنے سے معذوری ہے' یہ دونوں عذر تو لازمی ہیں' ان اصحاب عذر یا ان جیسے دیگر معذورین کو جہاد سے مستثنیٰ کر دیا گیا' حد تو یہ کہ یہ معذور حضرات جو اپنی معذوری کے برابر اجر و ثواب کا وعدہ گھر بیٹھے حاصل ہے۔ غزوہ تبوک کے موقع سے آپ ﷺ نے معذورین کے بارے میں جہاد میں شریک لوگوں سے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ تمہارے پیچھے مدینہ کے کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ تم جس وادی کو بھی طے کرتے ہو اور جس راستے پر بھی چلتے ہو تمہارے ساتھ وہ اجر میں برابر کے شریک ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے عرض کیا: یہ کیونکر ہوسکتا ہے جبکہ وہ مدینہ میں بیٹھے ہیں؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''عذر نے ان کو وہاں روک دیا ہے۔'' (بخاری، کتاب الجہاد) **سیاسی و حربی حقوق و مراعات:** اسلام سے قبل جنگ میں مقاتلین اور غیر مقاتلین کے درمیان کوئی امتیاز نہ تھا' دشمن قوم کے ہر فرد کو دشمن سمجھا جاتا تھا اور اعمال جنگ کا دائرہ تمام طبقوں اور جماعتوں پر یکساں محیط تھا۔ عورتیں' بوڑھے' بیمار' زخمی کوئی بھی اس بے گیر دست درازی سے مستثنیٰ نہ تھا۔ (الجہاد فی الاسلام 198) (بشکریہ نقیب ختم نبوت)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: کمی احمد پوری

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی۔ ''اے محبوب! فرما دیجئے کہ میں تم سے صرف اپنی قرابت کے ساتھ محبت کا سوال کرتا ہوں۔'' تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ کی قرابت والے کون ہیں جن کی محبت ہم پر واجب کی گئی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: علی (رضی اللہ عنہ)، فاطمہ (رضی اللہ عنہا) اور ان کے دونوں بیٹے (حسن و حسین رضی اللہ عنہم)۔ (طبرانی)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: یہ علی بن ابی طالب ہے' اس کا گوشت میرا گوشت ہے اور اس کا خون میرا خون ہے اور یہ میرے لیے ایسے ہے جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کیلئے حضرت ہارون علیہ السلام مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ (طبرانی)

30 سال پرانا مرض احتلام کیسے ٹھیک ہوا؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری پچھلے تین سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں۔ اس رسالے سے جینے کا سلیقہ آگیا ہے' اس میں موجود بہت سی طبی و روحانی تحریروں نے میرے بہت سے مسائل حل کر دیئے ہیں۔ میرے پاس بھی میرا ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے جس کی وجہ سے ایک نامراد مرض سے مجھے نجات ملی۔ میں گزشتہ 30 سال سے مبتلا مرض احتلام رہا ہوں' قارئین کو اپنے تجربہ کی بنیاد پر ایک آزمودہ ٹوٹکہ بتا رہا ہوں۔ انشاء اللہ بہت سے بھائیوں کو فائدہ ہوگا۔ ٹوٹکہ بہت آسان اور ہر آدمی کی پہنچ میں ہے وہ یہ کہ آپ جب بھی روٹی کھائیں شوربہ والے سالن سے کھائیں اور روٹی کو شوربے میں اچھی طرح کوٹ کر مسل کر رکھیں' جب روٹی خوب نرم ہوجائے تو اسے خوب چبا چبا کر کھائیں۔ کھانے کے آدھ گھنٹہ پہلے پانی پئیں اور کھانے کے ڈیڑھ گھنٹہ بعد تک پانی ہرگز نہیں پینا۔ دن میں کم از کم آٹھ گلاس پانی پئیں۔ پھر اپنی صحت دیکھیں۔ صرف اسی ٹوٹکہ سے مجھے احتلام جیسے مرض سے نجات ملی۔ (عبدالرحمٰن' اٹک)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

آپ کا خواب اور روشن تعبیر

دین کیلئے قربانی: میں نے خواب میں دیکھا کہ میں جیسے کسی بلڈنگ میں ہوں، میں اور میری جٹھانی اندر جاتے ہیں' قالین بچھے ہوتے ہیں۔ میری جٹھانی پیچھے ہی بیٹھ جاتی ہے اور میں آگے بڑھ جاتی ہوں۔ آگے میں نے دیکھا کہ ایک سجی ہوئی چارپائی ہے، پالکی کی طرح نظر آتی ہے اور کہتے ہیں اس پالکی میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ آرام فرما رہے ہیں، ان کے اوپر سرخ لحاف ہوتا ہے اور ان کا پورا جسم مبارک ڈھکا ہوتا ہے۔ میں بہت زیادہ روتی ہوں کہ ظالموں نے ان کے ساتھ کیا کیا اور میں ان کا چہرہ مبارک دیکھنے کی کوشش کرتی ہوں، مگر ان کو دیکھ نہیں پاتی (مطلب ان کا دیدار نہیں ہو پاتا) پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (عائشہ' لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ جس طرح حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے دین حق کیلئے قربانیاں دے کر اس دین کو نئی زندگی بخشی تھی، آج بھی قربانی خواہ جان کی ہو یا مال کی اس دین کو مٹنے سے بچا سکتی ہے۔ آپ زیادہ سے زیادہ صدقہ زکوٰۃ دیا کریں۔ (واللہ اعلم)

رزق میں اضافہ: میں نے ایک خواب دیکھا کہ جیسے میرا بھائی میرے پاس آتا ہے اور میرے منہ میں نمک ڈالتا ہے، نمک سفید اور بہت زیادہ مقدار میں ہے، میرا منہ نمک سے بھر جاتا ہے اور پھر نمک اتنا زیادہ ہوتا ہے کہ میرا بھائی نمک کو اپنے بدن پر مل لیتا ہے۔ (زویا' کراچی)

تعبیر: اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے رزق میں اضافہ ہوگا، نیز آپ کے بھائی کی روزی میں برکت ہوگی اور صحت و تندرستی ملنے کا بھی اشارہ ہے۔

حقیقی خوشیاں: میں نے خواب دیکھا کہ پرانا گھر ہے اور وہاں ایک سبز، گلابی، جامنی رنگ کا چھوٹا سا پرندہ آتا ہے، میرا بھائی اس پرندے کو پکڑ کر میرے کان کے قریب کرتا ہے، پہلے وہ اصل پرندے کی طرح ہوتا ہے، پھر پتہ چلتا ہے کھلونا پرندہ ہے، پھر اس پرندے کی شکل گڑیوں جیسی پلاسٹک کی طرح ہو جاتی ہے، میں دروازے کی اوٹ میں کھڑی ہو جاتی ہوں اور والدہ دروازے میں کھڑی باہر سائیکل کو دیکھ رہی ہیں۔ اتنے میں میرے مرحوم والد سفید پینٹ شرٹ پہنے گھر میں تیزی سے داخل ہوتے ہیں، میری والدہ کہتی ہیں کہ اچھا ہوا تم سامنے دروازے میں نہیں تھیں، ورنہ تمہارے والد غصہ کرنے لگتے۔ پھر والد کمرے میں چلے جاتے ہیں اور کپڑے وغیرہ منگوا کر صدقے کے طور پر دیتے ہیں۔ اتنے میں میری امی کی خالہ آجاتی ہیں تو امی مجھ سے کہتی ہیں خالہ، پاپا سے گھر کی کوئی بات نہ کریں۔ پھر میں سرخ شربت بناتی ہوں، وہ گلاس ہیں ذائقہ چکھنے کیلئے تھوڑا سا پی کر بھی دیکھتی ہوں، پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (سویرا' راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات پر آپ کو متنبہ کیا گیا ہے کہ زندگی کو مصنوعی پن سے نکال کر حقیقت پسند بنیں تاکہ زندگی کی حقیقی خوشیاں اور کامیابیاں آپ کا مقدر بنیں، نیز اپنے والد مرحوم کو نفلی عبادات یا صدقہ وغیرہ کر کے ایصال ثواب پہنچاتی رہیں۔ واللہ اعلم!

ناگہانی مصیبت سے چھٹکارا: میں نے خواب دیکھا کہ میں سیڑھیوں پر اپنے شوہر کے ساتھ کھڑی ہوں اور میں نے سفید چادر اس طرح لپیٹی ہے جیسے حج پر مرد حضرات نے سفید چادر لپیٹی ہوتی ہے۔ اچانک میرے سسر وہاں آجاتے ہیں، میں ان سے چھپتی ہوں کہ کہیں وہ مجھے دیکھ نہ لیں، پھر وہ مجھے اپنے شوہر کے ساتھ سیڑھیوں میں کھڑا ہوا دیکھ لیتے ہیں اور میرے پیچھے آتے ہیں، میں سیڑھیوں سے ایک طرف مڑ جاتی ہوں تو وہاں کچھ قبریں سی آجاتی ہیں، ان قبروں پر سبز کپڑا پڑا ہوا ہے اور بہت سے چراغ جل رہے ہیں۔ میرے سسر وہاں مجھ سے باتیں کرنا شروع کر دیتے ہیں، پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (ام سعد' لاہور)

تعبیر: آپ اور آپ کے شوہر کسی بڑی پریشانی سے بچ کر سلامتی اور عافیت پائیں گے، بالخصوص آپ کو شوہر کی اطاعت کی وجہ سے ہی اس ناگہانی مصیبت سے چھٹکارا مل سکے گا۔ واللہ اعلم!

مصیبت' بیماری یا پریشانی: میری بیٹی اکثر خواب میں دیکھتی ہے کہ کوئی اسے مارنے کیلئے بھاگ رہا ہے اور یہ اپنی جان بچانے کیلئے بھاگ رہی ہے، کبھی ٹرین میں چڑھ جاتی ہے، کبھی کسی گاڑی میں بیٹھ جاتی ہے، اس نے دوسرا خواب یہ دیکھا کہ کوئی مرد میری بیٹی کے بالوں میں بہت ہی خوبصورت سفید پھول لگا رہا ہوتا ہے، وہ پھول لگانے لگتا ہے تو پھول مرجھا جاتے ہیں اور پھولوں کا رنگ بھی بدل جاتا ہے اور میری بیٹی کہتی ہے یہ پھول میں نہیں لگاؤں گی کیونکہ یہ خراب ہو گئے ہیں۔ (اہلیہ بشیر' کوئٹہ)

تعبیر: آپ کی بیٹی کے خواب کے مطابق اس پر کوئی مصیبت' پریشانی یا بیماری آنے کا اندیشہ ہے، تاہم آپ اس کا حسب توفیق صدقہ دیں اور بچی سے کہیں کہ روزانہ پانچ وقت نماز کی پابندی کرتے ہوئے ہر نماز کے بعد ایک بار آیت الکرسی اور یاحفیظ 19 بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔ ان شاء اللہ حفاظت رہے گی۔ واللہ اعلم!

خوشحالی نصیب ہوگی: میں نے خواب دیکھا کہ آسمان پر گہرا بادل چھایا ہوا ہے اور اسی بادل سے چھنتا ہوا ایک پاؤں نکلتا ہے، بالکل افشاں کی طرح، پھر اس بادل سے بارش کی طرح سکے برستے ہیں، جن کی وجہ سے بلب بھی ٹوٹتے ہیں۔ میں اور میرے بیٹے ایک کمرہ کے اندر پناہ لیتے ہیں، پھر جب بارش (سکوں کی) رکتی ہے تو ہر طرف سکے ہی سکے ہوتے ہیں، ہم وہ سکے کمرے، صحن اور چھت پر سے اٹھاتے ہیں، پھر مانگنے والا ایک ہجوا آتا ہے ہم وہ سکے اس کو بھی دیتے ہیں، پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (خدیجہ' ساہیوال)

تعبیر: آپ کا خواب ماشاء اللہ مبارک ہے اور اس بات کی بشارت ہے کہ ان شاء اللہ خوشی اور خوشحالی نصیب ہوگی اور اللہ کی رحمت اور فضل کا نزول ہوگا، آپ شکرانے کے دو نفل ادا کریں اور پانچ وقت کی نماز کی پابندی کا اہتمام کریں۔ واللہ اعلم!

سورۂ بقرہ کے دم شدہ پانی کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری ماہ باقاعدگی سے خریدتی ہوں' اس میں موجود تحریریں بہت باکمال ہوتی ہیں۔ میں خود کثرت سے درود پاک' استغفار' سورۂ اخلاص پڑھتی ہوں' صبح و شام تیسرا کلمہ ایک تسبیح کرتی ہوں۔ مگر میں جو مشاہدہ یہاں قارئین کو بتانا چاہتی ہوں وہ یہ ہے کہ میرا بھائی ہر روز سورۂ بقرہ مکمل پڑھتا ہے اور پانی پر دم کرتا ہے' مجھے جب بھی جسم میں بے چینی ہوتی ہے' بازو پر کوئی چیز چبھتی محسوس ہوتی ہے یا ہاتھ پاؤں سے آگ سی نکلتی محسوس ہوتی ہے تو میں یہ پانی جسم پر لگاتی ہوں' فوراً سکون محسوس ہوتا ہے۔ (ج، ا۔ جھنگ)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

اولاد کی اسلامی تربیت نہ کرنے کا (پوشیدہ) بھیانک انجام

میں اپنے بیوی بچوں اور معاشرے سے پوچھنا چاہتا ہوں آخر میرا قصور کیا ہے؟ بچوں نے آج تک جو منہ سے بات نکالی میں نے پوری کی' حلال کمایا اور حلال ہی کھلایا۔ کیا اولاد ایسی ہوتی ہے؟ شاید یہ میرے کسی گناہ کی مجھے سزا مل رہی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتا ہوں' عبقری رسالہ میرے غموں کا مداوا ہے' میں ہر ماہ بڑی بے چینی سے اس کا انتظار کرتا ہوں۔ عبقری رسالے سے لے کر بہت سے نسخہ جات میں نے لوگوں کو استعمال کروائے جس سے سینکڑوں نہیں ہزاروں مریض صحت یاب ہوئے۔ اللہ آپ کو اس کا اجر عطا کرے گا' اللہ آپ کو ایمان والی زندگی عطا کرے آپ سدا اسی طرح مخلوق خدا کی خدمت کرتے رہیں اور یونہی ہم سب آپ کو دعاؤں سے نوازتے رہیں۔ **محترم حضرت حکیم صاحب!** آج میں قارئین کو اپنی آپ بیتی سنانا چاہتا ہوں اور ان سے چند باتیں کرنا چاہتا ہوں۔ میں خدا کو حاضر ناظر جان کر کہتا ہوں کہ میں جو باتیں کرنے جارہا ہوں کچھ بھی غلط بیانی نہیں کروں گا اور جو کچھ لکھوں گا سچ لکھوں گا کیونکہ سچ کو آنچ نہیں' جھوٹ جھوٹ ہے اور سچ سچ ہے۔

محترم قارئین! میرے 7 بچے ہیں' چار بیٹے اور تین بیٹیاں' میرے کاروباری حالات کبھی بھی یکساں نہیں رہے' زندگی میں اونچ نیچ ہوتی رہتی ہے۔ میں نے اپنے بچوں کی بہترین پرورش کی' بہترین کھلایا' بہترین پلایا' بہترین سکول' کالجز سے تعلیم دلوائی۔ میں نے اپنے بچوں کو اس قابل بنایا کہ وہ ملک کے بہترین اداروں میں نوکری کے فرائض انجام دے سکیں۔ میرے دو بیٹے انگلینڈ میں ویل سیٹل ہیں۔ ماہانہ ٹھیک ٹھاک آمدن ہے' دو بیٹے پاکستان میں گورنمنٹ جاب کررہے ہیں اور ان کی بھی ٹھیک ٹھاک آمدن ہے۔ دو بیٹیوں کی دھوم دھام سے میں نے شادی کی۔ اپنا سب کچھ اپنی اولاد پر لٹا دیا۔ مگر! آج تک میرے بچوں نے مجھ سے سیدھے منہ بات نہ کی' جو کمایا اپنی ماں کے ہاتھ پر رکھ دیا' میری بیوی نے بھی کبھی میرا ساتھ نہ دیا۔ پچھلے سال میرا ایک بیٹا انگلینڈ سے واپس آیا۔ ان دنوں میری طبیعت سخت خراب تھی۔ میرے بیٹوں اور میری بیوی سب نے مل کر مجھے گھر سے دھکے دے کر نکال دیا۔ میں نے بچوں کو روتے اور ہاتھ جوڑتے ہوئے کہا کہ ''میرا قصور تو بتادو' میرا قصور کیا ہے؟''

مگر بچوں اور ان کی ماں نے ایک نہ سنی' جب مجھے مین دروازے سے باہر دھکا دیا گیا تو میں نے یہ الفاظ ضرور کہے کہ بیٹا آج اپنے بیمار باپ کو گھر سے نکال رہے ہو تو کل کو تمہاری اولاد بھی تم کو اسی طرح نکالے گی' قدرت کا نظام ہے کہ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے' جو بوؤ گے وہی کاٹو گے۔ مگر میرے دوسرے بیٹے نے چلا کر کہا: کل جو ہوگا سو ہوگا' وہ بھی ہم دیکھ لیں گے تو فی الحال یہاں سے نکل۔ پچھلے سال سے میں اپنے غریب بوڑھے والدین کے گھر میں رہ رہا ہوں میری خود کی عمر 52 سال ہے۔ میری دو بیٹیوں کی شادی ہوچکی ہے جو کہ بیرون ملک ہیں' کبھی انہوں نے باپ کا آج تک فون کر کے حال نہیں پوچھا' میں خود رابطہ کرلوں تو بھی سیدھے منہ بات نہیں کرتیں۔ میری بیوی نے ایک بیٹے کی شادی کی مگر مجھے بلانا تو بڑی دور کی بات پوچھا تک نہیں۔ میں اپنے بیوی بچوں اور معاشرے سے پوچھنا چاہتا ہوں آخر میرا قصور کیا ہے؟ بچوں نے آج تک جو منہ سے بات نکالی میں نے پوری کی' حلال کمایا اور حلال ہی کھلایا۔ کیا اولاد ایسی ہوتی ہے؟ شاید یہ میرے کسی گناہ کی مجھے سزا مل رہی ہے' ہاں! ایک غم مجھے اندر سے کھائے جارہا ہے کہ میں نے اپنے بچوں کو دنیا (باقی صفحہ نمبر 37 پر)

صبر و شکر کا ایک دلچسپ واقعہ

ایک شخص جو کہ انتہائی بدشکل و بدصورت تھا' جتنا وہ بدصورت تھا اتنی اس کی بیوی خوبصورت و حسین تھی۔ ایک مرتبہ وہ دونوں آپس میں بیٹھے گفتگو کررہے تھے کہ اچانک خاوند نے اپنی بیوی سے کہا کہ کیا آپ کو معلوم ہے؟ کہ میں جنتی ہوں' بیوی بولی کیسے؟ میاں نے جواب دیا کہ مجھے اللہ نے آپ جیسی خوبصورت بیوی عطا کی ہے جس پر میں لاکھ لاکھ شکر گزار ہوں اور شکر ادا کرنے والے جنت میں جائیں گے۔ یہ سنتے ہی بیوی یکدم بولی کہ میں آپ سے پہلے جنتی ہوں' شوہر نے کہا وہ کیسے؟ بیوی نے جواب دیا: مجھ کو اللہ تعالیٰ نے آپ جیسا بدشکل اور بدصورت خاوند دیا جس پر میں نے صبر کیا لہٰذا میں تو آپ سے پہلے جنت میں جاؤں گی۔ (بن یامین ملکی مروت)

عبقری پڑھیں اور منہ میٹھا کیجئے

عبقری کے گھر آنے کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ ہمارے گھر میں محبت لوٹ آئی جو نہ جانے کب سے جاچکی تھی'

عبقری پڑھیں اور منہ میٹھا کیجئے: محترم حضرت حکیم صاحب میں عرصہ چھ ماہ سے عبقری کی قاری ہوں۔ آج سے تقریباً تین سال پہلے مجھے انمول خزانہ نمبر ایک اور دو ملے تھے میں ہر نماز کے بعد انمول خزانہ نمبر ایک ایک دفعہ اور دو انمول خزانہ ہر وقت پڑھتی ہوں۔ مجھے اس کے بہت سے فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ میں نے جب سے عبقری پڑھنا شروع کیا ہے یقین جانیے عبقری نے تو میری زندگی ہی بدل دی ہے' میں حیران ہوں کہ آپ کو یہ قیمتی خزانے ملتے کہاں سے ہیں؟ آپ کیلئے ہر وقت دعا کرتی ہوں کہ اللہ آپ کو جزائے خیر دے آپ بغیر کسی معاوضے کے مخلوق خدا کی خدمت کررہے ہیں۔ جب سے عبقری پڑھ رہی ہوں میرے منہ کا ذائقہ ہر وقت ایسے رہتا ہے کہ جیسے میں نے ابھی ابھی شہد کھایا ہے' میں بڑی خوشی سے دوسرے لوگوں کو عبقری پڑھنے کیلئے دیتی ہوں کہ آپ بھی پڑھیں اور منہ شہد کی مٹھاس سے میٹھا کیجئے۔ (ثوبیہ اکرم لالہ موسیٰ)

عبقری آیا گھر میں محبت لایا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ عرصہ قبل میرے گھر کے حالات بہت خراب تھے' ہر کوئی ایک دوسرے کو کاٹ کھانے کو دوڑتا تھا۔ چند ماہ پہلے میں نے بک سٹال پر عبقری دیکھا اور ویسے ہی مطالعہ کیلئے خرید لایا' اس دن سے ہر ماہ ہمارے گھر عبقری باقاعدگی سے آتا ہے۔ عبقری کے گھر آنے کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ ہمارے گھر میں محبت لوٹ آئی جو نہ جانے کب سے جاچکی تھی' اب ہر کوئی ایک دوسرے کو محبت' پیار اور احترام دیتا ہے۔ (خالد محمود' اٹک)

عبقری نے سکون اور خوشیاں لوٹا دیں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے۔ عبقری کے میرے اوپر بہت احسانات ہیں۔ میری شادی کے سات سال لڑائیوں اور پریشانیوں میں گزرے ہیں جب سے یہ رسالہ (عبقری) ہمارے گھر میں آنا شروع ہوا ہے مجھے بہت سکون اور خوشیاں ملی ہیں۔ لڑائی جھگڑے ختم ہوگئے ہیں۔ عبقری میں موجود ایک وظیفے کے پڑھنے کی وجہ سے اللہ نے اولاد نرینہ عطا فرمائی۔ وہ میگزین مجھ سے کہیں گم ہوگیا جس میں وظیفہ تھا۔ (ا۔ع۔ف)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

خواتین پوچھتی ہیں؟

ام اوراق

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

عجیب سا ڈر ہے: سکول میں پڑھاتی ہوں اور ساتھ بی اے بھی کررہی ہوں، میری زندگی کا مقصد صرف کام کرنا اور پڑھنا ہے، مجھ میں خامی یہ ہے کہ دوسروں کے جذبات سے بے خبر رہتی ہوں، جسمانی طور پر کمزور ہوتی جارہی ہوں نیز زیادہ کام بھی نہیں کرسکتی۔ سوتے میں ایسا لگتا ہے جھٹکے لگ رہے ہیں، کسی بات پر غور نہیں کرسکتی، مجھے یہ نہیں پتہ دوسرے مجھے طعنے دے رہے ہیں یا برا کہہ رہے ہیں، ایک عجیب سا ڈر ہے جو مجھے بے چین رکھتا ہے۔ مجھے بتایئے کیا کروں؟ کہیں میں نفسیاتی مریضہ تو نہیں بن گئی؟ کاش! میں بھی دوسروں کی طرح ہنس بول سکتی، بتایئے میں کیا کروں؟ (ر،ش)

جواب: آپ کا یہ چار صفحوں کا خط میرے سامنے ہے میری سمجھ میں نہیں آرہا کہ آپ پڑھ اور پڑھا کس طرح رہی ہیں۔ آپ نے اچھی خاصی زندگی کو عذاب بنالیا ہے، آپ بالکل ٹھیک ہیں، شادی ہوجائے گی تو معاملات بہتر ہوجائیں گے، ہمارے ہاں پتہ نہیں کیوں شادیاں جلدی نہیں کی جاتیں۔ وقت پر شادی نہ ہو تو مسائل جنم لیتے ہیں۔ آپ یہ سوچ لیں کہ بالکل صحت مند ہیں، اپنی صحت کی فکر کریں اچھی غذا کھایئے اور نماز کی پابندی کریں۔ چند دنوں میں معاملات ٹھیک ہوجائیں گے۔ چاند کی ابتدائی تاریخوں میں ایک گلاس تربوز کا پانی لیں، اس میں دو چمچ مصری ملائیں، رات کو یہ پانی کسی بوتل میں بھر کر آسمان کے نیچے رکھ دیں، صبح اٹھ کر نماز اور تلاوت کے بعد یہ پانی پی لیں۔ یہ عمل 21 روز کریں۔ تربوز بہت فوائد رکھتا ہے، اس کا پانی پینے سے ذہن کی گرد دور ہوجاتی ہے۔ اکیس دن یہ پانی پی کر آپ سات بادام اور پانچ کالی مرچیں پیس کر صبح نماز کے بعد نہار منہ کھایئے۔ دو تین ماہ میں آپ کا حافظہ تیز ہوجائے گا اور حسیات بھی بیدار رہیں گی۔

نقلی زیورات خراب نہ ہوں گے: مجھے نقلی زیورات اکٹھا کرنے کا بے حد شوق ہے، اب میرے ساتھ ایک مسئلہ یہ ہوا ہے کہ ان زیوروں کی چمک مدھم پڑتی جارہی ہے اور یہ کہیں کہیں سے مٹیالے بھی ہورہے ہیں، میری طرح اور لڑکیوں کو بھی زیورات خریدنے کا شوق ہوتا ہے۔ یہ کیسے محفوظ رکھے جاسکتے ہیں؟ (شائستہ لاڑکانہ)

جواب: نقلی زیورات کے معاملے میں تھوڑی سی احتیاط کرنی پڑتی ہے، ان کو ٹیشو پیپر میں لپیٹ کر رکھیں، کسی ہوا بند ڈبے میں زیور کے ساتھ دو تین سفید چاک بھی رکھیں۔ تختہ سیاہ پر جو چاک لکھنے کے کام آتے ہیں وہ خریدیے، زیورات خراب نہیں ہوں گے۔ آج کل تو ان پر پالش بھی ہوجاتی ہے مگر وہ مہنگی پڑتی ہے۔ بعض دفعہ ان زیورات سے الرجی ہوجاتی ہے، اس سے بچنے کیلئے آپ زیور پہننے سے پہلے کوئی سی بھی ہلکی سی کریم لگالیں، نقلی زیورات تقریبات سے فارغ ہوکر فوراً اتار دیا کریں کیونکہ انہیں زیادہ دیر پہننے سے نقصان ہوتا ہے خصوصاً گلے کے ہار وغیرہ۔ صحت ہے تو سب کچھ ہے، زیورات بغیر صحت کے کسی کام کے نہیں۔

کیا امرود میٹھے ہوسکتے ہیں؟: میرے گھر میں امرود ہے مگر کسیلا، درخت کٹواتے بھی عجیب سا لگتا ہے، کیا امرود میٹھے ہوسکتے ہیں؟ ضرور بتایئے۔ (مبشر حسین)

جواب: میرے گھر میں بھی امرود کا درخت تھا، ہم قربانی کا خون اس کی جڑوں میں ڈالتے تھے جس سے خوب پھل آتا۔ پھول آنے سے پہلے امرود کے چاروں طرف جڑ کے پاس گڑھا کھودیے۔ اب گڑ کوٹ کر اس میں ڈالیں اور اوپر سے مٹی ڈال دیں، امرود کا ذائقہ بدل جائے گا، اگر آپ میٹھے امرود چاہتی ہیں تو ہر سال تازہ گڑ ڈالیے۔ اسی طرح انگور کی بیل میں ہر سال قربانی کا خون ڈالا جائے تو انگور بہت میٹھے اور اچھے ہوجاتے ہیں۔ موتیا چنبیلی کے گملوں میں دودھ کی خالی پتیلی میں پانی ملا کر روز ڈالا جائے تو پھول بڑے ہوجاتے ہیں، جب بھی دودھ کا برتن دھوئیں پانی گملے میں ڈال دیں۔

گرمی اور چکر: گرمی کے موسم میں میرا چہرہ گرم ہوجاتا ہے، پاؤں کے تلوے آگ کی طرح جلتے ہیں، زیادہ دیر دھوپ میں بھی نہیں رہ سکتی۔ میری عمر ساٹھ سال ہے، گرمی میں رہوں تو چکر آنے لگتے ہیں۔ اس بارے میں ضرور بتایئے، گرمی کا موسم میرے لئے عذاب ہوتا ہے۔ (اہلیہ سرور)

جواب: گرمی کے موسم میں آپ سبزیاں زیادہ کھایئے، دہی آدھا کپ ضرور لیں، ہرا گھیا کھایئے، یہ ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پسندیدہ غذا تھی، وہ سالن میں کدو کے ٹکڑے ڈھونڈ کر تناول فرماتے تھے، گھیے کا رائتہ بھی مفید ہے۔ اس کی بھجیا اور گوشت میں پکا ہوا سالن بھی مزے کا ہوتا ہے۔ چھاچھ میں گھیے کے قتلے کاٹ کر ڈال دیں، اب اسے آپ ماتھے پر ملیے اور سر پر بھی لگایئے، پاؤں کے تلوؤں پر بھی اچھی طرح گھیے سے مساج کیجئے، دس پندرہ منٹ بعد نہالیجئے۔ چند دنوں میں گرمی کی شکایت دور ہوجائے گی، صندل کا شربت گرمی دور کرکے بدن میں ٹھنڈک ڈالتا ہے کسی اچھے دواخانے کا صندل خریدیے اور دن میں دو بار شربت بنا کر پی لیا کریں۔ آپ کو چھاچھ نہ ملے تو تھوڑے سے دہی میں پانی ملا کر گھیا ڈال سکتے ہیں، اس کا مساج کریں۔

قبض کا مسئلہ: میرے بھائی بیرون ملک ہیں 26 سال کی عمر میں گلے کا آپریشن ہوا ہے، وہ قبض کی وجہ سے سخت پریشان ہیں، وہاں ڈاکٹرز زیادہ پانی پینے کی تاکید کرتے ہیں، پانی سے انہیں پیٹ میں اپھارہ اور گیس کی شکایت ہوجاتی ہے، ان کا کئی بار ٹیلی فون آیا کہ قبض کے بارے میں ضرور بتایئے۔

جواب: وہاں کے ڈاکٹرز ٹھیک کہتے ہیں، پانی زیادہ پینے سے قبض ٹوٹ جاتا ہے، پانی ویسے بھی صحت کیلئے مفید ہے، آپ کے گلے کا آپریشن ہوا ہے، کھٹی چیز ویسے نہیں کھانی چاہیے، وہاں منقیٰ مل جائے گی، پندرہ سولہ دانے صبح ایک گلاس پانی میں بھگودیں، اگلی صبح تک منقیٰ پھول جائے گا، آپ ایک ایک دانہ کھایئے تاہم اس کے بیج پھینک دیں اور اور بچا ہوا پانی پی لیں۔ یعنی چوبیس گھنٹے منقیٰ بھگونا ہے اور صبح نہار منہ کھا کر پانی پینا ہے، دس بارہ دن کرکے دیکھئے۔ اس میں آسانی سے جذب ہونے والا فولاد ہے جو خون کی کمی دور کرے گا اور صحت بنائے گا، خون کے سرخ ذرات بڑھیں گے، ایک قسم کی مقوی اور توانائی دوا سمجھئے، آپ کی کمزوری دور ہوگی۔

ورم: گھر میں چلنے پھرنے سے میرے پیروں، پنڈلیوں اور ٹانگوں میں سوجن ہوجاتی ہے، مجھ جیسے سفید پوش لوگ جن کے پاس وسائل نہیں ان کیلئے اس مسئلے کا حل لکھئے، مہربانی ہوگی۔ (میمونہ لاڑکانہ)

جواب: بہن آپ نے مکمل حال نہیں لکھا، بہر حال درد اور سوجن کیلئے میں آپ کو درج ذیل نسخہ لکھ رہی ہوں۔ ریوند خطائی، سیاہ مرچ، سونف، فلفل دراز، نوشادر، سہاگہ، چرائتہ، تخم ملکو تمام تین تین ماشہ لیں اور اجوائن دیسی چھ ماشہ، ان سب کو پیس لیں۔ سہانجنا کے پتوں کا پانی نکالیے، اس میں دوائیں کھرل کرکے چھوٹی چھوٹی رتی بھر گولیاں بنا کر رکھ لیں، دو گولیاں صبح، دو شام کھایئے، نہار منہ کھایئے، ہر قسم کی سوجن، ورم اور درد کیلئے مفید ہیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

انتخاب: شانزے، لاہور

برسات میں لیموں اور پیاز کے فوائد

امراض کے خلاف سب سے موثر ہتھیار ہے کیونکہ بدن کی قوت مدافعت کو تقویت دیتا ہے خون کے سرخ ذرات پیدا کرنے میں بھی لیموں کا اہم کردار ہے بعض اوقات خون کی قوت انجماد کم ہوجاتی ہے اور خون بدن سے جاری ہوتا ہے۔ اس عارضہ میں لیموں ایک مفید غذا ہے۔

ہر موسم میں بدن کی مخصوص کیفیت ہوتی ہے قدرت اس موسم کی کیفیت اور عوارض کے مطابق پھل اور سبزیاں اس موسم میں پیدا کرتی ہے یہ پھل اور سبزیاں کام و دہن کی لذت کے علاوہ موسمی عوارض کیلئے دوا کا کام بھی دیتی ہیں۔ موسم برسات میں بالعموم معدہ خراب ہوتا ہے، متلی کا احساس ہوتا ہے، بعض اوقات تو قے کی شکایت بھی ہوجاتی ہے، جگر کا فعل متاثر ہوتا ہے نیز گرمی دانوں اور خارش وغیرہ کے عوارض لاحق ہوتے ہیں۔ قدرت نے اس موسم میں لیموں جیسی مفید چیز کو پیدا کیا ہے جو کہ اپنی گوناگوں خوبیوں اور فوائد کے اعتبار سے یگانہ حیثیت کی حامل ہے۔ لیموں برسات کے عوارض کا موثر علاج ہے اس موسم میں لیموں روزانہ استعمال کیا جائے تو انسان مختلف عوارض اور امراض کی یلغار سے محفوظ رہتا ہے۔ لیموں کے استعمال کے مختلف طریقے ہیں۔ دونوں وقت کھانے کے ساتھ لیموں اور پیاز کھائیں، پیاز پر لیموں نچوڑلیں اور نمک کا اضافہ کر کے کھائیں۔ پیاز مفید غذا ہے، اطباء تو صدیوں سے پیاز کے استعمال کی تلقین کرتے رہے ہیں۔ مشرق میں پیاز غذا کا لازمی جزو ہے، مغرب نے بھی پیاز کی افادیت پر مہر تصدیق ثبت کی ہے، جدید تحقیق کی رو سے پیاز خون کو رواں دواں کرتا ہے اور کولیسٹرول جمع نہیں ہوتا، کولیسٹرول خون کے دوران میں رکاوٹ کرتا ہے اور اس سے دل کے امراض لاحق ہوتے ہیں۔ بعض حضرات پیاز کا استعمال نہیں کرتے یہ حضرات سالن میں لیموں کے رس کا اضافہ کرتے ہیں۔ لیموں کے استعمال کا دوسرا طریقہ اسے مشروب کے طور پر پینا ہے۔ شربت یا سوڈا وغیرہ کی بجائے لیموں کی سکنجبین موجود موسم کیلئے بہترین مشروب ہے جو معدہ کی اصلاح کے علاوہ جسم کی گرمی کو دور کرتی ہے۔ لیموں کا تعلق ترشا خاندان (سٹرس فروٹ) سے ہے اس خاندان میں لیموں کے علاوہ سنگترہ، مالٹا کنو، کھٹا ور، میٹھا اور چکوترہ وغیرہ ہیں۔ لیموں اس خاندان میں سب سے مفید اور غذائی اجزاء سے بھرپور ہے۔ غذائی اجزاء: قدرت نے لیموں کو وافر غذائی اجزاء سے سرفراز فرمایا ہے۔ اس میں 50 فیصد تو پانی ہے، اس کے علاوہ لحمی اجزاء، چکنائی اور نشاستہ دار اجزاء (پروٹین) بھی ہیں۔ فاسفورس اور فولاد سے بھی بہرہ ور ہے۔ حیاتین الف کی قلیل مقدار، مگر حیاتین ج (سی) خاصی مقدار میں ہے، حیاتین ز (بی) بھی لیموں میں ہے۔ ایک چھٹانک لیموں میں بتیس غذائی حرارے ہیں۔ گویا لیموں مقوی غذا بھی ہے، طب کی رو سے لیموں کا مزاج سرد تر ہے، پیاس دور کرتا ہے، متلی، سردرد، یرقان، تبخیر، اختلاج (دل کی دھڑکن) وغیرہ میں فائدہ مند ہے، سر کے چکروں کے لئے بھی مفید ہے۔ امراض کے خلاف سب سے موثر ہتھیار ہے کیونکہ بدن کی قوت مدافعت کو تقویت دیتا ہے خون کے سرخ ذرات پیدا کرنے میں بھی لیموں کا اہم کردار ہے بعض اوقات خون کی قوت انجماد کم ہوجاتی ہے اور خون بدن سے جاری ہوتا ہے۔ اس عارضہ میں لیموں ایک مفید غذا ہے۔ لیموں موٹاپا دور کرنے کیلئے موثر اور کارگر دوا ہے۔ مصر میں شادی سے قبل تو جوان لڑکیاں نازک اندام اور چھریرے بدن کی ہوتی ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ لیموں کے استعمال کرنے کی عادی ہوتی ہیں۔ وزن کم کرنے کیلئے صبح اور شام آدھا لیموں نیم گرم پانی میں ملا کر پئیں۔ سردیوں کی نسبت موجودہ موسم میں وزن کم کرنا آسان ہوتا ہے۔ اس لئے موجودہ موسم میں اس تدبیر پر عمل کرنا چاہیے۔ لیموں خون کی صفائی کیلئے مفید ہے، پھوڑے پھنسیوں اور خارش میں فائدہ مند ہے۔ چہرہ کو صاف کرتا ہے، قے اور متلی میں لیموں کاٹ کر نمک لگا کر چاٹنے سے فائدہ ہوتا ہے، لیموں بخار میں مفید ہے اس کی سکنجبین بخار کے مریض کو پلاتے ہیں، لیموں کاٹنے سے پہلے آگ پر سینک لیا جائے تو اس سے لیموں کا رس زیادہ مقدار میں حاصل ہوتا ہے۔ لیموں کے چھلکے بھی مفید ہیں، چہرے پر داغ ہوں تو لیموں کے چھلکے رگڑنے سے فائدہ ہوتا ہے۔

(بقیہ: حبس میں ناشپاتی اور میٹھے کھائیں ٹھنڈک پائیں)

چمک جاتی ہے اس لئے اس میں موجود لیموں اور نمک اس کی ان معترتوں کی اصلاح کرتے ہیں۔ قے اور دست سے نجات کیلئے ناشپاتی کا رب استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کو بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ ناشپاتیوں کو چھیل کر کسی کپڑے میں نچوڑ کر خوب اچھی طرح رس نکال لیا جائے اب اس رس کو آگ پر رکھ کر اچھی طرح پکائے۔ جب یہ رس خوب گاڑھا اور بھورا ہوجائے تو سمجھ لیں کہ رب تیار ہوگیا اس کو مناسب مقدار میں استعمال کرنے سے دستوں میں افاقہ ہوتا ہے۔ مغربی ممالک میں خاص طور پر ناشپاتی جلد کو تروتازہ اور صحت مند رکھنے کیلئے بہت زبردست ٹانک خیال کی جاتی ہے۔ خشک اور روکھی پھیکی جلد کی حامل خواتین اسے خاص طور پر استعمال کرتی ہیں۔ ناشپاتی کا سیب کی طرح مربہ بنایا جاتا ہے جس سے دل کو تقویت حاصل ہوتی ہے اور گھبراہٹ کی شکایت دور ہوجاتی ہے۔

حلقہ کشف المحجوب

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب کشف المحجوب میں فرماتے ہیں کہ پہلے تو اپنے من کو پاک کر اپنے من کو دھو پھر تن کو دھو۔ تن تو تو نے دھویا لیکن من تو نے دھویا نہیں۔ اس لیے کہتے ہیں شریعت میں ایک بات ہے۔ ایک ہے صفائی اور دوسری ہے پاکیزگی! کافر صاف ہوتا ہے مگر پاک نہیں ہوتا۔ اللہ نے کافروں کو" نجس" کہا ہے۔ قرآن میں کفر پر لعنت ہے۔ یہ جو تن ہے اسکو تو پاک کرسکتے ہیں مگر من کو پاک نہ کیا۔ تن کو پھر صاف کیا پاک نہیں کیا۔ نمازی سے مراد ہی یہی ہے کہ ماننے والا! نماز میں ساری اللہ کی منشاء ہوتی ہے؟ سجدہ، رکوع، قیام ان میں میری مرضی ہے ہی نہیں۔ کبھی میرے جی میں آجائے کہ میں آٹھ سجدے دے دوں، ایک کے بعد دوسرا سجدہ پھر تیسرا سجدہ! واہ سبحان اللہ! سجدے دینے میں بڑا مزا آتا ہے۔ نہ نہ سجدے دو ہی ہیں۔ تو نماز سے مراد رب چاہی ہے، منشائے الٰہی ہے۔ نماز سے مراد "مشیت ایزدی" ہے۔ تو شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ پہلے اگر غرض پوری نہ ہوگی تو اس صورت میں چاہیے کہ پہلے ہی غرض دل سے نکال دے۔ اسکی نجات کا سبب یہی ہے۔ اللہ پاک نے فرمایا: ونھی النفس عن الھوی فان الجنۃ ھی الماوی۔ پیر علی ہجویریؒ نے قرآن پاک کی آیت کا حوالہ دیا ہے کہ جس نے خود کو اپنے نفس کی خواہش سے روکا بلاشبہ اسکا ٹھکانا جنت ہے اور امور میں اغراض نفسانی یہ ہوتی ہے کہ بندہ جو کام کرتا ہے، اس میں خوشنودی الٰہی کے سوا اور ہی کچھ مطلوب ہو اور عذاب الٰہی سے اپنے نفس کے نجات طلب نہ کرے اور تمام سرکشیوں میں نفس کیلئے کوئی حد ظاہر نہیں ہوتی اور اس میں اسکی فریب کاریاں بھی ظاہر نہیں ہوتیں۔ تو فرمایا کہ تمام سرکشیوں میں نفس کیلئے کوئی حد ظاہر نہیں ہوتی۔ اور اس میں اسکی فریب کاریاں بھی ظاہر نہیں ہوتی۔ تم کہو کہ نفس کی فریب کاریاں نفس کی سرکشیاں خود تم پہ ظاہر ہوجائیں یہ نہیں ہوں گی۔ اسکے لیے تو تمہیں اپنے آپ کو کسی کے حوالے کرنا ہوگا۔ (جاری ہے)

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوبؒ کے خزانوں اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطبات کے مجموعہ حلقہ کشف المحجوب کا آج ہی مطالعہ کریں

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

بچوں کے پیٹ کے کیڑے ختم: بچوں کے پیٹ میں کیڑے ہونے کی صورت میں حسب ضرورت تخم ترمس (خشک) رات کو سوتے وقت نہار منہ کھلائیں اور دو تین گھنٹہ بعد مناسب مقدار میں کیسٹر آئل پلانے سے کیڑے دور ہو جاتے ہیں۔

قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی حصہ لیں کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ ٹوٹکا آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں۔ اپنے معمولی سے تجربے کو بھی معمولی نہ سمجھیں، وہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

آزمودہ طبی ہوش ربا نسخہ جات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس چند طبی نسخہ جات ہیں جو کہ تمام کے تمام کئی بار کے آزمودہ ہیں۔ میں یہ تمام نسخہ جات قارئین کی نذر کرتا ہوں:۔

بڑھا ہوا پیٹ کم کرنے کا شاندار نسخہ: یہ نسخہ مجھے ایک پھلوں کے خواص والے رسالہ سے ملا تھا، بیری کی لاکھ ایک تا ڈیڑھ ماشہ سے لے کر چھ ماشہ تک استعمال کریں، صبح ایک وقت عرق مکوہ پانچ تولہ اور عرق سونف پانچ تولہ کے ہمراہ اور پرہیز آلو بڑا گوشت، ابلے ہوئے چاول، چکنائی کی ہوئی اشیاء سے۔ پھل وغیرہ کھائیں، گندم کی خالص روٹی سبزیات شوربا والا چھوٹا گوشت استعمال کریں۔ دو یا تین ہفتوں کے مسلسل استعمال سے بدن کی چربی پگھل جاتی ہے۔ موٹاپا کم کرکے بدن اصلی حالت میں بحال کرنے میں یہ نسخہ اپنا جواب نہیں رکھتا۔ جن افراد کی توند نکل جاتی ہے وہ یہ نسخہ استعمال کریں۔ صبح سیر کریں اور رات کھانے کے بعد بھی کم از کم گھنٹہ یا دو گھنٹہ لازمی پیدل واک کریں۔ بڑھا ہوا پیٹ کم ہونا شروع ہوجاتا ہے اور اکیس دنوں میں پیٹ اپنی طبعی حالت میں آجائے گا۔ ڈائٹنگ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے حد درجہ آسان نسخہ ہے۔

رنگت سرخ وسپید کرنے کیلئے: گرمیوں کا موسم چل رہا ہے، نہار منہ آڑو پکا ہوا ایک عدد کھالیں، آدھ گھنٹہ بعد ایک گلاس دودھ پی لیں، ایک مہینہ میں رنگت کشمیری سیب کی طرح سرخ وسپید ہوجائے گی کوئی کریم وغیرہ استعمال کرنے کی نوبت ہرگز نہ آئے گی، ہر سال ایسا ہی کریں۔ اس کے علاوہ چٹکی پسی ہوئی کلونجی کھا کر آدھا چمچ زیتون کا روغن پی لیں اس کی بھی یہی تاثیر ہے۔ رنگت سرخی مائل سفید ہوجائے گی۔

ماہواری میں باقاعدگی کیلئے: تلسی کے بیج ایک چمچ چھوٹا ایک گلاس پانی میں ابالیں اور آدھا گلاس رہ جائے تو اتار کر ٹھنڈا ہونے پر پی لیں، ماہواری میں باقاعدگی پیدا ہوجائے گی، دو ماہ ایسا دن میں کسی بھی وقت کرسکتے ہیں۔

اکسیر معدہ: دار چینی، چھوٹی الائچی (دانہ الائچی ہونا چاہیے)، سونٹھ ہموزن سفوف کرلیں، کھانا کھانے سے پہلے صبح دوپہر شام دو چٹکی تازہ پانی سے کھائیں، فریج کا ٹھنڈا پانی نہ ہو، نظام ہضم کی زبردست اصلاح ہوتی ہے اور معدہ مضبوط ہوجاتا ہے۔ ہر چیز کھایا پیا ہضم ہوکر بار بار بھوک لگتی ہے۔ ذاتی آزمودہ ہے۔

قوت باہ کیلئے نسخہ جات: ھوالشافی: اسگند ناگوری 8 ماشہ لیں، آدھ کلو دودھ میں خوب ابالیں جب دودھ ڈیڑھ پاؤ رہ جائے مصری ملا کر پی لیں۔ دنوں میں چہرہ سرخ کردیتا ہے اور قوت باہ اس قدر کہ طبیعت پر قابو پانا مشکل ہوجاتا ہے۔ صبح کے وقت پئیں اور ڈیڑھ ماہ تک استعمال کریں لیکن اس کا ناجائز ہرگز استعمال نہ کریں، اسگند عام بوٹی ہے، پنجاب میں ویرانوں، دریائی علاقوں نہروں کے کنارے بکثرت پائی جاتی ہے۔ اسے آکسن بوٹی بھی کہتے ہیں۔

قوت باہ کیلئے لاجواب: بارہا کا آزمودہ، کبھی خطا نہیں گیا۔ پہلے ہفتہ میں ہی فائدہ ظاہر کردیتا ہے۔ ہر قسم کی کھوئی ہوئی طاقت بحال کردیتا ہے۔ قوت باہ کے شاکی افراد کیلئے تحفہ خاص ہے۔ نسخہ بڑے بڑے نسخوں کا مقابلہ کرتا ہے اور چالیس روز میں جوان مرد بنا دیتا ہے، مسک میں لاجواب ہے اجزا بھی قلیل قیمت میں پنساری سے مل جاتے ہیں۔ ترکیب یوں ہے:۔ **ھوالشافی:** موصلی سفید، ثعلب مصری، تخم ریحان تینوں ہموزن لیں۔ موصلی سفید اور ثعلب مصری الگ الگ پیس کر بقیہ تخم ریحان ویسے ہی سالم ملادیں، یاد رہے تخم ریحان نہیں پیسنا۔ صبح ایک چمچ یعنی چھ ماشہ سفوف لے کر دودھ آدھ کلو میں ڈال کر پکائیں، جب دودھ گاڑھا ہوجائے یعنی ڈیڑھ پاؤ رہ جائے اتار لیں، مصری حسب ذائقہ ملا کر نیم گرم پی لیں۔

پاؤں کی خوبصورتی کیلئے: پاؤں کی خوبصورتی کیلئے گرم پانی میں دو چمچ سرکہ انگوری یا کوئی بھی سرکہ ڈالیں قابل برداشت نیم گرم ہونے پر پاؤں 15 منٹ ڈبوئے رکھیں، پاؤں خشک کرکے پھر زیتون کے تیل سے مالش کریں۔ پاؤں اور ایڑھیاں اس قدر صاف ہوجائیں گی گویا آپ زمین پر اترے ہی نہیں، ہفتہ میں ایک یا دو دفعہ یہ عمل دہرائیں۔

مشکلات کا آخری حل

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ، امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ، امام ابوزکریا رحمۃ اللہ علیہ، امام ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ اور مزید چھ ائمہ کرام رحمھم اللہ کا آزمودہ مجرب عمل جس کے بارے حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس عمل کی سند ڈھونڈنے نہ لگ جانا بلکہ اس کو پورے یقین سے کرلو اور مشکل ٹلوا لو۔ میں نے اس کا تجربہ کیا تو سو فیصد نفع حاصل ہوا۔

طریقہ عمل: کسی بھی وقت بارہ رکعت صلوٰۃ الحاجت ایک ہی سلام کی نیت سے شروع کرکے ہر دو رکعت کے بعد تشہد بیٹھنا ہے، پھر آخری رکعت کے تشہد میں سلام پھیرنے سے پہلے سجدے میں گر کے سات مرتبہ سورۂ فاتحہ، سات مرتبہ آیۃ الکرسی، دس مرتبہ چوتھا کلمہ اور ایک بار درج ذیل دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَمُنْتَھَی الرَّحْمَةِ مِنْ کِتَابِكَ وَاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَجَدِّكَ الْاَعْلٰی وَکَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ۔ اس کے بعد اپنی دعا مانگیں اپنی حاجت بیان کریں۔ پھر سجدے سے اٹھ کر سلام پھیر دیں۔ **(محمد حنیف، قصور)**

بھٹکا شوہر راہ راست پر آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ دو، تین سال سے عبقری رسالہ پڑھ رہی ہوں اور اس میں شامل وظائف سے فیض یاب ہوتی ہوں اور میرے بہت سے معاملات میں اس سے بہتری آئی ہے، میں دل سے آپ کی مشکور کہ آپ کے رسالے کی وجہ سے لوگوں کو گھر بیٹھے اپنے مسائل کا حل مل جاتا ہے۔ اللہ آپ کو جزائے خیر دے۔ آمین!۔ میری شادی کو تقریباً 17 سال ہونے والے ہیں، آج سے تقریباً تین سال پہلے میرے شوہر کی ایک عورت سے شناسائی ہوئی لیکن میں بے خبر رہی اور وہ شناسائی ناجائز تعلقات تک بڑھ گئی۔ تقریباً ڈیڑھ سال پہلے میرے شوہر نے خود ہی اپنی غلطی کا اعتراف کرلیا اور مجھ سے مدد مانگی، میں نہیں جانتی تھی کہ ان کے تعلقات کی نوعیت کیسی تھی اور ان کی اجازت

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

سگریٹ نوشی سے علاج: سگریٹ نوشی اچھی عادت نہیں اس لیے اس سے نجات کیلئے اسم یاَمُھَیْمِنُ کو 40 دن تک روزانہ 3125 مرتبہ پڑھیں اور روزانہ پڑھائی کے بعد سبز الائچی پردم کرکے منہ میں ڈال کر چبائیں۔

سے میں نے عبقری سے تمام مشکلات کے حل کیلئے وظیفہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ والا کلمہ کھلا پڑھنا شروع کردیا اور اللہ سے مدد کی دعا مانگتی رہی تقریباً ایک سال کے عرصے کے دوران اس عورت سے میرے شوہر کے تعلقات کیسے رہے یہ نامعلوم ہے' بقول میرے شوہر کے میں اس عورت سے نجات حاصل کررہا ہوں اور تقریباً تین ماہ پہلے وہ عورت یہ شہر چھوڑ کر اور شوہر کے علم میں لائے بغیر رات کے اندھیرے میں ہماری زندگی سے دور چلی گئی' ہماری زندگی میں سکون آگیا اور ہماری عزت سے اس عورت سے جان چھوٹ گئی' یہ سب اس کلمہ کی بدولت اور اللہ کی مدد کے بغیر ناممکن تھا۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میرا نام پوشیدہ رکھیے گا۔ (پوشیدہ)

شوگر ختم کرنے کے لاجواب وظیفے اور کامیاب نسخے

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس شوگر ختم کرنے کے آزمودہ نسخہ جات اور وظائف ہیں جو میں عبقری قارئین کی نذر کرتا ہوں۔ یقیناً قارئین ان سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔ **شوگر ختم کرنے کا نسخہ نمبر 1:** انار دانہ ایک پاؤ' سونٹھ ایک پاؤ' پودینہ ایک پاؤ۔ ان تمام اشیاء کو کوٹ کر سفوف بنالیں۔ **خوراک:** ایک چمچ کھانے کے بعد صبح' دوپہر' شام پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ **نسخہ نمبر 2:** کلونجی 20 گرام' کوڑتمہ 20 گرام' گوند کیکر 20 گرام' تخم سرس 20 گرام' تخم جامن 20 گرام۔ ان تمام اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ **خوراک:** صبح و شام آدھا چمچ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ **نسخہ نمبر 3:** ''روحانی پھکی'' (یہ پھکی دفتر ماہنامہ عبقری سے صرف 20 روپے میں مل جاتی ہے) چوتھائی چمچ دن میں تین یا چار بار خالص شہد کے ساتھ استعمال کریں۔ **نسخہ نمبر 4:** شہد خالص ایک کلو' کلونجی 200 گرام' کلونجی کو پیس کر شہد میں مکس کردیں۔ **خوراک:** ایک چمچ چائے والا صبح نہار منہ اور شام سوتے وقت استعمال کریں۔ گرمیوں میں ایک چمچ ایک کپ پانی میں گھول کر استعمال کریں۔ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: **کلونجی ہر بیماری کا علاج ہے' سوائے موت کے (بخاری و مسلم)** ابونعیم نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا ہے کہ ''حضور نبی اکرم ﷺ کے نزدیک شہد بہت پیارا اور عزیز تھا' حضور نبی کریم ﷺ کو شہد اس لیے زیادہ محبوب تھا کہ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ نے فرمایا ہے کہ ''اس میں شفاء ہے'' **شوگر سے نجات کے وظیفہ جات: وظیفہ نمبر 1:** خطرناک بیماری میں حضرت ایوب علیہ السلام کی دعا جو اللہ نے قبول فرمائی۔ آپ بھی ہر بیماری میں اسے روزانہ کھلا پڑھیں۔ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ (الانبیاء 83) **وظیفہ نمبر 2:** بعد نماز عشاء سورۂ قریش ایک سو گیارہ بار پڑھنے سے موذی امراض' دردگردہ' فالج' شوگر اور بواسیر سے نجات مل جاتی ہے۔ **وظیفہ نمبر 3:** ہر قسم کی بیماریوں اور پریشانیوں کیلئے سورۂ فاتحہ پڑھیں کیونکہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا فرمان عالیشان ہے۔ یہ سورۂ ہر بیماری سے شفاء ہے۔ (الحدیث) جب تک پریشانی یا بیماری ختم نہ ہوجائے یہ سورۂ شفاء بار بار روزانہ پڑھیں۔ **وظیفہ نمبر 4:** صبح کی سنتیں اور فجر کی فرض نماز کے درمیان جو کوئی شخص ایک سو اکیس مرتبہ یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ بیمار کے سرہانے کھڑے ہوکر پڑھے گا۔ سات دن میں کیسا ہی سخت مرض ہو مریض تندرست ہوجائے گا۔ اگر موت مقدر ہے تو خاتمہ بالخیر ہوگا۔ مشکل جلد آسان ہوجائے گی۔ (یہ عمل بزرگوں کا مجرب ہے) **وظیفہ نمبر 5:** حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے (جب وہ بیمار تھے) ارشاد فرمایا: اٹھو اور نماز پڑھو کیونکہ نماز میں شفاء ہے۔ (ابن ماجہ)

محبتیں بانٹئے' محبتیں پائیے

محبت کیسا خوبصورت لفظ ہے' جو شبنم سے بھی زیادہ پاکیزہ معطر و معتبر احساس لیے ہوئے ہے' اس میں بہت زیادہ طاقت ہے۔ ظاہری طور پر محبت کرنے والا سب کچھ لٹاتا ہے مگر حقیقت میں وہی سب کچھ پاتا ہے۔ محبوب اچھا ہو تو اچھائی پاتا ہے' محبوب برا ہو تو برائی پاتا ہے۔ محبت میں قوت جاذبہ اور قوت پرواز دونوں یکجا ہیں حالانکہ دونوں متضاد قوتیں ہیں۔ یاد رہے کہ لوہے سے زیادہ طاقت آگ میں اور آگ سے زیادہ طاقت پانی میں اور پانی سے زیادہ طاقت ہوا میں اور ہوا سے زیادہ طاقت اخلاص میں اور اخلاص کیا ہے؟ محبت کی ایک خوبصورت ادا ہے۔ اس لیے سب سے پہلے اور سب سے زیادہ محبت اللہ تعالیٰ کے ساتھ' پھر اس سے زیادہ محبت جان دو عالم شاہکار کائنات حضور نبی کریم ﷺ کے ساتھ اور پھر تمام انبیاء' اہل بیت' صحابہ اکرام' ملائکہ کے ساتھ' پھر ان کے ساتھ جن کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا اور اللہ کے محبوب حضور نبی کریم ﷺ نے حکم دیا ہے اس کے بعد پکا لاک لگادیتا ہے۔ مگر ایک ظالم تالا اور بھی ہے جو سچی محبت کو دل میں داخل نہیں ہونے دیتا یعنی'' بے محبت دل'' (بنجر اور شور زمینوں جیسے) اللہ مہربان ہی یہ تالے کھول دے۔ یہ قفل ذکر اللہ اور کثرت درود اور کثرت استغفار سے کھلیں گے۔ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا۔ مومن کی اصل محبت رب العالمین کے ساتھ ہے اس محبت میں کوئی شریک نہیں ہونا چاہیے۔ اس کے بعد مومن کی اصل محبت فخر دو عالم ﷺ کے ساتھ ہے۔ اس میں مخلوق میں سے کوئی بھی شریک نہیں ہونا چاہیے۔ جیسی محبت ہمیں رسول پاک ﷺ سے ہو ایسی کسی اور سے نہ ہو۔ نہ ماں سے' نہ باپ سے' نہ اولاد سے' نہ مال سے' نہ حکام سے' محبت خود ایک طاقتور چیز ہے۔ اس لیے محبت کو خواہشات' شہوات اور وقتی مفادات پر نہیں لگانا چاہیے۔ اس طاقت کو حاصل کرکے اونچی پرواز اور بڑی منزل حاصل کرنا چاہیے۔ لیلیٰ مجنوں کی محبت کو دیکھیں سچی تھی لیکن تھی بے کار۔ پھر بھی طاقت دیکھیں کہ آج تک ہر زبان پر تذکرہ ہے۔ ایک بے کار محبت نے مجنوں اور لیلیٰ کو یادگار بنادیا۔ بہت دعا کرنی چاہیے کہ ہماری محبت کا رخ کسی غلط طرف نہ ہوجائے۔ (ماسٹر محمد ایوب شاہد' تونسہ شریف)

آئیں ٹوٹکے آزمائیں اور پھیلائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتی ہوں ہر ماہ اس عبقری کا بے چینی سے انتظار رہتا ہے۔ آپ نے عبقری ٹوٹکہ سیکشن کیلئے اپنے آزمودہ ٹوٹکے مانگے تھے اور ٹوٹکے بھی ایسی جن میں ادویات کا استعمال نہ ہوتا ہو تو میرے پاس میرا آزمودہ ایک ٹوٹکہ گرمی کے بخار کیلئے ہے۔ اگر گرمی کا بخار ہو تو ناخنوں پر ''آک'' کا دودھ لگائیں' دن میں چند بار دو سے تین دن ایسا کرنے سے بخار اتر جاتا ہے۔ نہایت مجرب اور آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ (ناہید کوثر)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

نیک انسان کو کوئی ضرر نہیں پہنچ سکتا: نیک انسان کو زندگی میں یا موت کے بعد کوئی ضرر نہیں پہنچ سکتا اور زندگی کا وقفہ نہایت قلیل ہے لیکن اگر مصیبت ہو تو یہ کافی طویل ہے۔

از طرف: رافعہ حسین (خیر پور میرس)

قدرت کا بہترین تحفہ نیم فوائد ہی فوائد

تازہ پتوں کو پیس کر لیپ بنالیں۔ آگ کے جلے ہوئے پر نیم کا لیپ لگانے سے انفیکشن نہیں ہوتا۔ کوئی بھی چوٹ ہو معمولی زخم ہو یا ایکسیڈنٹ کے خطرناک زخم ہوں ان پر نیم کا لیپ لگانے سے زخم جلدی بھر جاتے ہیں۔

قدرت کے بے بہا قیمتی تحائف میں سے نیم کا درخت ایک ایسا انمول تحفہ ہے جس کا ایک ایک ذرہ انوکھے فوائد کا حامل ہے۔ خواہ پھل ہو، پتے ہوں، ڈالیاں ہوں، ان میں بے شمار فوائد ہیں مگر نقصانات سے بالکل پاک ہے۔ یہ قدرت کی چند ایسی نعمتوں میں سے ایک ہے جس میں صرف فائدے ہی فائدے ہیں اور سال بھر میں بآسانی دستیاب ہو جاتی ہے۔ نیم ایک اینٹی بیکٹیریل ہے۔ اینٹی پیر اسائٹک ہے اینٹی فنگل ہے اینٹی انفلامیٹری ہے نیم میں موجود ''وٹامن سی'' جلدی امراض میں نہایت کارآمد ثابت ہوتی ہے۔ نیم کے استعمال کے چند طریقے ملاحظہ فرمائیں۔ **1۔ نیم کا ابلا ہوا پانی:** ایک لیٹر پانی میں 40 نیم کے پتے یا پھر مٹھی بھر پتے ڈال کر ابالیں جب پتے رنگ بدل دیں اور پانی ''ہرا'' ہو جائے تو اسے چھان کر کسی صاف بوتل میں بھر کر رکھ دیں۔ یہ پانی کارآمد ہے اگر بال بہت جھڑتے ہوں اور خشکی بھی ہو تو شیمپو کے بعد آخر میں یہ پانی بالوں پر ڈال دیں۔ اس کی اینٹی سیپٹک اور اینٹی بیکٹیریل خوبیاں آپ کو خشکی سے نجات دلائیں گی۔ بالوں میں اکثر گرمی کے موسم میں پسینے کی بدبو ہو جاتی ہے اس کی وجہ بھی خشکی ہوتی ہے اس کے استعمال سے آپ کے بال صاف ہو جائیں گے جبکہ یہ بالوں کی جڑوں کو مضبوط بناتے ہوئے انہیں بڑھنے میں مدد دے گا۔ یہ پانی آپ سکن ٹونر کی طرح بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ روزانہ رات کو سونے سے پہلے اس ٹونر سے چہرہ صاف کرتی ہیں تو کچھ ہی وقت میں چہرے کے جملہ مسائل جیسے بلیک ہیڈز، وائٹ ہیڈز، داغ دھبے چھائیاں اور سیاہ حلقے اور ایسے دیگر مسائل حل ہو جائیں گے۔ اگر مسوڑھوں میں انفیکشن ہو تو اس ابلے ہوئے نیم کے پانی سے کلیاں کرنے سے فائدہ ہوگا۔ **2۔ نیم کی نبولی:** روزانہ ایک نیم کی نبولی پانی کے ساتھ کھانا جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔ یہ خون صاف کرتی ہے اور ماہرین کہتے ہیں کہ نیم کھانا ذیابیطک مریضوں کیلئے انسولین کا کام کرتی ہے۔ یہی نبولی (پیلے رنگ کی) چوسنے سے خون صاف ہونے کے علاوہ قبض بھی دور ہو جاتی ہے۔ اگر پیٹ میں کیڑے ہوں تو وہ بھی ان کے استعمال سے مر جاتے ہیں۔ **3۔ نیم کا تیل:** اگر آپ کی جلد بہت حساس ہے اور بلیک ہیڈز سے چھٹکارا مشکل لگتا ہو تو نیم کے تیل کے فقط 2 سے 3 قطرے پانی میں گھول کر بلیک ہیڈز پر لگائیں۔ روزانہ کے استعمال سے بلیک ہیڈز جھڑ جائیں گے اور دوبارہ نہیں ہوں گے۔ آپ اپنے بالوں کیلئے جو بھی تیل استعمال کرتے ہیں خواہ وہ زیتون کا تیل ہو یا بادام کا یا پھر ناریل کا تیل ہو بس اس میں تھوڑا سا نیم کا تیل ملا کر سر کی مالش کریں اس سے جڑوں تک بلڈ سرکولیشن بہتر ہوگا اور بال تیزی سے بڑھیں گے۔ ناخنوں میں فنگل انفیکشن ہو تو چند قطرے نیم کے تیل سے ناخنوں کی ہلکی مالش کریں۔ اس سے انفیکشن بھی کم ہوگا بڑھے گا نہیں۔ یہ انفیکشن اکثر ایک ناخن سے ہی باقی ناخنوں کو بھی لگ جاتا ہے۔ روزانہ کی مالش سے دوسرے ناخن اس انفیکشن سے محفوظ رہیں گے اور ناخن اگر کمزور ہوں مڑ جاتے ہیں تو صحت مند ہو جائیں گے۔ مگر یہ احتیاط لازمی ہے کہ نیم کا تیل خوش ذائقہ نہیں ہوتا اس لئے کچھ بھی کھانے سے پہلے ہاتھ اچھی طرح دھولیں تاکہ تیل کے اثرات سے محفوظ رہیں۔ **4۔ نیم کا پاؤڈر:** نیم کے پتے دھو کر سکھالیں پھر پیس کر پاؤڈر بنالیں، چہرے کی رنگ نکھارنے اور چہرہ پر رونق بنانے کیلئے نیم کا پاؤڈر، گلاب کی پتیوں کا پاؤڈر، دہی اور تھوڑا سا دودھ ملا کر ایک پیسٹ بنالیں۔ چہرے پر لگا کر 15 منٹ کے بعد پانی سے دھولیں مگر پانی میں 2,3 کھانے کے چمچ عرق گلاب ملا ہوا ہو۔ چہرے پر رونق اور نکھار آجائے گا۔ اس کے علاوہ داڑھ کی درد میں یہ پاؤڈر منجن کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ **5۔ نیم کا لیپ:** تازہ پتوں کو پیس کر لیپ بنالیں۔ آگ کے جلے ہوئے پر نیم کا لیپ لگانے سے انفیکشن نہیں ہوتا۔ کوئی بھی چوٹ ہو معمولی زخم ہو یا ایکسیڈنٹ کے خطرناک زخم ہوں ان پر نیم کا لیپ لگانے سے زخم جلدی بھر جاتے ہیں۔ **6۔ اگر پلکوں کے بال جھڑ گئے ہوں تو:** نیم کے پھولوں کا کاجل لگانے سے پلکیں موٹی ہوں گی اور اگر پلکوں کے بال جھڑ گئے ہوں تو وہ بھی اُگ آئیں گے اس کے علاوہ یہ آنکھوں کی خارش بھی دور کر دیتا ہے۔ **طریقہ:** نیم کے پھول لے کر روئی میں لپیٹ کر بتی بنائیں اور چراغ میں سرسوں کے تیل میں جلائیں اور اس کا کاجل حاصل کرے اس کے بعد یہ کاجل چھ ماشے، پھٹکڑی بھونی ہوئی ایک ماشہ کو دو تولے مکھن میں ملا کر کانسی کے کٹورے میں نیم کے ڈنڈے سے رگڑیں اور آنکھوں میں لگائیں۔

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت، سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو اطلاع دیں، شکر گزار رہوں گا۔ **کتاب نمبر 19: بے قرار زندگی سے خوشگوار زندگی تک:** بے قرار زندگی کو کب قرار آئے گا، بے چین زندگی کو کب قرار آئے گا؟ وہ اصول کیا ہیں؟ زندگی میں کیسے آئیں گے۔ زیر نظر کتاب ان قرار اور چین سے لبریز اصولوں پر مبنی میری انوکھی تالیف ہے۔ اس کتاب کی تیاری میں درج ذیل افراد کی تحریروں سے استفادہ حاصل کیا گیا:۔ میم، الف۔ رضوان اکبر۔ حضرت مولانا محمد عاشق الٰہی۔ عائشہ مجید انصاری۔ عرفان محمود۔ ڈاکٹر ایم اے فاروقی۔ ڈاکٹر خالد محمود جنجوعہ۔ حکیم عطاء الرحمان عمر۔ حکیم محمد اعجاز فاروقی۔ ارشد شمیم۔ محمد زبیر حسن۔ سلیم انور۔ غزالہ ممتاز۔ شمیم نوید۔ ابو النصر فاروقی۔ مولانا وحید الدین خان۔ زاہدہ صدیقی۔ منصور احمد۔ افشین انجم۔ امین اللہ۔ صبا انجم۔ جن رسالہ جات سے مدد لی گئی: سیارہ ڈائجسٹ۔ سالنامہ اردو۔ اردو ڈائجسٹ۔ قومی ڈائجسٹ۔ خبرنامہ ہمدرد۔ حکایت۔ قومی صحت۔ ہمدرد صحت۔ ڈالڈا دسترخوان۔ ندائے کسان۔ ماہنامہ کچن۔ ضیاء الحکمت۔ لیل ونہار۔ **نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں، میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔**

درود پاک پڑھنے سے ہر مشکل حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ایک دوست نے مشکلات سے نجات کا اپنا آزمودہ عمل بتایا کہ جو بھی مشکل ہو عشاء کی نماز کے بعد ایک تسبیح درود پاک کوئی سا بھی پڑھ کر سو جائیں اور بات نہیں کرنی تو ان شاء اللہ مشکل حل ہو جائے گی۔ جو عمل بات کیے بغیر کیا جائے اس کی تاثیر بڑھ جاتی ہے۔ (س۔ف)

(بقیہ: روحانی محفل سے فیض پانے والے)

اکثر بیمار رہتے تھے وہ صحت یاب ہو گئے، گھر میں برکت ہونا شروع ہو گئی اور شوہر کے کاروباری مسائل ایسے حل ہونا شروع ہوئے کہ جیسے تھے ہی نہیں۔ الحمدللہ! اب تو ہر ماہ میرے شوہر بھی میرے ساتھ روحانی محفل کرتے ہیں اور خوب فوائد کثیر کرتے ہیں۔ (مسز کامران، لاہور)

(بقیہ: اولاد کی اسلامی تربیت نہ کرنے کا بھیانک انجام)

کی ڈگری تو دلادی اے کاش میں ان کو آخرت کی ڈگری بھی دلادیتا، اے کاش! میں اپنے بچوں کو دین بھی سکھا دیتا۔ میری قارئین سے گزارش ہے کہ میرے لیے دعا کریں کہ مجھے کسی طرح سکون مل جائے میرے بچے مجھے واپس مل جائیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب میرا یہ پیغام عبقری کے قارئین تک پہنچا دیں کہ اپنے بچوں کو دنیاوی ڈگری کے ساتھ ساتھ آخرت کی ڈگری بھی ضرور دلائیں ایسا نہ ہو کہ کل میری طرح بڑھاپے میں دردر کی ٹھوکریں کھاتے رہیں۔ ابھی بھی وقت ہے سوچ لیں!

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

دست بند کرنے کیلئے: دستوں کو روکنے کیلئے بھنے ہوئے دھنیا کا سفوف چھ گرام دہی یا چھاچھ یا پانی کے ساتھ پلانے سے خونی دست بھی بند ہوجاتے ہیں۔

پاک فوج کے شہید جوان کی نرالی شان

(راوی: ملک محمد شاہد، لاہور)

کچھ ہی دیر میں ہم نے مٹی میں پاک فوج کے ایک شہید جوان کو نکالا جو کہ بالکل صحیح حالت میں تھا' خاکی وردی بھی بالکل صحیح حالت میں تھی اس کی گردن پر ایک گولی کا نشان تھا' اس کے جسم کا درجہ حرارت بھی نارمل تھا اور وہ ایسے لیٹا تھا جیسے کہ ابھی ابھی سویا ہے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ نے گزشتہ شمارے میں لکھا تھا کہ اگر آپ کے پاس پاک فوج کے حوالے سے کوئی واقعہ ہو تو ضرور لکھیں تو اس حوالے سے میرے پاس ایک واقعہ ہے جو مجھے ایک ریٹائرڈ فوجی نے باتوں باتوں میں یہ واقعہ میری دکان پر بیٹھ کر سنایا تھا۔ مجھے افسوس یہ ہے کہ میں اس ریٹائرڈ فوجی کا نام نہ پوچھ سکا۔ اب یہ واقعہ اسی ریٹائرڈ فوجی کی زبانی سنیے:۔

پاک فوج میں نوکری کرنے کا الگ ہی مزہ اور جذبہ ہوتا ہے۔ گھر والوں سے مہینوں دور رہنے کے باوجود پاک فوج کا جوان جذبہ حب الوطنی سے سرشار بارڈر پر دشمن کی طرف سینہ کرکے سارا دن اور ساری رات کھڑا رہتا ہے۔ اس جوان کو اپنے بہن بھائیوں' ماں باپ' بیوی بچوں اور اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز اپنے ملک کی سرحد کی حفاظت ہوتی ہے۔ میں پاک فوج میں ایک سپاہی کی حیثیت سے خدمات سرانجام دیتا رہا ہوں۔ اب میں ایک ریٹائرڈ فوجی کی حیثیت سے زندگی کے دن رات کاٹ رہا ہوں مگر اب بھی جب مجھے پاک فوج میں گزری سہانی یادیں آتی ہیں تو میری آنکھیں بھیگ جاتی ہیں۔ میرے سارے دور میں ایک واقعہ ایسا ہوا جس نے میرے جذبے کو اور زیادہ بڑھا دیا' میں ساری زندگی اللہ سے بارڈر پر دشمن سے لڑتے ہوئے شہادت کی موت مانگتا رہا مگر شاید میرے اللہ کو ایسا منظور نہ تھا۔ یہ 1984ء کی بات ہے جب انڈیا میں اندرا گاندھی کا قتل ہوا تھا' اندرا گاندھی کے قتل کے بعد بارڈر پر حالات بہت ہی زیادہ کشیدہ ہوگئے' ایسے معلوم ہوتا تھا کہ ابھی انڈیا نے حملہ کیا کہ کیا۔ میری ڈیوٹی ان دنوں سیالکوٹ سیکٹر پر تھی' ہمیں حکم ملا کہ جلد از جلد بارڈر کے قریب مورچہ کھودیں۔ ہماری پوری ٹیم پورے جذبے کے ساتھ مورچے کھود رہی تھی' میں بھی اپنے ساتھیوں کے ساتھ مصروف تھا۔ ہم صبح سے مورچے کھود رہے تھے' اس دوران ہم نے نماز ظہر ادا کی کھانا کھایا' ہم سارا دن دشمن سے لڑائی کی باتیں کررہے تھے اور اپنے وطن کی ایک ایک انچ کی حفاظت کی قسمیں کھا رہے تھے' ہم میں ایک ایسے سپاہی بھی موجود تھے جنہوں نے 1965ء اور 1971ء کی جنگیں لڑی تھیں' وہ ہمیں دشمن کی بزدلی کی باتیں سنا رہے تھے۔ مورچے کھودتے کھودتے اچانک مجھے محسوس ہوا کہ جیسے مٹی میں کسی کی ٹانگ ہے۔ میں نے اوزار سائیڈ پر رکھے اور ہاتھ سے مٹی ہٹانی شروع کردی۔ میرے ساتھیوں نے بھی اس کام میں میری مدد کی۔ کچھ ہی دیر میں ہم نے مٹی میں پاک فوج کے ایک شہید جوان کو نکالا جو کہ بالکل صحیح حالت میں تھا' خاکی وردی بھی بالکل صحیح حالت میں تھی اس کی گردن پر ایک گولی کا نشان تھا' اس کے جسم کا درجہ حرارت بھی نارمل تھا اور وہ ایسے لیٹا تھا جیسا کہ ابھی ابھی سویا ہے۔

ہم نے جب پاک فوج کے شہید جوان کی ایسی شان دیکھی تو ہمارے منہ سے تکبیر کے نعرے نکلنا شروع ہوگئے اور نہ جانے کب تک ہم ایسے ہی نعرہ تکبیر اللہ اکبر کے نعرے لگاتے رہے' ہماری آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ ہم نے بڑے ادب سے اس کا جسد خاکی مورچے سے نکال کر ہیڈکوارٹر میں اطلاع کی۔ ہمارے افسران آئے انہوں نے اس شہید کا ریکارڈ چیک کیا تو معلوم ہوا کہ 1965ء کی جنگ میں یہ جوان لاپتہ ہوگیا تھا۔ اس کے گھر والوں کو اطلاع دی' اس کا جسد خاکی لے کر جب جارہے تھے میں بھی ان کے ساتھ اس کے گاؤں گیا اور اس کو پورے فوجی اعزاز کے ساتھ دفن کیا گیا۔ آج بھی جب اس شہید کا جسد خاکی میری آنکھوں کے سامنے آتا ہے تو میری آنکھیں اس حسرت سے بھیگ جاتی ہیں کہ اے کاش میں بھی اپنے وطن کی حفاظت کرتا کرتا اس دنیا فانی سے رخصت ہوکر ہمیشہ کیلئے امر ہوجاتا۔

پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔۔ لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں' ضرور لکھیں۔ ہر ماہ یہ سلسلہ شروع کیا جارہا ہے۔

یاد الٰہی بھی کیا چیز ہے!

(عبدالوہاب' کوہاٹ)

فرمایا: وہ تمہارا مال ہے' جو چاہے کرو' سبحان اللہ! یاد الٰہی بھی کیا چیز ہے۔ بیٹا بھی ملا اور پیسہ بھی خدا نے دے دیا۔

الترغیب والترہیب میں ہے کہ حضرت مالک اشجعی صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے عوف کسی لڑائی میں کافروں کے ہاتھ لگے وہ انہیں قید کرکے لے گئے۔ عوف کی ماں رو رو کر دم کھونے لگیں' کھانا پینا سب چھوڑ دیا۔ عوف کے باپ حضرت مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوئے اور عوف کی والدہ کے رونے دھونے کی حقیقت کہہ سنائی۔ (ظاہر میں عوف کی ماں کے رونے کا بیان تھا اندر اپنے درد کی دوا کی تلاش) حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنتے ہی فرمایا کہ کسی طرح عوف کو یہ کہلا بھیجو کہ اٹھتے بیٹھتے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ کا وظیفہ کرے۔ اسی وقت سانڈنی سوار عوف کے پاس بھیجا اور وظیفہ کے پڑھنے کی بہت تاکید کردی۔ عوف نے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھنا شروع کردیا۔ قدرت خدا کی دو چار دن کے بعد عوف کی ساری بیڑیاں ہتھکڑیاں ٹوٹ کر گر پڑیں۔ فوراً عوف قیدخانے سے باہر نکلے' دروازہ کے پاس قدرت الٰہی سے ایک اونٹنی کھڑی تھی اور اس کے ساتھ اور اونٹوں کے ریوڑ بھی اس اونٹنی کے ساتھ چل پڑے۔ آپ اس اونٹنی پر سوار ہوکر مدینہ کی طرف چلے' ابھی چند قدم چلنے کی نوبت آئی ہوگی کہ مدینہ سامنے نظر آنے لگا۔ عوف مدینہ میں داخل ہوئے' گھر والے دیکھنے دوڑے' آپ کی ماں سے کہا لو مبارک ہو وہ عوف زندہ سلامت آگئے' ماں کو یکایک یقین نہ ہوا مگر دیکھتی آنکھوں سے کس کو یقین نہ ہوتا۔ گھر والے بہت خوش ہوئے۔ کھویا ہوا نور پھر آیا۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دی اور اونٹنی کا فتویٰ معہ دوسرے اونٹوں کے ریوڑ کے متعلق پوچھا۔ فرمایا: وہ تمہارا مال ہے' جو چاہے کرو' سبحان اللہ! یاد الٰہی بھی کیا چیز ہے۔ بیٹا بھی ملا اور پیسہ بھی خدا نے دے دیا۔

قرضے کی ادائیگی اور برکت کا عمل

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ جو شخص یہ دعا جمعہ کے دن ستر بار پڑھے عجیب تاثیر دیکھے گا' دو جمعہ نہ گزرنے پائیں گے کہ قرضے کی ادائیگی اور روزی میں برکت کے اثرات ظاہر ہونگے۔ (محمد عاصم' راولپنڈی)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 71

جنات کا پیدائشی دوست

علامہ لاہوتی پراسراری

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے' اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں، قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز اور دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہورہے ہیں لیکن اس پراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

دمشق کا قبرستان اور تابعیؒ کی قبر مبارک: میں اس وقت دمشق میں تھا' یہ دمشق کا بہت پرانا قبرستان جس میں بڑے بڑے صحابہؓ ، اہل بیتؓ ، اولیاء' محدثین کامل اکمل اور بہت بڑے بزرگ تھے۔ میرے جی میں آیا کہ آج کسی ایسے تابعی رحمۃ اللہ علیہ کی قبر پر جاؤں جس نے ساری زندگی دین کی' حدیث کی' قرآن کی اور سند کی خدمت کی ہو۔ میں ایک بہت پرانی قبر جس پر کتبہ نہیں تھا لیکن میرے روحانی احساس اور ادراک نے بتایا کہ یہ کسی بہت بڑے تابعی رحمۃ اللہ علیہ کی قبر ہے۔ میں اس کے پاس مراقب ہوا اور میرا مراقبہ طویل ہوگیا لیکن مجھے کوئی احساس نہ ہوا' میں بہت پریشان ہوا' ایسے محسوس ہوتا تھا کہ قبر بالکل خالی ہے۔ **تھوڑی دیر میں ساری کائنات کھل گئی:** تھک ہار کر میں اٹھا میں اگلی قبر پر پہنچا میرے ادراک نے اس کو بھی بہت بڑا تابعی رحمۃ اللہ علیہ کہا' میں اس کے پاس مراقب ہوا بس تھوڑی ہی دیر میں ساری کائنات کھل گئی۔ میں نے آنکھوں سے ایک بہت وسیع میدان دیکھا' اتنا وسیع میدان شاید کہ میں نے اپنی زندگی میں کبھی اتنا وسیع میدان نہیں دیکھا لیکن اس میدان میں ہر طرف سبزہ ہی سبزہ' خوشبو ہی خوشبو' پھول ہی پھول اور پھل ہی پھل تھے۔ میں حالت مراقبہ میں اس میدان میں چلا جارہا تھا۔ **میرے کانوں نے آج تک ایسا قرآن نہیں سنا:** بہت خوش تھا' مسرور تھا اور اس میدان میں چلتے چلتے ایک صاحب کو دیکھا جو نماز پڑھ رہے تھے۔ ان کا نماز میں قرآن پڑھنے کا انداز ایسا دلفریب اور دلکش تھا کہ میرے کانوں نے آج تک ویسا قرآن کبھی نہیں سنا۔ میں حیران و پریشان اس قرآن کو سنے جارہا تھا مجھے ساری دنیا ساری کائنات اور ساری کائنات کے سارے راز و رموز بھول گئے' قرآن کی لذت' قرآن کی چاشنی اور قرآن کی آشنائی کچھ ایسی تھی کہ میں اپنی عقل کھو بیٹھا اور میری عقل دنگ رہ گئی' میں حیران و پریشان کہ یہ کیا ہوا؟ بس مجھے کچھ اور پتہ نہیں تھا چونکہ میں خود قرآن جانتا تھا' پڑھ سکتا ہوں اس کو سمجھتا بھی ہوں اور میری زبان گنگ' میرا لہجہ خشک' میری عقل جامد' میرا شعور اور ادراک بالکل جامد اور ساکت' میں اس آواز سے آگے نہیں پڑھ پارہا تھا۔ میں اگلی آیت کا انتظار کرتا پھر اس آیت کی لذت میں کھوجاتا اور ایسی لذت' ایسی چاشنی' ایسا انوکھا احساس کہ میں بالکل حیران اور پریشان رہ گیا۔ بہت دیر تک وہ صاحب قرآن پڑھتے رہے پھر انہوں نے لمبا رکوع کیا اور بہت طویل سجدہ کیا۔ **جنت کے میووں کا سرور اور حرص:** اسی طرح انہوں نے دو رکعت پڑھی' وقت کا احساس نہ رہا جب انہوں نے سلام پھیرا تو سلام پھیرنے کے بعد میری طرف متوجہ ہوئے اور میرا نام لے کر مجھے سلام کیا۔ میری خیریت پوچھی تھوڑی ہی دیر میں غیبی طور پر بہت انواع و اقسام کے قیمتی میوے سامنے آئے' میں ان میووں میں گم ہوگیا اور میں کھانے لگا ہر میوے نے اپنی لذت دی' ہر میوے نے اپنی چاشنی دی اور ہر میوے کے اندر انوکھا ایک سرور تھا۔ یہ سرور مجھے بے چین کیے جارہا تھا اور یہ سرور مجھے حرص میں مبتلا کررہا تھا کہ میں اور کھاؤں پر اچانک مجھے احساس ہوا کہ ان سے پوچھوں تو سہی یہ کون ہیں؟ میں نے ان سے پوچھا کہ آپ کون ہیں؟ **صحابہؓ کی صحبت میں بیٹھنے والے تابعیؒ سے ملاقات:** کہنے لگے میں دراصل اندلس کے ایک دور افتادہ گاؤں کا باسی ہوں' مجھے اللہ کے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کا زمانہ ملا لیکن میں ان کی زیارت نہ کرسکا۔ میں نے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کا زمانہ دیکھا' بڑے بڑے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زیارت کی۔ میں اس دور میں مدینہ منورہ آیا جس دور میں حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کردیا گیا تھا۔ میں نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تربت تو دیکھی مگر ان کی زیارت نہیں کی۔ میں بڑے بڑے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے حلقے میں بیٹھا پھر جب صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین مدینہ سے باہر علوم کو پھیلانے کیلئے نکلے تو میں نے ان کا علم کی پیاس کیلئے پیچھا کیا کسی کو کوفہ پایا' کسی کو رائے پایا اور کسی کو دمشق اور کسی کو مکہ' الغرض میں پھر ان سے علوم سیکھتا رہا اور علوم کی پیاس بجھاتا رہا۔ میری زندگی اسی کیفیت میں گزرتے گزرتے آخر کار مجھے موت آگئی اور میں یہاں دفن ہوگیا۔ **موت کے بعد ملی نعمتوں کا تذکرہ:** صدیوں سے دفن قیامت کا انتظار کررہا ہوں' ان علوم نبوت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے مجھے بہت کچھ عطا فرمایا ہے۔ اپنی نعمتیں' جنت' خیریں' برکتیں' خوشیاں' عزتیں' عافیتیں اور کمال اتنا کچھ دیا کہ میں خود حیران اور پریشان ہوں کہ مجھے اتنی نعمتیں اللہ نے عطا فرمائیں۔ **لاکھوں' کروڑوں کے آزمودہ سات عمل:** میں نے ان سے سوال کیا کچھ زندگی کے ایسے عمل ہیں اگر آپ مجھے بتانا چاہیں جن سے آپ کو فائدہ پہنچا ہو اور جن کے بارے میں آپ سمجھتے ہوں' آپ نے زندگی میں بہت عمل کیے پر یہ عمل ایسے تھے جو آپ کی زندگی میں بہت کامل اور اکمل اور بہت مکمل تھے اور آپ نے اپنی زندگی میں ان سے بہت کچھ حاصل کیا۔ کیا آپ مجھے بتانا چاہیں گے؟ انہوں نے ایک ٹھنڈی آہ بھری فرمانے لگے: سات عمل ایسے ہیں جو میں نے اپنی زندگی میں جب بھی کیے اور پائے اور پورے قبرستان میں لاکھوں کروڑوں لوگ دفن ہیں' ایک قبر کے اوپر قبر ہے' دوسری کے اوپر تیسری اسی طرح تہہ در تہہ لیکن میں اگر نظر دوڑاتا ہوں تو قبرستان میں جتنے بھی لوگ ہیں۔ ان میں اکثریت کی بخشش ان سات اعمال کی وجہ سے اور اکثریت کی نسلوں کی خوشحالی جو وہ بعد میں چھوڑ کر آئے وہ بھی یہ سات اعمال ہیں۔ **دنیا و قبر میں کام آنے والے سات اعمال:** میں ان کی بات پر چونک پڑا اور بولا کیا وہ سات اعمال دنیا میں بھی کام آئے؟ فرمانے لگے ہاں! ان سات اعمال نے دنیا میں خوشحال رکھا اور اپنی نسلوں کو نصیحت وصیت کرکے آیا' میری نسلوں نے بھی جب عمل کیے تو وہ بھی دنیا میں خوشحال رہے اور ہر نعمت ان کو سدا میسر رہی اور اس قبرستان میں موجود بے شمار لوگوں کو میں نے جنہوں نے بھی یہ اعمال کیے وہ یہاں بھی خوشحال ہیں' دنیا میں بھی خوشحال تھے' ان کی نسلوں نے ان سات اعمال کو کیا ہے ان کی نسلیں اس دنیا اور اُس دنیا میں خوشحال ہیں' مجھے حیرت بھی ہوئی اور دلچسپی بڑھ گئی اور اپنی دلچسپی سے بہت زیادہ شیدائی ہوا اور اب میرے جی میں تھا کہ مجھے جلدی سے سات اعمال بتائیں۔ **سات اعمال پانے ہیں تو پہلے وضو کرو:** مجھے فرمانے لگے ان سات اعمال سے اگر کچھ پانا ہے تو پہلے آپ وضو کرلیں۔ ساتھ بہتے پانی سے وضو کیا' وضو کرکے فوراً مجھے کہا آپ نے وضو کے ساتھ مسواک کا استعمال نہیں کیا۔ میں نے کہا جی میں نے نہیں کیا۔ **پہلا عمل مسواک:** بس میں نے پہلا عمل ''مسواک'' بتاتا تھا' مسواک کرنے سے

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
f PAKSOCIETY

والے کی بات میں وزن' رعب و دبدبہ اور طاقت ہوتی ہے۔ مسواک کرنے والے کی بات کو لوگ محبت سے سنتے ہیں اور محبت دیتے ہیں' مسواک کرنے والے کے لہجے میں اللہ تعالیٰ ایک تاثیر ڈال دیتے ہیں اور وہ تاثیر ایسی ہوتی ہے جو دلوں پر اثر کر جاتی ہے۔ مسواک کرنے والے کی زندگی میں میٹھے بول بکھرنا شروع ہو جاتے ہیں اور اکثر مسواک کرنے والے یا تو کڑوے بولوں سے کنارہ کر لیتے ہیں یا آہستہ آہستہ ان سے کڑوے بول چھنتے چلے جاتے ہیں اور وہ میٹھے بول پاتے چلے جاتے ہیں اور ایسا خودبخود ہوتا ہے انہیں اس کیلئے کوئی محنت نہیں کرنی پڑتی۔ **مسواک سے رزق، دولت، مال:** مسواک کرنے والا معاشرے میں ہردلعزیز ہوتا ہے جن ہاتھوں سے مسواک دانتوں تک جاتی ہے اور جو ہاتھ مسواک پکڑتے ہیں۔ ان ہاتھوں میں پیسہ' رقم' دولت اور رزق ایسے آتا ہے کہ جیسے پہاڑ سے پانی تیزی سے گرتا ہے وہ ہاتھ کبھی خالی نہیں رہتے۔ وہ ہاتھ ہرے بھرے رہتے ہیں جو ہاتھ مسواک پکڑتے ہیں ان ہاتھوں میں طاقت ہوتی ہے' وہ ہاتھ اگر کہیں گرفت ڈال دیں تو بہت بڑے حادثوں اور گرنے سے بچ جاتے ہیں۔ **میں نے زندگی میں کبھی مسواک کو نہیں چھوڑا:** صحابی بابا مزید فرمانے لگے: میں حیرت سے کھڑا دمشق کے قبر کے اس تابعی رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھ رہا' ایک طرف باغ' پھول' وسیع میدان ایک طرف اس کا سنا ہوا قرآن اور اس نے میرے انگ انگ میں رس گھولا اور دوسری طرف مسواک کے کمالات اور مسواک کی تاثیر جو وہ مجھے بتا رہے تھے۔ وہ اپنی بات کرتے ہوئے رک گئے وہ خلاؤں میں گھورنے لگے اور کہنے لگے کہ میں نے زندگی میں کبھی بھی مسواک کو نہیں چھوڑا' آج مجھے اس کا احساس ہوا میں نے سنا تھا کہ جو شخص مسواک کرتا ہے اس کا خاتمہ ایمان پر ہوتا ہے' میں اس کا خود تجربہ کر چکا ہوں۔ **موت کے آخری وقت کا تجربہ:** صحابی بابا کہنے لگے کہ مجھے اس شخص نے کہا موت کے آخری لمحے کا آپ نے تجربہ نہیں کیا مگر میں نے اس کا خوب تجربہ کیا' موت کی آخری سانسوں کا آپ نے تجربہ نہیں کیا میں نے موت کی آخری سانسوں کا تجربہ کیا ہے۔ یہ مسواک ہی کی برکت تھی' آخری لمحوں میری سانسوں کو بہت کشادہ کیا میرے سینے کو تنگ ہونے سے بچایا اور گھٹن مجھ سے دور ہوئی اور مجھ پر سختی نہیں ہوئی جب سانس میری جسم کے انگ انگ تار تار اور ریشے ریشے سے نکل رہی تھی تو اس وقت میں ایک انوکھی حیرت میں تھا اور ایک انوکھے احساس میں تھا اور وہ انوکھی حیرت اور احساس یہ تھا کہ موت کی سختی کہتے کسے ہیں؟ میرے کانوں میں ایک غیبی آواز آئی' یہ تیرے اس مسواک کے عمل کے مستقل اہتمام کی وجہ سے ہے جو تو زندگی بھر کرتا رہا۔ **میری نسلوں کی خوشحالی کا راز:** وہ تابعی رحمۃ اللہ علیہ اپنی بات کو بڑھاتے ہوئے آگے بڑھے اور کہنے لگے کہ بس میں زندگی میں اپنے لمحوں کو مسواک سے کبھی دور نہ کر سکا اور ہمیشہ میں نے مسواک کی قدر کی' مسواک کا ادب یا مسواک کا احترام کیا اور اس قدر ادب اور احترام کی برکت ہے کہ میری نسلیں اس وقت خوشحال ہیں' تنگدست نہیں' مفلس نہیں ہیں' فقیر نہیں ہیں بلکہ ان کا رزق ان کی صحت ان کی سوچیں ان کی نسلیں ان کی اولادیں ان کے بیٹے سب کچھ وسیع اور وسیع تر ہے اور بہت بابرکت ہے' یہ سب مسواک کی برکت سے ہے۔ **دوسرا عمل وضو ہے:** دوسرا عمل اس تابعی رحمۃ اللہ علیہ نے جو بتایا وہ اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز تھا' کہنے لگے: میں نے ہمیشہ باوضو رہنے کی کوشش کی اور وضو کو اپنے لیے ہر سانس مجبوری بنایا اور اپنی نسلوں کو بھی اس کا عادی بنایا۔ ایک بہت بڑے صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے جو دیہات میں رہتے تھے میں ایک بار ان کے پاس گیا ان کو میں نے ہر لمحہ باوضو رہتے دیکھا۔ **صحابی رسولؐ کی کمر درد کا علاج:** میں نے ان سے پوچھا آپ کے عمل کو میں نے دیکھا آپ ہر لمحہ باوضو رہتے ہیں' اس عمل کی کوئی تاثیر آپ کے مشاہدے میں ہو تو بتا دیجئے' مجھ سے کہنے لگے: میں نے اس عمل کی تاثیر یہ پائی ہے کہ مجھے بہت پرانی کمر کی درد ہوئی' وہ اس لیے کہ میں ایک دفعہ اونٹ سے گر گیا تھا۔ میں بہت عرصہ اس کا علاج کرتا رہا آخر ایک بڑے صحابی رضی اللہ عنہ نے مجھے اس کا حل یہی بتایا کہ کمر کی درد کا علاج ہر وقت باوضو رہنا ہے۔ وہ فرمانے لگے کہ میں کمر کی درد کیلئے سب دوائیں' علاج معالجے چھوڑ کر میں نے باوضو رہنا شروع کر دیا' میری کمر کا درد بالکل ٹھیک ہو گیا۔ وہ دیہاتی صحابی رضی اللہ عنہ فرمانے لگے کہ میں نے پھر یہ کمر کے درد کیلئے اور بے شمار لوگوں کو بتایا جس کو بھی بتایا اس کی کمر کا درد سو فیصد کسی کا جلدی کسی کا دیر سے لیکن ٹھیک ہو گیا۔ **باوضو رہنے والے کے ساتھ ہر وقت چالیس فرشتے:** اس کا ایک اور نفع بتایا کہ باوضو رہنے والے کے ساتھ ہمیشہ چالیس فرشتے رہتے ہیں اور وہ چالیس فرشتے ہر وقت اس سے بلائیں' آفات' مصائب' پریشانیاں' تکالیف اور مسائل ہٹاتے اور ٹلواتے رہتے ہیں اور وہ فرشتے ہر وقت اس کے ساتھ رہتے ہیں' کوئی تکلیف دینے والا اگر اس کو تکلیف دینا چاہے تو اس کیلئے فوراً ڈھال بن جاتے ہیں' کوئی جادو کرنے والا جادو کرے تو اس کیلئے فوراً اس عمل کو روکتے ہیں۔ اگر اس عمل سے نہیں رکتا تو اس شخص کی حفاظت کرتے ہیں اور جادوگر کو سزا دیتے ہیں۔ حوادث سے بچاتے ہیں' مشکلات سے بچاتے' فاقوں سے بچاتے ہیں۔ غربت سے بچاتے ہیں' فاقوں اور غربت کے سامنے وہ فرشتے دیوار بن جاتے ہیں اس کے رزق کی کشادگی میں اللہ کی مدد سے اس کا ساتھ دیتے ہیں۔ مزید فرمانے لگے کہ ہر وقت میں خود باوضو رہا ہوں۔ **تازہ میت پر بڑھے آگ کے شعلے اور محافظ فرشتے:** یہ بات کرتے ہوئے وہ دمشق کے قبرستان کے عظیم القدر تابعی رحمۃ اللہ علیہ جو مجھے حالت مراقبہ میں ملے' رک گئے اور رکتے ہوئے دائیں بائیں دیکھا اور پھر اپنے لہجے اور سانسوں کو برقرار رکھتے ہوئے فرمانے لگے: میں نے زندگی میں آج تک کوئی صاحب قبر نہیں دیکھا' صدیاں ہو گئی ہیں اور صدیوں میں میتیں اب تک آ رہی ہیں' میں ہر میت میں یہ سات چیزیں تلاش کرتا ہوں اور جن میں بھی یہ سات چیزیں ہوتی ہیں۔ ان سے سو فیصد میرا دل مطمئن ہے کہ وہ بخشے بخشائے ہیں۔ ایک میت کی طرف میں نے دیکھا اس کی طرف آگ کا شعلہ بڑھا' وہ تازہ میت قبرستان میں آئی تھی لیکن اچانک کچھ فرشتے آئے۔ انہوں نے ہاتھ سے اس شعلے کو پکڑا اور دور پھینک دیا' تھوڑی ہی دیر میں پھر شعلہ آیا پھر انہوں نے پکڑا اور دور پھینک دیا۔ (جاری ہے)

موتی مسجد میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔

حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 56 پر دیا گیا کوپن پُر کرکے بھجوا دیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے 40

WWW.PAKSOCIETY.COM RSPK.PAKSOCIETY.COM ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

رشتوں کی سالہا سال پرانی بندش چند دنوں میں ختم

پھر ہم بہنوں نے ایک اخبار میں سے دیکھ کر سورۂ یونس کی آیت نمبر 81 روزانہ ایک ہزار مرتبہ پانی پر دم کر کے پڑھنا شروع کر دی اور گھر میں چھڑکنا شروع کیا' 90 روز تک۔ اس دوران بھائی کا ایک جگہ رشتہ طے ہو گیا اور اس کی شادی ہو گئی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو خوش رکھے اور جزائے خیر دے' آپ کی وجہ سے ہمیں عبقری جیسا شاندار میگزین ملا۔ میری بڑی بہن کی شادی کو تین سال ہو گئے' شادی کے صرف پندرہ دن بعد دونوں میاں بیوی کے سر میں شدید درد رہنے لگا اور میری بہن کے تو کپڑے بھی خود بخود ایسے کٹ جاتے جیسے کسی نے قینچی سے کٹ لگائے ہوں۔ وہ ہر وقت بیمار رہنے لگی۔ بہت علاج کروایا مگر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی والا حساب ہو رہا تھا۔ پھر کسی کے کہنے پر ایک بزرگ کے پاس گئے تو انہوں نے بتایا کہ آپ دونوں میاں بیوی پر کسی نے بہت سخت جادو کیا ہے۔ انہوں نے ایک عمل بتایا جس کے کرنے سے میری بہن پر کیا گیا سخت ترین جادو ختم ہو گیا۔ وہ عمل یہ تھا کہ روزانہ 21 دفعہ منزل اور ایک مرتبہ سورۂ بقرہ پڑھو وہ پڑھتی تھی تو سکون ملتا تھا۔ شادی کے نو ماہ بعد امید سے ہوئی تو نو ماہ یہی عمل پڑھتی رہی تو اللہ پاک نے ایک بیٹی عطا کی۔ پھر کچھ عرصہ اس نے یہ عمل کرنا چھوڑ دیا تو حاسدوں نے دوبارہ جادو کروا دیا' ماشاء اللہ میری بہن عالمہ ہے اور شادی سے پہلے بھی شرعی پردہ کرتی تھی۔ جب بیٹی نو ماہ کی ہوئی تو اس کو دوبارہ ڈیپریشن ہو گیا ہر ایک کو اپنا دشمن سمجھتی تھی' ہر وقت روتے رہنا' خودکشی کی کوشش کرنا۔ ہم اسے اپنے گھر لے آئے اور اس کا کافی ڈاکٹری علاج بھی کروایا' نفسیاتی امراض کے سپیشلسٹ ڈاکٹروں کو بھی دکھایا مگر فرق نہ پڑا۔ پھر ایک مرتبہ عبقری میں الحسبتھم اور اذان کا عمل پڑھا۔ ہم سب گھر والوں نے روزانہ یہ عمل ہر دو گھنٹے کے بعد کیا' صرف تین دن عمل کیا تو وہ ٹھیک ہو گئی اور اپنے گھر چلی گئی۔ (ح۔م۔ع)

رشتوں کی بندش و جادو ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ پچھلے تقریباً ڈیڑھ سال سے مسلسل پڑھ رہے ہیں۔ الحمدللہ! اس رسالے سے ہمارے بہت سے طبی و روحانی مسائل حل ہو رہے ہیں۔ ہم نے شروع ہی سے اپنے گھر میں مسائل ہی مسائل' جھگڑے ہی جھگڑے دیکھے ہیں۔ مگر جب ہمارا بھائی بڑا ہوا تو اس کی شادی کا مسئلہ کھڑا ہو گیا' ہم نے تقریباً پانچ سال اس کے رشتے کی تلاش میں لگائے مگر اس کا اگر کہیں رشتہ ہو بھی جاتا تو منگنی تک بات جاتی اس کے بعد کوئی نہ کوئی رکاوٹ پڑ جاتی ہے۔ ہم نے کہیں سے پتہ کروایا تو ہمیں بتایا گیا کہ آپ کے تمام بھائی بہنوں پر شدید قسم کی بندش اور جادو کیا گیا ہے۔ حتیٰ کہ ہمارے تمام بہن بھائیوں میں سے کسی کا بھی رشتہ کہیں بھی نہ ہو سکا۔ اس دوران باقی بہن بھائیوں کے بھی رشتے دیکھے' ایک بہن کا نکاح کیا تو سات دن کے اندر ختم ہو گیا۔ کہیں بھی کوئی بات نہ بنی' اگر کوئی رشتہ ہم بہنوں یا بھائیوں میں سے کسی کا آتا تو ایسا خراب کے ہمیں سن کر رونا آ جاتا۔ پھر ہم بہنوں نے ایک اخبار میں سے دیکھ کر سورۂ یونس کی آیت نمبر 81 روزانہ ایک ہزار مرتبہ پانی پر دم کر کے پڑھنا شروع کر دی اور گھر میں چھڑکنا شروع کیا' 90 روز تک۔ اس دوران بھائی کا ایک جگہ رشتہ طے ہو گیا اور اس کی شادی ہو گئی اور گھر کا ماحول بھی بہتر ہونا شروع ہو گیا۔ محترم حکیم صاحب میرا نام نہ لکھیے گا۔ (پوشیدہ)

قارئین! عبقری میں چھپے یا کسی بھی عمل' وظیفے کے کرنے سے آپ کو جادو' جنات سے چھٹکارا ملا ہو یا آپ پر کیا گیا جادو ٹونا ہوا ہو تو وہ مکمل عمل اور اس کی مکمل روداد تفصیل کے ساتھ دفتر ماہنامہ عبقری میں بھیجیے۔ آپ کا یہ عمل لاکھوں کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوگا۔

اب ہر جائز تمنا ہوگی پوری (انشاء اللہ)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں قارئین کیلئے ایک آزمودہ وظیفہ لکھ رہی ہوں۔ یہ وظیفہ میں نے جس جائز مقصد کیلئے بھی پڑھا وہ پورا ہوا۔ عمل: فجر کی دو سنتوں' ظہر کی دو سنتوں اور عشاء کی دو سنتوں میں چھ سورتیں پڑھنی ہیں۔ پہلی رکعت میں سورۂ کافرون' سورۂ نصر' سورۂ لہب اور دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص' سورۂ فلق' سورۂ ناس۔ جس جائز مقصد کیلئے بھی پڑھیں انشاء اللہ وہ پورا ہوگا۔ یہ وظیفہ کریں اور اپنی ہر جائز تمنا پوری کروائیں اور مجھے دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔ (ع۔س۔چکوال)

قسمت خود بنائیے

(صوفیہ' لاہور)

اس کے علاوہ آپ کے پاس وہ قوت ہے جس کے ذریعے آپ اپنی موجودہ حالت میں بھی تبدیلی لا سکتے ہیں

اگر آپ مشکلات کے سامنے اپنی قسمت کا رونا ہمیشہ روتے رہتے ہیں تو آپ کو یاد رکھنا چاہیے کہ آج اپنی زندگی میں جو کچھ ہیں اس کے لیے خود سو فیصدی ذمہ دار ہیں۔ آپ نے اپنی قسمت کو اپنے ہاتھوں سے بنایا ہے۔ آپ کے ماضی نے آپ کے زمانہ حال کو اور زمانہ حال آپ کے مستقبل کو بنائے گا۔ آپ نے ماضی میں جو کچھ کیا ہے' اس کے پھل کو آپ آج استعمال کر رہے ہیں۔ اگر آپ اپنے زمانہ حال کو منظم عمل میں رکھنے کے لیے رہیں تو مستقبل اب آپ کے ہاتھ میں ہے اس لیے آنے والی مصیبتوں کو کبھی نہ کوسیں بلکہ سچائیوں کا حوصلے سے سامنا کریں۔ اپنی زندگی کے بارے میں خود کو ذمہ دار سمجھنا چاہیے اور یہ محسوس کرنا کہ آپ کے خیالات' الفاظ اور کام ہی آپ کے مستقبل کی بنیاد ہیں زندگی کے بارے میں آپ کے نکتہ نظر میں ایک اہم تبدیلی لا سکتا ہے۔

اس کے علاوہ آپ کے پاس وہ قوت ہے جس کے ذریعے آپ اپنی موجودہ حالت میں بھی تبدیلی لا سکتے ہیں آپ کو قسمت کا غلام بنے رہنے کی ضرورت نہیں۔ مختلف مزاحمتوں کے خلاف مثبت خیالات' پختہ فیصلے اور قوت ارادی سے کی گئی حقیقی کوششوں کے ذریعے آپ قسمت کی قوتوں پر فتح پا سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے آپ کو خدا کے سامنے خود سپرد کر دیں تو قسمت کے چکر سے خود کو آزاد کرنا اور بھی آسان ہو جاتا ہے کیونکہ تب آپ کو ہر قدم پر ملکوتی مدد حاصل ہونے لگے گی۔

اس طرح قسمت کے چکر میں' خریدے ہوئے غلام کی طرح ہمیشہ چکر کاٹتے رہنا ضروری نہیں۔ آپ میں اس چکر سے باہر نکلنے اور اس کے قابو پانے میں ہونے کے بجائے اس کو ہی قابو میں کرنے کی قوت ہے۔ جیسے ہی آپ کے شعور کی سطح اوپر اٹھتی ہے آپ کے اوپر قسمت کی گرفت ڈھیلی ہوتی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ روحانی علم کے حامل اشخاص کو قسمت کا خوف نہیں ہوتا۔ وہ ایک سطح پر ہوتے ہیں جہاں دنیاوی چیزیں اور حالات انہیں متاثر نہیں کرتے' بلکہ وہ خود انہیں متاثر کرتے ہیں۔ قسمت کے چکر کو گھمانے والا ہینڈل ان کے ہاتھوں میں ہوتا ہے جس سے وہ ضروری حالات کو بدل سکتے ہیں۔ قسمت ان کی خدمت گار ہوتی ہے اور وہ اس کے مالک۔ وہ ہماری طرح قسمت کے غلام نہیں ہوتے اور نہ ہی قسمت ان کی مالک ہوتی ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

مشکل کام میں سہولت کا عمل: امام بونی کا قول ہے کہ کوئی ایسا کام جو بہت مشکل ہو اور اسے کرنے کی تدابیر کرتے ہوئے ہار گئے ہوں تو اس صورت میں اسم یَامُعِیْنُ کو کثرت سے پڑھنا مشکل کام میں سہولت کا ذریعہ بنتا ہے۔

اچھلیں کودیں اور لاجواب صحت پائیں

محمد سلمان، ابوظہبی

ضروری نہیں کہ آپ بڑی مہارت سے ہی رسی کودیں تو فائدہ ہوگا۔ آپ جس انداز سے بھی رسی کودیں گے، فائدہ ہوگا۔ اس سے عضلات میں جو مضبوطی آتی ہے وہ تو ہے ہی لیکن اس سے اعضا کا باہمی ربط بھی بہتر ہوتا ہے اور پھرتی آتی ہے۔

رسی کودیے صحت کیلئے: رسی کودنا (Skipping Rope) محض ایک دلچسپ مشغلہ ہی نہیں، بہترین ایروبک ورزش بھی ہے۔ ماہرین کے مطابق ''رسی کودنا'' ایک ایسا عمل ہے جس میں جسم کے تمام اعضا ایک ساتھ حرکت کرتے ہیں اور تمام اعضا کو ورزش کا یکساں موقع ملتا ہے۔ رسی کودنے سے جسم چاق و چوبند اور ہڈیاں مضبوط رہتی ہیں۔ ایک تجزیے کے مطابق روزانہ چند منٹ رسی کودنا خواتین کیلئے ہڈیوں کی بوسیدگی سے حفاظت اور تن درست رہنے کا آسان ترین طریقہ ہے۔ نوٹنگھم یونیورسٹی کی حالیہ تحقیق کے مطابق جو خواتین چھے ماہ تک روزانہ پچاس بار رسی کودتی تھیں ان کی کولہوں کی ہڈیوں کی دبازت میں تین سے چار فیصد اضافہ ہوگیا جب کہ دوڑنے یا چہل قدمی کرنے سے اتنے قوی اثرات ظاہر نہیں ہوتے۔ تاہم رسی کودنے کا اصل فائدہ اس وقت ہوگا جب دونوں پیروں سے ایک ساتھ کودا جائے۔ رسی کودنا قلب کے لئے بھی ایک اچھی ورزش ہے لیکن قلب کے مریضوں کو چاہیے کہ وہ اس سلسلے میں اپنے معالج سے ضرور مشورہ کرلیں۔ کچھ مطالعوں سے یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ رسی کودنے سے دیگر تمام ایروبک ورزشوں کے مقابلے میں زیادہ حرارے اور چربی جلتی ہے۔ تاہم ابتداء میں آہستہ آہستہ اور کم وقت کیلئے رسی کودنا چاہیے اس کے بعد وقت اور رفتار میں اضافہ کرنا چاہیے۔ چونکہ رسی کودنے سے بچوں کو بھی دلچسپی ہوتی ہے اس لئے والدین انہیں اس کے ذریعہ سے روزش کا شوق دلا سکتے ہیں۔ یقیناً رسی کودنا گھر کے ہر فرد کیلئے بہترین ورزش ہے جس کیلئے نہ تو کسی اہتمام کی ضرورت ہے اور نہ کوئی رقم خرچ کرنی پڑتی ہے۔

عین ممکن ہے کہ بچپن میں آپ نے رسی کودی ہو۔ ہمارے معاشرے میں یوں تو یہ کھیل لڑکیوں کا تھا لیکن لڑکے بھی کبھی کبھی اپنی بہنوں وغیرہ کے ساتھ رسی کود لیتے تھے۔ اب یہ کھیل تقریباً متروک ہوچکا ہے لیکن اکثر مغربی ممالک میں اسے اب کھیل کے بجائے ایک ورزش کی حیثیت حاصل ہورہی ہے۔ 1980ء کے عشرے میں ایک امریکی فٹ بالر کو یہ مشورہ دیا گیا کہ وہ اپنی صحت اور چستی کی خاطر روزانہ پندرہ منٹ رسی کودلیا کرے۔ اس ورزش سے اس کھلاڑی کو بہت فائدہ ہوا، ایک ماہر نے بتایا کہ تیز تیز رسی کودنے سے ٹانگوں کے نچلے حصے اور گھٹنے کے پچھلے حصے کی نسوں کو تقویت ملتی ہے جبکہ فری اسٹائل رسی کودنا پورے جسم خصوصاً سینے، کندھے اور بازوؤں کیلئے فائدہ مند ہے۔

ضروری نہیں کہ آپ بڑی مہارت سے ہی رسی کودیں تو فائدہ ہوگا۔ آپ جس انداز سے بھی رسی کودیں گے، فائدہ ہوگا۔ اس سے عضلات میں جو مضبوطی آتی ہے وہ تو ہے ہی لیکن اس سے اعضا کا باہمی ربط بھی بہتر ہوتا ہے اور پھرتی آتی ہے۔

یہ بھی دعویٰ کیا گیا ہے کہ جوگنگ، ایروبک ورزش اور فٹ بال سے زیادہ رسی کودنے سے حرارے جلتے ہیں۔

بعض ماہرین ورزش کے پروگرام میں رسی کودنے کو بھی شامل کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ ورزش دل کی دھڑکن کیلئے خوب ہے اور اس سے چربی کم ہوتی ہے۔ لوگوں کو اندازہ نہیں ہوتا کہ یہ کتنی سخت ورزش ہے لیکن حقیقت ہے کہ اس طرح خوب ورزش ہوجاتی ہے۔ برٹش ہارٹ فاؤنڈیشن نے اس ورزش کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے کہا ہے کہ رسی کودنا صحت قلب کیلئے بڑی موثر ورزش ہے۔ نیز اس سے ہڈیوں کی گنجانیت (موٹائی) بہتر ہوتی ہے اور وزن صحیح رہتا ہے۔

مضبوط گھٹنوں کیلئے بھی: مردوں کے مقابلے میں خواتین کے گھٹنے، آٹھ گنا کمزور ہوتے ہیں، یہ کمزوری خاص طور پر گھٹنے کے اگلے چلیپائی بندھن Anterior (Cruciate Ligament=ACL) میں کرکری ہڈی کے پھٹنے کی وجہ سے ہوتی ہے جس کیلئے آپریشن اور ایک سال تک فزیوتھراپی کرانا ضروری ہوتا ہے۔ اس سے بچنے کیلئے بھی رسی کودنے کی ورزش بہت مناسب ہوتی ہے۔ اس سے گھٹنوں کے بندھن مضبوط ہوتے ہیں اور اس طرح ان میں بوجھ اور دھکے سہنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے۔

☆ رسی گھماتے وقت اتنا اچھلیے کہ رسی آپ کے پیروں کے نیچے سے نکل جائے۔ ☆ زمین پر پہلے ایڑی رکھنے کی کوشش نہ کیجئے تاکہ انگوٹھوں پر زور نہ پڑے۔ ☆ اس دوران جسم میں خم نہ آنے دیجئے بلکہ اپنے جسم کو سیدھا رکھیے۔ ☆ اپنے بازوؤں کو اس طرح موڑیے کہ کہنی آپ کے جسم کے قریب ہو۔ بازوؤں کو زیادہ نہ پھیلائیے۔ اس حال میں رسی گھمائیے۔ ☆ درست لمبائی کی رسی کیلئے رسی کو بالکل درمیان سے اپنے پیروں کے نیچے دبائیے اس حالت میں رسی کے دونوں سرے آپ کی بغلوں کے نیچے آنے چاہئیں۔ ☆ ابتداء میں آہستہ رفتار کے ساتھ اور کم وقت کیلئے رسی کودیے، اس کے بعد آہستہ آہستہ رفتار اور وقت میں اضافہ کرتے جائیے۔ ضروری نہیں کہ اس ورزش کے دوران میں آپ بہت اونچا کودیں۔ زمین سے ایک دو انچ اوپر اٹھنا بھی کافی ہے، شروع میں چار پانچ بار کودنے کے بعد پھر متواتر تیس سیکنڈ کودیے اور پھر ایک منٹ ستائیے، یہ عمل پانچ بار کیجئے۔ تیس سیکنڈ کودنے کے دورانیے کو رفتہ رفتہ ایک منٹ دو منٹ اور پھر چند ہفتے بعد تین منٹ تک بڑھائیے بشرطیکہ آپ میں اتنی سکت ہو۔ مغربی ممالک میں رسی کودنے کی تربیت باقاعدہ کلبوں میں دی جاتی ہے اور اس کے مختلف انداز اور طریقے سکھائے جاتے ہیں۔ جن لوگوں کو یہ سہولتیں حاصل نہیں ان کیلئے یہی مناسب ہوگا کہ وہ سیدھے سادے طریقے سے رسی کودنے کی مشق کریں لیکن اپنے اوپر بہت زیادہ بوجھ نہ ڈالیں۔

روحانی پھکی نے وہ کر دکھایا جو کسی سے نہ ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ایک دوست اسلام آباد میں نوکری کرتے ہیں' ان کا بڑا بھائی بھی تھا' ان کو معدہ کا درد تھا' ان کے بڑے بھائی کہنے لگے آپ مجھے کسی ایسے ڈاکٹر کا نام بتادیں کہ مجھے جس سے شفاء مل جائے کیونکہ گزشتہ دس دنوں سے میں نے علاقے کے نامی گرامی ڈاکٹرز کو چیک کروایا مگر آرام نہیں آیا' میں بہت ڈسٹرب ہوں' جاب پر بھی نہیں جاسکتا' شوگر بھی ہے' میں نے ان کو روحانی پھکی کے متعلق بتایا جو میرے پاس اس وقت پڑی ہوئی تھی میں نے ان کو دے دی اور کہا اگر فائدہ نہ ہوا تو پھر کچھ کرتے ہیں' وہ لے کر چلے گئے۔ چار دن بعد میں نے ان کو فون کیا اور پوچھا کہ بھائی جان کا کیا حال ہے؟ کہنے لگے: وہ روحانی پھکی کے استعمال کی وجہ سے آفس میں بیٹھے ہوئے ہیں اور تمام دوائیاں چھوڑ کر صرف روحانی پھکی لے رہے ہیں اور اب بالکل ٹھیک ہیں۔ (ڈاکٹر تنویر خان' اسلام آباد)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

اُف! یہ زندگی کا ناپائیدار سفر

حضرت مولانا دامت برکاتہم العالیہ عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی نامور شہرہ آفاق کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

گاڑی میں بیٹھے ساتھیوں سے جو اچانک کسی چیز کے گاڑی کے سامنے آجانے کے بعد لگائے گئے بریک کے جھٹکے سے بیدار ہوئے تھے' یہ حقیر ایک ایک کرکے معلوم کرنے لگا آپ کہاں جارہے ہیں؟ دو نے کہا: آپ کے ساتھ جارہے ہیں' میں نے پوچھا کہاں؟ بولے سونی پت' ایک صاحب جن کو راستہ میں اترنا تھا انہوں نے اس منزل کا نام لیا۔ یہ حقیر اپنی یاد دہانی کے طور پر جو کچھ دیر سے چلی ذہن کی کیسٹ کی وجہ سے دل و دماغ پر سوار تھا' بولا کیا آپ لوگوں کا قرآن مجید پر ایمان نہیں ہے؟ قرآن مجید تو فرمارہا ہے: ''بے شک ہماری ہی طرف ان کا لوٹنا ہے پھر ہمارے ہی پاس ان کا حساب ہے'' (الغاشیہ: 25،24) دہلی سے سونی پت کے کار کے سفر میں ذرا سے جھٹکے نے جیسے ان نیند میں مدہوش ساتھیوں کو بیدار کردیا تھا' اس حقیر کو غفلت کی زندگی کے سفر میں اچانک اس جھٹکے سے اس طرف توجہ ہوئی۔

سونی پت شہر میں بستی کے لوگوں کا مشورہ مطلوب تھا' اس حقیر نے اپنے ایک ذمہ دار کو فون کیا' فلاں فلاں صاحبان کو ضرور بلالیں' انہوں نے اس میں سے دو صاحبان کے بارے میں بتایا کہ ان میں سے ایک کا انتقال دو سال قبل اور ایک کا ڈیڑھ سال قبل ہوگیا ہے' اچانک جیسے ذہن میں ایک جھٹکا لگا ہو' سونی پت میں ابتدا میں ساتھ دینے والے اور تعلق رکھنے والوں کی ذہن میں فہرست بنانے لگا' جو ہماری طرح زندگی کے پلان بناتے تھے' اور ان میں سے بہت سے خیر کے کاموں کے بھی خاکے بناتے تھے۔ پھر آس پاس کی بستیوں کے ان لوگوں سے ہوتے ہوئے' دل و دماغ اپنی بستی اور اپنے عزیزوں' رفیقوں کی طرف منتقل ہوتا گیا جو ہمارے ساتھ رہتے تھے اور ہوسکتا ہے کہ ہماری ہی طرح اس دنیا میں لمبی مدت تک رہنے کی امید پر خاکے بناتے رہے ہوں مگر ان کی زندگی کا سفر ختم ہوگیا، اچانک ایسا لگا کہ ساتھ رہنے والے اکثر لوگ اتنے شفیق اور عنایت کرنے والے بڑے بلا استحقاق عنایت فرمانے والے کتنے اکابرین' اپنی دولت' مناصب اور شان پر فخر کرنے والے کتنے لوگ' جو اپنی اپنی سطح سے اس دنیا میں ایک وقار' شان اور مقبولیت اور مقام رکھتے تھے' اس زمین کا حصہ بن گئے اب یا ان کی زندگی ایک قصہ پارینہ بن گئی یا ان کی یادیں زندگی گزارنے کا حصہ ہوگئیں۔ نبی رحمت ﷺ نے کیسا ہوشیار فرمایا ہے: ''دنیا میں ایسے رہو جیسے مسافر یا راستہ پار کرنے والا'' اف! ایسی ناپائیدار زندگی' اور خواب کی طرح ختم ہونے والی زندگی کے سفر کو آدمی نے سفر سمجھنے کے بجائے ایسا ٹھکانہ اور مستقر بنا کر کیسی حماقت کی ہے' یہ دنیا کی ناپائیدار زندگی جس میں انسان چلتی ریل گاڑی کی طرح پیدا ہونے کے بعد سوار ہوجاتا ہے اور جس کا گرآیا' موت کے راستے سے اتر جاتا ہے۔

آدھی صدی کی ہماری مختصر زندگی میں کتنے سوار بلکہ کتنے ہمارے سامنے سوار ہوکر اتر کر چلے گئے' کتنے لوگوں کو اپنے سامنے اترتا چڑھتا دیکھ کر اور اپنے ہاتھوں کتنے جنازوں کو نہلا کر' کفنا کر اور دفنا کر' اور نہلاتے دفناتے دیکھ کر اور جنازوں میں روز روز شریک ہوکر بھی آدمی اس طرح جئے جیسے وہ اسی دنیا کا مکین ہے، کیسی حماقت ہے۔ اور انسان غفلت میں زندگی کے اس ناپائیدار سفر میں نہ جانے کیسے کیسے طویل خواب دیکھتا ہے خوش قسمت ہیں وہ لوگ جن کو کوئی اچانک بریک کا جھٹکا بیدار کردیتا ہے اور وہ زندگی کے اس سفر کو، سفر سمجھ کر بیداری کے ساتھ اپنے حقیقی گھر آخرت کی تیاری کیلئے گزارنے لگتے ہیں' یہی لوگ ہیں جو ہوشیار ہیں اور یہی لوگ ہیں جن کی حیات لوگوں کیلئے مشتعل راہ اور مینارہ نور بن جاتی ہے۔ جو ہمیشہ کے گھر آخرت کی تیاری کیلئے ہوشیار اور دنیا کے دھوکہ کے سفر کی ناپائیداری کیلئے خبردار رہتا ہے یہ انسان کی زندگی کی چولوں کی ٹھیک رکھنے کی شاہ کلید ہے' کاش! ہم ان خوش قسمت ہوشیار سمجھدار لوگوں میں شامل ہوں!!!

اہل جنت کی چار نشانیاں: 1۔ مسکراتا چہرہ۔ 2۔ نرم زبان 3۔ رحم کرنے والا دل۔ 4۔ عطا کرنے والا ہاتھ۔

چار اندھیرے چار چراغ: گناہ اندھیرا ہے' توبہ استغفار اس کا چراغ۔ دنیا کی محبت اندھیرا' تقویٰ اس کا چراغ۔ قبر اندھیرا' کلمہ اس کا چراغ۔ پل صراط اندھیرا' یقین اس کا چراغ۔ (مائدہ بتول' جھنگ سیال موڑ)

حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ

تمہارا سر کا حلق کرانا سو ہر بال کے بدلے ایک نیکی اور گناہوں کی معافی ہے اور تمہارا اس کے بعد طواف (زیارت) کرنا اس حال میں طواف کرنا ہوگا کہ کوئی گناہ نہ ہوگا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ آپ ﷺ مسجد منیٰ میں تشریف فرما تھے قبیلہ ثقیف اور انصار میں سے دو شخص آپ ﷺ کی خدمت میں آئے اور کہا اے اللہ کے رسول ﷺ ہمیں ان امور کے بارے میں بتائیے (چنانچہ آپ ﷺ نے خود ان کے سوالوں کو جان لیا اور فرمایا تم ان سوالوں کے جواب کیلئے آئے) آپ ﷺ نے فرمایا جب تم اپنے گھر سے بیت اللہ (حج) کے ارادے سے نکلو گے تو تمہاری اونٹنی کا قدم جتنا اٹھے گا اور بیٹھے گا اس کے بدلے نیکی لکھی جائے گی اور گناہ معاف ہوں گے اور طواف کے بعد دو رکعت کا ثواب خاندان اسماعیل کے غلام کی آزادی کے برابر ثواب پاؤ گے اور صفا و مروہ کی سعی کا ثواب ستر غلام کی آزادی کے مثل پاؤ گے اور تمہارے وقوف عرفہ کے وقت اللہ پاک آسمان دنیا پر اتر آتے ہیں اور تمہاری وجہ سے فرشتوں پر فخر فرماتے ہیں اور کہتے ہیں دور دراز کی مسافت طے کرکے پراگندہ حال میرے بندے میرے پاس آئے ہیں مجھ سے جنت کی امید کرتے ہوئے پس اگر تمہارے گناہ ریت کی مقدار کے برابر' یا بارش کے قطروں کی مقدار یا سمندر کی جھاگ کی مانند (یعنی اس قدر کہ شمار سے باہر) تو اسے معاف کردوں گا۔ چلو کوچ کرو' میرے بندے عرفات سے تم بخشے بخشائے ہوگئے اور اس کی بھی جس کی تم شفاعت کروگے اور تمہارا کنکری مارنا سو ہر کنکری جو تم مارو گے ہلاک کرنے والے بڑے بڑے گناہوں کا کفارہ ہے اور تمہارا قربانی کرنا پس وہ تمہارے رب کے نزدیک ثواب کا ذخیرہ ہے اور تمہارا سر کا حلق کرانا سو ہر بال کے بدلے ایک نیکی اور گناہوں کی معافی ہے اور تمہارا اس کے بعد طواف (زیارت) کرنا اس حال میں طواف کرنا ہوگا کہ کوئی گناہ نہ ہوگا۔ فرشتے آئیں گے تمہارے دونوں کندھوں کے درمیان ہاتھ رکھیں گے جو چاہے آئندہ عمل کرو۔ گزشتہ گناہوں کی معافی ہوگئی۔ (ترغیب وترہیب' ج ۲' ص ۱۷۶' القریٰ ص ۳۲' طبرانی کبیر' ابن حبان)

حج پر جانیوالے اپنے لمحات کو قیمتی سے قیمتی تر بنائیں اور دوسروں کو بھی یہ انمول تحفہ دیں۔

''حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ''

مقبول عبادات' فضائل' روحانی نسخے اور بہت کچھ۔۔۔ اس کتاب میں پڑھیں!

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

حکیم غلام یزدانی قریشی

فطرت کو آواز دیں اور پھر دیکھیں

دین و طب کا چولی دامن کا ساتھ ہے، دین کی تمام ترغیبات انسان کیلئے مفید راہ عمل ہیں۔ ہمارے خالق و مالک نے ہماری عافیت کا زیادہ خیال رکھا ہے کیونکہ صحت کے بغیر دین و دنیا کا کام تسلی بخش طور پر انجام نہیں دیا جاسکتا۔

بدن اور روح مل کر جسم میں تحریک پیدا کرتے ہیں۔ جسم بغیر روح کے بے کار ہے اور صرف روح سے جسم میں مظاہر قدرت نمایاں نہیں ہوتے۔ اللہ تعالیٰ نے دن کو کام اور رات کو آرام کیلئے بنایا ہے۔ جب ہم رات کو آرام کرتے ہیں تو جسم کی حرکات ماند پڑ جاتی ہیں، معطل نہیں ہوتیں۔ اگر آرام اور کام میں توازن نہ رہے تو صحت بگڑ جاتی ہے۔ نیند کا زیادہ یا کم آنا، بار بار جاگ اٹھنا یا اونگھتے رہنا وغیرہ وتمام نیند کی غیر طبی کیفیات ہیں۔ بدقسمتی سے آج کل نئے نئے مشاغل نے انسان کو بے اصول بنا دیا ہے۔ اس لئے دور دور تک عمدہ صحت کے نام کی کوئی چیز نظر نہیں آتی۔ کام اور آرام میں اعتدال سے کام لینا چاہیے، ایک انسان کیلئے ضروری ہے کہ وہ عمر کے لحاظ سے کم وبیش 6 سے 7 گھنٹے سوئے۔ کچھ لوگ زیادہ دیر تک کام کرتے رہنے میں خوشی محسوس کرتے ہیں۔ بعض اوقات اس سے صحت میں بگاڑ پیدا ہوجاتا ہے تو طاقت اور ہمت جواب دینے لگتی ہے۔ بعض طالب علم ایک منصوبے کے تحت کتابیں پڑھتے ہیں یہ بہت اچھی عادت ہے۔ مطالعہ اس وقت تک جاری رکھیں جب تک توجہ اور حاضر دماغی ساتھ دیں۔ تھکاوٹ اور پراگندہ خیالی محسوس کرتے ہی پڑھنا چھوڑ دیں اور تھوڑی دیر کیلئے سو جائیں۔ اس طرح انسان تازہ دم ہوکر پھر سے اپنا کام وغیرہ کرنے کے قابل ہوجاتا ہے۔ تھکا ماندہ ہونے کی صورت میں مطالعہ دلجمعی اور توجہ سے نہیں کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی ذہن میں اسباق محفوظ رہتے ہیں۔ کچھ طالب علم خوبی کے ساتھ پرچہ سوالات حل کرنے کیلئے اسی رات زیادہ سے زیادہ پڑھتے ہیں۔ ایسا مطالعہ کمرہ امتحان میں کام نہیں آتا۔ بعض اوقات آسان سوالات کے مناسب جواب بھی تحریر نہیں کیے جاسکتے۔ پڑھنا و سمجھنا، سب کچھ غور واطمینان کے ساتھ تعلیمی سال کے دوران میں کرتے رہیے، یقیناً خاطر خواہ کامیابی ہوگی۔

دین وطب کا چولی دامن کا ساتھ ہے، دین کی تمام ترغیبات انسان کیلئے مفید راہ عمل ہیں۔ ہمارے خالق و مالک نے ہماری عافیت کا زیادہ خیال رکھا ہے کیونکہ صحت کے بغیر دین و دنیا کا کام تسلی بخش طور پر انجام نہیں دیا جاسکتا۔ موسم سرما کے ختم ہوتے ہی ہمارے تقاضے بدلنا شروع ہوجاتے ہیں۔ ہم ٹھنڈے ماکولات ومشروبات کو پسند کرنے لگتے ہیں، شربت سکوائش اور لسی وغیرہ زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ قدرت ہمیں لوکاٹ، تربوز، آلو بخارا، فالسہ اور پھر خوبانی نیز آڑو اور لیچی مہیا فرمادیتی ہے اور جب موسم گرما کے خاص پھل مثلاً آم اور کھجور آنے لگتے ہیں تو جامن، لیموں، انار اور میٹھے کھانے کو ملتے ہیں۔ پیاس کی شدت اور گھبراہٹ کو دور کرنے کیلئے ادویات مثلاً نیلوفر، صندل، بزدوری، گڑھل، گلاب اور بید مشک سے تیار کردہ شربت بھی پینے کو ملتے ہیں۔ تاہم قدرت نے ہر موسم میں گرم، سرد اور معتدل ہر قسم کی غذا و دوا ہمیں مہیا کردی ہے تاکہ اپنی ضرورت اور مزاج کے مطابق ہم ان سے انتخاب کرکے اپنے کام میں لاسکیں۔ روحانی اقدار بھی ہماری صحت کو عمدہ بناتی ہیں کہ ان میں بھی ہماری اخروی بھلائیوں کے ساتھ ہماری دنیاوی بھلائیوں کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔ جیسا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند کرتے اور جمائی کو برا سمجھتے ہیں۔ تم میں سے جس شخص کو چھینک آئے اور وہ الحمدللہ کہے تو ہر اس مسلمان کا جو چھینک کو سنے پر لازم ہے کہ وہ جواب میں یرحمک اللہ کہے اور جمائی شیطان کا فعل ہے۔ تم میں سے جس کو جمائی آئے وہ جس حد تک ممکن ہو اس کو روکے۔ اس لئے کہ جب کسی شخص کو جمائی آتی ہے تو شیطان دیکھ کر ہنستا ہے، جمائی اعصاب کی تھکاوٹ، معدہ کی خرابی سے بھی آتی ہے، اس لئے غذا کے بعد جوارش جالینوس بقدر ضرورت استعمال کریں۔ طبی نقطہ نظر سے دماغ عضو رئیس ہے اور تمام بدن کے اعصاب کو کنٹرول کرتا ہے اچھی بری بات کا ادراک اسی وساطت سے ہوتا ہے۔ جب دماغ کو اندرونی یا بیرونی طرف سے کوئی متاثر کرے تو قدرتی طور پر اس کو ناک کے ذریعے باہر نکالنے کیلئے چھینک آتی ہے، اس طرح وہ اذیت سے محفوظ ہوجاتا ہے جب صورت حال یہ ہو تو چھینک آنے پر اللہ تبارک تعالیٰ کا شکریہ ادا کیوں نہ کیا جائے اور پھر اس کے قریب یہ الفاظ سننے والے بھی اس کے لئے یرحمک اللہ کے دعائیہ الفاظ دہرائیں۔ اسی طرح جب کسی کو جمائیاں آتی ہیں تو وہ کاہلی اور اندرون بدن غلیظ وناقص فضلات کے جمع ہوجانے کی علامت ہوتی ہے۔ منہ کو پورا یا بے تحاشا کھولنا چہرے کے اعصاب میں تشنج کی سی کیفیت پیدا کردیتا ہے اور بعض اوقات پٹھے بری طرح کھچ جاتے ہیں۔ عام حالات یا مجلس میں اس قسم کی کیفیت کا پیدا ہونا شرمندگی کا باعث بھی ہوتا ہے اور کسی خارجی شے کے منہ میں چلے جانے کی راہ بھی ہموار کرتا ہے۔ اصول ہائے فطرت اور ارشادات رہبر کامل ﷺ ہر طرح اور ہر انداز سے ہمیں ہر قسم کی تکلیف سے نجات بخشتے ہیں۔ جمائی کے وقت شیطان بھی اس لئے ہنستا ہے کہ حضرت انسان کو تکلیف میں مبتلا دیکھنا اس کیلئے خوشی کا باعث ہے۔ اسی لئے یہ ہدایت فرمائی کہ اس قسم کی مجبوری کی حالت میں اپنے بچاؤ کیلئے منہ کم سے کم کھولیں اور منہ کے اوپر ہاتھ بھی رکھ لیں تاکہ کوئی اذیت ناک شے منہ میں نہ جائے اور نہ ہی منہ میں موجود کوئی آلائش خارجی اشیاء کو غلیظ کرے اور شیطان ہمارا ازلی دشمن بھی ہماری تکلیف پر خوش نہ ہو۔ بعض اوقات انسان مرض کی وجہ سے بھی ان کیفیات سے دوچار ہوجاتا ہے تو اس کیلئے دوا کا سہارا لینا ضروری ہے۔ سر کے بھاری یا درد ہونے کی صورت میں چھینک لانے والی ادویہ کا استعمال کیا جائے۔ **ھوالشافی:** نک چھکنی دس گرام، کائپھل دس گرام، گلاب کے پھول کی خشک پنکھڑیاں دس گرام تمام ادویہ کا سفوف بنالیں اور بوقت ضرورت سونگھیں تو چھینکیں آئیں گی اور سردرد وغیرہ بھی رفع ہوجائے گا۔ اگر تکلیف عرصہ سے چلی آرہی ہو تو **ھوالشافی:** نوشادر دس گرام، ان بجھا ہوا چونا دس گرام، دونوں ادویہ کو کسی کھلے منہ کی شیشی میں ڈال کر اوپر کارک لگا کر رکھیں اور بوقت ضرورت ہلا کر سونگھیں۔ کھانے کیلئے خمیرہ گاؤزبان عنبری اور اطریفل اسطخودوس ہم وزن استعمال کریں۔ ایک چھوٹا چمچ صبح، اسی قدر عصر کے وقت پانی یا عرق گاؤزبان کے ساتھ استعمال کریں۔ اگر چھینکیں زیادہ آئیں تو الحمدللہ کی بجائے اللہ تعالیٰ کی پناہ **لاحول ولا قوۃ الا باللہ** کہا کریں کہ یہ بیماری کی کیفیت ہے اور یہ دوا بھی استعمال کریں۔ **ھوالشافی:** اطریفل کشنیزی دس گرام، کشتہ مرجان سادہ 25 ملی گرام۔ دونوں ادویہ کو ملا کر صبح وعصر کے وقت پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ مناسب پرہیز بھی ضروری ہے۔ ترشی، چکنائی یا زیادہ ٹھنڈے پانی کا استعمال بھی نقصان دہ ہے۔ جسم و روح کی ہم آہنگی بہت ضروری ہے کہ اس سے بھی صحت پائیدار رہ سکتی ہے اور ان کی ہم آہنگی انسان کی سوچ اور اصول ہائے فطرت کی پابندی پر منحصر ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

دو رکعت نماز قضائے حاجت کی بہترین تاثیر

یہ ایک ایسا انمول تحفہ ہے جس کی قیمت کوئی ادا نہیں کرسکتا‘ اس کی تاثیر بہت ہی زبردست ہے‘ نامکمل کام اس قضائے حاجت کو ادا کرنے سے مکمل ہوجائیں گے‘ یہ سینے کے راز ہیں‘ یہ عام لوگوں کے کرنے کے بس کی بات نہیں جو لوگ عمل کرتے ہیں بیش بہا انعامات بارگاہ خداوندی سے حاصل کرتے ہیں‘ ایسے ایسے انعامات جو انسان کی سوچ سے بالاتر ہوتے ہیں‘ یہ انمول تحفہ بے عمل کو باعمل‘ بے غیرت کو غیرت مند‘ کنجوس کو سخی بنادیتا ہے‘ بلکہ یوں کہہ لیں کہ جس کو مرشد کامل کی تلاش ہو تو اس انمول تحفہ پر عمل کرنے‘ مرشد کامل مل جائے گا۔ یہاں تک کہ ایک بزرگ لکھتے ہیں کہ میں نے دو رکعت نماز قضائے حاجت پڑھی اور علم و حکمت کی دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے مجھے علم و حکمت کی دولت سے نواز دیا۔ اس نماز کو پڑھنے سے جو حاجت بیان کی جائے وہ بھی پوری ہوگی بلکہ دس مزید حاجتیں جو پوشیدہ مثلاً وہ مشکل جو ظاہر ہوجائے تو بندے کا ان مشکلات سے نکلنا بہت مشکل ہے پوشیدگی میں ہی حل ہوں گی۔

طریقہ عمل: جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب غسل کرکے‘ پاک صاف کپڑے پہن کر‘ دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ کافرون دس مرتبہ‘ دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص گیارہ مرتبہ‘ نماز مکمل کرنے کے بعد سر سجدے میں رکھ کر درود شریف گیارہ مرتبہ‘ تیسرا کلمہ دس مرتبہ اور رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ دس مرتبہ پڑھیں اور حاجت بیان کریں انشاء اللہ آپ کی ہر حاجت پوری ہوگی۔

(محمد امتیاز خان‘ بورے والا)

پانچ نسلوں سے آزمودہ نسخہ جات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا تعلق پانچ نسلوں سے حکماء کے خاندان سے ہے‘ آج دو مجرب نسخے ارسال خدمت ہیں۔ بفضل تعالیٰ یہ نسخے کبھی خطا نہیں کرتے۔

چورن پتھری: جس کے استعمال سے گردے کی پتھری بفضل تعالیٰ دور ہوجاتی ہے۔ **ھوالشافی:** سیاہ مرچ‘ فلفل دراز‘ سیاہ نمک‘ بجی نمک‘ نوشادر ٹھیکری‘ سہاگہ بریاں‘ ہموزن لے کر پیس لیں۔ یہ تیز ہوتا ہے۔ بعد غذا ایک ایک گرام کھائیں‘ پھر نیم گرم پانی پی لیں۔ اگر سرد پانی کے ساتھ کھائیں تو دست بند ہوجاتے ہیں۔ پتھری والوں کو اس کے کھانے کے بعد پانی بہت پینا چاہیے۔

نامردی کیلئے: ھوالشافی: ثعلب مصری‘ موصلی سفید انڈین‘ مغز پنبہ دانہ‘ تینوں ادویات پچاس پچاس گرام لے کر باریک پیس لیں‘ پھر چھلکا اسپغول پچاس گرام ملالیں۔ چالیس دن ایک بڑا چمچ رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔ اس دوران بیوی سے صحبت نہ کریں۔ اس کے بعد ہمیشہ مجامعت کے بعد ایک چائے کا چمچ موصلی سفید انڈین کا سفوف ایک گلاس گرم دودھ کے استعمال کریں‘ پھر کسی دوا کی حاجت نہ ہوگی۔ اگر سردیوں کا موسم ہو تو دودھ میں ایک کچا دیسی انڈا ڈال لیں تو اور بھی بہتر ہوگا۔ (حیات الرحیم خان‘ سانگھڑ)

جوڑوں کے درد کیلئے جادوئی نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری قارئین کیلئے ایک جادوئی نسخہ درج ہے۔ **ھوالشافی:** ایک پاؤ ادرک‘ ایک پاؤ لہسن اور آدھا کلو گائے کا گھی لے لیں۔ ادرک اور لہسن کو الگ الگ پیس لیں اور ان کا الگ الگ پیسٹ بنالیں‘ روزانہ ایک چمچ ادرک اور ایک چمچ لہسن لیں اور تین چمچ گھی لے کر ادرک اور لہسن کا پیسٹ ڈال کر ہلکی آنچ میں بھون کر بھجیا بنالیں‘ حسب ضرورت نمک بھی ڈال لیں‘ جب تیار ہوجائے تو ٹھنڈی ہونے پر باوضو سورۂ یٰسین پڑھنا شروع کریں اور جب سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ﴿یٰسین ۵۸﴾ پر پہنچیں تو اس آیت کو چالیس مرتبہ پڑھیں اور سورۂ یٰسین ختم کرنے کے بعد بھجیا پر دم کردیں اور روزانہ اسی ترکیب سے تیار کریں اور اکیس دن تک کھائیں‘ انشاء اللہ جوڑوں کا درد ختم ہوجائے گا۔ (کلیم اللہ شیخ‘ پہاڑ پور)

اتنی جلدی آرام کہ یقین نہ آئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ ایک سال سے پڑھ رہی ہوں‘ بہت اچھا رسالہ ہے جس سے ماشاء اللہ کافی لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے۔ اس میں بہت اچھے وظیفے اور ٹوٹکے لکھے ہوئے ہیں‘ میں بھی اپنے آزمائے ہوئے ٹوٹکے بھیج رہی ہوں۔ **خارش سے نجات:** خارش چاہے خشک ہو یا تر دونوں کیلئے ہی فائدہ مند ہے‘ میرا چھوٹا بیٹا جب ایک سال کا تھا تو اس کو بہت زیادہ خارش پڑگئی اور میں پریشان ہوگئی کیونکہ اس کی پیٹھ پر بہت زخم ہوگئے تھے اور اس کی وجہ سے ہم سب کو بھی خارش پڑگئی۔ کافی انجکشن لگوائے‘ مرہم لگائی‘ دوائیاں کھلائیں مگر کوئی فرق نہ پڑا۔ مجھے اپنے بیٹے کی بہت فکر ہوئی کہ اتنا چھوٹا ہے کہیں کچھ ہو ہی نہ جائے۔ پھر ہمیں کسی نے بتایا کہ آملہ سار گندھک پیس کر سرسوں کے تیل میں ملا کر لگائیں۔ انشاء اللہ بہت جلدی آرام آجائے گا۔ واقعی پھر ایسا ہی ہوا اور اتنی جلدی آرام آگیا کہ یقین ہی نہیں آرہا تھا۔ **پیچش سے فوری نجات:** پیچش چاہے کیسے ہی ہوں‘ مروڑ خونی ہوں یا دوسرے‘ ٹوٹکہ یہ ہے کہ ثابت اسپغول لے کر تھوڑے سے توے پر ڈال کر تھوڑے سے گھی میں بھون لیں‘ ٹھنڈا ہونے پر چینی ڈال کر چائے کے ساتھ یا دہی کے ساتھ کھائیں انشاء اللہ آرام آجائے گا۔ تیسرا ٹوٹکہ یہ ہے کہ ایڑیاں جتنی بھی پھٹی ہوئی ہوں ان پر صرف سرسوں کا تیل لگائیں انشاء اللہ کچھ ہی دنوں میں آرام آجائے گا۔

(نجمہ النساء گیلانی‘ گوجرانوالہ)

خَم لَایُنْصَرُوْن سے کینسر ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے پہلی مرتبہ رسالہ ماہنامہ عبقری، عبقری کی ویب سائٹ سے پڑھا اور وہیں سے آپ کے درس بھی سنے۔ میں نے حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ کا عمل عبقری کی ویب سائٹ سے ہی پہلی مرتبہ پڑھا تھا۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میری والدہ کو کینسر تھا اور ہم سب بہت ہی پریشان تھے۔ میں اَفَحَسِبْتُمْ اور اذان کا عمل یعنی سات مرتبہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور سات مرتبہ اذان پڑھ کر پہلے اپنی والدہ کے دائیں کان پر پھونک مارتی اور دوبارہ سات سات مرتبہ درج بالا چیزیں پڑھ کر بائیں کان پر پھونک مارتی‘ میری والدہ کے کینسر کا ایک آپریشن ہوچکا تھا۔ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ میری والدہ نے کھلا پڑھا۔ الحمدللہ! پچھلے دنوں چیک اپ کے دوران جب ڈاکٹروں نے امی کی رپورٹس چیک کیں تو کینسر ختم ہوچکا تھا۔ ڈاکٹروں کو یقین نہیں آرہا تھا انہوں نے دوبارہ ٹیسٹ کروائے اور دوبارہ رپورٹس چیک کیں تو کینسر کا نام

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
f PAKSOCIETY

ونشان نہیں تھا۔ میری والدہ اب بھی مسلسل ختم آلا یَنْصُرُوْن پڑھتی ہیں۔ (ثوبیہ سلمان)

میرے آزمائے گھریلو ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ پچھلے چند سالوں سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ اس میں موجود ٹوٹکوں اور وظائف نے مجھے بہت زیادہ فائدہ دیا ہے۔ میرے پاس میرے کچھ آزمائے گھریلو ٹوٹکے ہیں میں وہ عبقری قارئین کی نذر کر رہی ہوں' **نکسیر کیلئے:** مٹی کے کورے پیالے میں رات کو کھوپرے کا تقریباً دو انچ کا ٹکڑا بھگو دیں' صبح نہار منہ پانی پھینک دیں اور کھوپرا کھالیں۔ صرف دس یا بیس دن مسلسل استعمال کرلیں نکسیر زندگی بھر دوبارہ نہیں ہوگی۔ آزمودہ ہے۔ **موشن بند کرنے کیلئے:** جامن کے تین چار پتے چبا کر کھالیں لوز موشن بند ہوجائیں گے۔ چائے کی پتی ایک چمچ چائے والا کھانے سے لوز موشن بند ہوجاتے ہیں۔ **نزلہ زکام و دماغی کمزوری کیلئے:** شہد میں بادام بھگو کر چالیس دن کیلئے رکھ دیں اور پھر ایک چمچ شہد بادام ناشتے میں دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ لاجواب ٹانک ہے۔
بواسیر کے مسوں کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ: بعض اوقات بارش کے ساتھ برف کے اولے پڑتے ہیں اگر اولے پڑ رہے ہوں تو ان اولوں کو پکڑ کر بواسیر کے مسوں پر رکھیں' بواسیر کے مسے ختم ہوجائیں گے اور آپریشن کی ضرورت نہ ہوگی۔ (ثمرہ)

غیب سے دولت اور مدد حاصل ہوگی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پہلے تو شکریہ ادا کرنا چاہوں گی کہ آپ نے اتنا زبردست عبقری رسالہ نکالا۔ جس کے ذریعے ہمیں بہت فائدہ حاصل ہوا' اللہ سب کو اس خیر عظیم کا اجر عطا فرمائے۔ آمین! میرے پاس ایک آزمودہ عمل ہے جو میں قارئین عبقری کو ہدیہ کررہی ہوں: اگر کوئی چاہتا ہو کہ اس کو غیب سے رزق و دولت حاصل ہو تو فرض نماز کے بعد دائیں ہاتھ کی انگلی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ بند کرتا جائے' دس انگلیاں بند کرلیں' پھر بائیں ہاتھ کی انگلیاں یَابَاسِطُ کے ساتھ کھولتا جائے اور دعا کرے انشاء اللہ غیب سے مدد حاصل ہوگی کسی کے سامنے محتاج نہ ہوگی۔ **قبض کیلئے:** میرے پاس قبض کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے کہ اگر گیس قبض کی شکایت ہو تو تھوڑی سی ہرل پھانک لیں' انشاء اللہ شفاء حاصل ہوگی۔ (پلوشہ رحمت' خیبر پختونخواہ)

جمعہ کے دن سورۂ اخلاص و معوذتین پڑھنے کی فضیلت

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''جس شخص نے جمعہ کی نماز کے بعد (سورۂ اخلاص' سورۂ فلق اور سورۂ ناس) سات بار پڑھیں تو اللہ تعالیٰ اگلے جمعہ تک ہر برائی سے اسے محفوظ رکھے گا۔'' (کنز العمال)

صاحب سنن سعید بن منصور رحمۃ اللہ علیہ نے مزید روایت کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ جس کسی نے جمعہ کے روز جمعہ کی نماز کے سلام کے بعد گفتگو کیے بغیر سورۂ فاتحہ' معوذتین اور سورۂ اخلاص سات سات مرتبہ پڑھیں تو اللہ تعالیٰ انہیں دونوں جمعوں کے مابین گناہوں کا کفارہ کردے گا۔ (کنز العمال)

مزید ایک جگہ روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس کسی نے سورۂ اخلاص اور معوذتین کو جمعہ کی نماز کے بعد (سلام پھیرنے کے بعد) کسی سے گفتگو کیے بغیر سات سات بار پڑھا تو وہ خود اور اس کا مال اس جمعہ سے دوسرے جمعہ تک کیلئے محفوظ ہوگیا۔ (محمد افضل رحمانی' خوشاب)

15 سال پرانی مریضہ چھوٹے سے ٹوٹکہ سے ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر سے نوازے۔ آمین! محترم حضرت حکیم صاحب! میں عبقری کی دو سال سے قاری ہوں۔ میں بلڈ پریشر کی مریضہ تھی' ڈاکٹر یہی کہتے تھے لیکن بیماری پتہ نہیں کیا تھی۔ اچانک سے میرا سانس بند ہونا شروع ہوجاتا' دھڑکن بہت تیز ہوجاتی' دماغ کو پتہ نہیں کیا ہونے لگ جاتا' جب میری ایسی طبیعت ہوتی تو پھر چار، پانچ دن میری طبیعت نہیں سنبھلتی تھی رنگ ہلدی کی طرح ہوجاتا تھا۔ ایک بڑے حکیم کو چیک کروایا تو اس نے کہا کہ دل کا ایک والو بند ہے' تب بھی آرام نہ آیا۔ پھر ایک ڈاکٹر نے مجھے دو گولیاں لکھ دیں وہ میں روزانہ کھاتی رہی' ان گولیوں سے فوری طبیعت سنبھل جاتی تھی۔ 15 سال سے ڈاکٹر کی بتائی گئی گولیاں کھارہی تھی۔ پھر میری ملاقات عبقری رسالے سے ہوئی اس میں ایک نسخہ تھا میں نے وہ بنایا اور استعمال کرنا شروع کردیا۔ اللہ کے کرم سے میری ساری بیماری ختم ہوگئی' پہلے سوتے وقت ایک گولی بلڈ پریشر اور ایک گولی نیند کی کھاتی تھی وہ بھی اب چھوٹ گئی ہے۔ یہ گولیاں میں نے تین ماہ کھائی ہیں' دو گولی رات کو سوتے وقت کھائی ہیں۔ یہ گولیاں جسم درد' پاؤں درد کیلئے بھی بہت مفید ہیں جس نے بھی عبقری میں یہ ٹوٹکہ لکھا ہے میں اس کیلئے بہت دعا کرتی ہوں۔ نسخہ درج ہے: **ھوالشافی:** 100 پتے نیم کے نرم والے تازہ درخت سے اتار لیں اور 100 عدد کالی مرچ لے کر اسے پیس لیں اور کالی مرچ کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں اور روزانہ رات کو دو گولیاں کھالیں۔ اگر چاہیں تو صبح' دوپہر' شام بھی دو، دو گولیاں کھا سکتے ہیں۔ (مسز یعقوب' چشتیاں)

سفوف امنگ جوانی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ عرصہ پانچ سال سے عبقری کا قاری ہے جس میں سے کافی نسخہ جات بنا کر مریضوں کو استعمال کروائے' سو فیصد کامیاب رہے۔ ہماری دلی دعا ہے کہ حکیم صاحب کا اقبال سدا بلند رہے' خداوند تعالیٰ آپ کو صحت اور ایمان کی دولت سے نوازے' بندہ پیشہ طب سے وابستہ ہے۔ دو عدد آزمودہ نسخہ جات ارسال کررہا ہوں تاکہ لوگوں کا بھلا ہوسکے۔
سفوف امنگ جوانی: سرعت' جریان' احتلام' رقت' کمزوری کیلئے لاجواب ہے۔ **ھوالشافی:** الائچی خورد ایک تولہ' نشاستہ گندم ایک تولہ' ثعلب مصری ایک تولہ' اسارون ایک تولہ' تج ایک تولہ' اسگندناگوری ایک تولہ' بھوپھلی ایک تولہ' تالمکھانہ ایک تولہ' مصطگی رومی ایک تولہ' کوزہ مصری ڈبل۔ مکس کرکے سفوف بنالیں اور صبح و شام ایک چمچ چائے والا استعمال کریں۔ **نسخہ نمبر 2:** سرعت بند سفوف اسپیشل: اسگندھ ناگوری' موصلی سفید' خولنجان' موصلی سیاہ' شقاقل مصری' سنگھاڑا چھلکا چھلی لیکر ہم وزن لیکر سفوف بنائیں۔ چھ چھ ماشہ صبح و شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ (نور محمد آہیر' بھکر)

دوران حج ہمسفر نے بتایا لیکوریا کا کامیاب نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دوران حج میری ایک ہمسفر نے مجھے باتوں باتوں میں لیکوریا کے علاج کا کامیاب نسخہ بتایا یہ جس کو بھی استعمال کروایا اللہ نے اسے شفاء دی۔ **ھوالشافی:** سپاری پاک آدھ پاؤ' لودھ پٹھانی آدھ کلو' پھول دھاوے ایک پاؤ سب کو لیکر اکٹھا پیس لیں۔ ایک چائے کا چمچ صبح دودھ کے ساتھ اور ایک چائے کا چمچ شام کو دودھ کے ساتھ کھالیں۔ انشاء اللہ چند دن کے استعمال سے ہی اس خطرناک مرض سے نجات مل جائے گی۔ اس کے علاوہ ہمارے پرانے محلے میں میری ایک ہمسائی کا آزمودہ نسخہ لیکوریا کیلئے درج ذیل ہے:۔ **ھوالشافی:** چھوٹی الائچی' بڑی الائچی' سرخ سپاری' سفید سپاری ہم وزن اکٹھی پیس لیں۔ صبح و شام آدھی آدھی چمچ کھائیں اور دودھ اس کے ساتھ جتنا پی سکتی ہیں اتنا زیادہ پئیں۔ (پوشیدہ' ڈی آئی خان' کراچی)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY
FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
f PAKSOCIETY

علامہ صاحب کے وظائف سے مشکلات کا ازالہ

اس عمل کو کرنے کیلئے بہت ضروری ہے کہ تصور کیا جائے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں دیکھ رہا ہے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ پوری کائنات حالت سکون میں ہے۔ دل و دماغ کو بہت سکون ملتا ہے۔ آنکھیں بند کرکے دل میں ایسے دعا کی جائے جیسے ہم اللہ رب العزت سے ہم کلام ہیں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری میں قارئین کے دلچسپ خطوط پڑھ کر مجھے بھی لکھنے کا شوق پیدا ہوا کہ میں کس طرح عبقری کے نسخہ جات اور وظائف سے مستفید ہوئی۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میں عبقری رسالے کی 2009ء سے باقاعدہ قاری ہوں۔ میں نے عبقری کے تمام سابقہ شمارے سنبھال کر رکھے ہوئے ہیں۔ عبقری کی قاری ہونے کے ساتھ ساتھ میں نے اسے اپنے تمام اہل و عیال' رشتہ داروں اور ملنے والوں میں بھی متعارف کروایا اور اپنے عبقری شمارے انہیں پڑھنے کو دیئے اس طرح وہ لوگ بھی مستقل عبقری کے قاری ہوگئے ہیں۔ عبقری معلومات کا وسیع خزانہ ہے' ہم گھر بیٹھے اپنی جسمانی و روحانی مسائل دور کرسکتے ہیں۔ عبقری ملنے کے بعد ایک تعین ہوگیا ہے کہ ہم نے کون سے اعمال کرنے ہیں؟ زندگی کے معمولات کیسے گزارنے ہیں' زندگی کی مشکلات' تکلیفوں' پریشانیوں' بیماریوں میں کون سے اعمال کرنے ہیں۔ میں نے کئی وظیفے اور نسخہ جات خود بھی کئے ان سے فائدہ حاصل کیا اور اپنے جاننے والوں کو بھی کرنے کو کہا۔ میں نے عبقری میں سے کئی اعمال' وظیفے' نسخہ جات اپنی زندگی میں شروع کیے تو زندگی کی پریشانیاں بھی اللہ رب العزت نے آسانی سے دور فرمادیں۔ ہمیں کبھی کسی عامل کے پاس جانے کی ضرورت ہی پیش نہیں آتی عبقری خود ایک ''عامل'' ہے' ہمیں سب اعمال کرنے ہیں۔ اللہ رب العزت اس کارخیر میں آپ سب کو اس کا اجر انشاء اللہ دنیا و آخرت میں ضرور دیں گے۔ آمین! محترم حضرت حکیم صاحب' محترم علامہ لاہوتی پراسراری صاحب اور آپ ادارہ کے تمام افراد بے شک دکھی مخلوق کی خدمت کررہے ہیں' اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس نیک مشن میں آپ سب لوگوں کی مدد کرے۔ آمین! جنات کا پیدائشی دوست میرا سب سے زیادہ پسندیدہ مضمون ہے' اس میں دیئے گئے وظائف میں نے کئے اور اس سے مستفید بھی ہوئی ہوں۔ جنہیں میں قارئین سے شیئر کرنا چاہتی ہوں۔

2013ء میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا وظیفہ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ شائع ہوا تھا۔ علامہ صاحب نے اس وظیفے کے بے شمار فوائد لکھے تھے۔ میں نے اسے اپنی بیماری کیلئے شروع کیا۔ مجھے الرجی' چھینکیں' نزلہ وزکام' پولن الرجی' خوشبوؤں سے الرجی' مٹی' دھول سے الرجی تھی جو اسلام آباد کی آب و ہوا کی وجہ سے دمہ میں تبدیل ہوگئی۔ یہاں موسم بہار میں پولن الرجی شدید ہوتی ہے۔ میں نے ''دمہ'' سے نجات کیلئے یہ وظیفہ کیا۔ الحمدللہ! میں بیان نہیں کرسکتی کہ مجھے کتنی شفاء ملی۔ اب میں بالکل تندرست ہوں۔ اس وظیفے میں درج مراقبہ میں نے ایک مخصوص وقت رکھ کر پرسکون انداز میں شروع کیا۔ ماحول بالکل پرسکون ہوتا کہ دھیان کسی اور طرف نہ جائے' بہترین وقت رات کا ہوتا ہے۔ اس عمل سے نہ صرف دمہ کی تکلیف ختم ہوئی بلکہ ساتھ دوسری جسمانی تکالیف بھی دور ہوگئیں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے میں دعا کرتی تھی نہ صرف اپنی صحت وتندرستی کیلئے بلکہ اپنے اہل وعیال کی شفایابی کیلئے بھی۔ حیرت انگیز نتائج ملے لیکن سب سے پہلے وظیفہ میں اعتقاد بہت ضروری ہے اور لکھے طریقے سے کیا جائے۔ **شوہر کو درپیش مشکلات فوری دور:** میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب ہی کا دیا گیا سورۂ تکویر کی پہلی چار آیات کا عمل کیا۔ خدا کے فضل وکرم سے اللہ کے کلام میں بڑی برکت ہے۔ وہ کام خیریت سے ہوگیا۔ اس عمل کو کرنے کیلئے بہت ضروری ہے کہ تصور کیا جائے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں دیکھ رہا ہے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ پوری کائنات حالت سکون میں ہے۔ دل و دماغ کو بہت سکون ملتا ہے۔ آنکھیں بند کرکے دل میں ایسے دعا کی جائے جیسے ہم اللہ رب العزت سے ہم کلام ہیں۔ سورۂ تکویر کا عمل درج ذیل ہے: اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ۝ وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۝ وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۝ (التکویر 1 تا 4) یہ آیات طاق اعداد میں پڑھ سکتے ہیں تین دفعہ' سات دفعہ' گیارہ دفعہ' جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔ **دو نفل حاجت کا عمل:** دو نفل حاجت والے وظیفے میں بھی بڑی برکت ہے۔ جب بھی کوئی کام کرنا ہوتی کہ آپ کو بازار شاپنگ کیلئے بھی جانا ہے تو پہلے نفل حاجات پڑھ کر پھر درود ابراہیمی آگے پیچھے پڑھ کر دعا: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَسْاَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ دعا کرکے اس کام کو دل میں لاکر دعا کریں۔ خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جب بھی نفل حاجات پڑھ کر کوئی کام کیا وہ بہت اچھی طرح مکمل ہوا اور کامیابی ملی اگر کوئی معمولی کام بھی کرنا ہو تو پہلے نفل حاجات ضرور پڑھیں۔

تالو میں خراش ہو یا زبان منہ پر چھالے سب ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہونگے' میں نے آپ کا رسالہ عبقری پڑھا اس میں بہت اچھی اور فائدہ مند باتیں لکھی ہوئی ہیں اور ان پر میں عمل بھی کررہی ہوں' آپ لوگوں کی خدمت کررہے ہیں' اللہ تعالیٰ آپ کو اس کا اجر وثواب دے۔ آمین! ایک مرتبہ میرا موبائل خراب ہوگیا' میں نے سچے دل سے سورۂ الم نشرح اور موبائل پر دم کیا تو میرا موبائل بالکل ٹھیک ہوگیا' اب مجھے عبقری کی ادویات اور عبقری رسالے میں لکھے ہوئے اعمال پر پکا یقین ہوگیا ہے۔ میں یہاں اپنا ایک آزمایا ہوا ٹوٹکہ بھی لکھنا چاہوں گی۔ نسخہ یہ ہے: اگر چھوٹے یا بڑے بچوں کے منہ اور زبان پر چھالے نکل آتے ہیں' بعض اوقات نزلہ کی وجہ سے تالو میں خراش ہونا شروع ہوجاتی ہے تو ایسی صورت میں دن میں دو یا تین بار ٹھنڈا مکھن کوئی بھی ہو ویسے بلیو بینڈ ہو تو زیادہ بہتر ہے۔ متاثرہ جگہ پر لگائیں' بہت جلد مرض ٹھیک ہوجائے گا۔ (ارم' راولپنڈی)

ڈھیروں بیماریوں کیلئے میرا آزمودہ نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تقریباً تین چار سال سے ماہنامہ عبقری کی قاری ہوں' میں ہر مہینے اس رسالے کا شدت سے انتظار کرتی ہوں۔ اس سے پہلے میں نے کبھی خط نہیں لکھا اب پہلی مرتبہ جسارت کررہی ہوں۔ میرے پاس ایک نسخہ ہے جو کہ حکیم صابر ملتانی صاحب کا ہے' نام بھی اس کا حب صابر ہے۔ **ھوالشافی:** حنظل (تمہ) گندھک آملہ سار' رائی۔ یہ تینوں چیزیں ہم وزن لے کر پیس لیں۔ پھر گولیاں بنالیں یا پھر کیپسول بھرلیں۔ یہ چیز معدے' شوگر' خون کو پتلا کرنے' دانتوں کی تکالیف اور بہت ساری بیماریوں کیلئے اس میں شفاء ہے' یہ میرا اپنا ذاتی تجربہ ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ (شبنم فردوس' ملتان)

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

علاج فالج: جو شخص فالج کا مریض ہوا سے چاہیے کہ طبی علاج کرنے کے ساتھ یَاحَیُّ کا بہت زیادہ ورد کرے' انشاء اللہ صحت یاب ہو جائے گا اور پہلے کی طرح صحت بحال ہو جائے گی۔

گمشدہ چیز فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ

قسط نمبر 15

میرا مسئلہ یہ تھا کہ میرے شوہر کے کچھ عورتوں کے ساتھ ناجائز تعلقات تھے اور یہ سب عرصہ دراز سے چل رہا ہے' شاید شادی سے پہلے سے ہی۔ میری شادی کو 8 سال ہو گئے ہیں۔ میرے دو بچے ہیں۔ میرے شوہر کا اپنا کاروبار ہے۔

قارئین! ہر ماہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے۔ (ایڈیٹر کے قلم سے)

روزانہ کی ڈاک چیک کرتے ہوئے یَارَبِّ مُوسٰی یَارَبِّ کَلِیْمٖ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے مزید تجربات و مشاہدات سامنے آئے جو میں قارئین کی نذر کر رہا ہوں۔ میری کوشش ہے کہ میں زیادہ سے زیادہ اس وظیفے کے فوائد آپ تک پہنچاؤں تاکہ آپ کو بھی اگر کوئی مشکل' پریشانی ہو تو آپ بھی اس وظیفے کے کمالات سے فوائد حاصل کر سکیں۔

شوہر راہ راست پر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سب سے پہلے تو آپ کیلئے بہت ساری دعائیں خدا تعالیٰ آپ کا سایہ شفقت ہم سب ''عبقری'' پڑھنے والوں پر قائم دائم رکھے اور آپ کو عمر خضر عطا فرمائے۔ میں گزشتہ 3 سال سے عبقری پڑھ رہی ہوں اور اس رسالہ کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے میرے گھر میں خیر و برکت بھر دی ہے۔ اس کو پڑھنے سے ہر مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ ہر ماہ اس کا بے چینی سے انتظار رہتا ہے۔

